فہرست مضامین

واذاعوا مدنیته من العرب الی الغرب۔
وقد اصطفینا منهم صاحب الترجمة
(زید بن ثابت) للبیان لانه احد الذین
اقتفوا اثر النبی صلی الله علیه وسلم
فی علم اسرار الدین ومهّدوا اصوله وفرّعوا
فروعه فان الناس کانوا یظنون ان الاحکام
الشرعیة غیر متضمنة لشیٔ من المصالح وان لیس
بین الاعمال وبین ما جعل الله جزاء لها مناسبة
وان مثل التکلیف بالشرائع کمثل سیّد
اراد ان یختبر طاعة عبده فامره برفع حجر او لمس
شجرة مما لا فائدة فیه غیر الاختبار فلما اطاع او
عصی جوزی بعمله۔ وهذا الظن مهما قیل فیه فانه
لا تطمئن ولا تخشع به القلوب لذکر الله ومن اکرم
من ابراهیم علیه السلام فی قوة ایمانه ولکنه اقترح
علی الله تعالی یریه ما یطمئن به قلبه۔ ولعمری ما یقال
فی شریعة لا یجدیك جدا وها الا الایتمار باوامر
فارغة عن صالح العموم غیر الاختبار وحده
کان صاحب الترجمة من حیّ الانصار
قُتل ابوه یوم بُعاث[1] وذلك قبل الهجرة
بخمس سنین ولما هاجر النبی صلی الله علیه وسلم

اور شارع اسلام کے تمدن کی عرب سے یورپ تک اشاعت کی
کے لیے ان بزرگوار و نمین سے ہم نے حضرت زید بن ثابت کا
کیا ہے جو ان صحابہ مین معدودہ مین جنھون نے "علم اسرار الدین"
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روش اختیار کرکے اس علم
و فروع قائم کیے۔ لوگ یہ سمجھتے تھے کہ احکام شریعت میں
مصلحت نہین شامل ہے' اعمال مین اور اُسکی جزاوسزا
مناسبت نہین ہے' تکلیفات شرعی کی ایسی ہی مثال
ایک افسر نے اپنے غلام کو کسی پتھر کے اُٹھانے یا درخت کے
حکم دیا جس سے فقط اُسکی جانچ مقصود تھی جب اُسنے اطاعت
کی اسی کے مطابق اُسکو معاوضہ ملا۔ اس رای کی با
کچھ ہی کیون نہ کہا جائے مگر نہ اس سے قلب کو اطمینان ہ
اور نہ ذکر الٰہی مین خشوع کی کیفیت اسطرح پیدا ہونی ممکن
ابراہیم سے زیادہ کس کا ایمان قوی تھا تاہم اُنھون نے
ایسی بات دیکھنے کی درخواست کی جس سے دل کو تشفی ہو
نہین جانتا کہ ایسی شریعت کو لوگ کیا کہینگے جس کے
پابندی سے فقط یہ مقصود ہو کہ انسان کی اطاعت کا
لیا جائے اور فی نفسہ اس حکم مین کوئی دوسرا فائدہ نہ
صاحب الترجمہ (حضرت زید بن ثابت) قبیلہ
تھے اُنکے والد حادثہ بُعاث[1] مین قتل ہوگئے یہ واقعہ
نبوی کے پانچ برس قبل کا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

[1] یوم بُعاث سے مراد وہ لڑائی ہے جو مدینہ شریف کے دو قبیلہ اَوس و خزرج مین ہوئی تھی

ن المترجم فی الربیع الحادی عشر
ن عمرہ - قال ابن حجر فی الاصابۃ قد اُتی
النبی صلی اللہ علیہ وسلم مقدمہ المدینۃ
یل هذا من بنی النجار وقد قرأ
بع عشرۃ سورۃ فقرءھا زید علیہ
عجبہ ذلك - وقد استصغر یوم
دار فلم یجز فی بدر ولا احد واجیز
الخندق وكان فیمن ینقل التراب
ع المسلمین فنعس زید لحداثتہ
باء عمارۃ بن حزم فاخذ سلاحہ
ھو لا یشعر فقال لہ النبی صلی اللہ
علیہ وسلم یا ابا رقاد[1] ویومئذ
ی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یروع
ؤمن ولا یؤخذ متاعہ جادًا ولا لاعبا -
انت معہ رایۃ بنی النجار یوم تبوك وكانت
لا مع عمارۃ بن حزم فاخذھا النبی صلی
للہ علیہ وسلم منہ فدفعھا الزید فقال
ارۃ یا رسول اللہ ھل بلغك عنی شیٔ ؟
ال لا ولكن القرآن ھذا عندہ[2] -
ھو الذی تولی قسمۃ غنائم الیرموك

ہجرت کی ہے تو حضرت زید کی عمر اس وقت ۱۱ برس کی تھی -
حافظ ابن حجر عسقلانی اصابہ مین فرماتے ہین کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ سلم جب مدینہ مین تشریف لائے تو حضرت زید
آپکی خدمت مین پیش کیے گئے اور کہا گیا کہ یہ قبیلہ بنی النجار
کے لڑکے ہین اور قرآن شریف کی ۱۷ سورتین انھون نے
پڑھ لی ہین، زید نے دو سورتین آنحضرت کو پڑھکر سُنا دین
جس پر آنحضرت خوش ہوے - جنگ بدر مین آپ کمسن تھے،
اسی وجہ سے بدر مین اور اُحد مین بھی آپ کو جہاد کی اجازت
نہین ملی، یہ اجازت غزوۂ خندق مین آپ کو ملی ہے مسلمانون
کے ساتھ آپ خندق کی مٹی اُٹھا رہے تھے صغر سن کی وجہ سے
اونگھ گئے، عمارہ بن حزم آئے اور (مزاحًا) اسلحہ لے لیا اور
زید کو خبر بھی نہوئی، یہ دیکھکر آنحضرت نے خود ابو رقاد[1] کہکر پکارا دی
اور اُسی روز سے منع کر دیا کہ مسلمان کو کوئی شخص ڈرائے اور عمدًا
یا بطور خوش طبعی کوئی اُسکا سامان (اسلحہ) اُٹھا لے - غزوۂ
تبوک مین بنی النجار کا قومی علم زید کے ہاتھ مین تھا (یعنی اپنے
دستہ کے وہ سپہ سالار تھے) پہلے یہ علم عمارہ بن حزم کے ہاتھ مین
تھا" رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُنسے لیکر زید کو دیدیا"
عمارہ نے پوچھا کہ یا رسول اللہ کیا میری بابت آپکو کچھ بدگمانی
ہوئی ہے ؟ فرمایا نہین لیکن زید حامل قرآن[2] ہے جنگ یرموک
(واقع شام بعہد فاروق اعظم) مین مال غنیمت کی تقسیم زید ہی کے

[1] ابو رقاد - نیند کا باپ - بہت سونے والا شخص
[2] کتاب الاصابہ فی تمییز الصحابہ لابن حجر العسقلانی - ج ۱۳ ص ۳۰ (مطبوعہ کلکتہ ۱۸۵۶ء و مصححہ پولیس اسپرنگر)

وکان یقال له القارئ وکان علی القادسیة
واستشهد بها فمات فی ذلك فی سنة خمس واربعین[1]
وقال ابوهریرة حین مات الیوم مات حبر هذه الامة
وعسی الله ان یجعل فی ابن عباس منه خلفا

مناقبه کان رضی الله عنه من علماء
الصحابة وفقهائهم واحد اصحاب الفتوی
وهم ستة عمر وعلی وابن مسعود وابی وابوموسی
وزید بن ثابت. وعن انس قال قال
رسول الله صلی الله علیه وسلم افرضکم زید.
ولما سافر عمر الی الشام وقدم الجابیة التی خطبة
اوضح بها اهم الامور واهمها وحرض
الناس علی ان من اراد ان یسأل الفرائض
فلیات زیدا[2]. وقال ثابت بن عبید ما رأیت
رجلا افکه فی بیته ولا اوقر فی مجلسه من زید.
وکان عمر یستخلفه اذا سافر فقلما رجع الا
اقطعه حدیقة من نخل. وعن الشعبی قال
ذهب زید بن ثابت لیرکب فامسك ابن عباس
بالرکاب فقال تنح یا ابن عم رسول الله
قال لا هکذا نفعل بالعلماء
والکبراء[3]

سپرد تھی۔ لوگ انکو "قاری" کہا کرتے تھے۔ جنگ قادسیہ عراق
مین وہ شریک تھے اور وہین ۴۵ھ مین وفات پائی[1] حضرت
ابوہریرہ نے سُنا تو فرمایا کہ آج اس امت کا بہترین عالم اُٹھ گیا
شاید اللہ تعالی ابن عباس کو اُسکا قائم مقام فرمائے۔

فضائل حضرت زید علما و فقہای صحابہ مین تھے
اُس زمانہ مین جو چھ شخص مفتی اسلام تھے اُنمین زید بھی
تھے، یہ حضرات عمر و علی و ابن مسعود و ابی بن کعب و ابوموسی
و زید بن ثابت تھے، رضی اللہ عنہم۔ حضرت انس سے مروی
کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم سب مین فرائض
کا علم زید کو زیادہ ہی حضرت عمر نے جب سفر شام مین جابیہ
پہونچکر ضروریات و مہمات کے متعلق خطبہ دیا ہی تو اسمین سب کو
ترغیب دلائی کہ جسے فرائض مین کچھ پوچھنا ہو زید سے پوچھے[2]
ثابت بن عبید کہا کرتے تھے کہ زید سے بڑھکر مین نے کسی کو
گھر کے اندر خوش طبع اور محفل مین باوقار نہین پایا حضرت عمر
جب کہین سفر کو جاتے تو زید کو اپنا خلیفہ کرجاتے اور کم ایسا
ہوتا کہ واپس آئین اور زید کو کوئی نخلستان عنایت نہ کرین
شعبی، روایت کرتے ہین کہ ایک مرتبہ زید سوار ہونے کو چلے تو
حضرت ابن عباس نے رکاب تھام لی، زید نے کہا ہٹ جایئے آپ
ابن عم رسول اللہ ہین، ابن عباس نے جواب دیا کہ نہین، علما
و بزرگون کا اسی طرح ادب کیا جاتا ہی[3]

[1] فتح الباری ج ۷، ص ۴۶۔ [2] ازالۃ الخفاء، ص ۱۳۰۔ [3] اصابہ ج ۱۳ ص ۲۹۲

معارفہ روی ابن سعد من طریق قبیصۃ قال کان زید راسًا بالمدینۃ فی القضاء والفتوی والقراءۃ والفرائض ۔ وھو الذی کتب الوحی للنبی صلی اللہ علیہ وسلم وقد روی عنہ جماعۃ من الصحابۃ منھم ابوھریرۃ وابو سعید وابن عمر وانس وسھل بن سعد وسھل ابن حنیف وعبد اللہ بن یزید الخطمی ومن التابعین سعید بن المسیّب وولداہ خارجۃ وسلیمان والقاسم بن محمد وسلیمان بن یسار واٰخرون ۔ وکان یحسن لسان الیھود وقد تعلمہ فی بضعۃ عشر ایامًا حتی حذقہ فکان یکتب للنبی صلی اللہ علیہ وسلم الیھم واذا کتبوا الیہ قرأہ[۱] ۔ وفی مسند عبد بن حمید من طریق ثابت بن عبید عن زید بن ثابت قال قال لی النبی صلی اللہ علیہ وسلم انی اکتب الی قوم فاخاف ان یزیدوا علیّ او ینقصوا فتعلم السریانیۃ فتعلمتھا فی سبعۃ عشر یومًا[۲] ۔ ومن اثارہ علم اسرار الدین فانہ

علوم ابن سعد مؤلف طبقات نے بطریق قبیصہ روایت کی ہے کہ مدینہ میں قضا یعنی فیصلۂ مقدمات وفتوی وقراءت وفرائض کے سربرآوردہ عالم زید تھے وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کاتب وحی تھے صحابہ کی ایک جماعت نے اُن سے حدیث روایت کی ہے مثلاً ابو ہریرہ ، ابو سعید ، انس بن مالک ، سہل بن سعد ، سہل بن حنیف ، عبد اللہ بن یزید (رض) تابعین میں سعید بن المسیّب اور اُنکے دونون بیٹے خارجہ وسلیمان ، قاسم بن محمد ، سلیمان بن یسار ، (رح) وغیرہ بھی روایت حدیث میں اُنکے شاگرد ہیں یہودیون کی زبان وہ اچھی طرح جانتے تھے ۔ اُنھون نے کچھ اوپر دس دن میں یہ زبان سیکھ لی تھی اور اسمین ماہر ہوگئے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سے یہودیون کو خط لکھنا ہوتا تو اسی زبان میں وہ خط لکھا کرتے تھے اور جب اُنکے خطوط آتے تو وہی پڑھکر سناتے[۱] ۔ مسند عبد بن حمید میں بطریق ثابت بن عبید روایت ہے کہ زید نے کہا کہ مجھسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں بعض اقوام کے یہان خط بھیجتا ہون جسمین کمی وزیادتی کا مجھے خوف رہتا ہے ، لہذا تم سریانی زبان سیکھ لو چنانچہ مین نے ۱۷ دن میں اُس کو سیکھ لیا[۲] ۔ اُن کی عمدہ یادگار علم اسرار الدین ہے اسلیے کروہ

---

[۱] اصابہ ۔ ج ۳ ص ۱۴۱ ۔

[۲] عربون کی زبان اور یہودیون کی زبان دراصل ایک ہے ، صرف لہجہ کا فرق ہے ، جو شخص عربی میں ماہر ہو اور عبرانی وسریانی کے قواعد قلب وابدال کو جانتا ہو وہ آج بھی ان دونون زبانون کو بغیر استاد کے چند روز میں سیکھ سکتا ہے ، اور یہ میرا ذاتی تجربہ ہے

من فقهاء الصحابة الذين تكلموا فيه وبحثوا عنه وأبرزوا
وجوهامنه[1] ومن رام الاطلاع على نبذة منه من العلم
الشريف فليراجع كتاب حجة الله البالغة لشيخ
مشايخنا احمد ولی الله الدهلوی الهندی

اعماله من اهم اعماله جمعه للقرآن
ثلاث مرات مرة على عهد رسول الله صلى
الله عليه وسلم كما فى حديث البخارى عن انس
قال جمع القرآن على عهد رسول الله صلى الله
عليه وسلم اربعة كلهم من الانصار ابی ومعاذ
ابن جبل وابو زيد وزيد بن ثابت . ومرة
على عهد ابی بكر فقد دعاه ابوبكر وقال
له انك رجل شاب عاقل لا نتهمك وقد
كنت تكتب الوحى لرسول الله صلى الله عليه
وسلم فتتبع القرآن فاجمعه[2] وقد كان القرآن
كله كتب على عهد النبی صلى الله عليه وسلم
لكن غير مجموع فى موضع واحد ولا مرتب
السور وقد كان النبی صلى الله عليه وسلم
اذن فى كتابة القرآن ونهى ان يكتب معه
غيره فلم يأمر ابوبكر الا بكتابة ما كان
مكتوبا ولذلك توقف زيد

اُن فقہای صحابہ مین تھے جنھون نے اس علم مین تحقیقات
وبحث کی اور اُسکے اسباب و دلائل ظاہر کیے[1] - اسکے متعلق
جسکو اطلاع حاصل کرنا ہو وہ ہمارے شیخ المشائخ حضرت
شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی کی کتاب حجۃ اللہ البالغہ دیکھے -

اعمال حضرت زید کے کارنامون مین ایک بڑا
کام یہ ہے کہ اُنھون نے قرآن کو تین مرتبہ جمع کیا، ایک مرتبہ
عہد رسالت مین جیسا کہ بخاری نے انس سے روایت کی ہے
کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین چار شخصون نے
قرآن جمع کیا تھا اور چارون انصاری تھے، ابی بن کعب
معاذ بن جبل، ابوزید، زید بن ثابت، (رض) دوسری بار
حضرت ابوبکر کی خلافت مین اُنھون نے یہ کام کیا، حضرت
ابوبکر نے اُنکو بلوایا اور فرمایا کہ تم جوان اور دانشمند آدمی ہو
اور کسی لغزش مین بھی متہم نہین ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کی وحی بھی تم لکھا کرتے تھے، اب تم قرآن کو تلاش کرکے
یکجا کردو[2]- قرآن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہی کے زمانہ مین
سب لکھا جا چکا تھا لیکن ایک جلد مین جمع نہ تھا اور نہ اُسکی
سورتین مرتب تھین، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قرآن
کے لکھنے کی اجازت دی تھی اور منع کردیا کہ اُسکے ساتھ کچھ اور
نہ لکھا جائے، حضرت ابوبکر نے صرف اُنھین آیتون کے
لکھنے کا حکم دیا جو پہلے سے لکھی ہوئی تھین، اسی وجہ سے زید کو

[1] حجۃ اللہ البالغہ ص ٦- [2] صحیح بخاری- باب جمع القرآن -

ن كتابة الآية من آخر سورة براءة حتى وجدها
مكتوبة مع انه كان يستحضرها هو ومن ذكر معه
فقد اعلم الله تعالى في القرآن بانه مجموع
في الصحف في قوله يتلوا صحفا مطهرة - الآية
وكان القرآن مكتوبا في الصحف لكن كانت
متفرقة فجمعها ابوبكر في مكان واحد
ثم كانت بعده محفوظة الى ان امر عثمان
بالنسخ منها فنسخ منها عدة مصاحف
وارسل بها الى الامصار كما سياتي
بيان ذلك[1].

طريقته في جمع القرآن والمنهج الذي

نهجه زيد في جمع القرآن انه تتبع القرآن اجمع من
العسب واللخاف وصدور الرجال فان الناس
كانوا اذ ذاك يكتبون على جريد النخل و
صفائح الحجارة الرقاق - وقد اراد ان يجعل
القرآن متواترا حيث لا يبقى فيه ظنة
للريبة فاذا جاءه احد بآية لم يكن
ليثبتها الا ان يشهد عليها
شاهدان حتى ان عمر اتاه
بغير زعمها آية فلم يكتبها

سورۂ برارت کی آخری آیت لکھنے مین تامل ہوا آخر وہ بھی
لکھی ہوئی مل گئی حال آنکہ زید کو اور جسنے انھین یاد دلائی
تھی اُسکو بھی یہ آیت یاد تھی۔ اللہ تعالی نے آیت "پاک
صحیفون کی تلاوت کرتے ہین" مین اطلاع دی کہ قرآن صحیفون
مین جمع تھا (یاد رکھنا چاہیے کہ یہان کتب سابقہ مراد نہین ہے
قرآن مراد ہے) قرآن صحیفون مین لکھا ہوا جمع تھا مگر یہ صحیفے
یکجا نہ تھے متفرق تھے' حضرت ابو بکر نے اُن سب کو ایک جگہ
جمع کروا دیا' یہ مجموعہ حضرت عثمان کے زمانہ تک محفوظ رہا'
حضرت عثمان نے اسکی چند نقلین لیکر ممالک اسلام مین
بھیج دین' تفصیل آگے آتی ہے[1]

طریقۂ جمع قرآن

جمع قرآن کا طریقہ زید نے
یہ اختیار کیا کہ ہڈیون اور پتلے پتلے پتھرون کو جنپر قرآن
لکھا ہوا تھا تلاش کرکے یکجا کیا اور لوگون سے اسکی تصدیق
کی' اُس زمانہ مین دستور تھا کہ کھجور کی شاخ پر اور پتھر کی نرم
اور پتلی تختیون پر لکھتے تھے۔ زید کی خواہش تھی کہ قرآن
متواتر ہو جائے اور کسی کو اسمین شبہہ کرنے کی گنجایش نہ رہے'
جب کسی آیت کو لیکر کوئی صحابی آتا تو جب تک کہ دو گواہ اُس کے
آیت ہونے کی گواہی نہ دے لیتے زید اُس کو قرآن مین نہین
درج کرتے تھے' حتی کہ حضرت عمر اُنکے پاس ایک فقرہ لیکر آئے
جسکی نسبت اُنکو گمان تھا کہ یہ آیت قرآنی ہو مگر زید نے اُسکو نہین لکھا

[1] فتح الباری - ج ۹ ص ۱۰ -

لانه كان وحده[1] وفضلا على ذلك انه كان لا يكتفي بمجرد وجدانه مكتوبًا حتى يشهد به من تلقاه سماعًا مع كون زيد كان يحفظه[2]. اما قول زيد وجدت آخر سورة التوبة مع ابي خزيمة الانصاري لم اجدها مع غيره" فمعناه انه لم يجدها مكتوبة مع غيره والا فقد اجتمع في هذه الآية زيد بن ثابت وابو خزيمة وعمر على ما صرح به الخطابي[3] فلله دره من حبر جعل تواتر القرآن اكبر مسعاه ولو لم يتواتر اذًا لارتاب المبطلون.

التدوين الاخير

اما التدوين الاخير وهو التدوين الحاضر فهو ايضًا من آثار زيد بن ثابت وذلك ان حذيفة بن اليمان قدم على عثمان وكان يغازي اهل الشام في فتح ارمينية واذربيجان مع اهل العراق فافزع حذيفة اختلافهم في القراءة فقال حذيفة لعثمان يا امير المؤمنين: ادرك هذه الامة قبل ان يختلفوا في الكتاب اختلاف اليهود والنصارى

کیونکہ حضرت عمر اکیلے اُسکے مدعی تھے[1]۔ علاوہ برین گو زید خود بھی حافظ تھے لیکن جب تک کہ ہر آیت کی نسبت شہادتین نہ بہم پہونچتین اور سماعت سے تائید نہوتی صرف لکھے ہونے کو وہ کافی نہین سمجھتے تھے[2]۔ زید کا یہ قول کہ "مینے سورۂ توبہ کی آخری آیتین ابو خزیمہ انصاری کے ہان پائین اور کسی کے ہان نہین پائین" اسکا مطلب یہ ہی کہ سوای ابو خزیمہ کے اور کسی کے صحیفہ مین یہ آیتین لکھی ہوئی نہین ملین، ورنہ ان آیتون کی تصدیق مین زید کے ساتھ ابو خزیمہ و عمر (رض) بھی شریک تھے، خطابی[3] نے اسکو تصریحاً لکھا ہی۔ اس شخص کی کوشش کسقدر قابل تحسین ہی کہ اُسنے قرآن کو متواتر بنانے کا کام اپنی زندگی کا سب سے اعلی مقصد قرار دیا ورنہ متواتر نہوتا، تو اہل باطل کو شبہہ کی گنجایش باقی رہتی۔

آخری ترتیب

آخری ترتیب کہ یہی موجودہ ترتیب ہی، یہ بھی زید کی یادگار ہی، صورت یہ ہوئی کہ حذیفہ بن الیمان عثمان بن عفان (رض) کے پاس آئے، اہل شام کے ساتھ فتح ارمینیہ مین اور اہل عراق کے ساتھ جنگ آذربیجان مین وہ شریک رہے تھے اور تلاوت قرآن مین لوگون کے اختلافات دیکھکر گھبرا گئے تھے، اُنھون نے حضرت عثمان سے کہا کہ امیر المؤمنین! قبل اسکے یہود و نصاری کیطرح مسلمان کلام اللہ مین مختلف ہو جائین آپ انکی خبر لیجیے

[1] اتقان للسیوطی۔ [2] فتح الباری ص ۱۲۔ [3] فتح الباری ص ۱۳۔

يسل عثمان الى حفصة ان ارسلى
نا بالصحف ننسخها فى المصاحف
نردّها اليك فارسلت به حفصة
عثمان فامر زيد بن ثابت
بد الله بن الزبير و سعيد بن
اص و عبد الرحمٰن بن الحرث
سخوها فى المصاحف حتى اذا انجز الامر
دّ عثمان الصحف الى حفصة وارسل
كل افق بمصحف مما انسخوا و امر
اسواه من القراٰن فى كل صحيفة او مصحف
يحرق و فى رواية شعيب عند
ن ابى داؤد والطبرانى امرهم ان
فوا كل مصحف يخالف المصحف
ى ارسل به و فى رواية الاكثر
ن يخرق بالخاء المعجمة و هو اثبت [1]
ى رواية مصعب بن سعد قال عثمان
ن اكتب الناس قالوا كاتب رسول الله
صلى الله عليه وسلم زيد بن ثابت
ل فاى الناس اعرب قالوا
سعيد بن العاص قال فليمل سعيد
ليكتب زيد [2]

حضرت عثمان نے کسی کو حفصہ کے پاس بھیجا کہ قرآن کی جلدین بھیجدیجیے
ہم اُسکو نقل کراکر پھر واپس کر دینگے (حضرت ابو بکر کے عہد مین جو قرآن
جمع ہوا تھا وہ اُسوقت حضرت حفصہ کے پاس موجود تھا اور اسکے
بعد بھی موجود رہا یہانتک کہ مروان نے اپنے زمانہ مین اُسکو جلوا دیا۔
ابن حجر ص ۱۹) حضرت حفصہ نے اُسکو حضرت عثمان کے پاس بھیجدیا
اور حضرت عثمان نے زید بن ثابت و عبد اللہ بن الزبیر و سعید
ابن العاص و عبد الرحمن بن الحارث کو حکم دیا جنھون نے اُسکی
نقلین کین اور جب کام ختم ہو گیا تو حضرت عثمان نے حفصہ کا
قرآن اُنکو واپس کر دیا، جو نقلین ہوئی تھین اُنمین سے
ایک ایک جلد ہر ملک مین بھیجدی، اُنکے علاوہ جسقدر مختلف فیہ
نسخے تھے حکم دیا کہ سب جلا دیے جائین۔ ابو داود و طبرانی نے
شعیب کی روایت نقل کی ہو کہ حضرت عثمان نے حکم دیا کہ جو نسخے
قرآن کے نقل کرا کے بھیجے جاتے ہین اُنکے خلاف اگر کوئی نسخہ
ہو تو جلا دیا جائے، لیکن اکثر روایتین اس امر کی ہین کہ
بجای "جلا دیا جائے" کے حضرت عثمان نے حکم دیا کہ "لپیٹ کے
رکھ دیا جائے" یعنی اُس سے کام نہ لیا جائے، زیادہ ثبوت اِسکا
ملتا ہی [1]۔ مصعب بن سعد کی روایت مین ہو کہ حضرت عثمان نے
دریافت کیا زیادہ خوشنویس کون ہو؟ لوگون نے کہا کہ زید بن
ثابت کاتب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، پوچھا کہ فصیح کون زیادہ ہی؟
لوگون نے کہا سعید بن العاص، حضرت عثمان نے حکم دیا کہ سعید
بولتے جائین اور زید لکھتے جائین [2]

[1] فتح الباری ص ۱۹۔ [2] فتح الباری ص ۱۶۔

الفرق بین المصحفین

قال ابن التین الفرق بین جمع ابی بکر وبین جمع عثمان ان جمع ابی بکر کان لخشیة ان یذهب من القرآن شیٔ بذهاب حملته لانه لم یکن مجموعا فی موضع واحد فجمعه فی صحائف مرتبا لآیات سوره علی ما وقفهم علیه النبی صلی الله علیه وسلم وجمع عثمان کان لما کثر الاختلاف فی وجوه القرآن حین قرؤه بلغاتهم علی اتساع اللغات (ای بلهجاتهم فان للعرب کانت لهجات شتی یتکلم کل قوم بلهجة غیر لهجة آخرین) فادی ذلك بعضهم الی تخطئة بعض فخشی من تفاقم الامر فی ذلك فنسخ تلك الصحف فی مصحف واحد مرتبا بسوره واقتصر من سائر اللغات علی لغة قریش محتجا بانه نزل بلغتهم وان کان قد وسع فی قراءته بلغة غیرهم دفعا للحرج والمشقة فی ابتداء الامر فرأی ان الحاجة الی ذلك انتهت فاقتصر علی لغة واحدة[1]

موجود اور سابق نسخہ کا فرق

ابن التین کہ...
کہ حضرت ابوبکر کی ترتیب اور حضرت عثمان کی ترتیب مین...
یہ تھا کہ حضرت ابوبکر کی ترتیب اس خوف سے تھی کہ مبادا حا...
قرآن کے مرجانے سے کہین قرآن کا کوئی حصہ تلف نہ...
اس لیے کہ اُسوقت تک سارا قرآن ایک جگہ جمع...
حضرت ابوبکر نے سب کو یکجا کرایا اور آیتون اور سورتو...
ترتیب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی اُسی ک...
اُسکو مرتب کیا۔ حضرت عثمان نے اُسوقت ترتیب د...
الفاظ قرآن مین اختلاف ہوا اور عرب کے ہر قبیلے...
اپنی زبان اور اپنے لہجے مین پڑھنا شروع کیا (عر...
بہت سے لہجے تھے اور ہر قبیلہ کا لہجہ دوسرے قبیا...
تھا) اسکی وجہ سے بسا اوقات ایک دوسرے کی قرا...
کہتا تھا۔ حضرت عثمان ڈرے کہ کہین یہ اختلاف طول ا...
اسی لیے اُنھون نے قرآن کی نقلین کرائین ایک جلد مین تما...
پارے یکجا کیے سورتین مرتب کین تمام زبانون اور لہجو...
قریش کی زبان قرآن مین رکھی غیر قبائل کے لہجے حذ...
اور دلیل یہ پیش کی کہ قرآن قریش ہی کی زبان...
ہوا ہے گو ابتدائی امر مین عرب کی اور زبانون مین...
حرج و ازالۂ مشقت کے لیے قرآن پڑھنے کی اجازت تھی گ...
ختم ہو گئی لہذا قرآن کی زبان اب فقط ایک ہونی چ...

[1] فتح الباری ج ۹ ص ۱۹ -

معنی نزول القرآن علی سبعۃ احرف

اما الحدیث القائل "ان هذا القرآن انزل علی سبعۃ احرف فاقرؤا ما تیسر منہ" فلیس المراد بالسبعۃ فیہ حقیقۃ العدد بل المراد التسهیل والتیسیر ولفظ السبعۃ یطلق علی ارادۃ الکثرۃ فی الآحاد کما یطلق السبعین فی العشرات والسبعمائۃ فی المئین ولا یراد العدد المعیّن والی هذا اجنح عیاض ومن تبعہ[1]. وقد حمل ابن قتیبۃ العدد المذکور علی الوجوہ التی یقع بها التغایر فی سبعۃ اشیاء:

(۱) ما تتغیر حرکتہ ولا یزول معناہ ولا صورتہ مثل "ولا یضار کاتب" بنصب الراء ورفعها

(۲) ما یتغیر بتغیر الفعل مثل "بعد بین اسفارنا" و"باعد بین اسفارنا" بصیغۃ الطلب والفعل الماضی

(۳) ما یتغیر بنقط بعض الحروف المهملۃ مثل "ثم ننشرها" بالراء والزای

(۴) ما یتغیر بابدال حرف قریب

قرآن کے سات حرفون پر نازل ہونے کا مطلب

حدیث مین ہو کہ "یہ قرآن سات حرفون پر نازل ہوا ہو جو آسان ہو اُسی طرح پڑھو" یہان سات سے فی الواقع سات کا عدد نہین مراد ہو بلکہ غرض سہولت و آسانی ہو۔ سات کا لفظ اکائیون مین کثرت کے لیے آتا ہو اور ۷۰ کا دہائیون مین اور ۷۰۰ کا سیکڑون مین، قاضی عیاض اور اُنکے پیروون کی یہی رائے[1] ہو۔ ابن قتیبہ نے عدد مذکور کو ان صورتون پر محمول کیا ہو جن سے قراءت مین تغیرات پیدا ہوتے ہین اور یہ سات صورتین ہین :

(۱) وہ جسکی حرکت بدل جائے مگر معنی و صورت مین فرق نہ آئے جیسے "ولا یضار کاتب" (رے کو زبر ہی) اور "ولا یضارُ کاتب" (رے کو پیش ہو)

(۲) جس مین فعل کے تغیر سے تغیر آتا ہو، جیسے "بعد بین اسفارنا" بصیغۂ ماضی اور "باعد بین اسفارنا" بصیغۂ امر

(۳) جسمین بعض غیر منقوط حرفون کو منقوط پڑھنے سے تغیر پیدا ہوتا ہو، جیسے "ثم ننشرہا" کو رے اور زے دونون سے پڑھا جائے۔

(۴) جسمین کسی قریب المخرج حرف کے

---

[1] فتح الباری۔ ص ۲۰۔

من مخرج الآخر مثل "طلح منضود" و "طلع منضود"

(۵) ما تغیر بالتقدیم والتاخیر مثل "وجاءت سکرة الموت بالحق" و "جاءت سکرة الحق بالموت"

(۶) ما تغیر بزیادة او نقصان کما فی التفسیر عن ابن مسعود وابی الدرداء "واللیل اذا یغشی والنھار اذا تجلی والذکر والانثی" ھذا فی النقصان واما فی الزیادة فکما فی تفسیر تبت یدا ابی لھب فی حدیث ابن عباس "وانذر عشیرتک الاقربین ورھطک منھم المخلصین"

(۷) ما تغیر بابدال الکلمة بکلمة ترادفھا مثل "العھن المنفوش" و "الصوف المنفوش"[له]

بدلنے سے تغیر آجائے، جیسے "طلح منضود" اور "طلع منضود" (عین اور ح قریب المخرج ہیں)

(۵) جو تقدیم و تاخیر سے متغیر ہو، جیسے "جاءت سکرة الموت بالحق" اور "جاءت سکرة الحق بالموت"

(۶) جو زیادتی یا کمی سے تغیر پذیر ہو، جیسے کتاب التفسیر میں ابن مسعود و ابو درداء سے قرارت مذکور ہے "واللیل اذا یغشی والنھار اذا تجلی والذکر والانثی" یہ کمی کی مثال ہے، زیادتی کی مثال جسطرح تفسیر تبت یدا ابی لھب میں ابن عباس کی حدیث "وانذر عشیرتک الاقربین ورھطک منھم المخلصین"

(۷) جسمیں کسی لفظ کو دوسرے مرادف لفظ کے ساتھ بدل دینے سے تغیر آجائے، جیسے "والعھن المنفوش" اور "والصوف المنفوش" (عھن و صوف دونوں ایک ہیں)

ثمرة بطل الحریة مصطفیٰ کامل باشا روح اللہ روحہ

لحضرة المولوی عبد الباسط افندی نجل المغفور لفضیلة المولوی عبد القیوم الحیدر آبادی

ان الزمان له صرف و حدثان	وفی الحوادث افراح و احزان
کم من مسرة اقوام یغیرھا	صرف الزمان فلا یبقی لھا شان

[له] فتح الباری: ص ۲۵۔

كم من بناءٍ به الايام قد لعبت ... فيا لمن عيشها بانٍ بغيان

وكم تقلب ظهراً للمجن لنا ... وشكلت منه كالحرباء الوان

لقد اتى نبأ من مصر نعظمه ... فلا يرى عنه تعزاء وسلوان

ارخى غمام هموم لا انجلاء له ... على القلوب هاجت منه اشجان

العين باكية بالدمع جارية ... والنفس فيها كيئة والعقل حيران

انى تكفكف عن التذراف اعيننا ... على المدامع ما للصبر سلطان

مالى ارى مصر صارت منهم جيفة ... هوى بها اليوم رضوى وثهلان

بل مقطم مصر زال وانهدمت ... اهرامها فاتاها منه خسران

قد غاب عنها فتى الفتيان فاضطربت ... وقد عراها به رزء وحرمان

حامى الذمار ابى الضيم انفه ... ما كان فى عزمه عجز ونقصان

طلاع انجدة رقاع الوية ... جماع الدية فى القول سحبان

هو الذى اوضح النهج السوى لنا ... والقوم اذ ذاك مستهدٍ وحيران

لاجل سقيك انوار الرجاء غدت ... فى كل مصر له يا مصر جيلان

قد كان يحمى ذمار القوم ابن لها ... كمثله الآن انصار واعوان

فكان بالامس شمساً وهى مشرقة ... واليوم اخفت ضياء الشمس اكفان

يغرب غربت اهل الغرب شامتة ... كما بشرقك اهل الشرق قد كانوا

يا الشمال عين الجور ترمقنا ... من بعد غيبتها والجور عريان

اضرمت نارا اتانا عنه الحوان بها ... تغلى الصدور كما للقدر غليان

يوم نعى الناس لا نعود لها ... وان خبت لجميع الناس نيران

بسم اللہ الرحمن الرحیم

البیان

ہذا بیان للناس

مدیر (اڈیٹر) عبد اللہ عمادی — مُدیر (منیجر) قاری عبد الولی

سلسلۂ جدید

اگرچہ عرض ہنر پیش ما بی ادبی ست — زبان خموش ولیکن دہان پُر از عربی ست

عربی زبان مسلمانون کی قومی زبان ہے اور اسلام کا جو کچھ بھی ذخیرہ ہے سب اسی مین ہے لیکن حیف ہے کہ ہندوستان مین بعض اعلی و ادنی طبقون کی غلط فہمیان اس زبان کو خطرناک حد سے پہونچا رہی ہین، البیان اسی غلط فہمی کے مٹانے اور اس زبان کی خدمت کرنے کے لیے شائع کیا گیا تھا لیکن افسوس ہے کہ ملک کو اس خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لیے اسنے جو ادنی کوشش کی گر چہ [illegible]

ك اس [illegible] کا حجم [illegible] ہجرت کی تھی لیکن مسلمانون نے [illegible] [illegible] آخر مین [illegible]

ہی ہے بہ لباب ع کہ ہستی خوشتر است از بود ہشیاری و مسلسل پانچ برس تک یہ کوشش جاری رہی مگر
البیان جو کہ تا وقت اسکی دنیا کی صورت نظرون میں آ گئی اور اہل نظر نے یہ قدر دانی کی کہ نام سنتے ہی خریدنے کو
آمادہ ہو گئے لیکن بار بار کے تقاضے پر بھی اکثر صاحبان کو قیمت ادا کرنے کی توفیق نہوئی خریدارون کی تعداد
اب بھی چند سو ہے گر قیمت ادا کرنے والے ڈیڑھ سو سے زیادہ نہین یہی سبب ہے جس سے رسالہ کی مالی حالت
روز بروز گرتی چلی گئی اور انہیں نقصانات نے اشاعت مین سخت بے ترتیبی پیدا کر دی، اگر صرف تجارتی
مقاصد مد نظر ہوتے تو اب تک کب کا یہ بند ہو چکا ہوتا، لیکن اس رسالہ کی ابتدا مذہبی حیثیت سے ہوئی تھی
حیف ہے کہ بیہودہ اشاعتین فروغ پائین اور ایک مذہبی کام بند ہو جائے، اس کی مذہبی زندگی ابتک
قائم ہے مگر اس زندگی کرنے کو کہان سے جگر آئے، جب تک کہ بزرگان قوم کو توجہ نہو اس کی حالت
کیونکر سنبھل سکتی ہے،

خاص غرض تو یہی تھی کہ البیان عربی مین شائع ہوا کرے لیکن مذاق زمانہ اسکے خلاف ہے اس
خیال سے ہم نے البیان کے دو حصے کر دیے ہین، ایک عربی مع ترجمہ اردو اور دوسرا صرف اردو
مضامین کی دلچسپی کا خاص لحاظ کیا گیا ہے، مہینہ بھر مین جس قدر پولیٹکل انقلابات دنیا مین ہوتے
ہین ناظرین کی وسعت معلومات کے لیے ایک خاص باب اس کے لیے ہوگا جسکا عنوان ماجرای
سیاست ہوا کریگا۔ بلاد اسلام کی خبرین کثرت سے دیجائینگی اور ہر نمبر مین علامہ ابن قتیبہ کی مشہور
تاریخ المعارف کا ترجمہ کم از کم ۱۶ صفحہ شائع ہوا کریگا، ابن قتیبہ نامور مورخ بھی تھے اور مشہور محدث
بھی ان کا زمانہ طبری سے بھی آگے ہے۔ فرانسیسی و جرمنی زبان مین بھی اس کا ترجمہ ہو چکا ہے اور اگرچہ
یہ مختصر کتاب ہے لیکن اسمین وہ تمام باتین فراہم ہین جو آجکل تاریخ کی جان سمجھی جاتی ہین۔ واقعات عموماً
کے بیان مین مورخین عموماً غلط بحث کرتے ہین، ابن قتیبہ نے اس غرض سے دو جدا جدا حیثیتین
قائم کی ہین [illegible] وقت سے تاریخ قدیم کو جس بندش سے [illegible] اتنے حصے کر کے ہر جگہ الگ لکھا ہے، اور [illegible] دونون
[illegible] واقعات کی جو تفصیل تھی وہ سب علحدہ تحریر کی ہے جس سے کہ [illegible] ان کو [illegible]
[illegible] سے [illegible] ابن قتیبہ البیان کا [illegible]

یہی تین روپیہ قائم ہی بعہد محرم ۱۳۲۶ ہجری سے اسکا نیا سال شروع ہونا چاہیے تھا لیکن غریبا دعلم
کی بے توجہی سے محرم و صفر و ربیع الاول تک پرچے نہ شائع ہو سکے ممکن تھا کہ ربیع الآخر مین
اسکی تلافی کر دیجاتی اور سب پرچے یک جا شائع کر دیے جاتے لیکن بعد از وقت اشاعت بے لطف
تھی اس لیے جدید نمبر کا آغاز اب ربیع الآخر سے ہوتا ہی سہ ماہہ تعطیل خود ہم کو ناگوار تھی
لیکن اگر یہ چند روزہ خاموشی حیات جاوید کا باعث ہو تو ناظرین کا عتاب کم ہو جائیگا خدا سے دعا
ان مشکلات مین ہماری دستگیری کرے اور منزل مقصود تک پہونچائے۔

دریا و کوہ در رہ و من خستہ ضعیف — اے خضر پی خجستہ مدد کن بہمتم

یہ انتظام کیا گیا ہی کہ ہر ماہ کا پرچہ اُسی مہینے مین شائع ہو جایا کرے اور مضامین کے لیے خاص
التزام یہ ہی کہ مذاق زمانہ کے موافق اور عام پسند ہوا کرین، جہان انوار اسلام کی قدامت جلوہ گر ہو
وہان جدید تمدن کی جدت کو فراموش نہ کیا جائے اور نئی روشنی کا تذکرہ آئے تو قدیم مذہبی نورانیت
بھی ہاتھ سے نہ جانے پائے،

اب شرق و غرب دونون کے جلوے ہین ساتھ ساتھ — حاجی کے زمزمی مین ہی گنگ کا سرود بھی
رنگ فرنگ مین ہی نہان جلوہ عرب — اس جامے مین ملی ہی شراب طہور بھی
طرز قدیم ہی نئی شائستگی بھی ہی — یورپ کی روشنی بھی ہی مکہ کا نور بھی

آثار علم و ادب

مسلمانون نے دنیا مین جو آثار چھوڑے ہین اُن کی دو حیثیتین ہین۔ (۱) اجتماعی آثار جن کا
تعلق تمام تر اہل مشرق سے ہی۔ (۲) علمی و ادبی آثار جو صرف یورپ و اہل یورپ سے تعلق رکھتے ہین
اس دوسری صنف سے ہماری مراد یہ ہی کہ مسلمانون کے آثار علم و ادب نے یورپ کے تمدن پر
کیا اثر پیدا کیا؟ موجودہ تمدن یورپ کو کہان تک اُس سے مدد ملی؟ اور اُسکی اشاعت کس طرح ہوئی

[illegible] کی ابھی خبر نہین۔ ہمارے انشاپردازون کی عادت ہو کہ یورپ پر اکثر اہل عرب کو ترجیح
دیتے ہین جب کبھی موقع ملتا ہو تو جھٹ یہ لکھتے ہین کہ یورپ نے اہل عرب سے علوم و فنون
حاصل کیے ہین لیکن یہ نہین بتلاتے ہین کہ کن فنون کا پتہ لیتے ہین اور یہ کتنے [illegible]
عربی کی کیا کیا کتابین ترجمہ کی تھین کیونکہ جب تک تفصیل نہ بیان کی جائے صرف اجمال سے
سامعین کو یقین نہین ہو سکتا۔ دنیا کو یقین ہو کہ اہل مشرق مبالغہ اور خلاف واقع مفاخرت کے
بیحد خوگر ہین، لہذا جب تک کہ تفصیل حالات نہ بیان کیے جائین سچی بات بھی جھوٹ معلوم ہو
[illegible] علامہ شبلی نعمانی رسائل مین نہایت توضیح و بسط کے ساتھ دکھا چکے ہین کہ مسلمانون نے اپنے
زمانے مین غیر قومون کے علوم و فنون کی کیا کیا کتابین عربی مین ترجمہ کین اور کس طرح ان کے رسائل
بہم پہونچائے انھین مضامین کا المقتبس وغیرہ مصری رسالون مین بھی خلاصہ شائع ہو چکا ہو، لیکن
اب تک ادھر کسی نے توجہ نہین کی کہ یورپین زبانون مین کس قدر عربی کتابین ترجمہ ہوئین اور
یورپ نے ان سے کہان تک فائدہ اٹھایا۔ ہم اس مضمون کو خود یورپ کے بیان کے مطابق لکھتے
ہین جسے ہمارے دوست جرجی زیدان آفندی نے "آثار التمدن الاسلامی" کے عنوان سے الہلال
[illegible] جس [illegible] ۱۹۰۵ء مین شائع کیا ہو صاحب موصوف یوروپین تو نہین ہین مگر مسیحی المذہب
ہین اور سلسلۂ روایات اسلام اور تاریخ التمدن الاسلامی مین آپ کی خاص کوشش یہ رہی ہو کہ تاریخی
واقعات کے ایسے علل و اسباب پیدا کیے جائین جن سے اسلام کی عظمت کم ہو جائے۔

مسلمانون سے اہل یورپ کا سابقہ

مشرق مین اسلامی تمدن کی نشو و نما ہوئی اور مسلمانون نے یونانیون، ایرانیون، سریانیون
ہندوستان کے علوم و فنون اپنی زبان مین لیے حکومت کی ترتیب دی نظام قائم کیا
[illegible] دمشق، بغداد، طلیطلہ، غرناطہ، قرطبہ اور دہلی [illegible] شہر فلسفہ [illegible]
[illegible] صدیون [illegible] ظلمات [illegible] غرق تھا [illegible]

علاوہ اور کوئی دوسرا شغل نہ تھا، سلف کے علوم اور کتابین کلیساؤن اور عبادت خانون مین بند پڑی

تھین، شاید ہی کوئی ایسا خوش قسمت ہوتا جس کو درس و تحقیق کے لیے ان کے مطالعہ کا موقع ملتا

البتہ کبھی کبھی مذہبی منازعات کے فیصلہ کے لیے خزانے کھلتے تھے اور [illegible] طبیعتین اُن سے کچھ

سیکھ گئی ہیں۔ جہان دقائق مین موشگافی کیا کرتی تھین کہ حضرت مقدس کے جسم و [illegible] بلکہ بعض

ریفنے دوشیزہ بتون کو اگر اقانیم ثلاثہ سے استفادہ کا موقع ملتا اور فیض روح القدس الٰہی با نشو

کا خوشگوار نتیجہ نکلے اور اُس بابرکت نتیجہ سے دنیاوی توالد و تناسل کو ترقی ہوتی اُن کو مسیح کی

مادر زاد معصوم یادگار کیون نہ تسلیم کیا جائے اور پوپ اعظم کا دربار کیون نہ اُن کی ازلی عظمت کو مسلم

مان کر یہ قانون پاس کرے کہ «بیچگان ہم بکنند اینچہ مسیحا می کردہ»

اسلامی فتوحات کا سیلاب اُن دنون یورپ مین موجزن تھا اسپین و پرتگال کو یہ موجین

زیرآب کر چکی تھین، فرانس کا نصف حصہ اور سسلی سارڈینیا بھی اس سیلاب کے آغوش مین بہہ چکے تھے

اور غرق ہونے کے اندیشہ سے سارا یورپ تھرا رہا تھا، ایسی خوفناک حالت مین مسلمانون اور مسلمانون

کے ساتھ اسلامی علوم و فنون سے بھی اُن کے دلمین بدگمانی کا پیدا ہونا ایک طبعی بات تھی [illegible]

و اطراف ایطالیہ و فرانس مین اہل عرب اُن کے ہمسایہ تھے لیکن اس سے کیا کیا جائے کہ اہل [illegible]

کی جو آواز اُن کے کانون مین آتی تھی وہ اُس کو اللہ اکبر کا نعرہ ہی سمجھتے تھے، اس سوء ظن نے اُس

واسطے مین یورپ کو علوم اسلام سے فائدہ نہین اُٹھانے دیا، حتی کہ جب بیت المقدس فتح کرنے

کی آواز بلند ہوئی تو سارا یورپ مسلمانون پر حملہ کرنے کے لیے آمادہ ہو گیا اور قریباً دو سو برس تک

[illegible] صلیبیہ کے حملے ہوتے رہے۔

اہل یورپ نے سنہ ۱۰۹۹ء مین بیت المقدس کو فتح کیا اور [illegible] تک اُس پر قابض رہے

اُنہین اور مسلمانون مین لڑائیون کا طوفان غیر منقطع جاری ہو گیا بعض مقامات کی [illegible]

دراز تک کے لیے میدان جنگ بن گئین اور آخر ان حوادث کی انتہا [illegible]

سنہ ۱۲۹۱ء مین مجبور ہو کر وہان سے چلے گئے۔ اس دو سو برس کی طویل [illegible]

ادھر اسپین کی مشرقی سلطنت کی بنیاد ڈھا رہے تھے۔ غرناطہ میں اس وقت تک مسلمانون کی سلطنت
قائم تھی، شام و فلسطین کی شکست کا انھون نے اس طرح بدلا لیا کہ پندرھوین صدی عیسوی کے
آخر مین غرناطہ کی اسلامی سلطنت کو برباد کر کے سارے مسلمانون کو ملک بدر کر دیا۔

یہی وقت تھا کہ ایشیاے کوچک مین آل عثمان نے حکومت کی بنیاد ڈالی۔ اہل یورپ کو
ایشیا سے خائب و خاسر پھرتے ہوے وہ دیکھ چکے تھے انھون نے مشرقی سمت سے یورپ پر حملہ کیا
جیسا کہ ابتداے اسلام مین اہل عرب نے مغربی سمت سے حملے کیے تھے یورپ کے وہ ممالک جو ہمیشہ سے انکے
لیے فتح کر لیے اور قسطنطنیہ پر پندرھوین صدی کے وسط مین اسلامی پھریرا لہرانے لگا۔ قسطنطنیہ ان
دنون علماے یورپ کا مرکز اور علم و ادب کا خزانہ تھا ترکون کی سطوت و جبروت سے جب یہ لوگ
وہان سے بھاگ کر یورپ کے دوسرے شہرون مین آباد ہوے تو ساتھ مین علوم و فنون اور کتابون
کا ذخیرہ بھی لیتے آئے۔ یورپ کو اب اتفاق و اتحاد کی ضرورت محسوس ہوئی اس لیے کہ اندیشہ تھا
اب بھی اگر اختلاف قائم رہا تو کل کو سارے فرنگستان کا وہی حشر ہوگا جو آج بزنطائن و قسطنطنیہ کا ہوا
نام پرانے غربی جغرافیون مین اسکو بزنطیہ کے نام سے تلاش کر دیا کا ہوا پردیسی ترک سارے
گرفتار کر لین گے اور ساری مسیحی دنیا ان کی لونڈی غلام ہو جائیگی۔ خوفناک خطرات کے مقابلہ پر
کے قومی و ملکی اتفاق کا ہونا ایک طبعی امر ہے، اس عام تحریک سے اور کچھ ہوا ہو یا نہ ہوا ہو بڑا فائدہ یہ
کہ موجودہ تمدن یورپ کی داغ بیل پڑنا شروع ہوئی۔ یہ بھی یورپ کی خوش قسمتی تھی کہ بحیثیت مجموعی
مین مسلمانون سے راہ و رسم ہو چکی تھی، اسکے بعد علماے یونان قسطنطنیہ سے بھاگ کے وطن چھوڑ
اور پھر سارے ملک نے مسلمانون کے خلاف اتفاق کر کے ترقی کی دنیا مین قدم رکھنے کا عزم کیا۔

اس کام کے ارادے مین وہ کئی سو برس پہلے ہی سے تھے۔ اندلس کی درسگاہون
فضلاے یورپ کی ایک خاص تعداد تعلیم یافتہ ہو کر نکل چکی تھی اور بہت کچھ [illegible]
عربی سے لاطینی مین ہو چکا تھا۔ گویا علمی و سیاسی دونو پہلو سے ترقیون کے لیے سب سامان
آمادہ ہو گئے ادھر اسلامی ممالک پر فوج کشی شروع کی ادھر اسلامی مدارس [illegible]

تصیل مین مصروف ہوے، جس نظر سے آج ہم یورپ کو دیکھتے ہین حل مشکلات وایضاح حقائق کی
غرض سے وہی نظر اُن کی بلاد اسلام پر پڑتی تھی - تاریخ مین جابجا نظر آتا ہی کہ کوئی فلسفی یا طبی مشکل پیش آئی ہی
تو اُس کے حل کے لیے قیاصرۂ روم و شاہان یورپ نے علماے بغداد و بزرگان قرطبہ سے رجوع کیا ہی
کوئی تعجب نہین اگر وہ قرطبہ و طلیطلہ کی عظیم الشان اسلامی یونیورسٹیون مین علمی تبحر حاصل کرنے کے لیے
نوعمر و مستعد لڑکون کو بھیجتے رہے ہون، جسطرح ہم کیمبرج یا اکسفورڈ مین بھیجا کرتے ہین، یورپ
مین عربی علوم کے اقتباس کی ابتدا دسوین صدی سے ہوئی اور ٹھیک پندرھوین صدی کے
بعد فراغت ملی۔

لاطینی (اطالین) زبان مین عربی کتابونکا ترجمہ

جس طرح ہماری علمی زبان عربی ہی اُسی طرح یورپ کی علمی زبان اُن دنون لاطینی تھی۔ اس زبان
مین پانسو برس تک (یعنے دسوین صدی عیسوی سے پندرھوین صدی تک) عربی کتابون کے
ترجمے ہوا کیے۔ اس طویل مدت مین بیسیون سربرآوردہ مترجمون نے طب و فلسفہ و طبیعیات و الٰہیات
وغیرہ کی سیکڑون کتابین ترجمہ کر ڈالین جنکی تفصیلی بیان کے لیے اگر البیان کی ایک سالانہ جلد بھی پوری
مخصوص کر دی جائے جب بھی مضمون کا یہی تقاضا رہیگا کہ ”کچھ اور چاہیے وسعت مری بیان کے لیے“
اس عہد کی تقسیم چار دورون مین کی جا سکتی ہی۔

(۱) دور تمہید جبکہ اندلس کے باہر اس کے تمہیدی مراتب طے ہو رہے تھے۔

(۲) طلیطلہ کا عام دور جسمین علماے یورپ از خود کتابون کے ترجمہ مین مشغول ہوے۔

(۳) الفانسو فرمان رواے کیسٹل (قشتالہ) کا دور جس نے خاص اپنے خرچ سے اسی غرض
کے لیے ایک علمی سوسائٹی قائم کی تھی۔

(۴) دور یورپ جسمین عام سلاطین یورپ نے علوم عرب کے ترجمے کا اہتمام کیا ہی

دور تمہید یہ دور دسوین صدی عیسوی سے شروع ہوتا ہی۔ اس دور کے ترجمون مین

جن لوگون کے حالات ہم کو معلوم ہوسکے اُن مین پوپ سلوسٹر دوم کا نام زیادہ ممتاز ہی جو دسوین
آخر مین گذرا ہی۔ پوپ ہونے کے قبل اُس کا نام گربرٹ تھا، سررشتہ تعلیم سے پادری کے عہ
اُس نے ترقی کی اور مختلف کلیساؤن مین مذہبی فرائض انجام دے کر آخر مین پوپ کے درجے تک
اپنے زمانے کے اکثر علوم مین اُس کو دستگاہ حاصل تھی، مدتون اندلس کی تعلیمگاہون مین وہ تعل
رہا، وہ پہلا شخص ہی جسکو لاطینی زبان مین علوم اسلام کے ترجمہ کرنے کا شوق پیدا ہوا، قوم
کے لیے اُسنے منطق و فلسفہ و نجوم وغیرہ کی عربی کتابین لاطینی مین ترجمہ کین جن کا مجموعہ
موسیو اڈلریب کے اہتمام سے چھپ کر شائع ہو گیا ہی۔

پوپ مذکور کے بعد ہرمان المقعد متوفی ۱۰۵۴ء کا زمانہ آیا۔ اس کو مدارس اسلام مین تح
موقع تو نہین ملا مگر بجاے خود اُسنے مسلمانون کی کتابین بکثرت پڑھین اور جمع کین، موسیق
و نجوم کا اُس کو بڑا شوق تھا، ان علوم مین اُس نے خاص طور سے عربی کتابون سے مدد
ان کے علاوہ اور مختلف علوم کی عربی کتابون کے ترجمے لاطینی مین کیے،

اسی زمانے مین قسطنطین افریقی نام ایک مشرقی عالم تھا جسنے ایام شباب
مین بسر کرنے کی وجہ سے تاریخ سے "افریقی" کا لقب حاصل کر لیا۔ اُس کی عمر ہمیشہ مطالعہ
مین صرف ہوا کی۔ کچھ دن کے بعد کسی خاص ضرورت سے ایطالیہ کے شہر سلرنو مین اُس ک
اتفاق ہوا۔ سلرنو کا مدرسہ مشہور تھا اور مدت سے عربی کتابون کی تدریس وہان جاری تھی
نے بڑے جوش و خروش سے اُس کا خیر مقدم ادا کیا اور ترجمہ کی ضرورت کی جانب توجہ دلا
کی ہمت اور بڑھی اور اب اُسنے ادھر پوری توجہ معطوف کر دی، اہل عرب نے طب و فلسفہ
یونانی سے ترجمہ کی تھین یا جو خود تالیف کی تھین اُنمین اکثر اہم ترین کتابین اُس نے ترجمہ ک
مفردات اور خاص کر امراض چشم و حمیات مین اہل عرب کی مشہور تالیفات کو اُسنے لاطینی
یورپ کو موقع دیا کہ سیکڑون برس تک اُن سے مستفید ہوا کرین (یورپ کی تحقیق ہی کہ امرا
مین اہل عرب نے بڑی تحقیق سے بحث کی ہی اور بہت سے طریقے ایسے دریافت کیے ہیں

انکشافات یا ڈسکوری کہنا بیجا نہین۔ یہ انکشافات خاص اہل عرب کے ہین، یونانیون کو انسے تعلق نہین

دورِ طلیطلہ بارھوین صدی عیسوی مین عربی کتابون کے ترجمہ کے لیے اسی قصد سے علماے یورپ طلیطلہ مین جمع ہوے کہ طلیطلہ ہارون الرشید یا مامون الرشید کے زمانے کا بغداد ہوگیا، جہان نوین صدی مین سریانی یا ایرانی علما قدیم حکمت و فلسفہ کے ذخیرے کو عربی مین لانے کے لیے مجتمع تھے، لیکن ان دونون اجتماعون مین بڑا فرق تھا اس لیے کہ عہد بنی عباس کے مترجمین اکثر خلفاے اسلام کے حکم سے بغداد مین طلب ہوتے تھے اور یونانی و عربی مین نہ صرف ماہر بلکہ ادیب ہونا اُن کے فرائض کی پہلی شرط مقرر تھی، خلفا اسی غرض سے انتہائی فیاضی سے کام لیکر اُن بزرگون کی حوصلہ افزائی کیا کرتے تھے۔ بخلاف اسکے طلیطلہ کے مترجمین خود بخود اس فرض کے ادا کرنے مین متوجہ تھے اُن مین آمادگی پیدا کرنے والی چیز دولتمندون کی فیاضی نہ تھی فقط علمی جوش تھا۔ عربی سے ان لوگون کو بہت کم وہ اور نہایت خفیف مناسبت تھی، یہی وجہ ہو کہ جس متانت کے ساتھ اہل عرب نے یونانی کتابون کے ترجمے عربی مین کیے تھے دانایان فرنگ عربی کا ترجمہ لاطینی مین اُس اندازے سے نہ کر سکے۔ ضبط مسائل کا لحاظ کم تھا عبارتین غامض ہوگئین، اور مطلب صاف طور سے ادا نہو سکا۔

طلیطلہ اُس زمانے مین علما و فلاسفہ سے بھرا ہوا تھا، ایک بڑی جماعت وہان فرانسیسیون کی تھی جو اخلاقی و مادی فوائد کے لیے مقیم تھے۔ طالبان علم اکثر پادری تھے جن مین اسقف طلیطلہ ریمون کا نام خصوصیت سے لیا جاتا ہو اس شخص نے ۱۱۳۰ سے ۱۱۵۰ء تک طلیطلہ مین مذہبی علمی مشاغل جاری رکھے اور ترجمہ و تالیف کا کام کرتا رہا۔ طلیطلہ مین یہ پہلا شخص ہو جسنے علوم عرب کو اصل ماخذون سے یعنے خاص عربی کتابون سے لے کر یورپ مین شائع کرنا شروع کیا، اُس کے کام کی ابتدا دو شخصون کے ہاتھ سے ہوئی ان مین ایک عوام عرب کی عامی زبان سے واقف تھا اور دوسرا لاطینی کا ماہر تھا، اُس کے ترجمون مین معنوی و لفظی دونون طرح کے سقم و اضطرابات موجود تھے لیکن اُس کے بعد جن لوگون کے ہاتھ مین یہ کام آیا وہ عربی زبان مین ایک حد تک ماہر تھے اور اس لیے کسی قدر کاوش سے اُنھون نے ان ترجمون کی تصحیح کی۔

دیون نے فلسفہ ونجوم وغیرہ کی بہت سی کتابین ترجمہ کین، یورپ مین جب یہ کتابین شائع ہوئین
تو اہل علم مین ایک پرجوش تحریک ہوئی اور شوقین طلبہ یورپ کے ہر مقام سے طلیطلہ مین آنے لگے بعضون
نے قرآن شریف کا ترجمہ شروع کیا اور بعض اپنے مذاق کے مطابق دوسرے دوسرے علوم کی طرف متوجہ
ہوئے ان مین فلاطون طیبوری وایڈلرباتی یوحنا اشبیلی وکونڈیسالفی وہرمان ڈلائی وفرقس طلیطلی
ورابرٹ رٹینی ودانیال مورلی زیادہ مشہور ہین، ان سب مین بھی جیرار کرمونی کا نمبر سب سے بڑھا تھا
اُس نے اسّی کتابون کے ترجمے کیے جنمین اجمالاً متقدمین کے بیشتر علوم منطق وفلسفہ وریاضی وعلم
ہیأت وطبیعیات وکیمیا ونجوم وغیرہ آگئے تھے، بعض کتابین تو ان مین وہ تھین جو ارسطو وارشمیدس
واقلیدس وبطلیموس وبقراط وغیرہ نے تالیف کی تھین اور بزرگان عرب نے عربی مین اُن کے ترجمے
کیے تھے اور بعض کتابین خاص فارابی، ثابت بن قرہ، خاندان بنی موسی خوارزمی، یعقوب کندی فرغانی
جابر بن افلح ماشاءاللہ فلکی، اور ابن ہیثم کی تالیف یا تصنیف تھین۔ ان سب کتابون کا عربی سے ترجمہ
کیا گیا اور دو سو برس تک طلیطلہ عربی زبان کے طلبہ ومترجمین کا مرکز بنا رہا۔

دَورِ الفانسو الفانسو شاہ قشتالہ اسپین کے اُن سلاطین مین تھا جو تیرھوین صدی عیسوی
مین اہل عرب سے لڑے تھے۔ اہل یورپ اُس کو "حکیم۔فلاسفر" کہتے ہین اس لیے کہ باوجود اس کے
کہ عرب سے وہ محاربات مین مشغول تھا اور سلاطین اسپین کو دبا کر ریاست مطلق کی فکر اُس کو دامنگیر
تھی تاہم علمی مشاغل سے وہ بے بہرہ نہین رہا، خلفاے بغداد کی تقلید مین اُسنے عربی زبان کے بہت سے
مترجمین ومولفین جمع کیے، خود اُن کے مصارف کی کفالت کی اور قوم کے نامے کے لیے اُن کو
شوق دلایا کہ عربی کتابون کا ترجمہ کرتے رہین۔ اُس کے حکم سے جو ترجمے ہوے اُن مین خصوصیت
تھی کہ پہلے عربی سے اسپین کی قشتالی زبان مین کتابین ترجمہ ہوئین اور پھر قشتالی سے لاطینی مین
نقل کی گئین قشتالی زبان مین ترجمہ کرانے سے اُس کا خاص مقصد یہ تھا کہ اُسکے ملک مین عام طور پر
اس کا رواج ہوجائے اس لیے کہ لاطینی ایک محدود طبقہ مین رائج تھی اور صرف مذہبی گروہ اس سے
مستفید ہوسکتا تھا الفانسو نے بلنسیہ مین ایک کالج بھی قائم کیا جسمین علوم عرب کی تعلیم دیجاتی تھی

یہ پہلا کالج تھا جسے مسلمانان اندلس کے مقابلہ مین ایک فرنگی بادشاہ نے قائم کیا تھا۔ یہ کالج بعد مین
پلنسیہ سے سلمنکہ مین منتقل کر دیا گیا۔

اس کام کو انجام دینے اور خاطر خواہ چلانے کے لیے الفانسو نے اندلس سے علماے عرب کی
ایک جماعت اپنے دار السلطنت مین طلب کی۔ طلیطلہ سے ابن راجل اور علامہ قبیصی کو بلوایا بہ تعظیم و تکریم
کی، اور اُن کو اپنا اُستاد مقرر کیا۔ اشبیلیہ سے ابن موسیٰ اور محمد کو، قرطبہ سے یوسف بن علی اور یعقوب
بن سنا کو بلوا بھیجا اور ان کے علاوہ غسکونیہ اور پیرس سے قریباً پچاس دانایان فرنگ کو بھی طلب کر کے
ترجمہ کے کام مین لگا لیا۔ یہ مجمع پچاس برس تک اپنا کام کرتا رہا۔ اُن کے اور اُن کے اہل و عیال
کی ضروریات زندگی کے لیے الفانسو نے وظائف مقرر کر دیے تھے اور موقع بموقع خلعت و انعام سے
حوصلہ افزائی کیا کرتا تھا۔ ان مترجمین مین یہود ابن موسیٰ و ربی ساج (ساج نام تھا اور ربی خطاب تھا
یہودیون مین "ربی" اُس شخص کو کہتے ہین جسے ہمارے یہان "مولوی" کہا جاتا ہے۔ عربی مین اس
عبرانی لفظ "ربی" کو "ربانی" کہتے ہین لیکن قرآن مین اس کی جمع "ربیّون" آئی ہے۔ صیغہ واحد ضرور
رہا ہوگا ورنہ جمع کا استعمال یعنے چہ) وصموئیل لیفی (یہ سب یہودی تھے) اور فرمان طلیطلی کی زیادہ شہرت ہے۔

دور یورپ اس دور سے ہماری مراد وہ زمانہ ہے جبکہ اندلس کے علاوہ یورپ کے
دوسرے ممالک مین عربی کتابون کے ترجمے کا انتظام شروع ہوا۔ الفانسو کی تقلید مین سلاطین یورپ
ترجمون کی حوصلہ افزائی مین فراخ دلی سے کام لیتے تھے فریڈریک دوم پادشاہ جرمنی و ایطالیہ متوفی
۱۲۵۰ء قرون وسطیٰ کا مشہور علم دوست فرمان روا تھا، اُس کے دربار مین علما و فلاسفہ کی بڑی قدر تھی
اور اکثر اہل علم سے اُس کی خط و کتابت جاری تھی۔ انگریز مترجم میکل (میکائیل) اسکاٹ نے اسکے لیے
بیس کتابین ترجمہ کین۔ فریڈریک کا بیٹا شاہ منفریڈ اس علمی ذوق مین اپنے باپ کا خلف الرشید تھا
ہرمان ساکن جرمنی و ایتان میسینی اُس کے دربار کے لائق مترجم تھے اور خود منفریڈ کو بھی جب کبھی
مشاغل سلطنت سے فرصت ملتی تو اسی دلچسپ مشغلے مین جی بہلاتا، ارسطو کی ایک کتاب خود اس نے
ترجمہ کی۔ فرانس مین شاہ چارلس دہم کو بھی عربی کتابون کے ترجمہ کروانے کا شوق تھا۔ اغوت ہو کی

بوبکر رازی کی کتاب "الحاوی" کا ترجمہ اُسی کے لیے کیا تھا۔

ان سلاطین نے علوم عرب کی پایہ شناسی اور قدردانی مین کوئی دقیقہ اُٹھا نہین رکھا فلسفۂ یونانی بنی عباس کا جو احسان ہے علوم عرب کی خدمت کرکے اہل فرنگستان نے اُس کی پوری تلافی کرنا چاہی فرق یہ تھا کہ خلافت عباسیہ کو اگر توجہ نہوئی ہوتی تو علوم قدیمہ آج ضائع ہوچکے ہوتے، بخلاف اس کے اہل فرنگ اگر علوم عرب کی خدمت نہ بھی کرتے جب بھی ان علوم کو ضرر نہ پہونچتا، وہ خود ہی نقصان مین رہتے۔ معتدبہ کتابین جب عربی سے ترجمہ ہوچکین تو اب تالیف کا خیال پیدا ہوا یہی روش ان کے پہلے اہل عرب نے بھی اختیار کی تھی اور ترجمے کے بعد تالیف اور پھر تصنیف مین متوجہ ہوے تھے۔ سب کے آخر مین جن مترجمون کے واقعات ہم کو دریافت ہوے وہ آرمینگو و فیلنوف و کرومر دنعان باشندہ جنیوا و بافینوس وغیرہ تھے۔ ان مترجمون کی تعداد جہانتک ہم کو معلوم ہوسکی پچاس ترجمین سے زیادہ تھی اور یہ سب کے سب یورپ مین تھے اور خاص یورپ مین اس کام کو انجام دے رہے تھے لیکن اس فہرست مین دو ایشیائی مترجمون کے نام بھی ملتے ہین، ایک ایتان ساکن انطاکیہ اور دوسر فلیپ باشندہ طرابلس، یہ دونون اپنے وطن ہی مین عربی کتابین ترجمہ کرتے رہے۔

عربی کتابین جو فرنگی زبانون مین ترجمہ ہوئین

عربی کتابین جو فرنگی زبانون مین ترجمہ ہوئین تعداد مین ۳۰۰ تھین، یہ سب کتابین، بجز چند کتابون کے جو عبرانی و قشتالی زبانون کے ذریعے سے ترجمہ ہوئی تھین براہ راست عربی سے لاطینی مین نقل ہوئین۔ مضامین (علوم) کے اعتبار سے ان کتابون کی تقسیم حسب ذیل ہے:

علوم و مضامین	ترجمہ شدہ کتابین
فلسفہ و طبیعیات	۹۰
ریاضی و ہیئات	۷۰
طب	۹۰

نجوم وکیمیا	۴۰
جملہ	۲۹۰

یہ اُن لاطینی کتابون کی اجمالی فہرست ہی جو عربی سے ترجمہ کی گئی تھین اور جن مین بعض کے
ترجمے حسب ضرورت فرانسیسی وغیرہ مین بھی ہوئے ۔ اہل عرب نے جو کتابین ترجمہ کی تھین اُن سے
تعداد دو گونہ زائد ہی ۔ اگر حساب کیا جائے تو موجودہ تمدن کے قبل یورپ اس بارہ مین بھی مسلمانون
کا مقروض ثابت ہوگا ۔ کیونکہ اہل عرب نے دو سو سے زیادہ کتابین علوم قدیمہ کی نہین ترجمہ کی تھین
جن مین دو ثلث کتابین یونانی زبان کی تھین اور ایک ثلث فارسی و ہندی و سریانی ۔ لہذا جس قدر
مسلمانون نے یورپ سے (یعنے یونان سے جو یورپ ہی کا ایک ملک ہی) لیا تھا اُس سے دو حصہ
زائد کا یورپ مسلمانون کا قرضدار تھا اور اب اس جدید تمدن کے زمانے مین اُس نے یہ قرضہ ادا کیا ہی
عہد بنی عباس مین مترجمون کی تعداد ۳۰ سے زیادہ نہ تھی لیکن یورپ مین ۵۰ سے زیادہ مترجم
تھے ۔ یہی حال اُن حکماے یونان کا بھی ہی جن کی تالیفات عربی مین ترجمہ ہوے ۔ اعداد و شمار
بتاتے ہین کہ صرف دس پندرہ یونانی مولفون کی کتابین عربی مین نقل ہوئین ، لیکن اسکے مقابل میں
ان مولفین عرب کی کتابین یورپ مین ترجمہ کی گئین اُن کا شمار تیس چالیس سے زیادہ ہی ان مین
مولفین ذیل کو یورپ نے خاص شہرت دی

فلسفہ مین : یعقوب کندی ، قسطا بن لوقا ، ابو نصر فارابی ، بوعلی سینا ، امام غزالی ،
ابن رشد ، ابن باجہ ، ابن طفیل ، ماشاء اللہ فلکی ، ابن جبریل ، حنین بن اسحاق ، سرخسی وغیرہ وغیرہ ۔

ریاضی و ہیأت مین : ثابت بن قرہ ، خاندان بنی موسی ، خوارزمی ، ابن ہیثم ، فرغانی ، بتانی ،
جابر بن افلح ، بتروجی ، ابن الصفار ، قبیصی ، زرقالی ، وغیرہ وغیرہ ،

طب مین : سرابیون اکبر ، سرابیون اصغر ، ماسویہ اکبر ، ماسویہ اصغر ، ابوبکر رازی ،
ابن الجزار ، زہراوی ، علی بن عباس ، عیسی بن علی ، میمونی ، شیخ الرئیس ابوعلی سینا ، ابن زہر ،
اسحاق ، ابن بطلان ، ابن جزلہ ، وغیرہ وغیرہ ،

مادّہ اور خدا

(۱)

انسان خود مادّی ہی، مادیات ہی سے اُس کو کام پڑتا ہی، جدھر نظر اُٹھاتا ہی مادّہ ہی کی صورتین پیش نظر ہوتی ہی، اور جہان تک اُس کی رسائی ممکن ہی دیکھتا ہی کہ مادہ ہی کی ساری کائنات ہی، ہان کبھی کبھی وہ اس طلسم سے باہر نکلنا چاہتا ہی، سوچتا ہی کہ: ہم کہان تھے اور پھر کہان جائینگے سارے جہان کی آفرینش کیون کر ہوئی اور کس نے کی، کارخانۂ قدرت جس نظام پر چل رہا ہی اس کا بانی کون ہی، اجزاے وجود اور مظاہر طبیعت جنھین ہم دیکھ رہے ہین ان سے کیا غرض ہی: یہ خیالات ہر ذی فہم کے دل مین آتے ہین، دنیا کے تمام مذاہب کے یہی اصول موضوعہ ہین اور انھین پر شریعتون کا سارا مدار ہی۔

اہل علم ہمیشہ سے اسی فکر مین ہین کہ وجود کیسے پیدا ہوا اور کس طرح پر پیدا ہوا، اور وہ ابتدائی علت جس سے تمام علتین نکلین کیا ہی، سوچتے ہین سوچتے ہین پھر سوچتے ہین مگر کچھ سمجھ مین نہین آتا، فلاسفہ کی مختلف رائین ہین، بعض کہتے ہین سکون کی نہ ابتدا ہی نہ انتہا، وہ ازلی بھی ہی اور ابدی بھی، مادہ کی صورتین اُسمین رہتی ہین، مادہ کے مظاہر طرح طرح کی شکلون مین جلوہ گر ہوتے ہین لیکن اصل مین وہ ایک ہی ہی، ازل سے موجود ہی اور ابد تک رہیگا۔ بعض کا یہ مذہب ہی کہ مادہ حادث ہی قدیم نہین ہی، جیسی صورتین اُس کے پہلے موجود تھین انھین مین اُس کا ظہور ہوتا ہی، ایک فرقے کے نزدیک بالقوہ ایک وجود معنوی سے مادّہ حاصل ہوتا ہی اور اس کے بعد ایسے تغیرات ہوتے ہین جو اُسے وجود حقیقی کی حالت مین لاتے ہین۔ ایک فرقہ کی یہ راے ہی کہ مادہ کوئی دولت سرمد نہین ہی، وہ خدا کے حکم سے عدم سے وجود مین آیا ہی، سارا عالم خدا کا بنایا ہوا ہی، خدا کے اختیار مین سب کچھ ہی، اُسی نے نظام عالم قائم کیا ہی اور اُسی کے قانون پر دنیا جہان کی قوت جاری ہی۔ ایک گروہ یہ کہتا ہی کہ ہم اور ہماری کائنات سب مادی ہین ہم نے وراے مادّہ

پھر تغیر کیسے پیدا ہوا۔ اس کا جواب یون دیتے ہین کہ ہیولی جس کے سارے اجزا متماثل یعنی
باہم مشابہ اور ایک دوسرے کے مثل واقع ہوئے ہین متماثل کی پوری پوری حیثیت اُس مین قائم
نہین رہی ہے، اس لیے کہ اُس کے اجزاے متماثلہ کے ہر جز مین ایسی قوتین تھین جو مرکز اجزا سے کا اختلاف
نسبت بقیہ اجزا کے مختلف تھین، مثلاً جو جز کہ مرکز مین واقع تھا اُسمین ویسی فاعلی قوتین نہ تھین جیسی
مرکز سے دور والے جز مین تھین، اس لیے کہ دور ہونے کی حیثیت سے جو نسبت کہ اس جز کو بقیہ
اجزا سے تھی وہ اُس جز کی نسبت سے بالکل الگ تھی۔ تا فاعلی قوتین بحیثیت تاثیر کے جب اجزاے ہیولی
مین متماثل نہ ٹھہرین تو نتیجہ یہ ہوا کہ خود ہیولی اپنی اصلی وضع سے متغیر ہو گیا اور جس قدر یہ تغیر بڑھتا
گیا قوت فاعلی کے فعال کا اختلاف بھی بڑھتا گیا، پہلے بساطت تھی اب ترکیب شروع ہوئی
ترکیب نے شدہ شدہ اتنی ترقی کی کہ عالم کی آمد آمد ہوئی اور نباتات وحیوانات وجمادات کا شکل
لے کر طبیعت آکھڑی ہوئی۔ پس مادہ وقوت یہی دونون ازلی وابدی ہین۔ جو دونون توحید کے
عاشق اور یک موحد ہین مادہ کی لاکھ شکلین بدلین مادی مظاہر مین ہزارہا تغیر ہو لیکن مادہ ایک
رہیگا، نہ اُسے کسی نے پیدا کیا اور نہ کوئی فنا کر سکتا۔ اسی طرح قوت جس سے مادہ مین ادراک
وشعور کی طاقت ہے، نہ کبھی کم ہوئی ہے اور نہ ہوگی، کائنات مین جتنے ثوابت وسیارات وحیوانات
وجمادات ہین، مادہ کی اسی قوت فاعلی کے سب کرشمے ہین، اور قانون طبعی مثلاً استمرار قوت علت
دوام حرکت، متماثل کا ثابت نہ رہ سکنا، اور بقاے مادہ کے مطابق کرنا اور سب کو اسی قانون
کے تحت مین لانا آجکل علما کا یہی مشغلہ ہے۔

اس مذہب کی بنا پر کائنات کی آفرینش یا تکوین اتفاقیہ طور پر مادہ وقوت کے فعل و
انفعال سے ہوئی ہے، مادہ پرست خدا کے منکر ہین اور عدم سے وجود کے معترض ہین [illegible]
کہ العدم سے وجود کا موجود ہونا خلاف عقل ہے اور خلاف عقل [illegible] کے لیے وجود
خارجی کیونکر تسلیم کیا جا سکتا ہے۔

مادہ کو ازلی ماننے [illegible] عالم کی [illegible]

س کے لیے طبعی نشو و نما کے اصول قائم کیے، سیاروں کے جدا ہونے اور حرکت کے قانون کی تشریح
کر کے کرہ کی کیفیت بتائی۔ تمام اجزا جو دافعہ میں سیارات قرار دیے آفتاب کے حلقہ خارجی کے
انفصال سے سدیم کے جمع ہونے اور پھر سکڑنے کی حالت دکھائی، آخر ش زمین کی داغ بیل ڈالی پھر
اس سے کرۂ ماہ کو الگ کیا، لاکھوں برس کے بعد حرارت زائل ہونے پر قیاس کیا کہ زمین خشک ہو گئی
ہو گی، اب سمجھے زمین کو قابل زندگی تسلیم کیا اور بتایا کہ پہلے سطح زمین پر مادہ کی تدریجی رفتار سے نہایت
معمولی اور سادی حیثیت کی جاندار چیزیں پیدا ہوئیں، پھر کیفیت ارتقا میں تغیرات ہوتے گئے، تقسیمیں
بنتی رہیں، تبدیلیاں ہوتی رہیں، یہاں تک کہ نباتات اور پھر حیوانات اور آخر میں انسان سب
الگ الگ ہو گئے اور سب کی شاخیں اور قسمیں بھی جدا جدا ہو گئیں۔

یہ دلائل نہایت دل آویز و قریب الفہم ہیں، مگر با این ہمہ انسانی عقل کو پوری تسلی نہیں ہوتی
اور بجز و سوال پیدا ہوتا ہے کہ ماورائے مادہ بھی کچھ ہے؟ بغیر کسی موجد کے مادہ کیونکر وجود میں آیا ہے
اور اگر کوئی نظام آفرین نہیں تو یہ نظام عالم کیسے قائم ہے؟ یہ خیالات انسان کو چند ازلی صورتوں
کے فرض کرنے پر مجبور کرتے ہیں جو مادہ سے بھی سابق ہوں پھر تدریجاً ان صورتوں کا ایک
خالق ماننا پڑتا ہے جس نے ہیأت ازلی کے موافق مادہ کی شکل بنائی۔ اس طبقے کی رائے میں
سوال اول کا جواب یہ ہے کہ مادہ کا خالق اور نظام ابدی کا مقنن خدائے لم یزل ہے۔ آگے چل کر
اس فرقے کی بھی دو رائیں ہو گئی ہیں۔

ایک رائے یہ ہے کہ خدا نے نظام مادہ کے لیے قانون وضع کرنے کے بعد اب اُس کو اُسی
قانون پر چھوڑ دیا ہے جو اُسی قانون پر چل رہا ہے، خدا کو اب اُس سے مطلب نہیں، نشو و نما حسب
قانون طبعی صفات کے موافق ہوا کرتا ہے، کیا ضرورت ہے کہ خدا بھی ہر چیز میں دخل دیا کرے
[illegible] اس کے خلاف ہے [illegible] ہر چیز میں خدا کی مداخلت ہے
[illegible] تمام اجزائے موجودہ میں اُسکی طاقت سے فعل و انفعال ہوتا ہے
[illegible] لا یزال حکم اب بھی جاری ہیں [illegible]

ایک ایک کا منھ دیکھتی ہے اور جب کسی طرح تشفی نہیں ہوتی تو بے ساختہ کہہ اٹھتی ہے کہ :

کیا جانیں ہم کہ مادّہ حادث ہے یا قدیم　　کچھ ہو بلا سے اپنی کہ ہیں خانہ نشین ہم

بلاد اسلام

یمن ارض یمن ایک زمانے میں عرب کے قدیم تمدن کا مرکز تھا۔ جاہلیت کے غیر تاریخی دور [illegible]
میں اہل یمن دنیا کے اکثر حصے میں عظیم الشان انقلاب پیدا کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ علمائے آثار [illegible]
نے یورپ کی راہنمائی کی ہے کہ اقوام تبابعہ، عمالقہ، ثمود، عاد، ارم، وغیرہ جن کی عظمت و جبروت کے افسانے [illegible]
زبان زد ہیں سب کا وطن یہی ملک تھا۔ پیغمبروں میں شعیب، حکما میں لقمان، سلاطین میں ذو القرنین
شہزادیوں میں بلقیس، اسی مردم خیز خطہ کی یادگار ہیں۔ قرآن حکیم نے ان اقوام کے آغاز و انجام سے
اہل عرب کو جابجا عبرت دلائی ہے۔ متاخرین ان کو عرب نہیں بتاتے لیکن تحقیقات نے اب اس مطلب کو
صاف کر دیا کہ اہل عرب کو عبرت دلانے کے لیے انھیں کے سرکش بزرگوں کا انجام کا بتانا [illegible] ہو سکتا
تھا۔ غیر اقوام کے تذکرے سے اُن کو کیا عبرت ہو سکتی تھی جنھیں شاید وہ اچھی طرح جانتے بھی نہ ہوں [illegible]
اسلام میں بھی اہل یمن تہذیب و شائستگی کے لیے ضرب المثل تھے اور قوت ایمان کے ساتھ حکمت
یمانی کی تصدیق خود مخبر صادق نے کی تھی۔ اب آجکل یمن کی یہ حالت ہے کہ ملک میں شورش [illegible]
ترکی فوجیں پڑی ہیں۔ سلطان روم عرب کی آزادی کو جنگی قوت سے روکنا چاہتے ہیں۔ ملک کا اکثر حصہ
زیدی المذہب ہے اور اسی فرقہ زیدیہ کا پیشوا سارے ملک کی پولیٹکل و مذہبی طاقتوں کا امام ہے [illegible]
عرب ہے، اُس کی زبان عربی ہے، اپنے ملک کو خود مختار کر لینا چاہتا ہے لہذا طبعاً اہل عرب [illegible]
مزید علیہ یہ کہ بعض یورپین سلطنتیں اس آزادی کی حامی ہیں اور [illegible]
سامان جنگ سے اعانت کرتے ہیں نہ اس لیے کہ آزادی و استقلال کی [illegible]
کیونکہ اگر یہ خیال ہوتا تو فرانس تیونس میں انگلستان مصر میں [illegible]
پا بزنجیر کیوں کرتا، بلکہ اس لیے کہ سلطنت عثمانیہ کا تجربہ کیا [illegible]

سلمان ناسکا عملی جواب وہ تلوار ہی جو سلطان روم نے ترکی سپہ سالارین کو ابھی حال مین عنا
ہی اور جسپر ایک ترکی شعر منقوش ہی جس کا ترجمہ یون ہوسکتا ہی:

من آنکہ عنان باز نپیچم ز راہ — کہ یا سر دہم یا ستانم کلاہ

مقدونیہ دول یورپ مقدونیہ مین امن و امان قائم رکھنے کی ایک طرح ذمہ دار ہین
ن کی تدبیر اُنھون نے یہ سوچی ہی کہ جسطرح ہوسکے اس تاریخی صوبہ کو جو اسکندر اعظم کی یادگار ہی
سلطنت روم سے الگ کرلیا جائے، اور سلطنتین تو خاموش ہین لیکن ہماری مہربان سلطنت
انگلستان، کو ایک لحظہ بھی یہ گوارا نہین کہ ظالم مسلمان معصوم عیسائیون کو ستایا کرین۔ ارکان سیاست
کا تجویز ہی کہ بنگال و مدراس مین گورنمنٹ کے خلاف کوئی کلمہ اگر زبان سے نکلے تو اس کی معقول
سزا دینی چاہیے لیکن باغیان مقدونیہ اگر انقلاب حکومت کی کوشش مین ترکون پر شبخون مارین اور
اسلامی آبادیون کو لوٹ لیا کرین تو اسمین اُن کی امداد سے دستکش کرنا انسانیت کے خلاف ہی۔
انسانیت سے اگر وہ انسانیت مراد ہی جسکی اصلیت حضرت ڈاروِن کے انکشاف نے ظاہر کی ہی تو ہمکو
اس کلام نہین لیکن اگر متعارف انسانیت مراد ہی تو ہم اپنے ناظرین کو یقین دلاتے ہین کہ حکمت عملی
والعادات الجميلة والعبادات التي تعود فوائدها على النا[س]
فالله غني عن العلمين وعبادتهم ويدل على صحة ما تلونا
عليك ما روى ابن عبد البر في جامع بيان العلم عن
مصعب بن عبد الله الزبيري قال كان مالك بن انس
يقول الكلام في الدين اكرهه ولم يزل اهل بلدنا يكرهونه
وينهون عنه نحو الكلام في العقل وما اشبه ذلك وما احب
الكلام الا فيما تحته عمل فاما الكلام في دين الله وفي الله
عز وجل فالسكوت احب الي لاني رأيت اهل بلدنا
ينهون عن الكلام في الدين الا فيما تحته عمل"

وقد استدل مالك على صحة هذه الاعتقادات
برهان اخر انار به معالم الحق وابان عن صوى الصدق
رواه ابن السبكي في طبقاته قال الامام الشافعي رحمة الله
عليه سألت مالكا عن التوحيد فقال محال ان نظن
بالنبي صلى الله عليه وسلم انه علم امته الاستنجاء ولم يعلمهم
التوحيد وقد قال صلى الله عليه وسلم امرت ان اقاتل الناس
حتى يقولوا لا اله الا الله"

ويصدق قول مالك هذا ما رواه الترمذي وابن ماجه
عن ابي هريرة قال خرج علينا رسول الله ونحن نتنازع
في القدر فغضب حتى احمر وجهه كانما فقئ في وجنتيه
الرمان فقال ابهذا امرتم ام بهذا ارسلت اليكم

اور اُن عادات وعبادات کی تعلیم کیلیے آیا ہی جنکا فائدہ خود انسا[نوں]
ہوتا ہی کیونکہ خدا دنیا سے بے نیاز ہی ہمارے اس دعوی پر امام
کا یہ قول نہایت استحکام کے ساتھ روشنی ڈال رہا ہی مصعب بن عب[د]
زبیری کہتے ہیں کہ مالک ابن انس فرمایا کرتے تھے کہ میں عقائد
گفتگو ناپسند کرتا ہوں اور ہمیشہ اہل مدینہ اسکو ناپسند کرتے ت[ھے]
قدر وغیرہ کے مسئلہ میں بحث کرنے سے ہمیشہ روکتے تھے میں [ا]
مسائل میں بحث وگفتگو پسند کرتا ہوں جنکا تعلق کچھ اعمال سے ہو لیکن ذ[ات]
صفات خدا کے مسائل میں خاموشی بہتر سمجھتا ہوں ہمارے شہر مدینہ کے
ہمیشہ ان مباحث سے منع کیا کرتے تھے جنکا تعلق براہ راست اخلاق و عمل [سے]

امام مالک ایک دوسرے موقع پر ان عقائد کے غیر ضروری ہونے
ایک اور روشن دلیل سے استدلال کرتے ہیں کہ امام شافعی
ہیں کہ میں نے امام مالک سے ذات وصفات باری کے متعلق سوا[ل]
کیا، امام صاحب نے فرمایا کہ رسول اللہ کے متعلق یہ بدگمانی کرنا بالکل
ہو کہ وہ اپنی امت کو استنجا وطہارت تک کے مسائل تو بتائیں ا[ور]
ذات وصفات کے عقائد کی تعلیم نہ دیں، رسول اللہ نے صرف
فرمایا امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا لا الہ الا اللہ

احادیث سے بھی امام مالک کے اس قول کی تائید ہوتی ہی ترمذی اور ابن ما[جہ]
حدیث روایت کی ہی ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ باہر آئے اور
مسئلہ تقدیر میں گفتگو کر رہے تھے غصہ سے رسول اللہ کا چہرہ سرخ ہو گیا ایسا معلوم
ہوتا کہ آپکے رخسار پر کسی نے انار کے دانے توڑ دیے ہیں اور فرمایا کیا تمھیں اسی کی تعلیم

جامع بیان العلم ص۱۵۵ ۲ الطبقات الکبری للسبکی ص۱۲۲ ج ۵

فاهلك من هلك قبلكم حين تنازعوا في هذا الامر
عزمت عليكم عزمت عليكم ان لا تنازعوا فيه"
فثبت بما اوردناه ان العقائد التي اصبحت من
ديننا نحو تجسم الله وعينية صفاته او غيريته
وخلق افعال العباد والتكليف بما لا يطاق به ووجوب
مراعاة الاصلح للعباد، والاستطاعة مع الفعل وحسن
الاشياء وقبحها والامامة والعدل في زيادة الايمان ونقصانه
ونفي الطبائع اللازمة للاشياء وامكان ظلم الله تعالى
وغير ذلك من العقائد التي هي اليوم من ديننا نفيا او
ايجابا ليس مما امر الله ان يؤمن به والاسلام متنزه عنه
هذا ونعوذ بالله من الخطل والزلل والخطاء والخلل
ونسأله ان يهدينا سواء السبيل وهو نعم المولى ونعم الوكيل

ستاتي البقية

السيد سليمان

میں اسی لیے بھیجا گیا ہوں تم سے پہلے کی قومیں اسی مسئلہ کے مباحثات میں تباہ
ہو گئیں، میں تمہیں حکم دیتا ہوں میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ اس میں نہ جھگڑا کرو
اوپر کے بیانات سے معلوم ہو گیا کہ جو عقائد آج
ہمارے مذہب کے جزو ہیں مثلاً تجسم خدا، عینیت وغیریت
صفات، خلق افعال العباد، تکلیف بما لا یطاق، وجوب
رعایت اصلح، استطاعت مع الفعل، حسن و قبح اشیاء
امامت، عدل، شدت وضعف ایمان، انکار طبائع، امکان
ظلم خدا وغیرہ اور ایسے بیسیوں مسائل ہیں جو نفیاً
یا اثباتاً آج ہمارے جزو ایمان ہیں، ان کو ایمان
واسلام سے کوئی تعلق نہیں، لغزش، غلطی اور
خطا سے ہمکو خدا بچائے اور راہ راست کی ہمکو
ہدایت کرے ہو نعم المولی ونعم الوکیل،

باقی آیندہ

سید سلیمان

حوادث الشهر

المرأة التركية والايرانية

المسلمون بالهند الى الآن مذبذبون في تحرير النساء
فانهم يحسبون ان الحرية تزري بسجاياهن وتفسد
نواياهن ونور العلم يضلهن والاستقلال من اسرهن
يطلقهن فكانما نسخت هذه الآية "لهن مثل
ما عليهن بالمعروف"

ایرانی اور ترکی خاتونین

آزادی نسوان کے مسئلہ میں مسلمانان ہند اب تک
متذبذب ہیں انکا خیال ہے کہ آزادی اخلاق کو حقیر اور نیکی کو
فاسد کر دیگی اور علم کی روشنی انکو گمراہ کر دیگی، اور خود مختاری
انکو مردوں کی قید سے آزاد کر دیگی گویا یہ آیت منسوخ ہو گئی
"جتنے حقوق عورتوں پر مردوں کے ہیں اتنے ہی مردوں پر عورتوں کے

ولكن يا مسلمي الهند انظروا الى اخوانكم الاتراك
والعجم الذين اطلقوا سراح نسائهم منذ ايام قلائل فتقدمن
تمام خطوات ادهشت العالم واحارت
... وصنعن مثل ما تصنع الفحول من الرجال وزين
...ن باعمال تبهر الانظار وتحير الافكار،
فنساء شيراز قد بعن حلاهن وحلاياهن
...تهن من القرط، والقلائد، والدمالج والفتخات
...يا تم والاكيسة الثمينة وادوات البيوت وتبرعن
...نها على الفتيان الذين هم يجاهدون في سبيل
...ة والاستقلال، والله هذه الكائنة اذكرتني
...ت تصنع النساء الصحابيات في الغزوات فانهن
...نازلن الرجال ويرمين النبال ويضربن بالسيوف
...اوين الجرحى ويحملن القتلى من ساحات القتال،
فالامراة التركية قد وصلت من الترقي السريع
...ا وكبير بعد اعلان الدستور، فمن هؤلاء السيدات
...بيات يعتلين المنابر ويخطبن في الجماهير الملتفة
...طهن ويشرحن الخيرات التي ستعود على البلاد من
...ستور ويحثثن السامعين على التفاني في سبيل
...رية لانها لا تنال الا بشق الانفس وبعد الجهاد الطويل
لم تكتف الخطيبات بذلك بل انهن اصبحن يطلبن
حقوق النساء السياسية ويظهرن للسامعين

لیکن اے ہندوستان کے مسلمانو اپنے ایرانی اور ترکی
بھائیوں کو دیکھو جنھوں نے تھوڑے دنوں سے اپنی محبوس عورتوں کو
آزاد کر دیا ہے ان عورتوں نے ایسی ترقی کی کہ دنیا کو مبہوت اور عقل کو تحیر
کر دیا اور بڑے بڑے مردوں کی طرح اُنھوں نے کام انجام دیے اور اپنی تاریخ کو انھوں نے
ایسے کارناموں سے زینت دیدی جنھوں نے آنکھوں کو خیرہ اور خیالات کو تحیر کر دیا
شیراز کی عورتوں نے اپنے زیورات اور کپڑے اور
سامان جیسے بالیاں، ہار، بازو بند، چھلے، انگوٹھیاں بیش قیمت پوشاکیں
اور گھر کے سامان بیچکر اُنکی قیمتیں اُن نوجوانوں کو دیں جو
آزادی اور خود مختاری کے لیے جہاد کر رہے ہیں، اس واقعہ نے
مجھکو وہ واقعات یاد دلا دیے جنکو صحابیات غزوات میں
انجام دیتی تھیں وہ مردوں سے مقابلہ کرتی تھیں تیر مارتی
تھیں تلواریں چلاتی تھیں، زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی تھیں اور
مقتولین کو میدان جنگ سے اُٹھا لاتی تھیں“
ترکی خواتین نے ترکی پارلیمنٹ کے اعلان کے بعد بہت تیز اور
جلد ترقی کی ان خواتین میں سے بعض مقررہ ہیں جو پلیٹ فارم پر آتی ہیں
اور عام پبلک میں جو اُنکے چاروں طرف رہتی ہے وہ لکچر دیتی ہیں اور اُن
فوائد کی تشریح کرتی ہیں جو پارلیمنٹ کی وجہ سے ملک کو حاصل ہونگے اور
سامعین کو آزادی کے راستہ میں اپنی جان فدا کرنے پر آمادہ کرتی ہیں اس لیے
کہ آزادی بڑی مشقت نفس اور جہاد کے بعد حاصل ہوتی ہے انھوں نے اسی پر
کفایت نہیں کی بلکہ وہ عورتوں کے پولیٹکل حقوق کی بھی خواہشمند ہیں اور
عام تقریروں میں سامعین کے سامنے یہ بھی بیان کرتی ہیں

للمرأة شانا كبيرا فی الحیاۃ الاجتماعیۃ

وان المرأۃ الترکیۃ وان لم تقم بما قامت اختها
الغربیۃ من ھذا القبیل فقد کان ذلک اثرا من آثار
الحکم المطلق، اما وقد زال ذلک العهد واشرقت
شمس العهد الجدید عهد الحریۃ والنور فقد آن للنساء
العثمانیات ان یبارین اخواتهن الاوربیات فی میادین
السیاسۃ والعلم والادب،

کہ سوسائیٹی مین عورتون کی بہت بڑی عظمت ہی،

خواتین ترک نے گو اب تک ابھی وہ کام نہین انجام دیے ہین جو
انکی مغربی بہنون نے انجام دیے ہین لیکن یہ درحقیقت شخصی حکومت کا اثر
لیکن اب جبکہ شخصی حکومت کا زمانہ گزر گیا اور اب ایک جدید دور کا
آزادی کا آفتاب طلوع ہوا ہی، عثمانی عورتون کے لیے وہ وقت آگیا
ہی کہ وہ اپنی مغربی بہنون کا علم، اخلاق، سیاست کے میدان
مین مقابلہ کرین،

جمعیۃ الاتحاد والترقی

جمعیۃ سیاسیۃ انشأتها فئۃ الاحرار ولها الحل و
العقد فی کل شان، کل رجل فی ترکیا عضو فیها، والسلطان
رئیسها، وقد عملت تلک الجمعیۃ فی مدۃ قصیرۃ اعمالا
تصور لنا مستقبلها فی صورۃ تلذ الاعین و
تسر الناظرین،

انجمن اتحاد و ترقی

یہ ایک پولیٹکل انجمن ہی جسکو ینگ ٹرکش پارٹی نے قائم
کیا ہی، ہر معاملہ کا انتظام اب اسی کے ہاتھ مین ہی، عثمانی حکومت کا
ہر فرد اسکا ممبر ہی اور سلطان المعظم اسکے پریسیڈنٹ ہین اس انجمن نے تھوڑے ہی
دنون مین ایسے ایسے کارنامے کیے ہین جو انجمن کی آیندہ زندگی کو ایسی شکل مین پیش
کرتے ہین جو آنکھون کو لذت اور دیکھنے والون کو مسرت بخشتی ہی،

دار المبعوثان العثمانیۃ

یستعلم من الاوامر الشاهانیۃ ان جلالۃ السلطان
یرضی عن الاحرار ویهتم بامرهم فقد تبرع بکل نفقۃ البنایۃ
اللازمۃ لمجلس المبعوثان وامر بالاستعدادات اللازمۃ
لذلک وسلوک جلالتہ عموما ازاح ویزیل کل شک
من نفوس الجمهور بانفاذ الدستور

ترکی پارلیمنٹ ہوس

سلطانی احکام سے ظاہر ہوتا ہی کہ سلطان المعظم آزاد پارٹی سے نہایت خوش
ہین اور انکے معاملات سے دلچسپی رکھتے ہین، پارلیمنٹ کی عمارت کے تمام مصارف
سلطان نے مرحمت فرمائے اور عمارت کیلیے تمام سامان اور فرنیچر کی فراہمی
کا بھی حکم دیا ہی سلطان کی پالیسی سے عموماً لوگ خوش ہین اور اجرائے پارلیمنٹ
کے متعلق پبلک کے دلون سے ہر طرح کے شکوک زائل ہو رہے ہین

عزل السفراء

تهتم الان لجنۃ الاحرار باستبدال رجال الحکومۃ

سفرا کی معزولی

لبرل ٹرکش پارٹی آجکل ارکان حکومت کی تبدیلی و تغیر کا نہایت اہتمام

في لائحة المعزولين اسماء السفراء في باريس و بطرسبرج
وبرلن ومدريد وواشنطن و بلغراد ويقال ان بعض
الموظفين المتوسطين انتحروا واخرون اخلوا
وظائفهم -

الرضى العام عن الدستور

الانباء الواردة من الجهات تدل على الرضى و
حسن الحال الا البانيا الشمالية حيث يوجد بعض
الزعماء المتذمرين من هذا الانقلاب الذى الغى
امتيازاتهم

الانقلاب العظيم
في الامة العثمانية

لله در من قال " كيف استعبدتم الناس وقد ولدتهم
امهاتهم احرارا " ما ذر قرن شارق على يوم ازهى واسر
من يوم تحررت فيه الامة العثمانية وقامت حذاء
الامم الاوروباوية وقالت نحن احرار فليحى السلطان عبد الحميد
انه اول سلطان حل عقال العقول و انهض العثمانيين
من زوايا الخمول واراح العباد وازاح الاستعباد
واضاء البلاد وافنى الجهل واحيا العلم وليحى السلطان
على رغم الاعداء فانه اول سلطان مزق الاستبداد وحرر
العباد فلم يبق اليوم في قارة اوروبا قيد شبر غير متحرر
ولم يبق من يحكم عليه الجبابرة اهواءهم وقوانينهم وحكامهم شياطينهم

معزولین کی فہرست مین پیرس پٹرسبرگ برلین میڈریڈ واشنگٹن
بلگریڈ کے سفرا کے بھی نام ہین مشہور ہو کہ بعض متوسط درجہ کے عہدہ دارون
نے خودکشی کرلی ہو اور بعضون نے اپنے اپنے عہدے خود
چھوڑ دیے ہین ،

پارلیمنٹ سے عام رضامندی

مختلف مقامات سے جو خبرین آرہی ہین اُنسے معلوم ہوتا ہو کہ شمالی
البانیا کے سوا ہر جگہ پارلیمنٹ سے عام رضامندی ظاہر کی جارہی ہو شمالی
البانیا مین نارضامندی کی وجہ یہ ہو کہ بعض گروہ وہان ایسے ہین کہ اس
جدید انقلاب نے اُنکے تمام امتیازات باطل کردیے ہین ،

عثمانی قوم مین
انقلاب عظیم

کیا خوب یہ مقولہ ہو کہ " تمنے لوگونکو کیونکر اپنا غلام بنالیا حالانکہ اُنکی
ماؤن نے اُنکو آزاد پیدا کیا تھا " آفتاب اُس دن سے زیادہ بہتر اور مسرت بخش دن
مین نہین طلوع ہوا جسمین عثمانی قوم آزاد ہوئی اور وہ یورپ کی اور قومونکے
مقابلہ مین کھڑی ہوئی اور اُس نے یہ کہا کہ ہم بھی آزاد ہین سلطان عبد الحمید
زندہ رہین کیونکہ یہ پہلا سلطان ہو جس نے عقل کی گرہ کھولی اور عثمانیونکو
گمنامی کے گوشون سے نکالا لوگونکو آسائش دی غلامی کو زائل کیا ملک کو روشنی
بخشی جہل کو فنا کیا علم کو زندہ کیا دشمنونکے خلاف سلطان عبد الحمید زندہ رہے
اسلیے کہ یہ پہلا سلطان ہو جس نے شخصیت کو برباد اور لوگونکو آزاد کردیا اب
یورپ مین کوئی ایک بالشت زمین بھی ایسی نرہی جو غلام ہو اور جنپر ظالمونکی
حکومت ہو جنکی نفسانی خواہشین اُنکے قوانین ہین اور جنکے حکام شیاطین ہین ،

ما نام العثمانیون نوماً احلی واغرق، مما ناموا بعد التحرر ولا ذاقوا فرحاً الذ واسر مما ذاقوا عند نیلهم الحکم الدستوری، فقد روت الجرائد ان العثمانیین ما اکتحلوا ایاما برقاد قطا بتهاجاً بما اقر اعینهم، وخرجت ربات الحجال من خدورهن فضممن الرجال الی صدورهن لشدة فرحهن وسرورهن، کانهن سقین من کؤوس خمورهن،

اصبحت القسطنطینیة الیوم عاصمة الحریة وحاضرة الاستقلال بعدما کانت مرکز الدائرة الاستبداد والاستعباد فاستحال الجمود حرکة، والنحس برکة، وتبدل الهرم شبابا والخمود التهابا، ونسخت آیة الحیاة آیة الموت، واصبح الخلق فی طور جدید من الحیاة لم یسبق له مثیل ولاح ومیض التقدم والنهوض علی سماء الحریة العثمانیة، واجتمع العثمانیون مسلموهم ونصاراهم حول رایة الهلال ملبین دعوتها ومتربصین خفوقها،

وقد اصبح الناس ولا حدیث لهم غیر الدستور العثمانی الذی دهش العالم، وحیر ساسة الدول الاوربایة التی کانت تنتهز الفرص لتنقض علی الدولة العثمانیة وتمحو معالمها من لوحة الارض وتمزقها کل ممزق

عثمانیوں نے اُس نیند سے شیرین اور ڈوبی ہوئی کوئی نیند نہیں سوئی جو آزادی کے بعد اُنکو نصیب ہوئی اور نہ اُس خوشی سے زیادہ لذیذ اور مسرت بخش کوئی خوشی اُنکو حاصل ہوئی جو پارلیمنٹری حکومت سے اُنکو حاصل ہوئی، اخبارات نے لکھا ہے کہ اُس خبر کو سنکر جس نے اُنکی آنکھیں ٹھنڈی کردیں عثمانی چندروز مطلق نہیں سوئے، عورتیں پردوں سے نکل آئیں اور شدت مسرت سے وہ مردوں سے بغلگیر ہوئیں گویا اُنہوں نے شراب پی لی تھی۔

قسطنطنیہ اب حریت کا دارالحکومت اور آزادی کا دارالسلطنت ہے اور اس سے پہلے وہ دائرۂ غلامی و شخصیت کا مرکز تھا اب جمود حرکت سے اور نحوست برکت سے اور پیری شباب سے اور بجھی ہوئی آگ شعلوں سے بدل گئی اور زندگی کی آیت نے موت کی آیت کو منسوخ کردیا اور مخلوق اب زندگی کے ایک نئے دور میں داخل ہوئی ہے جسکی نظیر کبھی پہلے نہیں گذری اور عثمانی آزادی کے آسمان پر ترقی اور اٹھان کی بجلی چمکی اور تمام عثمانی خواہ وہ مسلمان ہوں یا عیسائی پرچم ہلال کے چاروں طرف اُسکی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اور اُسکی لہرانے کا انتظار کرتے ہوئے جمع ہوگئے،

لوگوں کے پاس آجکل کوئی موضوع گفتگو ترکی پارلیمنٹ کے سوا نہیں ہے جس نے دنیا کو مبہوت اور اُس یورپ کے مدبروں کو متحیر کردیا ہے جو عثمانی حکومت پر حملہ کرنے اور اُس کا نشان صفحہ زمین سے مٹا دینے اور اسکو بالکل ویران کردینے کا موقع ڈھونڈ رہے تھے،

فكان اعلان الدستور كالمطر وابلا اصاب
ارع الافئدة فاخضلت اوراقها بنوع اخر
ماء فازره فاستغلظ فاستوى على سوقه ليعجب
زراع ليغيظ بهم الكفار حرر اقلام الصحافيين
حلت عقد السنة الخطباء وقفل مهاجرو الترك
بلادهم ومساقط روسهم فقد وصلت الباخرة
رومانية من القطر المصري تحمل ٨٥٠ مهاجرا كانوا
ترکو بلادهم وغادروها لاضطهاد الحكومة و
كادت الباخرة تلقى مراسيها حتى احاطت بها الزوارق
وقفز الى ظهرها الناس فكان المنظر عجيبا بهيجا وكان
اكثر الناس يبكون فرحا وسرورا ولا تسل عن حال
آباء يقابلون ابناءهم بعد اليأس منهم وبيتهم لا نها
نبلن اولادهن بعد تمزق افئدتهن احواما
وبلة بل لا تسل عن الضجة التي قامت بين الدعاء
الدستور والمساواة والحرية۔

وبعد الحجر سنوات عديدة على آل البيت
الملك وسلالة عثمان فكت قيود المراقبة عنهم
قابل الشعب ذلك بالحبور والمسرة ففي كل يوم يخرج
العهد رشاد افندي للنزهة في المدينة و
ها ولا تحيط به الجواسيس ولا يقتفي اثره
س وهو يحيي الناس وهم يحيونه

گویا پارلیمنٹ کا اعلان ایک زور وشور کی بارش تھی کہ کشت
دل پر برسی جس سے اس کی پتیاں سرسبز ہوگئیں اخبار
نویسوں کے قلم آزاد ہوگئے، اور مقرروں کی زبانوں
کی گرہیں کھولدی گئیں اور ترکستان کے مہاجرین اپنے شہروں اور
اپنے وطنوں میں واپس گئے سرزمین مصر سے رومانی اسٹیمر آٹھسو
پچاس مہاجروں کو لیکر پہنچا جو پہلے حکومت کی سورش کی
وجہ سے اپنے اپنے وطن چھوڑکر چلے گئے تھے ابھی اسٹیمر لنگرانداز بھی نہوا
تھا کہ چاروں طرف سے چھوٹی چھوٹی کشتیوں نے اسکو گھیر لیا اور لوگ
کود کود کر اسٹیمر پر چڑھ گئے اسوقت عجیب وغریب سین تھا اکثر لوگ
خوشی اور مسرت کے مارے رو رہے تھے تم سمجھ سکتے ہو کہ باپ کی اپنے
اُن بیٹوں کو دیکھکر کیا حالت ہوئی ہوگی جنکے دیدار سے وہ مایوس
ہوچکے تھے اور اسی طرح اُن ماؤں کا کیا حال ہوا ہوگا جو اپنی اُن اولاد
کو ترس رہی تھیں جنکے لیے برسوں انکے دل وجگر شہید چکے تھے، اور
ایک عجیب شور برپا تھا جس میں دستوری حکومت مساوات اور
آزادی کے نعرے لگائے جارہے تھے،

شاہی خاندان اور عثمانی نسلیں مدت کی قید ونگرانی کے بعد
نظربندی سے آزاد ہوئیں، پبلک نے مسرت اور خوشی کی نظر سے
اسکو دیکھا، اب رشاد آفندی ولی عہد روزانہ شہر اور اسکے اطراف
وضافات میں سیر کے لیے نکلتے ہیں اب نہ جاسوس انکو گھیرے
رہتے ہیں اور نہ پولیس انکے پیچھے رہتی ہے، وہ لوگوں
کو سلام کرتے ہیں اور لوگ اُن کو سلام کرتے ہیں

وكانت تحيته قبل اليوم جرما كبيرا ويخرج السلطان من منزله في المدينة غير مدجج بالشكة والسلاح وغير محاط بالجنود المحافظة

حالانکہ اس سے پہلے ولی عہد کو سلام کرنا گناہ عظیم تھا، اب خود سلطان تن تنہا غیر مسلح اور بغیر باڈی گارڈ شہر میں سیر کرتے ہیں،

وانشأت فتية تركيا الفتاة جمعية سياسية سمتها "جمعية الاتحاد والترقي" فاليوم في الدولة العثمانية تلك الجمعية تحل وتعقد وتأمر وتنهى وتنشر المنشورات وتصدر الاوامر وتخدم اعضاؤها الامة العثمانية بسلامة النية والنصيحة المحضة بغير تعصب ديني واستقالوا انفسهم عن المأموريات والوظائف لئلا يحسب الناس انهم يعملون ما يعملون من الحسنات والخيرات لاغراض خصوصية ومرام ذاتية والسلطان مبتهج باعمال تلك الجمعية فقد قال جلالة السلطان اثناء كلامه عنها "ان جميع افراد الامة هم اعضاء جمعية الاتحاد والترقي وانا رئيسها فلنعمل يدا واحدة ولنحي وطننا"

آزاد ترکی جماعت نے ایک پولیٹیکل انجمن قائم کی ہے جس کا نام اس نے "انجمن اتحاد و ترقی" رکھا ہے آجکل قسطنطنیہ میں تمام احکام فرمان، انتظامات یہی انجمن شائع کرتی ہے ممبران انجمن نہایت خلوص اور خیر خواہی کے ساتھ بغیر کسی مذہب تعصب کے قوم کی بڑی خدمت کر رہے ہیں، انھوں نے خود کو تمام کو اور عہدوں سے الگ کر لیا ہے تاکہ لوگ یہ نہ سمجھیں کہ جو کچھ لوگ کر رہے ہیں وہ ذاتی اغراض پر مبنی ہے، سلطان اس انجمن کی کارروائیوں سے خوش ہیں اس لیے کہ سلطان نے اس انجمن کے متعلق فرمایا ہے کہ "قوم کا ہر فرد انجمن اتحاد ترقی کا ممبر ہے اور میں اس کا پریسیڈنٹ ہوں پس مناسب ہے کہ ہم سب لوگ ایک ہو کر کام کریں اور اپنے وطن کو زندہ کریں"

قبضت الجمعية على خونة الامة فهم يخافون في كل مكان من سوء اعمالهم الخائنة ان يذوقوا وبال امرهم وقد تشاغل الناس في كل صقع بحديث هؤلاء الخونة ومصيرهم

انجمن نے خائنین قوم کو گرفتار کر لیا ہے خائنین ہر جگہ اپنے خائن عمل بد سے ڈر رہے ہیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ انکو اپنا وبال اٹھانا پڑے، لوگ ہر جگہ ان خیانت کنندوں اور انکے انجام کار کے متعلق گفتگو کر رہے ہیں،

فمن الناس من يقول ان حبسهم وعزلهم بلا محاكمة من الامور التي لا يجيزها القانون الاساسي

بعض اشخاص یہ کہتے ہیں کہ بغیر محاکمہ اور فیصلے کے کسی کو قید کر دینا اور کسی کو معزول کر دینا ان مسئلوں میں سے ہے جنکو قانون اساسی بغیر ...

الذی لم یجف دمع الامة من الفرح به بل لابد من تقدیم
الشخص الی المحاکمة علی فعل من جریمة وللقضاء وحل
القول الفیصل فیه لا ینبغی للاحرار ان یجعلوا القانون
کرة یضربونها باقدامهم بل من العار علی الذین بعثوا
الدستور من جدث الفناء ان یکونوا اول العاملین
بازهاق روحه '

وبعضهم یتوقع الشر من استئثار الجمعیّة
العسکریة الروح بالامر ویعتبرون ان الامة
...لت من الحمام الی الحمام ویقول فریق ان الحل
والعقد لیس بید العسکریة اصلا لان الجمعیّة
الکبری للاحرار انما هی فی سلانیک وتنفذ اوامرها
بواسطة الجندیة والدلیل علی ذلک ان الاوامر
والادارات السلطانیة تصدر من ادارة جریدة
ثروت فنون الترکیة' وهی ملکیة لا عسکریة'

وقبضت الجمعیة علی رجال المابین الذین
هم سبب الاستبداد والمظالم واهم رجال المابین
الذین کانوا یحومون حول السلطان ویحولون دون
...ن امانی الشعب فرفعوا عنه من امام ترکیا الفتاة
...نفر تقع النسور الکواسر اذا هجمت علیه الضواری'

وقد طبعت منشورا رسمیا للنشر علی الشعب

جسکی مسرت سے ابھی قوم کے آنسو تک خشک نہین ہوئے ہین
بلکہ پہلے یہ ضرور ہی کہ مجرم عدالت مین پیش کیا جائے اس قسم کے
معاملات مین صرف عدالت کا حکم معتبر ہو آزاد پارٹی کو یہ نہ چاہیے
کہ وہ قانون کو بازیچۂ اطفال بنادے بلکہ یہ نہایت عار اور
شرم کی بات ہی کہ جن لوگون نے اس پارلیمنٹ کو زندہ کیا ہی
پہلے وہی اُسکی موت کے سبب ہون'

بعض لوگ فوجی انجمن کی دخل اندازی سے خائف
ہین اور کہتے ہین کہ گویا قوم ایک موت سے بچکر دوسری
موت کے پنجہ مین گرفتار ہوئی' ایک فریق کہتا ہی کہ دراصل
حل وعقد فوج کے ہاتھ مین مطلق نہین ہی کیونکہ آزاد
پارٹی کی سب سے بڑی انجمن سلانیک مین قائم ہی اس انجمن
کے احکام فوج کے توسط سے صادر ہوتے ہین اور اسکی
دلیل یہ ہی کہ سلطانی احکام ترکی اخبار ثروت فنون کے
دفتر سے شائع ہوتے ہین اور وہ اخبار شاہی ہی فوجی نہین'

انجمن نے مابین ہمایون کے ارکان کو بھی گرفتار کر لیا ہی
جو دراصل تمام مظالم کے بانی ہین جو ہمیشہ سلطان کو گھیرے
رہتے تھے اور سلطان اور رعایا کے بیچ مین حائل ہو جاتے تھے
اس گرفتاری کے ڈر سے وہ لوگ نوجوان ترکون کے آگے
سے سلطان کو چھوڑ کر بھاگ رہے ہین'

انجمن نے ایک سرکاری فرمان بھی جاری کیا ہی تا کہ عام پبلک مین

...ین وہ لوگ کہلاتے ہین جنکی معرفت سلطانی احکام صادر ہوتے ہین اور سلطان سے انھین کے توسط سے ہر قسم کی گفتگو ہوتی ہی'۱۲

وفيه تطلب الجمعية ان يظلوا هادئين مطمئنين وان لا يستخدموا الحرية الجديدة للانتقام من اعداءهم وفيه تطلب ايضا الى موظفي الحكومة ان يقوموا بواجباتهم وان يبلغوا اللجنة عن كل حركة معرقلة لهم، وفي هذا المنشور نهي قاطع عن مواصلة المابين الهمايوني الشخصية راسا، وبلاغ للجمهور بان يثقوا اتمام الثقة بلجنة تركيا الفتاة وان يسلموا لها،

وقد اصر وفد تركيا الفتاة الذي قدم من سالونيكا على مطالبه التي اهمها تاليف الوزارة من الاحرار فاجاب السلطان طلبه وعليه استعفى سعيد باشا الصدر الاعظم واستوزر بدله كامل باشا وهو وجمال الدين افندي شيخ الاسلام انتدبا لتاليف الوزارة ولكنهما كانا مغلولي الايدي لان لجنة "تركيا الفتاة" قدمت لهما قائمة باسماء الاشخاص الذين يجب ان يستوزروا اذا لم تكن الوزارة الجديدة موافقة للحزب، وفي هذه القائمة يوناني وارمني

ووعد صاحب الدولة والفخامة كامل باشا الصدر الاعظم منذ اسند اليه مسند الوزارة ان يضع خطة يسير عليها في سياسته جريًا على عادة الحكومات الدستورية والآن قد انجز هذا الحر الكبير وعده ونشر نقط الاصطلاحات المنتظرة واهمها :-

وہ عمل میں کیا جائے اس فرمان میں یہ احکام ہیں کہ لوگ اطمینان اور سکوت کے ساتھ رہیں اور وہ اس جدید آزادی کو اپنے دشمنوں سے انتقام لینے میں صرف کریں اور عہدہ داران حکومت سے یہ خواہش کی گئی ہے کہ وہ اپنے اپنے فرائض ادا کیا کریں اور انجمن کو اس کارروائی سے جو اسکے خلاف ہو آگاہ کیا کریں اس فرمان میں اسکی قطعا ممانعت کردی گئی ہے کہ پرائیوٹ طور سے مابین ہمایوں سے تعلق نہ رکھیں اور پبلک کو یہ عام اشتہار دیا گیا ہے کہ وہ اس انجمن پر اعتماد کرے اور اسکی اطاعت کرے

نوجوان ترکوں کا وفد جو سانیکا سے قسطنطنیہ آیا ہے، اپنے مطالبات پر بڑا زور دے رہا ہے سب سے بڑا مطالبہ اونکا یہ تھا کہ ارکان وزارت جدید پارٹی سے منتخب کئے جائیں اسی بنا پر سعید پاشا وزیر اعظم نے استعفا دیدیا اور اونکے بدلہ کامل پاشا وزیر ہوئے، کامل پاشا اور جمال الدین آفندی شیخ الاسلام انتخاب وزرا کیلئے بلائے گئے لیکن وہ دونوں بھی مجبور تھے کیونکہ نوجوان ترکوں کی انجمن نے انکے سامنے اُن لوگوں کے ناموں کی فہرست پیش کردی ہے جنکو وہ جدید وزارت کی عدم پسندیدگی کی بنا پر وزرا میں منتخب کریگی اس فہرست میں ایک یونانی اور ایک ارمنی کا بھی نام ہے،

ہز ہائنس کامل پاشا وزیر اعظم نے جب مسند وزارت پر قدم رکھا تھا تو انھوں نے وعدہ کیا تھا کہ وہ عام پارلیمنٹری حکومتوں کے موافق اپنی ایک خاص پالیسی مقرر کرینگے جسپر وہ ہمیشہ عمل کریں گے ہز ہائنس نے اب اپنا وعدہ پورا کردیا اور آیندہ اصلاحات کی اونھوں نے شائع کردی ہیں جن میں سب سے زیادہ اہم اصلاحات

الاقتصاد فی المصاریف وبذل الاموال المساواة
بین الناس وتصلیح الادارة المالیة بانقاص عدد
الموظفین وتخفیض الرواتب التی لا تنفق مع
نظارة العمل وان تدفع الحکومة رواتبهم موقتاً
على نظام مخصوص والاقتصاد فی نفقات
الادارة العسکریة وزیادة الدخل بواسطة اصلاح
طریقة وضع الضرائب وتجدید المعاهدات التجاریة
واصلاح التعلیم العام وتنظیم نظارة الحقانیة
وبذل الوزارة جهدها لتوطید ارکان النظام
فی داخلیة البلاد وابقاء العثمانیین والاجانب
على تمام الوفاق

هذا هی خلاصة الاقوال التی تدور علیها
الآن مناقشات الناس فی اندیتهم ومجالسهم

مصارف و اخراجات مین کفایت شعاری، مساوات، مالی
محکمہ کی اصلاح (حسب ذیل صورتون سے) عہدہ دارون کی تعداد
کم کرنا، چھوٹے چھوٹے کامون مین بڑی تنخواہون کی کمی، ایک
خاص قاعدہ کے موافق وقت معین پر مشاہرون کی تقسیم،
فوجی محکمون کے اخراجات مین کفایت شعاری
محصولون کے طریقون کی اصلاح، اور تجارتی
معاہدون کی تجدید سے آمدنی بڑھانا، تعلیم عام
کی اصلاح، محکمۂ عدالت کی اصلاح، وزارت کا
اندرونی ملک مین درستی انتظام اور ملکی اور غیر ملکی
لوگون مین باہمی اتفاق کی کوشش
کرنا،

یہ مذکورہ بالا بیانات اُن تمام گفتگوون کے ماحصل ہین جنکا آجکل
کی باہمی صحبتون اور جلسون مین عام طور سے تذکرہ ہوا کرتا ہے،

القبض على كبار المابين

لما اخذت لجنة الاحرار تقبض على رجال
المابين الذین کانوا اعضاء فاسدة للدولة
.... واهربواعنها فاختفى بعضهم وهرب
.... الى الآخر ورجال یترقبون مکانهم
.... رهم

.... باشا رئیس مجلس الوکلاء سابقاً عثر علیه
.... القضاة فی نیشرصو ولایة بروسا وقتلوه

مابین ہمایون کے اعلی ارکان کی گرفتاری

لبرل ینگ پارٹی جب ارکان مابین کو گرفتار کرنے
لگی جو دراصل سلطنت کے عضو فاسد تھے تو وہ لوگ سلطنت
سے علحدہ ہوگئے اور مفرور ہوگئے بعض روپوش ہین، بعض
مفرور ہین، بعضون نے خودکشی کرلی، اور چند اشخاص ایسے ہین
جو ابھی اپنی اپنی جگہ پر اپنے اعمال کے وبال کا انتظار کر رہے ہین،

فہیم پاشا سابق پریسیڈنٹ مجلس وکلا کو نوجوان
جماعت نے نیشر صو بروسہ مین پایا اور اُسکو قتل کر ڈالا

وممدوح باشا وزير الداخلية وحسن باشا وزير
البحرية ورشيد باشا محافظ الاستانة قبض عليهم
وسيقوا الى نظارة البوليس
وقبض على ابي الهدى الذي كان من شياطين
الانس واليه تنسب معظم الشرور وعلى تحسين باشا
كاتب اسرار السلطان الاول واخذ الى السجن

الاعياد الثلث الكبرى

قال المتنبي حين هجم عليه الياس واحاط به
القنوط وصالت عليه العراقيل
عيد باية حال عدت يا عيد • بما مضى ام بامر فيك تجديد
ولكن ننشد حين اسكرنا السرور وطار بنا
الطرب واظلنا الفرح وزال عنا الترح
عيد باية حال عدت يا عيد
بما مضى ام بامر فيك تجديد
نعم اتانا العيد بامر فيه تجديد وما اتانا
عيد بل اعياد ثلث كبرى ما اتى الزمان بضربها
في الايام الخاليات اتفق للامة العثمانية
خاصة وللامة الاسلامية عامة من توفر
المسراة بما اوتوه من منح جلالة السلطان
لامته الدستور وبلوغ السكة الحجازية
الى المدينة المنورة وعيد الجلوس السلطاني

ممدوح پاشا وزیر داخلیہ اور حسن پاشا وزیر بحریہ اور
رشید پاشا کوتوال قسطنطنیہ گرفتار کر لئے گئے اور محکمہ
پولیس کے حوالہ کر دئے گئے ،
ابو الہدی جو ایک شیطان بصورت انسان تھا، اور جسکی
ملک کی اکثر خرابیان اور فساد منسوب ہین اور تحسین پاشا سابق
سلطانی پرائیوٹ سکرٹری گرفتار کر کے قید خانہ بھیجدیے گئے

تین عظیم الشان عیدین

متنبی پر جب یاس کا غلبہ تھا، اور ناامیدی اُسکو چارون طرف
گھیرے ہوئے تھی اور مصائب کا اُسپر حملہ تھا تو اُسنے یہ شعر کہا تھا، عید
اے عید! تو کیونکر پھر لوٹکر آئی ہی، کیا انھین گذشتہ باتون کو لیکر یا کسی نئی بات کو لیکر
لیکن ہم اسی شعر کو اس حالت مین پڑھتے ہین کہ ہم مست
سرور ہین اور مسرت ہم پر سایہ افگن ہی، اور غم ہم سے دور ہے کہ،
عید! اے عید! تو کیونکر واپس آئی ہی،
کیا گذشتہ باتون کو لیکر یا نئی بات کو
ہان، عید ایک جدید امر کو لیکر آئی ہی اور نہ صرف ہمارے لیے
ایک عید ہی بلکہ تین عظیم الشان عیدین گذشتہ ایام مین زمانہ
جنکی کوئی مثال نہین پیش کر سکتا، عثمانی قوم کے
خصوصًا اور تمام مسلمانون کے لیے عمومًا
سلطان کی عطاے حکومت جمہوری، اور حجاز
کے مدینہ منورہ تک پہونچنے اور جشن
سلطانی کی عید سے بہت بڑی خوشی

ا اجل ذلك لهجت السنتهم بالشكر لله
ى والثناء على جلالة السلطان واكثروا
لاحتفالات وانشاء المقالات الطنانة
ء القصائد الرنانة وكلها ملأى بالشكر
مد والثناء والجزل والنشاط
وبهذه المناسبة نحن مسلمو الهند
ئ اخواننا العثمانيين والحجازيين
نع من صميم افئدتنا الى سدة جلالة
لمومنين السلطان ابهى التهنأت
ليات ،

اس بنا پر زبانین خداے پاک کے شکر وحمد اور رہبر مصطفیٰ کی تعریف مین گویا ہین بہت سے جلسے ہوئے، فصیح وپرجوش تحریرین اور قصائد لکھے گئے، یہ تمام تقریرین، تحریرین قصائد شکر، حمد، ثنا، خوشی سے لبریز ہین ،

اس تقریب سے ہم مسلمانان ہندوستان بھی اپنے عثمانی اور حجازی بھائیون کو مبارکباد دیتے ہین اور امیر المومنین سلطان کے آستانہ تک خلوص دل سب سے بہتر اور پاک تہنیت پیش کرتے ہین ،

باب الشعر

المسرة ماهي

لان لما كانت المسرة عمت الناس وازاحت عنا الياس وتغلغت الى الافئدة
كلها، فحرى بنا ان نبحث عن حقيقتها واصلها ،

ى سلطان | هارون او عثمان | خضعت ملوك الدهر لى | كسرى وا لخاقان
د تحت اوامرى | والحمر لى قد دانوا | لم يابنى انسان | فكانني ايمان
فيه منى | لم تسبنى الاحزان | ولى الزمان مساعد | لى الامر والايوان
لفرقدين | وبيته بستان | اجره من عسجد | بنيت به الجدران
سبيل | زانها الحيتان | اشجاره فضية | اوراقها مرجان
علیها | تجلس الكعتان | فيها ريا حين كان | زهورها تيجان

لحمامها الحان	تنفى بها الاشجان	عیسى بن مریم صوتها	تحيى به الاذا
ونباته من سندس	زينت به الخرصان	فى قصره فرش مزركش	عليها الشا
وطنافس ونمارق	غدرت بها الاثمان	واريكة ذهبية	فقدت لها الاقرا
وجبيتى رشاء	تحالف جنسه الغزلان	فى عينها سحر وفى	اصداغها ثعبا
حسناء انسه الحديث	كلامها قران	حمراء وجنتها واسوق	فرعها قنوا
فالشعر ادخنه ذكت	من تحتها النيران	غصن يميل مع الرياح	كانه سكرا
واذا احتشم خند ريـ	ـس جامها ملأن	ماست كما فى روضة	انف يميس البا
وبكفها عود لتشيد	وعودها رنان	مزمار داود له	التمهيد والعنوا
يحسو المحب بكفها	وبعينها نشوان	وعدت بنيل وصالها	عقدت به الايما
تسقى واسقيها بكا	س راحها عقيان	والليل ذو سحب لها	من وشلها تهتا
نفيانه متطاير	دربه لمعان	كومن متى ناولتها	لم تنتجنى الاشجا
فاذا الصباح لنا بدا	نعقت به الغربان	فتقلبت احوالنا	حالت بها الازما
انت المنية بغتة	وتهدم البنيان	اين السرائر والمسرة	والله مى والشا
والدهر افسد ماينا	فتشتت الخلان	واباد هو حدث الزما	ن كانهم ماكا
فتحيرت نفسى وقالت	غرنى الحدثان	انا ارى فى النوم هذا	ام انا يقظا
فسمعت هتفا من مناد	ايها الحيران	ان السرور تخيل	يتخيل الانسا

السید سلیمان

قال حضرة الفاضل عبد المجيد ابادى مدح صاحب الفضيلة العلامة شبلى النـ

شمس العلى بزغت على الامصار	فاضاءت الافاق بالانوار
جلت الصدور بشرقها وتالقت	وصفت بطلعتها عن الاكدار

سمحٌ اريبٌ جهبذٌ وحلاحلٌ — يجد وانداه بوابلٍ مدرار
حبرٌ نبيلٌ راسخٌ فی قوله — فرد الزمان واوحد الاعصار
مولاو شبلی الانام ومن هو — الشهم الخبير بغامض الاسرار
من فاق غر مجامع ادبية — من منطق وفصاحة الاشعار
فذٌّ لبيب مصطع وسميدع — ببلاغة وبراعة التذكار
تاج الاكابر مفخر لذوی النهی — بدر الدجی بسواطع الافكار
نجم الذكاء به السرائر انجلت — وتبلجت كطوالع الاقمار
بحر العلوم تلاطمت امواجه — عين الفنون مفيضة الانهار
روض المحاسن اينعت اثماره — وثغوره تفتر كالازهار
نجل الافاضل خير كل سلالة — قرم الافاخم صفوة الاخيار
صدر الكرام شرافة ونجابةً — فخر العظام واسوة الابرار
وهو الكريم المجتبی اكرم به — غيث السماحة معتلی المقدار
واليكمو دامت علاكم بيتهی — بذل المكارم فی الزمان الضاری
انتم ذوو امل ومن زاير تجی — غير الجناب بهذه الاقطار
يدعو لرفعة جاهكم وجلالكم — **عبد المجيد** برائق الاشعار
فافاض فيضكم الاله بفضله — ما لاح برق فی الغمام السار ی
وادام عزكم بجاه حبيبه — خير الانام واله الاطهار
صلی عليه واله رب الوری — ما غنت الورقاء فی الاشجار

اغسطس ۱۹۰۸ع سنه

حیدرآباد

حرکت دائمہ

ذیل کا مضمون ہمارے دوست مولوی ضیاء الحسن صاحب علوی کا ہی جو دار العلوم ندوہ کے ایک فاضل سندیافتہ ہین اور جنکے فلسفیانہ مضامین ایک خاص حیثیت رکھتے ہین، بالفعل ہمارے دوست انگریزی تعلیم کی تحصیل مین مشغول ہین

تاریخ انسان پر نظر ڈالو، ہر دور مین اور ہر زمانہ مین اسکا میلان قوانین قدرت کے اکتشاف اور قوای فطرت کی تسخیر کی طرف نظر آتا ہی وہ عمرون کے تجارب کے بعد ایک نتیجہ تک پہونچتا ہی۔ لیکن اسکے مابعد کی نسل اپنے آباء کی اس کوشش کو اپنے تجارب کے سامنے مسترد کر دیتی ہی۔ ہمارے روزمرہ کے مناظر ہماری توجہ اپنے علل و اسباب کے دریافت کی طرف منعطف کرتے۔ اور ہم کم سے کم اپنی تشفی کے مطابق اُنکی علت کوئی نہ کوئی قرار دے لیتے ہین

یونان کے حکما کی توجہ جب اس چرخ دوار کی طرف ہوئی اور اُنھون نے یہ خیال کیا کہ اسکی غیر فانی رفتار اور حرکت مستمرہ کبھی ختم ہونے نہین آتی حالانکہ ہم جن حرکتون کا ابھی مشاہدہ کرتے ہین وہ سب کسی نہ کسی حالت مین یا تو فنا ہو جاتی ہین یا اُنکو ایک ہی آن کے لیے کیون نہو سکون عارض ہو جاتا ہی۔ اسکا باعث ظاہر ہی کہ قدرت نے ہر ایک حرکت کے واسطے چند مزاحمتین اور چند موانعات پیدا کیے ہین جب وہ مزاحم ہو جاتے ہین تو حرکت متبدل بسکون ہو جاتی ہی لیکن اُنھون نے یہ دیکھا کہ حرکت کی مزاحمتین روکنا بغیر ارادہ کے ناممکن ہی تاہم آسمان پر ان موانعات کا کچھ اثر نہین ہوتا اسلیے اُنھون نے یہ مانا کہ آسمان خود صاحب ارادہ ہی لیکن ارادہ کے واسطے ضروری ہی کہ صاحب عقل و شعور بھی ہو اسلیے اُنکے نزدیک آسمان عاقل صاحب شعور بھی ہی

لیکن اسی کے ساتھ ہی اس امر کی بھی گنجایش تھی کہ یہ کہا جائے کہ ایسی غیر فانی اور غیر مختتم حرکت ممکن ہی کہ آسمان کی اقتضای طبیعت کا نتیجہ ہو اور یہ حرکت اُسکی طبعی حرکت ہو لیکن اُنکو بظاہر یہ نظر آیا کہ حرکت طبعی کی جو مثالین ہمارے پیش نظر ہین اُنمین تو یہ ہوتا ہی کہ ایک خاص سمت و رخ مد نظر اور مطلوب ہوتا ہی اور جب اس سمت تک وہ حرکت پہونچتی ہی تو وہین جا کر ٹھہر جاتی ہی۔ جب ڈھیلا اوپر سے زمین پر گرتا ہی تو بوجہ اسکے کہ اُسکا مرکز زمین ہی اور شئی اپنے مرکز مین رہنے پر فطرۃً مجبور ہی وہ زمین پر آ کر رک جاتا ہی۔ اس بنا پر دوری حرکت طبعی نہین ہو سکتی کیونکہ دوری حرکت مین جو مسافت وہ طی کرتی ہی کوئی جزو مطلوب نہین ہوتا کسی نقطہ پر جا کر رکتی نہین بلکہ ہر مرتبہ وہان پہونچتی ہی اور پھر اُس سے گذر جاتی

دور یونان گذرنے کے بعد جب فلسفہ نے اسلامی دور
دم رکھا تو متکلمین اسلام نے یکسر افلاک کی حرکت سے
دیا اور بجاے اسکے یہ مانا کہ ستارے خود اپنے محور پر
رتے ہیں۔ یہ تحقیقات فلسفۂ جدیدہ کی موجودہ معلومات
فلسفہ کی اس مسئلہ کے متعلق تحقیقات کی درمیانی کڑی تھی
لیکن تاہم اس مسئلہ کی حقیقی کنہ اسوقت تک نہ ظاہر
جب تک حکماے یورپ نے قوانین استمرار۔ جاذبیۂ عامہ۔
جذب و دفع کو نہ دریافت کر لیا۔
ہم پہلے ان اصطلاحات کی تفصیل کرین اسکے بعد یہ
آج یورپ نے سیارون کی حرکت کی توجیہ کیا کی ہے
یونانی مزخرفات کے مقابلہ مین کیا وقعت رکھتی ہے۔

الف

استمرار۔ جب کوئی شے ایک مرتبہ حرکت دیدی جاتی ہے
جاتی ہے تو وہ اپنی اسی حرکت پر قائم رہتی ہے مثلاً
اس جب حرکت دیدیا جاتا ہے تو اسکی حرکت جاری رہتی ہے

بشرطیکہ کوئی مزاحم اسمین خلل انداز نہو۔

جاذبیۂ عامہ۔ عالم مین جتنے اجسام ہین وہ اپنے مادہ (ماس) کے مطابق ایک دوسرے کو اپنی طرف کھینچتے ہین لیکن یہ کشش شے کی مربع دوری کے مطابق کم ہوتی رہتی ہے مثلاً زمین پر جب کوئی ڈھیلا گرتا ہے تو وہ ڈھیلا بھی اسیطرح زمین کو اپنی طرف کھینچتا ہے جیسا کہ زمین ڈھیلے کو مگر فرق یہ ہے کہ زمین کا ماس اتنا بڑا ہے کہ جسکے مقابلہ مین ڈھیلے کا ماس مثل لاشے کے ہے اسی وجہ سے یہ کشش محسوس نہین ہو سکتی

قوت جذب و دفع۔ قوت جذب جیسا کہ اسکے نام سے ظاہر ہے اجسام کو کھینچتی ہے اور قوت دفع انکو دور کرتی ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ زمین یا دیگر سیارات کی یہ جو حرکت دوری ہے وہ کیونکر پیدا ہوتی ہے۔ اس موقع پر یہ جتا دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ دوری حرکت حرکت کی مفرد قسم نہین ہے بلکہ کئی حرکتون سے مرکب ہونے کے بعد یہ حرکت پیدا ہوتی ہے۔

تھوڑی دیر کے واسطے علم طبقات الارض کے علما کا یہ بیان مان لو کہ ہمارے تمام سیارے آفتاب سے علحدہ شدہ چند ذرات تھے جنمین سے کوئی تو زمین ہو گیا اور کوئی زہرہ مشتری زحل عطارد

ترانۃ الفلاسفہ خواجہ زادہ رومی صفحۂ ۲۲۴

اور نس بنچیون ہوگئے ساب اس (شکل الف) کی طرف بغور دیکھو فرض کرو ش آفتاب ہے اور ب اس سے ٹوٹا ہوا ایک ٹکڑا ہے جسکا نام زمین ہے ب ش ی س کے ٹھیک مقابلہ مین ہے باری تعالی نے اس ٹکڑے کو خط ب س کیطرف حرکت دیدی ہے لہذا قانون استمرار کے مطابق اسکو سیدھے خط ب س کی طرف حرکت کرنا چاہیے لیکن آفتاب کی کشش اسکو بجای اسکے سیدھا جانے دے ی تک کھینچیگی اب زمین بجای ان دونون خطوط میں سے ایک پر چلنے کے ایک تیسرا رستہ اختیار کریگی یعنی ب ف ی د کے خط الزاویہ ب د پر چلیگی مگر اس قاعدہ کے مطابق اسکو ی تک حرکت کرنا چاہیے حالانکہ یہ ب د ٹیڑھی ہے اور منحنی خط پر جاتی ہے اسکا سبب یہ ہے کہ آفتاب کی دائمی کشش اسکو سیدھے راستہ سے منحرف کرتی رہتی ہے۔ جب زمین نقطۂ د تک پہونچتی ہے تو اسکی قوت دفع یا تباعد عن المرکز ([illegible]) قائم رہتی ہے اس بنا پر اسکو نقطۂ نون تک جانا چاہیے تھا مگر آفتاب کی کشش پھر اسکو ج تک کھینچتی ہے ان دونون قوتون کے توازن کے برابر ہونے کی وجہ سے یہ راستہ و و اختیار کرتی ہے اسیطرح پورے دورے کو ختم کردیتی ہے یہ ہے اصلی توجیہ حرکت دوری کی جو ہمیشہ سے قائم ہے اور حرکت دائمہ کی صحیح مصداق ہے۔ اس توجیہ کو دیکھو اور اسکے بعد یونانی خرخرفات پڑھو اور قرآن کی مندرجۂ ذیل آیت سے ملاؤ۔

كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ | تمام سارے آسمان مین تیرتے ہین

وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا | آفتاب اپنے مرکز پر حرکت کررہا ہے

اہل یورپ کا جیسا عام قاعدہ ہے کہ وہ کسی قانون قدرت کو دریافت کرکے اسپر قناعت نہین کرلیتے ہین بلکہ اُس اکتشاف کے بعد ہیئت اجتماعیہ کے لیے اس سے مفید و کارآمد نتائج نکالتے ہین چنانچہ مصنوعی حرکت دائمہ کے پیدا کرنے کی اُنھون نے تگ و دو کی اس مین اُنکو اسقدر ناکامیابی ہوئی کہ آخرکار حکمت طبعی کی کتابون مین یہ لکھدیا گیا کہ اس قسم کی کوشش کرنا ایک فعل عبث ہے اور ایسی حرکت کا پیدا کرنا انسانی حیطۂ امکان سے باہر ہے اور ایسا کرنیکے خاص سبب بھی تھے اور وہ یہ ہین کہ حرکت کے جو مزاحم ہین وہ کسی حالت مین دفع نہین ہوسکتے حرکت کے اضداد اور مزاحمات تین ہین۔ احتکاک (درراہٹ) ہوا، جاذبۂ ثقل احتکاک نام ہے اُس حرکت کی رکاوٹ کا جو جسم کو جس سطح پر وہ حرکت کرتا ہے روکدیتی ہے اسکا سبب یہ ہے کہ جسم کتنا ہی چکنا چپڑا کیا جائے مگر اسکا اصلی کھردراپن نہین جاسکتا لہذا جسم سے احتکاک منفک نہین ہوسکتا اگر یہ احتکاک اجسام مین نہوتا تو ہمارا چلنا پھرنا کسی چیز کا پکڑنا دشوار ہوجاتا

ہوا۔ ہمارا کرہ ہوا سے گھرا ہوا ہے جب کوئی چیز حرکت کرتی ہے تو وہ حرکت کسی قسم کی ہو ہوا کو اُس مقام کی ہٹا دیتی ہے اسے ہٹانے مین اسکو ہوا کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے گویا کہ وہ ہوا سے لڑتی ہے اسسے حرکت مین نقص واقع ہوتا ہے اور رفتہ رفتہ بالکل معدوم ہوجاتی ہے

جاذبیۂ ثقل یہ شے کو اپنے مرکز کی طرف کھینچتی ہے اسوجہ سے متحرک شے اور اسمین تصادم ہوتا ہے جو حرکت کو روک دیتا ہے

ظاہر ہو کہ ان دشمنوں کا مقابلہ آسان نہیں ہو بلکہ محال ہے
بہی حالت میں کسی حرکت دائمہ پیدا کرنیکی کوشش کرنا قوانین فطرت
سے لڑنا ہو لیکن اگر اس معنی میں دوام نہ لیا جائے جو باری تعالےٰ
کے حرکت ارضی کے قرار دیے ہیں تو زمانہ کی ایک مدت مدید کے
واسطے ایسی حرکت کا پیدا کرنا ممکن ہو مگر اسی کے ساتھ ہی یہ
تحقیقات قوانین قدرت کے خلاف نہیں ہو سکتے بلکہ انھیں کے
مطابق ہونا چاہیے حکمای یورپ اس نکتہ پر پہونچنے کے
بعد اسطرف متوجہ ہوے اور انکے اذہان رسانے ہر سال نئے نئے
اختراعات کو پیش کرنا شروع کیا اور چونکہ قوم کی صنعتی و تجارتی
فلاح و کامیابی اس ایجاد پر بہت کچھ منحصر تھی اسوجہ سے قوم نے بھی
اسی کی طرف توجہ اور قدردانی کی نظر ڈالی۔ مگر خرابی یہ تھی کہ اس قسم
کی جتنی ایجادیں ہوتی تھیں ان سب کا مبنی قوت مقناطیسی اور حرارت
پر ہوتا تھا ظاہر ہو کہ حرارت کی عرصہ تک قیام کی تدبیر انکے ہاتھوں
مین نہ تھی لیکن قدرت نے جو اپنے بندوں کے حرکات و سکنات میں
خاص دلچسپی لیتی ہو انکی کوشش کا انکو یہ ثمرہ دیا کہ ریڈیم جیسی بیش بہا
چیز انکو بتادی
جسکا ایک ذرہ کوڑا
سن لکڑی کو ایسی
حرکت پیدا کر سکتا ہے
اور غیر محدود زمانہ
تک قائم رکھ سکتا ہے

شکل ب

چنانچہ اس ایجاد میں ریڈیم کے استعمال کی صدا انگلستان کے
مشہور معہد علوم کیمبرج سے بلند ہوئی،

پروفیسر جی ٹامسن نے اپنی کوشش کا نتیجہ ان الفاظ میں
اور اس صورت میں پیش کیا (دیکھو شکل ب) اسنے کہا کہ مقناطیس کا ایک
مستطیل ٹکڑا لو جسکا نام شکل میں ح ش ہو اور اسکو ایک میز پر
رکھو اور اسکے بعد ایک نرم لوہے کا ٹکڑا لیکر اسکو چھت میں ایک
باریک تاگہ کے ذریعہ سے لٹکا دو اور جس نقطہ پر (س) لٹکایا جائے
وہ مقناطیس کے جنوبی جانب پر عمودی صورت پر نہو بلکہ اس سے ذرا سا
ہٹا ہو لوہے اور مقناطیس میں مسافت اسقدر ہو کہ مقناطیس کا
پورا اثر لوہے پر پڑ سکے مقناطیس کے قریب جنوبی جانب ایک
چراغ روشن کیا جائے (جسکا نام ص ہے)

اب ہوگا یہ جیسے کہ لوہے کو مقناطیس کھینچیگا اور وہ اسمیں آکر
چمٹ جائیگا اسی کے ساتھ ہی وہ لوہے کا ٹکڑا چراغ کے اوپر پڑیگا جب وہ
لوہا گرم ہو جائیگا تو مقناطیس کا اثر اس سے جاتا رہیگا لہذا اجاذبیہ کے
اصول پر وہ اپنے خط سمت پر آجائیگا اور جیسے ہی کہ وہ ٹھنڈا ہوگا
پھر اسکو مقناطیس کھینچیگا آخر الامر یہی عمل جاری رہیگا مگر سوال یہ ہے
کہ چراغ اور اسکی لو کے دن کام دے سکتی ہو اسکا جواب یہی ہو کہ
چراغ کی لو کے بجائے ریڈیم کا ایک ذرہ کام کریگا۔ جو سیکڑوں
برسوں کو کافی ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب بنا ما خلقت ہذا باطلا فقط

ضیاء الحسن علوی

لکھنؤ۔ ۱۳ اگست ۱۹۰۸ء

ایڈیٹوریل نوٹس

البیان، ہر چیز دنیا مین پیدا ہوتی ہے، بڑھتی ہو نشو و نما
پاتی ہو اور معراج کمال تک پہونچ جاتی ہو، لیکن کبھی ایسا بھی
ہوتا ہو کہ خارجی موانع ترقی کے سد راہ ہو جاتے ہین اور مختلف
اقسام کے اسباب سے کچھ دہ افسردہ اور پژمردہ ہو جاتی ہو
لیکن اگر مناسب تربیت اور حفاظت سے کام لیا جا سکے
تو ممکن ہو کہ ترقی کے لیے ایک نیا راستہ کھل جا سکے،

البیان سات سال سے جاری ہو آپ اسکا انکار نہین
کر سکتے کہ اُسنے ترقی کی گو وہ مختلف اسباب کی وجہ سے ترقی کی کسی
شاندار حد تک نہ پہونچ سکا لیکن جسطرح دنیا مین ہر چیز مین نشو و نما
و ترقی کا ہونا ایک فطرتی قانون ہو اسی طرح مخالف اسباب و علل سے
اُسکا ایک حد تک پہونچکر رک جانا بھی ایک طبعی امر ہی،

البیان کو خاطر خواہ ترقی نہونیکا اصلی سبب اُسکا وقت پر
شائع نہونا اور اسمین بہتر اور ادبی مضامین کا ضرورت سے کم ہونا ہو،

مطبع کو اب تک البیان سے بارہا نقصانات پہونچ چکے ہیں
مگر صرف اسلیئے البیان کو بند کرنیکی ہمت نہوئی کہ البیان کو بھی
ہم مسلمانون کی علمی، مذہبی ترقی کا ایک قوی ذریعہ سمجھتے ہین،

ہندوستان مین صرف البیان ایک ایسا پرچہ ہے جو
ہندوستان کے مسلمانون کا تمام دنیا کے مسلمانون کے ساتھ
رشتۂ ارتباط پیدا کر سکتا ہی نیز اب البیان کے جدید اشاعت
سے اسکی قوی امید ہو کہ البیان نہایت خوبی کے ساتھ اپنے
وقت پر شائع ہوا کریگا، چند مضامین کے نئے عنوانات بھی ان مین
بڑہائے جائینگے، ہر سال ایک اردو اور ایک عربی کتاب
ضمیمہ کے طور پر اسکے ساتھ شائع ہوا کریگی،

آزاد بلگرامی کا عربی دیوان ہندوستان کے عربی شعراء
کی جدت خیال، شوخی مضامین، تفنن اصناف کے لحاظ سے
نہایت قابل قدر ہو اسلیئے سال روان مین عربی حصہ مین
دیوان آزاد نصف جزو ماہوار شائع کیا جائیگا،

اردو کے حصہ مین بالفعل تاریخ معارف کا اردو ترجمہ
شائع ہو رہا ہی، دیوان آزاد کے اختتام پر شاہ ولی اللہ صاحب
دہلوی اور اُنکے خاندان کا ایک عربی دیوان شائع کیا جائیگا،

عربی ادب کے قدردانون سے امید ہو کہ وہ آیندہ ماہ
سے رسالہ اپنے نام ضرور جاری کرائینگے تاکہ دیوان کا
کوئی حصہ اُن سے ضائع نہونے پائے،

البیان کی قیمت بھی اب نہایت کم کر دی گئی ہو یعنی صرف عہ یہ قیمت
اسقدر کم ہو کہ ایک علمی عربی رسالہ کی قیمت جسکے ساتھ اردو گران بہا کتابیں
بھی شائع ہو رہی ہون اس سے زیادہ ارزان نہین ہو سکتی اب بھی
اگر آپ توجہ نکرین تو مسلمانون کے لیے ایک قابل عبرت واقعہ ہوگا

موجودہ خریدارون سے امید ہو کہ وہ جدید خریدارون کے پیدا کرنے مین کوشش
فرمائینگے اس سلسلہ مین ہم سب سے پہلے جناب مولوی مطیع اللہ صاحب [illegible]
ہمیر پور کے ممنون ہین کہ انھون نے دفتر کی بلا تحریک چند خریدار بہم پہنچائے البیان کی امداد فرمائی

عربی اخبارون کے انتخابات

ینگ ٹرکش پارٹی کی تاریخ

نان ترک کی جماعت سلطان عبد العزیز کے زمانہ سے قائم
زمانہ مین پرنس مصطفی فاضل پاشا پیرس سیاحت کو گئے
تو اونکی معیت مین چند ترک نوجوان بھی تھے، جنکی خواہش
لہ پیرس کے کالجون مین تعلیم حاصل کرین، ان نوجوانون مین
بک اور علی سوافی آفندی بھی داخل تھے،
لوگون نے پیرس مین رہکر فرنچ زبان سیکھی اور وہان یورپ
ن شائستگی کے تماشے دیکھے، آزادی وحریت کے فوائد کا
لیا، حب وطن نے اونکو اپنے وطن کی اصلاح وترقی کیطرف
یا، اونکی کوشش کا سب سے پہلا نتیجہ یہ ہوا کہ انھون نے ۱۸۵ء
ایک ہفتہ وار اخبار، مجموعہ، کے نام سے شائع کیا،
کے چیف اڈیٹر شیخ علی سوافی تھے شیخ علی سوافی ایک
آزاد خیال فاضل تھے، انکی زیر اڈیٹری ترکون مین اس
نے بڑی ترقی حاصل کی، چونکہ اوس زمانہ مین اخبارون کو
دی حاصل تھی اسلیے مجموعہ ہمیشہ اصلاح وترقی کی نئی روح
ن مین پھونکتا رہا قسطنطنیہ مین اسکے سوا اور بھی چند روزانہ
اخبارات تھے جو ملک کی اصلاح کی ہمیشہ کوشش کرتے تھے،
زمانہ مین کمال بک ایک مشہور ترک نا ولسٹ اور ڈراما
تھا، وطن، سلیسٹرا، مسکین بچہ اسکے مشہور ڈراما
جن مین ملکی اصلاح وترقی کے مفید مضامین قصون کے
پیرایہ مین ادا کیے گئے ہین ان ڈرامون کا تماشا اکثر تھیٹر
مین کیا جاتا تھا جنمین خود سلطان اور سلطان کے سیکڑون
یورپین احباب شریک ہوتے تھے، یہان پر یہ بھی ذکر کرنیکے
قابل امر ہے کہ اس نوخیز جماعت کا نام نوجوانان ترک کیونکر ہوگیا،
ہم یہ پہلے بیان کر چکے ہین کہ چند ترک بغرض تعلیم پیرس گئے تھے
کلاس مین پروفیسر نے ایک موقع پر کہا کہ دیکھو نوجوانان ترک
ذہانت اور طباعی مین کیسے طاق ہین، اس روز سے اس تعلیم
یافتہ جماعت کا نام نوجوانان ترک ہوگیا،
سلطان عبد العزیز کا زمانہ ترکی سلطنت کے لیے کوئی برا زمانہ
نہ تھا، اسوقت ترکون مین بڑے بڑے لوگ موجود تھے علی پاشا اور
فواد پاشا جنکی سیاسی قابلیت محتاج بیان نہین ہے اُسی زمانہ کے
لوگ ہین اسوقت ترکی سلطنت اپنی بحری قوت کی حیثیت سے یورپ مین
انگلستان اور فرانس کے بعد تیسرے درجہ کی طاقت تھی،
لیکن افسوس یہ ہے کہ سلطان عبد العزیز نہایت مسرف اور
فضول خرچ تھے اونکے فضول اور مسرفانہ مصارف سے
تمام خزانہ خالی ہوگیا، اسلیے تمام قوم کے اتفاق سے
سلطان عبد العزیز تخت سے اتار دیے گئے اور انکے
بعد بدقسمت سلطان مراد خامس تخت نشین ہوا لیکن تین
مہینے سے زیادہ وہ حکومت نہ کر سکا، اور سلطان
عبد الحمید ثانی تخت پر بیٹھے،
سلطان عبد الحمید نے تخت نشینی کیوقت پارلیمنٹ قائم کرنیکا وعدہ

کیا، لیکن کیا سلطان نے اس وعدہ کو پورا کیا، ہان پورا کیا، اپنی تخت نشینی کے چار مہینے کے بعد ۱۹ دسمبر ۱۸۷۶ء مین انھون نے پارلیمنٹری حکومت کا اعلان کیا، اور پارلیمنٹ کا پہلا اجلاس ۱۹ مارچ ۱۸۷۷ء کو ہوا، پارلیمنٹ نے جب ملک کی اصلاح مین دخل دینا چاہا تو سلطان نے کسی مصلحت سے پارلیمنٹ کو بند کر دیا پارلیمنٹ کا آخری اجلاس ۱۸ فروری ۱۸۷۸ء کو ہوا جبکہ ترکون نے روس کو اعلان جنگ دیا تھا،

اس تاریخ سے ۲۴ مارچ ۱۹۰۸ء تک شخصی حکومت قائم رہی اس طویل مدت مین بہت سی خفیہ سازشین، بغاوتین ملک مین ہوئین مگر سلطان اپنی حکمت عملی سے ہمیشہ دباتے رہے،

دسمبر ۱۹۰۷ء مین ترکون کی نوجوان جماعت جسمین، ترک، کرد، بلغاری، یہود، یونانی، اور بہت سی جماعتین تھین اور جنکا مشترک نام نوجوانان ترک تھا پیرس مین جمع ہوئی اور سب نے آپس مین اتفاق و اتحاد اور پالیمنٹری حکومت قائم کرنیکا نہایت مستحکم وعدہ کیا اس مجلس نے جو رزیولیشن پاس کیے تھے وہ حسب ذیل ہین،

(۱) سلطان عبدالحمید کی معزولی،

(۲) وزارت کی تبدیل و تغیر،

(۳) پارلیمنٹ کا قیام،

مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے مندرجہ ذیل کارروائیان اختیار کی جائین،

(۱) ہر وقت مسلح رہنا،

(۲) جب تک قدیم وزارت قائم رہے پولیس کے محکمون کو رآ[...] کرنا کہ وہ اپنا کام موقوف رکھین،

(۳) فوج کو اسپر آمادہ کرنا کہ نہ وہ پبلک پر بند[...] چلائین اور نہ باغیون پر،

(۴) کوشش کرنا کہ سرکاری محصول نہ ادا ہون،

(۵) عام بغاوت پھیلانا،

(۶) انکے ماسوا انقلاب سلطنت کے لیے اور منا[...] ذرائع اختیار کرنا،

اس وقت اس مجلس کا پریسیڈنٹ شہزادہ صباح الدین[...] جو سلطان کا بھانجہ ہی، شہزادہ صباح الدین نے اختت[...] مجلس پر ایک پرجوش تقریر کی جسمین مختلف اقوام کی [...] مساوات پر بہت زور دیا،

نوجوانان ترک اس مجلس سے فارغ ہوکر جب اپنے وطن [...] تو بہت سے لوگون کو انھون نے اپنا ہم آہنگ پایا [...] جن مین سے انور بک اور نیازی بک وغیرہ نہایت بر[...] لوگ تھے ان لوگون نے جو کارنامے ملک و قوم کے [...] انجام دئے وہ تاریخ کے صفحات سے کبھی محو نہین ہو[...] آپس کے اتفاق عام سے یہ طے ہوچکا تھا کہ پہلی ستمبر ۱۹۰۸ء [...] سلطان کی تخت نشینی کی تاریخ تھی ملک مین عام بغاوت[...]

سلطان کی معزولی کا عام اعلان کیا جائیگا،
س طریقہ سے ان نوجوانون کی کامیابی ایک مشتبہ امر
ی لیکن ایڈورڈ ہفتم شاہ انگلینڈ اور زار روس نے جب
ل کی ملاقات کے بعد مقدونیہ کے اہم معاملات طے کر لیے،
جوانان ترک نے اس موقع کو غنیمت جانا اور مقدونیہ مین فوج
ی گئی تھی اُسمین انور بک اور نیازی بک کی ماتحتی مین
ت پھیلا دینے کی کوشش کی، یہ کوشش کامیاب
ی، اور قسطنطنیہ مین یہ خبر پہونچائی گئی کہ اگر سلطان
وی نہ دینگے اور پارلیمنٹ نہ قائم کرینگے تو تین لاکھ
ج قسطنطنیہ پر حملہ کریگی،
واقعہ کے بعد سلطان نے بھی مناسب سمجھا کہ پارلیمنٹ
م اعلان کر دیا جائے، اسلیئے سلطان نے سعید پاشا
امل پاشا کو جو ایک زمانہ سے نوجوان ترکون کے ہم خیال
صر یلدز مین بلا کر اس سے مطلع کیا اور گذشتہ
ولائی کو اس کا عام اعلان کر دیا گیا،

ترکی اخبارات

تمدن و تہذیب کے لوازم مین اخبارات سب سے بڑی
ی ایران مین چند مہینون کے لئے پارلیمنٹ قائم ہوئی مگر
لیل مدت مین بیسیون اخبارات نکل پڑے۔
خبارون کو آزادی حاصل ہوئے ابھی دو مہینے بھی
رے مگر اسی عرصہ مین ۲۷۵ نئے اخبارات قسطنطنیہ
اور اُسکے اطراف سے نکلنے لگے،

وزارت عثمانیہ

دولت عثمانیہ نے حسب ذیل وزرا کا انتخاب کیا ہے،

وزیر داخلیہ	رشید پاشا عاکف
وزیر خارجیہ	توفیق پاشا
وزیر جنگ	رجب پاشا
وزیر بحر	عارف پاشا
وزیر مال	ضیا پاشا
وزیر زراعت و معادن	پرنس ماورد کوردانو
وزیر عام	جبرئیل آفندی
وزیر اوقاف	اکرم بک
وزیر علوم و فنون	حقی بک
وزیر عدالت	حسن فہمی پاشا،

کرد

کردون نے جمہوری حکومت کی تسلیم کرنے سے انکار کیا اور
سوا سلطان کے اور کسیکی اطاعت قبول کرنے پر وہ آمادہ
نہین ہین، ایک مشہور کردی عالم ملا سعید نے جو آجکل قسطنطنیہ
مین مقیم ہین ایک نہایت بسیط مضمون جمہوری حکومت کے
جواز پر لکھکر علماے کرد کے پاس بھیجا ہے اور انکو جمہوری حکومت
کے فوائد سے مطلع کیا ہے اور یہ لکھا ہے کہ جمہوری حکومت نہ
اسلام کے خلاف ہے اور نہ سلطان اسکے خلاف ہین،

شہزادہ صباح الدین

شہزادہ صباح الدین جو سلطان کا بھانجہ اور محمود پاشا کا بیٹا ہی اور نوجوان ترکون کی جماعت کا پریسیڈنٹ ہی وہ مارسیلیا سے قسطنطنیہ پہونچ گیا، اس شان وشوکت سی شہر مین اسکا استقبال کیا گیا کہ لوگون کا بیان ہی کہ اس شان وشوکت سے کبھی سلطان کا بھی استقبال نہین کیا گیا،

شہزادہ صلاح الدین

معزول سلطان مراد پنجم کے فرزند شہزادہ صلاح الدین بھی قسطنطنیہ آگئے جامع ایاصوفیا مین اُنھون نے نماز پڑھی اونکے دونون بیٹے بھی نماز مین اُنکے ساتھ تھے،

عہدہ داران عثمانی

کاظم پاشا حجاز کے گورنر اور ناظم پاشا بیروت کے گورنر اور محرم آفندی بصرہ کے گورنر مقرر ہوئے ہین،

چین مین پارلیمنٹ

مشرقی قومون کے لیے ترکی پارلیمنٹ ایک عجیب موثر چیز ثابت ہوئی، مصطفی کامل کے مرنے سے مصریون مین ایک افسردگی آچلی تھی ترکی پارلیمنٹ نے ایک نئے سرے سے پھر اُس مین روح پھونکدی، ایران مین ایک نیا جوش پیدا ہوا ہی اور خبر ہی کہ چین نے بھی پارلیمنٹ قائم کرنیکا ارادہ کیا ہی،

عثمانی بنک

عثمانی بنک نے وعدہ کیا ہی کہ جب تک سلطنت عثمانیہ پارلیمنٹری حکومت کی مؤید رہیگی عثمانی بنک کا دروازہ سلطنت کے کھلا رہیگا اور اُسکو کسی دوسری سلطنت سے قرض لینے کی کوئی ضرورت نہین پڑیگی،

انجمن اتفاق عرب عثمانی

قسطنطنیہ مین ایک عظیم الشان انجمن انجمن اتفاق عرب عثمانی کے نام سے قائم ہوئی ہی اس انجمن کی غرض یہ ہی کہ کل عرب اقوام مین اتحاد و اتفاق قائم کیا جائے اس انجمن کے جلسۂ افتتاح مین بڑے بڑے علماء و فضلاے عرب شریک تھے یہ انجمن انجمن اتحاد و ترقی کی ہمیشہ مدد کریگی اس انجمن کیطرف سے تین اخبار تین زبان عربی ترکی فرنچ مین شائع ہوا کرینگے

مصر مین پارلیمنٹ

محمد فرید پریسیڈنٹ انجمن الحزب الوطنی مصر نے مبارکباد کا جو تار سلطان کو دیا تھا اوسمین ایک فقرہ یہ بھی تھا ہماری درخواست ہی کہ آپ خدیو معظم کو بھی مصر مین پارلیمنٹ قائم کرنیکی ہدایت کرینگے، بعض قرائن سے معلوم ہوتا ہی کہ انگلستان بھی مصر مین پارلیمنٹ قائم کرنا چاہتا ہے،

سلطان مراد کا روضہ

سلطان مراد پنجم جسنے صرف تین مہینے حکومت کی اور بعد سلطان عبد الحمید تخت نشین ہوے، اُنکی قبر پر نہایت عالیشان روضہ بنایا جائیگا۔

مانہ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ مین تھا چار سو تیس سال سے چند سال پہلے تک جتنے لوگ گزرے
ب شاہنشاہ تھے اسکندروس کے عہد سے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک نو سو برس
قریب گزرے تھے مگر وہب کے حسب بیان اسکندروس عیسیٰ کے بعد گزرا ہی اسلیے اس قول
اور اُس قول مین جو اُنسے پہلے بیان کیا ہی کہ عیسیٰ اور محمد صلوات اللہ علیہما کے مابین چھ سو بیس
ل کا فاصلہ تھا ایک قسم کی مخالفت پائی جاتی ہی، وہب کے سوا اور لوگون نے بیان کیا ہی کہ
کندر مسیح علیہ السلام سے بھی قبل تھا۔ اور انجیل مین جالیہ بابل کے بابت بیان کیا گیا ہی کہ وہ
ؤد علیہ السلام کے عہد سے چودہ قرن بعد اور مسیح علیہ السلام سے چودہ قرن قبل گزرا ہی اور
ب ان لوگ ذکر کرتے ہین کہ وہ ابراہیم علیہ السلام سے بھی قبل گزرا ہی، غرضکہ ان روایتون
ن بہت بڑا اختلاف ہی۔ واللہ اعلم۔

ی صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل جو لوگ کسی دین پر تھے اُنکے حالات

ارباب بن رئاب ۔ وہ خاندان "شن" کے قبیلہ عبد القیس سے تھا اور دین عیسوی
پابند تھا لوگون نے نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث ہونے سے قبل ایک منادی کو یہ
دا دیتے ہوے سنا کہ زمین کے باشندون مین تین شخص سب سے اچھے ہین "رئاب الشنی"
بحیرا راہب" اور تیسرا شخص اسوقت تک عالم وجود ہی مین نہین آیا پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ
سلم مراد تھے، ارباب کی اولاد مین سے جو شخص مرنے کے بعد دفن کیا جاتا تھا لوگ اسکی قبر پر باران رحمت
کا نزول مشاہدہ کیا کرتے تھے۔

ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبد العزی ۔ یہ بی بی خدیجہ کے چچا زاد بھائی تھے
انھون نے بتون کی عبادت ترک کر دی تھی اور دین کی تلاش کرکے مذہب عیسوی اختیار کیا تھا
بی بی خدیجہ نے اُنسے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض حالات بیان کیے تو انھون نے کہا بیشک
انکے پاس بھی وہی ناموس اکبر آئے گا جو موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا کرتا تھا۔

زید بن عمرو بن نفیل۔ سعید بن زید کے والد تھے جو عشرۂ مبشرہ یعنے اُن دس شخصون مین سے ایک شخص تھے جنکو جنت کی بشارت دیگئی تھی، یہ بھی بتون کی عبادت سے باز آگر تحقیق مذہب کے درپے ہوئے تھے، مگر عیسائیون نے انکو ملک شام مین قتل کرڈالا۔ انکے بابت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہی کہ ‘‘وہ قیامت کے دن تنہا ایک امت کے طور پر مبعوث ہونگے’’ یہ شعر اُنھین کی تصنیف ہی:۔

اسلمت وجہی لمن اسلمت	لہ المزن تحمل عذبًا زلالا۔
مین اُس ذات کا تابع فرمان ہوا جسکا فرمان پذیر وہ	برسنے والا ابر ہی جو صاف اور شیرین پانی اُٹھایا کرتا ہی

ورقہ بن نوفل نے انکا ایک یہ شعر بھی نقل کیا ہی۔

اشدت وانعمت ابن عمرو وانما	تجنبت تنورًا من النار حامیا
اے ابن عمرو تمنے راہ راست پائی اور خوشحال ہوئے اوراسلیے	تمنے اپنے ذات کو ایک گرم تنور کی آگ سے بچالیا۔

امیۃ بن ابی الصلت۔ بیان کیا گیا ہی کہ امیہ نے آسمانی کتابین پڑھی تھین اور وہ بتون کی پرستش سے باز رہے تھے، وہ اسبات کی بھی خبر دیا کرتے تھے کہ سرزمین حجاز سے ایک نبی مبعوث ہونگے جنکا زمانہ قریب آگیا ہی، مگر جب اُنھون نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کی خبر پائی تو بوجہ حسد کے آپ پر ایمان نہین لائے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت اُنکا شعر پڑھا تو یہ فرمایا تھا کہ ‘‘اسکا دل تو ایمان لایا مگر اُسکے دل نے نافرمانی کی’’

اسعد ابو کرب حمیری۔ بیان کیا گیا ہی کہ ‘‘اسعد’’ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر آپکے بعثت سے سات سو سال قبل ہی ایمان لاچکے تھے۔ اُنکا قول ہی:۔

شہدت علی احمد انہ	رسول من اللہ باری النسم
مین نے اسبات کی شہادت دی کہ احمد	خدا سے جان آفرین کے رسول ہین
فلو مد عمری الی عصرہ	لکنت وزیرا لہ وابن عم
اگر میری عمر اُنکے زمانے تک دراز ہوتی تو	بیشک مین اُنکا ایک مددگار اور ابن عم بنتا

یہ پہلا شخص تھا جسنے بیت اللہ شریف پر چٹائیون اور چادرون کا غلاف چڑھایا۔

قس بن ساعدۃ الایادی۔ کہا گیا ہو کہ قس ملک عرب کا حکیم تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہو کہ آپ نے قس کو بازار عکاظ مین ایک سرخ اونٹ پر سوار خطبہ بیان کرتے دیکھا تھا آپ نے قس کا قصہ ابوبکرؓ سے بیان کیا اور اُسکے اشعار بھی سنائے تھے۔

ابوقیس صرمۃ بن ابی انس۔ وہ بنی بخار سے تھا راہب ہوکر صوف پوش ہوگیا تھا بت پرستی ترک کرکے عیسائیت اختیار کرنے کا ارادہ کیا تھا لیکن پھر اُس سے رک کر اپنے ایک گھر مین بیٹھ رہا جو اُسکی ملک تھا اور اُسے مسجد بنا لیا جسکے اندر کوئی ناپاک عورت یا نجس مرد نہین جانے پاتا تھا، وہ کہتا تھا کہ مین ابراہیمؑ کے خدا کی عبادت کرتا ہون۔ پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ مین تشریف لائے تو وہ مشرف باسلام ہوگیا اور اُسکا اسلام بہت عمدہ ہوا، اُسنے رسول پاک کی شان مین کہا ہی۔

ثوی فی قریش بضع عشرۃ حجۃ	بمکۃ لو یلقی صدیقاً مواتیا
حضرات ہمارا یہ خیال نہین ہی کہ موجودہ زمانے مین علماے اسلام اس غرض سے ناآشنا ہونگے کہ انکو حکمت، عمدہ پند و نصایح اور مہذب بحثون سے لوگونکو اپنے دین کی طرف مائل کرنا چاہیے لیکن ان اوامر اور احکامات کو وہ اسوقت تک پورا پورا ادا نہین کر سکتے تاوقتیکہ ان علوم کو نہ سیکھین اور اُنمین پوری مہارت نہ حاصل کرین خصوصًا تعلیم یافتہ روشن خیال ترقی کرنیوالے گروہون مین موجودہ علوم کے زمانہ مین اسلام کی اشاعت کیلیے اُنھین علوم کا پڑھنا نہایت ضروری ہی، علوم جدیدہ سے نئے فرقونکے عقائد پر جو برا اثر پڑا ہی وہ کسی شخص سے پوشیدہ نہین جس سے انکے عقائد کے ستون ہلگئے اور قریب ہی کہ انکے محل منہدم ہوجائین، اسلام پر ہر لکھنے والے کا قلم حملہ کرتا ہی اور ہر طرف سے ہر بولنے والے کی زبان اسکو نقصان پہونچارہی ہی، اے عالمو خواب غفلت سے بیدار ہوجاؤ اور اسلام کی مدد کیلیے اُن ہاتھونکو بڑھاؤ جو اب تک علوم جدیدہ کی ناواقفیت کیوجہ سے بندھے ہوے ہین، تمھارے سامنے گذشتہ علما مین سے ہزارون علما کی مثالین موجود ہین۔ باقلانی۔ امام الحرمین۔ غزالی۔ رازی راغب اصفہانی۔ ابن تیمیہ۔ ابن قیم شہرستانی۔ ابن حزم۔ عضد الدین جرجانی۔ انکے علاوہ ہزارون علما جنکا شمار نہین کیا جاسکتا اسی کی برتو اور مثال ہین انھون نے جب دیکھا کہ یونانی علوم سادہ لوح مسلمانونکے دلونپر برا اثر ڈالنے لگے اور

واضلال ضعفاء العقول وافواه غثاث العلوم فشدوا مآزرهم وشمروا عن ساقهم ليذبوا عن بيضة الاسلام ويكفوا عنها ايدي الجناة ويهدوا الغواة الى سواء السبيل فاخذوا العلوم الفلسفية اليونانية وحذقوا فيها ومهروا ثم وضعوا علما ادعوه الكلام وقاتلوا به الزنادقة والملحدين في الدين وفلاسفة اليونان وهزموا جيوشهم وكسروا شوكتهم وثلوا عروشهم۔

سادتنا الكرام! ومن لا يعلم منكم ان العلوم الحديثة اشد صولة من العلوم القديمة على الدين واحد سلاحا فلم اجدر بعلماء تلك الايام ان يقصوا آثار العلماء الاول ويتلقوا العلوم الحديثة الاوربية ويضعوا كلاما يدفع عن حمى الاسلام ويعصمه من صولات فلاسفة العصر ويطابقوا بتلك العلوم العقل والنقل ليلحق القدم بالقدم كما طابق السلف بالعلوم القديمة بين العقل والنقل وها تلك بين ايدينا مصنفاتهم التي خطت لنا مسلكا ان سلكناه فانا ان شاء الله لمهتدون،

اما قول علماء هذا الزمان من ان تلك العلوم الحديثة اغلوطات لا طائل تحتها ولا جدوى فانما هو رجم بالغيب لانهم ما ذاقوا من العلوم الحديثة قطميرا فكيف حكمهم عليها بانها اغلوطات لا تنفع ومزخرفات لا تنجع اما انا فانهم

کم عقل لوگون کو گمراہ کرنے لگے اور معمولی عالمونکو ضلالت مین پھینکنے لگے تو انھون نے کمر ہمت باندھی اور پھڑ لیون سے دامن چن لیے تاکہ شریعت اسلام کو ان سے پناہ دین اور اسلام کو اُسکے مٹانیوالے کے ہاتھون سے محفوظ رکھین اور گمراہونکو سیدھے راستے پر لگائین چنانچہ انھون نے فلسفہ یونان پڑھا اور اُسمین کامل مہارت پیدا کی پھر اسی علم سے مکالمہ اور مباحثہ کیا اور اسی سے زنادقہ ملحدین اور یونان کے فلاسفرون سے مقابلہ کیا اور اُنکے لشکرونکو شکست دی اُنکی عظمت اور شوکت کو مٹا دیا انکے جاہ وجلال کو برباد کیا

معزز حضرات۔ کون نہین جانتا کہ علوم جدیدہ کا حملہ اسلام پر علوم قدیمہ سے بہت ہی سخت اور اہم ہی اسکے ہتیار بہت تیز ہین اس حالت مین علما پر فرض ہی کہ گذشتہ علما کے قدم بقدم چلین اور یورپ کے ایجاد کردہ علوم سیکھین اور اُنکو اسلام کا پشت پناہ بنائین اور اُسکو موجودہ فلاسفرونکے حملون سے محفوظ رکھین اور ان علوم سے عقل اور نقل کو مطابق کرین جیسا کہ گذشتہ علما نے علوم قدیمہ مین عقل اور نقل سے تطبیق دی تھی اور اب ہمارے سامنے اُنکی بہت سی ایسی کتابین موجود ہین جو ہمین ایک ایسا شاہراہ دکھاتی ہین کہ اگر ہم اُس پر چلین تو انشاءاللہ ضرور راہ راست پر پہونچ جائینگے،

موجودہ علما کا کبھی تو یہ قول ہی کہ علوم جدیدہ بالکل غلط ہین اُنمین کوئی فائدہ نہین لیکن یہ قول بالکل اٹکل پر موقوف ہی اسلیے کہ علوم جدیدہ کی چاشنی انھون نے آجتک چکھی نہین پھر وہ کیونکر یہ حکم لگا سکتے ہین کہ وہ غلط ہین اور انمین کسی قسم کا فائدہ نہین دوسری جگہ اُنکا یہ فتوی

اخری بان اخذ هذه العلوم حرام على المسلمين
فانما تضاد مبادئ الدين وتخالف اصوله
فيا للعجب ويا للاسف فان ذلك يوجب تعلم تلك العلوم
عليهم ليدفعوا ما يضاد الدين ومبادئه اهم معرضون
عن زنادقة يريدون ان يطفئوا نور الله ويعملوا
بنيان دينه بادوات اخترعوها لانهم من اعداء
الدين وادواتهم من مخترعاتهم ام عليهم ان
يتعلموا من اعدائهم صناعة تلك الادوات البردّدوا
بها كيدهم ويستجنوا بجنة تعصمهم من صاعقات قنابل مدافعهم اما اتكالهم في تلك الحروب العصرية النارية
على السيوف التي تعلموا صناعتها من اليونان وركونهم الى الاسنة التي
اخذوا علمها من الصابئة والهنود فمما لا يحمد عاقبته وتخشى مغبته استيخام
ولكن في خلدهم ان الدهر قد تقلب ظهر المجن وتبدلت
الايام ظهرا لبطن والافكار الحديثة قد هزمت الافكار القديمة
ورجال العلم الحديث كسروا رجال العلم القديم الذين كانت
الدنيا تقوم باقوالهم وتقعد وتخفض لهم جناح
الذل امثال ديمقريطوس وفيثاغورث وابيكورس
وثاون وزينون وديوجانس والملطي وانكسارنس وبطليموس
وافلاطون وارسطاطاليس واستولى علوم هم تشهم امثال بيكون واسحاق
نيوتون وديكارت وليبنتز وكونت وشترس وتندل ولابلاس
وسبنسر وداروين ورفعتهم الدنيا على اكف الشهرة والنقة

دینا کہ علوم جدیدہ کا پڑھنا حرام ہی یہ دین کے مباین ہی اور اسکے اصول
کے مخالف ہی تعجب اور افسوس ہی کہ یہ قول خود ان پر علوم جدیدہ کے
سیکھنے کو واجب کرتا ہی تاکہ ان باتون سے جو انکے دین کے مخالف ہین
اپنے دین کو بچائین کیا وہ اُن زنادقہ سے جو اسکے نور کو چند اپنے ساختہ
ہتیار سے بجھانا چاہتے ہین بے پروائی کرینگے اور صرف اسیوجہ سے
کہ وہ انکے دشمن ہین اور یہ انکی مخترعہ اسلحہ ہین یا انپر یہ واجب ہی
کہ انکو اپنے دشمنون سے سیکھین اور انھین سے انپر انکے مکرون کو
کھولین اور ایک ایسی ڈھال کو اپنا پشت پناہ بنائین جو انکو انکی بندوقکی
گولیون اور انکی توپونکے گولون سے پناہ دے یا وہ آجکل کی آتشی
لڑائیون مین بھی اپنی ان تلوارون پر بھروسہ کرینگے جنکو انھون نے یونان
سے سیکھا تھا اور انھین نیزونکی طرف مائل ہونگے جنکو اُنھون نے صابئین سے
لیا تھا جسکا نتیجہ برا ہوگا،

یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ زمانہ بالکل بدل گیا اور جدید خیالات نے
قدیم خیالات کو شکست دیدی اور جدید علم والون نے قدیم علم والون پر
فوقیت حاصل کرلی جنکے قول اور فعل پر دنیا کا رہند تھی اور انکے سامنے
سرنگون تھی۔ دیمقراطیس۔ فیثاغورث۔ ابیکیورس۔ شاون۔ زینون۔
دیوجانس۔ ملطی۔ انکسارنس۔ بطلیموس۔ افلاطون۔ ارسطاطالیس
انھین علوم قدیمہ کی زندہ مثالین ہین۔ جن پر اب بیکن۔ اسحاق
نیوٹن۔ دیکارٹ۔ لیبنتز۔ لاکونٹ۔ شتروس۔ تندل۔ لاپلاس۔ کمپل کی
اسپنسر۔ ڈارون کا غلبہ ہی اور دنیا مین آج انکی شہرت اور عزت ہی
انھین کے اقوال انھین کی رائین آج مانی جاتی ہین۔ انھین کے اقوال

فنرجع الى اقوالهم ونسنده الى ازاءهم وبها نستطيع الان تبكيت
المحاملين على الدين وبها نتمكن من اجرار السنتهم كما كنا نبكتهم في
عصر العلوم القديمة باقوال الحكماء القدماء الذين مر ذكرهم

ايها السادة ! وانتم على علم بان العلماء هم قادة
امة الاسلام وامراءهم في الدين، وبهم تلم شعثهم وتنظم
شملهم ولا تقوم للقيادة والامارة قائمة الا اذا كان القادة
والامراء اوسع من تبعتهم معرفة واسمى ادراكا واغزر مادة
في علوم الدين والدنيا ليهابهم العامة ويعظمهم الخاصة
وذلك ما كانت به اشتدت شوكة العلماء الاولين
وهابت السيوف الاقلام، وخضعت التيجان للعمائم
وعنت العروش للمنابر، اما الان فالحق يقال ان
المتبوعين احط منزلة من تبعتهم في العلوم الا
علوم الدين واقصر باعا منهم فصغروا في اعينهم
وانحط قدرهم وذهبت حرمتهم وثار المرؤوسون
في وجوه رؤسائهم فحينئذ تبدد
الشمل وحرمت الامة من القيادة فاصبحت
عساكر ليس معها قائد ورعايا
ليس لها امير، وفي ذلك ما لا يخفى على
ذي عينين، ووالله لن يسود العلماء
الامة ولن يملكوا ازمتها او ياخذوا المعارف الحديثة
ويصبحوا علماء الدنيا وحكماء الفلسفة الجديدة كما هم

ذریعہ سے ہم آج مخالفین اسلام پر غلبہ پا سکتے ہین اور انھین سے
ہم انکی زبانین بند کرسکتے ہین جسطرح کہ ہم گذشتہ زمانے مین گذشتہ
حکما کے اقوال سے ان پر غلبہ پاتے تھے جنکا ذکر ہم پہلے کرآئے ہین۔

حضرات ! آپ اس سے واقف ہین کہ علما قوم کے سردار
اور سالار ہین اور انھین کیوجہ سے قومی شیرازہ منتظم ہوا اور یہ سرداری
اسوقت تک مسلم نہین ہوسکتی جب تک کہ سردار اپنے پیرودن سے
زیادہ عالم زیادہ فاضل زیادہ شایستہ نہون تاکہ عوام اُن سے
ڈرین، اور خواص انکی تعظیم کرین اور یہی وجہ ہے جسکی سبب سے گذشتہ
علما کی عزت زیادہ تھی اور تلوارین قلمون کا خوف کرتی تھین تاج
شاہی، عمامون کی عزت کرتے تھے اور تخت ممبرون کے سامنے
سرنگون تھے لیکن درحقیقت اب یہ حالت ہے کہ علما اپنے پیرودن سے
سوائے علم دین کے تمام علوم مین گھٹ گئے ہین اور اُنسے انتہا بے
کم ہین جسکی وجہ سے اُنکی عزت انکے پیرودن کے آنکھون مین
بالکل باقی نہین رہی اور انکی قدر و منزلت گھٹ گئی اور پیرو
اپنے سردارون سے بالکل باغی ہوگئے جس سے اسلامی شیرازہ
بکھر گیا قوم سے سرداری اُٹھ گئی لشکر ونکا کوئی سردار اور رعایا
پر کوئی حکمران نہ رہا اور اس سے جو نتائج پیدا ہوتے ہین وہ کسی
شخص پر پوشیدہ نہین خدا کی قسم علما قوم کے اُسوقت تک
سردار نہین ہوسکتے قوم کی باگ اسوقت تک اُنکے ہاتھ مین
نہین ہوسکتی جبتک کہ وہ علوم جدیدہ نہ حاصل کرین اور
علوم دنیا اور فلسفہ کے بھی اُسی طرح عالم نہوجائین جسطرح کہ وہ

علماء الدين وحكماء الفلسفة القديمة،

ايها السادة! وبعض هٰذه العلوم
الحديثة من اساس الدين وقواعده التي
اسّس عليها بنيانه وبنيت جدرانه،
وهو علم النفس فمن لم يعلمه لم يدرك حقيقة
الاخلاق ومبادئها التي جبل عليها الانسان
ومن لم يدرك حقيقة الاخلاق لم يدرك حقيقة
الدين ومن لم يدركها فليس له في الآخرة من خلاق،

وعلى ذلك ان العلوم القديمة التي هم
عليها عاكفون ما هي الا فوضى وغوغاء واضغاث
احلام لا يعلم تاويلها والعلوم الحديثة
تُعرب عن الحقيقة وتسفر عن وجه الطبيعة
وتكشف عن المعارف الحقة الصحيحة فهي
مثال العلوم القديمة بافكار كاسدة، وآراء
فاسدة، وابحاث لا ترجع بفائدة غير واضحة
السبيل وثابتة الاركان بل هي تهدي البشر
الى نور الفطرة التي فطر الكون عليها وتسوقهم
الى التفكر في ملكوت السموات والارض
والانفس واختلاف الليل والنهار ربنا
ما خلقت هذا باطلا فقنا عذاب الجهل
وبيدك مفاتيح العلم،

علوم دینیہ اور فلسفہ قدیم کے عالم ہین،

حضرات انھین علوم جدیدہ مین سے بعض ایسے علم
جن پر دین کی بنیاد دین کے ستون دین کی دیوارین قائم
جسکا نام علم النفس ہو کہ جسکے بغیر کوئی شخص اخلاق کی حقیقة
سمجھ سکتا اور نہ اُسکو ان چیزونکا علم ہو سکتا ہو جنپر انسان
مجبول ہو اور جو شخص اخلاق کی حقیقت نہین جانتا وہ دین
حقیقت نہین سمجھ سکتا اور جو شخص اسکو نہین سمجھتا اُس
مین کوئی حصہ نہین،

اسکے علاوہ وہ علوم قدیمہ جن پر وہ اعتکاف کیے
ہین وہ صرف غل شور اور پریشان خواب ہین جنکی تعبیر
ہو سکتی۔ علوم جدیدہ حقیقت کو کھول دیتے ہین اور واقع
کر دیتے ہین۔ اور صحیح اور حق علوم وہ ظاہر کر دیتے ہین
مثل علوم قدیمہ کے بیہودہ خیالات غلط رائین اور ایسی
ہین جو بیکار رہون بلکہ وہ انسان کو ایک فطری نور کی
ہدایت کرتے ہین جس پر کہ تمام کائنات کی خلقت ہ
انسان کو آسمان و زمین نفس اور لیل و نہار کے
مین خیال کرنے کی طرف مائل کرتے ہین۔ اے خدا
انکو بیکار نہین پیدا کیا ہمکو جہالت کے عذاب سے
ہاتھ مین علم کے خزانہ کی کنجیان ہین،

فتوى الصلوة في اقصى البلاد الشمالية

ما هو قول العلماء في رجل من المسلمين بلغ الى
البلاد الشمالية والاصقاع الجليدية لاسيما موضع
القطب فقد اكتشف اليه السبيل في هذا الزمن كيف
يؤدي الفرائض الدينية من الصوم والصلوة لان في
بعضها يفوته بعض اوقات الصلوة كالعشاء في
اقصر ليالي السنة في بلاد البلغار وفي بعضها لا يجد
وقت صلوة اصلا ولا شهر رمضان كعرض
تسعين اي القطب فان السنة كلها هناك يوم وليلة
فهل تسقط عنه تلك الفرائض لعدم الوقت ام ماذا عليه من العمل

الجواب

البلاد التي لا توجد فيها بعض اوقات الصلوة
عند الحنفية تسقط عن اهلها تلك الصلوة
لا تجب عليهم راسا فان الوقت عندهم سبب
وجوبها وتسقط عند فقد السبب كما هو مصرح في
الكتب الفقهية كالفتاوى الهندية والكنز
والبحر الرائق وفتح القدير والكبيري شرح
منية المصلي الا في رواية عن البرهان الكبير
الشيخ كمال الدين ابن الهمام واختارها في
تنوير الابصار فقال (وفاقد وقتهما مكلف بهما
فيقدرهما) انتهى ورد عليه في الدر المختار

اقصاے بلاد شمالیہ مین نماز کا فتوے

علماے دین اُس مسلمان کے بارہ مین کیا فرماتے ہین جو شمالی
برفستانی ملکون تک پہونچا خصوصًا موضع قطب پر جبکہ اس زمانہ مین اُسکا
راستہ دریافت ہوگیا ہی کہ وہ مذہبی فرائض مثل نماز و روزہ کیونکر ادا کرے
کیونکہ بعض مقامات پر تو اُسکو کچھ اوقات نماز نہین ملتے جیسے بلغار
مین سب سے چھوٹی رات کو عشا کا وقت اور بعض جگہ نہ کسی نماز
کا وقت ملتا ہی نہ ماہ رمضان جیسے خاص ۹۰ درجہ یعنی قطب کا
مقام کیونکہ یہان پورا سال ایک دن اور ایک رات کا ہوتا ہی تو
کیا یہ فرائض وقت نہونیکے باعث اُس سے ساقط ہو جاینگے
یا اُسکو کچھ اور کرنا ہوگا،

جواب

حنفیون کے نزدیک اُن مقامات مین جہان نماز کے بعض اوقات
نہین پائے جاتے وہان کے باشندون سے یہ نماز ساقط ہو جاتی ہی
اور اُنپر بالکل فرض نہین رہتی کیونکہ حنفیہ کے نزدیک وقت وجوب
صلوۃ کا سبب ہی اور نماز بسبب نپائے جانے وقت کے ساقط ہو جاتی ہی
جیسا کہ کتب فقہ مثل فتاوی عالمگیری اور کنز اور بحر الرائق اور فتح القدیر
اور کبیری شرح منیۃ المصلی مین اسکی تصریح موجود ہی مگر برہان کبیر اور
شیخ کمال الدین ابن الہمام سے ایک روایت اسکے خلاف بھی ہی
ہی اور تنویر الابصار مین اُسکو اختیار کیا ہی اُس مین بیان کیا ہی کہ
(جو شخص وتر و عشا کا وقت نپائے وہ ان دونوں کا مکلف ہی اور
اُنکے لیے وقت کا اندازہ کرے) درمختار مین اسپر رد کیا ہی اور اس

وابى عن كونها مذهبا واثروا عليه المتون
من ان الصلوة لا تجب على اهل
تلك الاصقاع

وتفصيل المقام ان فى زمن الصدر برهان
الائمة من الحنفية ورد عليه فتوى من بعض الاقطار
الشمالية انا لا نجد وقت العشاء فى بلدتنا
هل علينا صلوتها فكتب ليس عليكم صلوة العشاء
وبه افتى ظهير الدين المرغيناني -

وورد هذه الفتوى ايضا من بلاد البلغار
على شمس الائمة الحلوانى وهى مدينة الصقالبة
ضاربة فى الشمال يطلع فيها الفجر قبل غروب
الشفق فى اربعينية الصيف فى اقصر ليالى
السنة فافتى بقضاء العشاء ثم وردت بخوارزم
على الشيخ الكبير سيف السنة البقالى فافتى بعدم
الوجوب فبلغ جوابه الحلوانى فارسل من يسأله
فى عامة بجامع خوارزم ما تقول فى من
اسقط من الصلوات الخمس واحدة هل يكفر فسال
واحس الشيخ فقال ما تقول فيمن قطع يداه مع
المرفقين ورجلاه مع الكعبين كم فرائض
وضوئه فقال ثلث لفوات محل الرابع
قال فكذلك الصلوة الخامسة فبلغ الحلوانى جوا[بہ]

روایت کے مذہب ہونے سے انکار کیا ہے اور وہی بات اختیار کی
ہے جو متون میں لکھی ہے یعنے ان مقامات کے باشندوں پر نماز
فرض نہیں،

تفصیل یہ ہے کہ صدر برہان الائمہ حنفی کے زمانہ میں اُنکے پاس
شمال کی جانب سے ایک فتوی آیا تھا کہ ہم لوگ اپنے شہر میں عشا
کا وقت نہیں پاتے کیا ہم پر نماز عشا فرض ہے اُنھون نے لکھا کہ تم پر
عشا فرض نہیں ہے اور ظہیر الدین مرغینانی نے بھی یہی فتوی دیا،

نیز یہی فتوی شہر بلغار سے شمس الائمہ حلوانی کے پاس آیا تھا
یہ صقالبہ کا شہر ہے جو شمال کی جانب ہے وہاں گرمی کے موسم میں
سب سے چھوٹی رات کو غروب شفق سے پہلے صبح طلوع ہو جاتی ہے
اُنھون نے عشا کے قضا کرنے کا حکم دیا پھر یہی فتوی خوارزم
شیخ کبیر سیف السنۃ بقالی کے پاس آیا انھون نے فتوی دیا کہ
واجب نہیں امام حلوانی کو جب اُنکے جواب کی خبر لگی تو انھون نے ایک
شخص کو بھیجا کہ خوارزم کی جامع مسجد میں عوام کے سامنے اُن سے
دریافت کرے کہ جو شخص پانچ نمازون میں سے ایک نماز ساقط کرے
اُسکے بارہ میں آپ کیا فرماتے ہیں آیا وہ کافر ہوگا۔ اُسنے پوچھا
شیخ نے بھی خوب جواب دیا۔ فرمایا کہ تم اُس شخص کے بارہ میں
کیا کہتے ہو جسکے دونون ہاتھ کہنیون تک یا دونون پیر ٹخنون تک
کٹے ہوئے ہون اُسکے فرائض وضو کتنے ہیں اُس نے کہا تین
جو تھے کا محل ہی نہیں،

آپ نے فرمایا کہ پانچوین نماز کا بھی یہی حکم ہے حلوانی کو جب

استحسنه ووافقه فيه كذا ذكره نجم الزاهدي في شرح القدوري
وهو الذي اختاره الشيخ حافظ الدين النسفي -

معلوم ہوا تو بہت پسند کیا اور اُنکے موافق ہوگئے نجم زاہدی نے شرح قدوری
مین اسطرح ذکر کیا ہی اور اسیکو شیخ حافظ الدین نسفی نے اختیار کیا ہی،

واعترض عليه الشيخ كمال الدين بن الهمام بانه لا يرتاب
تامل في ثبوت الفرق بين عدم محل الفرض وبين عدم
سببه الجعلي الذي جعل علامة على الوجوب الخفي الثابت
في نفس الامر وجواز تعدد المعرفات للشئ فانتفاء الوقت انتفاء المعرف
انتفاء الدليل على الشئ لا يستلزم انتفاءه لجواز
دليل اخر وقد وجد وهو ما تواطأت عليه اخبار
الاسراء من فرض الله تعالى الصلوات خمسا بعد
ما امر اولا بخمسين ثم استقر الامر على الخمس شرعا عاما
لاهل الآفاق لا تفصيل بين قطر وقطر -

شیخ کمال الدین ابن ہمام کا اسپر یہ اعتراض ہی کہ اسمین شک نہین کہ
عدم محل فرض اور عدم سبب جعلی مین جو وجوب خفی ثابت فی نفس الامر کی
علامت بنایا گیا ہی فرق ہی اور ایک شے کے کئی معرف ہو سکتے ہین انتفاء
وقت سے انتفاء معرف لازم آتا ہی اور ایک شے کی دلیل منتفی ہونے سے
خود شے کا انتفاء لازم نہین آتا ہو سکتا ہی کسی دوسری دلیل سے ثابت ہو
جو کہ موجود ہی وہ یہ کہ متعدد اخبار سے ثابت ہی کہ معراج مین خدائے پاک نے
پانچ نمازین فرض کین جبکہ پہلے پچاس کا حکم ہو چکا تھا پھر پانچ پر قطعی
حکم نافذ ہوگیا جو تمام اہل آفاق کے لیے عموماً شروع ہین کسی ملک
کی تفصیل اوس مین نہین ہے -

وما روى انه صلى الله عليه وسلم ذكر
الدجال قلنا ما لبثه في الارض قال اربعون
يوما يوم كسنة ويوم كشهر ويوم
كجمعة وسائر ايامه كايامكم
قلنا يا رسول الله فذلك اليوم الذي
كسنة اتكفينا فيه صلوة يوم قال
لا اقدروا له رواه مسلم ،

اور وہ حدیث جو روایت کی گئی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے دجال کا ذکر کیا ہمنے عرض کیا کہ زمین مین کتنی مدت ٹھہریگا آپ نے
فرمایا چالیس دن ایک دن ایک سال کے برابر ایک دن ایک مہینہ کے
برابر ایک دن ایک ہفتہ کے برابر باقی روز تمہارے سب دنوں کے برابر
ہمنے عرض کیا یا رسول اللہ یہ دن جو سال کے برابر ہوگا اسمین ہمارے
لیے ایک دن کی نماز کافی ہو جائیگی فرمایا نہین اُس کا اندازہ کرو مسلم
نے اسے روایت کیا ہی،

فقد اوجب اكثر من ثلث مائة عصر قبل
صيرورة الظل مثلا او مثلين وقس عليه فاستفدنا ان
الواجب في نفس الامر خمس على العموم غير ان توزيعها

آپ نے تین سو سے زیادہ عصر کی نمازین سایہ کے ایک مثل یا دو
مثل ہونے سے پیشتر ہی فرض کر دین اسی پر قیاس کر لو اس لیے ہمنے
معلوم کیا کہ در اصل واجب علی العموم پانچ ہین مگر ان اوقات پر انکی تقسیم وجود

على تلك الاوقات عند وجودها ولا يسقط بعدهما الوجوب، وكذا قال صلى الله عليه وسلم خمس صلوات كتبهن الله على العباد انتهى۔

اوقات پر ہے اور نہونے پر وجوب ساقط نہوگا، اسیطرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پانچ نمازیں ہین جنکو خدانے بندون پر فرض کیا ہی انتہی،

واجاب البرهان الحلبي عن هذا الاعتراض في شرح المنية فقال والجواب ان يقال ان ما استقر الامر على ان الصلوات خمس فلذا استقر الامر على ان للوجوب اسبابا وشروطا لا يوجد بدونها۔ وقولك شرعا عاما ان اردت انه عام على كل من وجد في حقه شروط الوجوب واسبابه فمسلم ولا يفيدك لعدم بعض ذلك في حق من ذكر وان اردت انه عام لكل فرد من افراد المكلفين في كل فرد من افراد الايام مطلقا فهو ظاهر البطلان فان الحائض لو طهرت بعد طلوع الشمس لم يكن الواجب عليها في ذلك اليوم الا اربع صلوات وبعد خروج وقت الظهر لم يجب عليها في ذلك اليوم الا ثلث صلوات وهكذا ولم يقل احد انها اذا طهرت في بعض اليوم او في اكثره مثلا يجب عليها تمام صلوات اليوم والليلة لاجل ان الصلوات فرضت خمسا على كل مكلف

برہان حلبی نے اس اعتراض کا جواب شرح منیہ مین اسطور پر دیا کہ جسطرح یہ امر طے ہو چکا ہی کہ نمازین پانچ ہین اسیطرح یہ بھی طے ہو گیا کہ وجوب کے چند اسباب و شروط ہین جنکے بغیر وجوب نہیں پایا جاتا، آپکا یہ قول کہ عموما مشروع ہین اگر اس سے یہ مراد ہی کہ ہر شخص کیلیے عام ہین جسکے حق مین وجوب کے شروط واسباب پائے جائین تو ہم تسلیم کرینگے لیکن آپکو کچھ مفید نہوگا کیونکہ بلغاریون کے حق مین بعض اسباب نہیں پائے جاتے اور اگر یہ مراد ہی کہ مکلفین کے ہر ہر روز مطلقا عام ہین تو اسکا بطلان ظاہر ہی کیونکہ حائضہ اگر طلوع آفتاب کے بعد پاک ہو تو اسپر اس دن چار ہی نمازین واجب ہونگی اور ظہر نکلنے کے بعد تین ہی نمازین واجب ہونگی اور اسیطرح باقی نمازین اور کوئی شخص اس کا قائل نہیں ہوا کہ جب حائضہ دن کے کچھ یا اکثر حصہ مین پاک ہو تو اسپر تمام دن رات کی نمازین اس لیے فرض ہون کہ نمازین ہر مکلف پر پانچ فرض کی گئی ہین،

فان قلت تخلف الوجوب في حقها لفقد شرطه وهو الطهارة من الحيض قلنا كذلك يتخلف الوجوب في حق هولاء لفقد شرطه وسببه وهو الوقت،

اگر یہ کہو کہ حائضہ کے حق مین وجوب اس لیے نہوا کہ اسمین شرط وجوب نہیں پائی گئی یعنی حیض سے پاک ہونا ہم کہینگے اسیطرح انکو بھی وجوب اس لیے نہوا کہ اسکی شرط اور سبب نہ پایا گیا یعنی وقت،

واظهر من ذلك الكافر اذا اسلم بعد فوات وقت او اكثر من اليوم مع ان عدم الشرط وهو الاسلام

اس سے زیادہ ظاہر کافر کا مسئلہ ہی جبکہ وہ ایک وقت یا دن کا اکثر حصہ گذرنے پر مسلمان ہو باوجودیکہ اسکے حق مین شرط یعنی اسلام

فحقه مضافا اليه لتقصيره بخلاف هؤلاء ولم يقل
احد يجب عليه تمام صلوات ذلك اليوم لافتراض الصلوات
خمسا على كل مكلف في كل يوم وليلة

والقياس على ما في حديث الدجال غير صحيح لانه
لا مدخل للقياس في وضع الاسباب ولئن سلم فانما هو
فيما لا يكون على خلاف القياس والحديث ورد على
خلاف القياس فقد نقل الشيخ اكمل الدين في شرح
المشارق عن القاضي عياض انه قال هذا حكم
مخصوص بذلك الزمان شرعه لنا صاحب الشرع
ولو وكلنا فيه لاجتهادنا لكانت الصلوة فيه عند الاوقات
المعروفة واكتفينا بالصلوات الخمس انتهى -

ولئن سلم القياس فلا بد من المساواة ولا
مساواة فان ما نحن فيه لم يوجد زمان يقدر للعشاء
فيه وقت خاص والمفاد من الحديث انه يقدر لكل صلوة
وقت خاص بها ليس هو وقتا لصلوة اخرى بل
لا يدخل وقت ما بعدها قبل مضي وقتها المقدر لها واذا
مضى صار قضاء كما في سائر الايام فكان الزوال و
صيرورة الظل مثلا او مثلين وغروب الشمس وغيبوبة الشفق
وطلوع الفجر موجودة في اجزاء ذلك الزمان تقديرا بحكم
الشرع ولا كذلك ههنا اذ الزمان الموجود اما وقت للمغرب
في حقهم ووقت الفجر بالاجماع فكيف يصح القياس وعلم

نہ پایا جانا اُسی طرف منسوب ہی کیونکہ اُس نے ابتک کوتاہی کی بخلاف
اُن لوگونکے اور کوئی بھی اسکا قائل نہین کہ اُسپر اس دن کی تمام نمازین
اسلیے واجب ہین کہ ہر مکلف پر رات دن مین پانچ نمازین فرض ہین

حدیث دجال پر قیاس کرنا بھی صحیح نہین کیونکہ وضع اسباب
مین قیاس کو کچھ دخل نہین اور اگر مان لیا جائے تو قیاس اُسی شے پر
ہوتا ہی جو خلاف قیاس نہو حالانکہ حدیث خود خلاف قیاس وارد
ہوئی ہی۔ شیخ اکمل الدین نے شرح مشارق مین قاضی عیاض سے
نقل کیا ہی کہ یہ حکم اُسی زمانہ سے خصوصیت رکھتا ہی جو صاحب شرع نے
ہمارے لیے مشروع کیا ہی اگر ہمارے اجتہاد پر چھوڑا جاتا تو اُس زمانہ
مین نمازین انھین معمولہ اوقات پر ہوتی اور ہم پانچ ہی نمازون پر
اکتفا کرتے انتہی،

اور اگر قیاس مان بھی لیا جائے تو مساوات کا ہونا ضروری ہی
حالانکہ مساوات نہین کیونکہ ہمارے زیر بحث مسئلہ مین ایسا زمانہ نہین
پایا جاتا جسمین عشا کا وقت خاص اندازہ کیا جا سکے حدیث کا مفاد
یہ ہی کہ ہر نماز کیلیے وہ وقت خاص مقدر کیا جائے جو دوسری نماز کا وقت نہو
بلکہ اُس نماز کا وقت مقدر گذرنے سے پہلے بعد کی نماز کا وقت داخل
نہو اور جب گذر جائے تو نماز قضا ہو جائے جیسا کہ اور ایام مین ہوتا ہی
گویا کہ زوال اور سایہ کا مثل یا دو مثل ہونا اور غروب آفتاب اور غیبوبت
شفق اور طلوع فجر اس زمانہ کے اجزا مین تقدیرا بحکم شرع موجود ہین اور
یہان ایسا نہین کیونکہ بالاجماع وقت موجود یا اُنکے حق مین مغرب کا
وقت ہی یا فجر کا وقت ہی اب قیاس کیونکر صحیح ہو سکتا ہی ہماری اس تقریر سے

بما ذکرنا عدم الفرق بين من قطعت يداه ورجلاه
من المرفقين والكعبين وبين هذه المسئلة كما ذكره
البقالی ولذا سلمه الامام الحلوانی ورجع اليه مع انه
الخصم فيه انصافا منه وذلك لان الغسل سقط ثم لعدم
شرطه لان المحال الشروط فكذا هنا سقطت الصلوة لعدم
شرطها بل وسببها ايضا وكما لم يقم هناك دليل يجعل
ما وراء المرفق الى الابط وما فوق الكعب عقد ار القدم
خلفا عنه فی وجوب الغسل كذلك لم يرد دليل يجعل جزءا
من وقت المغرب او من وقت الفجر او منهما خلفا عن وقت
العشاء وكما ان الصلوات خمس بالاجماع على المكلفين
كذا فرائض الوضوء على المكلفين لا تنقص عن اربع بالاجماع
لكن لا بد من وجود جميع اسباب الوجوب وشرائطه فی جميع
ذلك فليتامل المنصف والله سبحانه وتعالى الموفق انتهى
كلام البرهان الحلبی وقد نقل صاحب رد المحتار ابن عابدين الشامی
كلام الحلبی ودفع عنه ما اعترض عليه وانتصر له ثم قال ويتايد
القول بالوجوب بانه قال به امام مجتهد وهو الامام الشافعی
كما نقله فی الحلية وبقی الكلام فی معنی التقدير ان سلم الوجوب
فعند الشافعية يكون وقت العشاء فی حقهم بقدر
ما يغيب فيه الشفق فی اقرب البلاد اليهم وعند
الحنفية المراد من التقدير انه يجب قضاء العشاء بان
يقدر ان الوقت اعنی سبب الوجوب قد وجد كما يقدر

یہ بھی معلوم ہوگیا کہ کہنیون یا ٹخنون تک ہاتھ اور پاؤن کٹے ہوے
شخص مین اور اس صورت مین جیسا کہ بقالی نے بیان کیا کچھ فرق نہین ہے
اسی لیے امام حلوانی نے اسکو مان کر اپنے قول سے رجوع کیا باوجودیکہ
وہ خصم تھے اور یہ انکا انصاف تھا یہ اس لیے کہ وہان ہاتھ پاؤنکا دھونا
شرط نہ پائے جانیکے باعث ساقط ہوا کیونکہ محل شرط ہے اسیطرح یہان بھی
نماز شرط وسبب نہ پائے جانیکے باعث ساقط ہوئی اور جسطرح وہان کسی
دلیل سے کہنی اور ٹخنون سے اوپر کی جگہ وجوب غسل مین خلیفہ نہین بن
سکتی اسیطرح یہان کسی دلیل سے مغرب اور فجر کا کوئی وقت عشا کا خلیفہ
نہین بن سکتا اور جسطرح نمازین بالاجماع مکلفین پر پانچ فرض ہین
اسی طرح بالاجماع فرائض وضو مکلفین پر چار سے کم نہین ہو سکتے مگر یہ
ضرور ہے کہ وجوب کے تمام اسباب وشرائط ان سب صورتون مین پائے
جائین منصف کو چاہیے کہ تامل کرے اور خداے پاک توفیق دینے
والا ہے برہان حلبی کا کلام ختم ہوا صاحب رد المحتار ابن عابدین شامی
نے حلبی کا کلام نقل کیا ہے اور اُسپر جو اعتراض کیا گیا ہے اُسے دفع کرکے
اسکی تائید کی ہے پھر بیان کیا ہے کہ وجوب کا قول اس سے کچھ پختہ
ہو جاتا ہے کہ ایک امام مجتہد یعنی امام شافعی اسکے قائل ہین جیسا کہ حلیہ
مین اسے نقل کیا ہے اب اس مین کلام باقی رہا کہ اگر وجوب مان لیا جائے
تو تقدیر کے کیا معنی ہونگے شافعیہ کے نزدیک تو ان لوگون کے حق مین
عشا کا وقت اسقدر ہوگا جتنی دیر انکے قریب شہر مین شفق غائب
رہتی ہو اور حنفیہ کے نزدیک تقدیر کے یہ معنی ہین کہ عشا کی قضا
واجب ہو اور یہ فرض کر لیا جائے کہ وقت یعنی سبب وجوب پایا گیا جیسا

وجوده في ايام الدجال كما صرح به الشامي ناقلا
عن الفيض واختار القضاء في فصل الوجوب وانكر
ما في الدر المختار من انه لا ينوي القضاء لانه ان يقال
لتلك الصلوة انها اداء لزم كونها فرض الوقت
ولم يقل به احد اذ لا يبقى وقت العشاء بعد
طلوع الفجر اجماعا كما في الزيلعي لا سيما في البلاد التي
يطلع فيها الفجر كما غربت الشمس فلم يوجد وقت
قبل الفجر يمكن فيه الاداء فظهر ان من قال
بالوجوب يقول به على سبيل القضاء لا الاداء
ولو كان الاعتبار باقرب البلاد اليهم كما هو عند الشافعية
لزم ان يكون الوقت الذي اعتبرناه لهم وقتا للعشاء
حقيقة بحيث تكون العشاء فيه اداء مع ان
القائلين عندنا بالوجوب صرحوا بانها قضاء وبفقد
وقت الاداء وايضا لو فرض ان فجرهم يطلع ما يغيب
الشفق في اقرب البلاد اليهم لزم اتحاد وقتي
العشاء والصبح في حقهم او ان الصبح لا يدخل
بطلوع الفجر ان قلنا ان الوقت للعشاء فقط
ولزم ان تكون العشاء نهارية لا يدخل الا بعد
طلوع الفجر وقد يؤدي ايضا الى الصبح لا يدخل
وقته بعد طلوع شمسهم وكل ذلك لا يعقل
اما البلاد التي لا يطلع عليها الشمس ستة اشهر

ایام دجال مین اُنکی وجود فرض کیا جائیگا شامی نے فیض سے
نقل کرکے اسکی تصریح کی ہی اور صورت وجوب مین قضا کو اختیار کیا
ہی اور در مختار مین جو لکھا ہی کہ قضا کی نیت نکرے اُس کا انکار
کیا ہی اس لیے کہ اس نماز کو اگر ادا کہا جائے تو لازم آئیگا کہ وہ فرض
وقت ہو اور اس کا کوئی بھی قائل نہین کیونکہ طلوع صبح کے
بعد بالاتفاق عشا کا وقت نہین رہتا جیسا کہ زیلعی مین ہے
خصوصًا اُن بلاد مین جہان غروب ہوتی ہی فجر طلوع ہو جاتی ہی اب
فجر سے پہلے ایسا وقت ہی نہ پایا گیا جسمین ادا ممکن ہو معلوم ہوا
کہ جو شخص وجوب کا قائل ہی وہ بطریق قضا قائل ہی نہ بطور ادا
اور اگر قریب کے شہرونکا اعتبار ہوتا جیسا کہ شافعیہ کے نزدیک ہی
تو لازم آتا کہ وقت جسکا ہمنے اُنکے لیے اعتبار کیا ہی حقیقۃ عشا
کا وقت ہو اسطرح کہ عشا اُس مین ادا واقع ہو حالانکہ جو لوگ ہم مین
وجوب کے قائل ہین اُنھون نے اسکی تصریح کی ہی کہ یہ نماز قضا ہے
اور ادا کا وقت نہین پایا جاتا نیز اگر یہ فرض کیا جائے کہ اُنکی فجر اسیقدر
طلوع ہوتی ہی جسقدر اُنکے قریب شہرون مین شفق غائب رہتی ہی
تو لازم آئیگا کہ اُنکے حق مین عشا اور صبح کا وقت ایک ہو جائے
یا یہ کہ طلوع فجر پر صبح داخل ہی نہو اگر ہم یہ کہین کہ یہ وقت صرف
عشا کا ہی نیز لازم آئیگا کہ عشا نہاری ہو اور اُسکا وقت طلوع فجر کے
بعد داخل ہو اور یہ کہ صبح کا وقت طلوع آفتاب کے بعد داخل ہو
اور یہ سب باتین غیر معقول ہین ،
لیکن وہ مقامات جہان چھ مہینے آفتاب نہین نکلتا اُنکی

فليلهم نصف سنة ونهارهم كذلك فاستقر الامر على ان الصّلوة لا تجب لان سبب الوجوب يقتضي عدم وجوب الصّلوة والصوم هناك لفقد الوقت والشهر والاحتياط يقتضي التقدير قياسا على حديث الدجال لان وجوه المناسبة كثيرة من امتداد مدة الليل والنهار وعدم تعرض وقت لوقت اخر۔ لاسيما في زمننا هذا اذ كثرت فيه عند اكثر من افراد الامة ذرائع تقدير الوقت من الساعات والصناعات الجديدة والآلات الهندسية غير العديدة والله تعالى اعلم۔

رات نصف سال کی ہوتی ہے اور اسیطرح دن وہاں یہ قاعدہ کہ نماز بغیر سبب کے واجب نہیں ہوتی تو اسکو چاہتا ہے کہ نماز و روزہ وہاں واجب نہو کیونکہ وقت ماہ رمضان موجود نہیں اور احتیاط اسکی مقتضی ہے کہ حدیث دجال پر قیاس کرکے اندازہ کیا جائے کیونکہ وجوہ مناسبت بہت پائی جاتی ہیں جیسے رات دن کی مدت کی درازی ایک وقت کا دوسرے وقت کو متعرض نہونا، خصوصاً ہمارے اس زمانہ میں جبکہ اکثر افراد امت کے پاس تقدیر وقت کا سامان موجود ہے جیسے گھڑیاں نئی صناعات ریاضی کے آلات وغیرہ وغیرہ واللہ تعالی اعلم،

السيّد علي الزينبي المعلم في دار العلوم لندوة العلماء

٢ الرجل والمرأة

مرد اور عورت

للكاتبة المرحومة انيسة اللبنانية

از کاتبہ مرحومہ انیسہ لبنانیہ

ومن المعلوم لكل احد ان الرجل والمرأة مصدر الكائنات البشرية والعلة في بقائها فاذا انقرض احدهما انقرض النوع البشري برمته حتى لا يبقى على سطح الغبراء ديار ولا نافخ نار وقد صاغ الخالق الحكيم كلا منهما صيغة مناسبة لما اراده به كما صاغ كل واحد من المشاعر الخمس صيغة لا يتحصل المقصود من تلك الحاسة الا بها،

یہ بات کسی پر پوشیدہ نہیں کہ مرد و عورت سے نوع انسان پیدا ہوتی ہے اور انہیں پر اس نوع کا دارمدار ہے اگر ان دونوں میں سے ایک بھی فنا ہو جائے تو نوع انسان نیست و نابود ہو جائے اور سطح زمین پر نہ کوئی شخص باقی رہے اور نہ کوئی آگ پھونکنے والا مرد و عورت میں سے ہر ایک کو اُسی خالق حکیم نے اُسی صورت میں پیدا کیا جو اُسکا اُس سے مقصود تھا جسطرح کہ حواس خمسہ کو کہ انہیں سے کوئی حاسہ کسی دوسرے حاسہ کا کام نہیں دیسکتا،

وهذا المبدع الذي لا حدود لحكمته ولا تخوم

اس موجد نے جسکی حکمت کی کوئی حد نہیں اور جسکی قدرت کا

لقد رتہ قد جعل البشر طبقات وجعل کل طبقۃ محتاجۃ الی غیرھا فکانت الحاجۃ ھی الرابطۃ بین تلک الطبقات فالملوک علی علو مقامھم فی حاجۃ الی رجال السّیف والقلم اوالی الجند والوزراء والاغنیاء مع بسطۃ ثروتھم ھم فی حاجۃ الی الفقراء وتری الجھال من ایۃ طبقۃ کانوا فی حاجۃ الی العلماء والمرضی فی حاجۃ الی الاطباء ولا رزق لھؤلاء الا العلل والاسقام فکانما کروھم وبساتینھم وحقولھم الحمّی وذات الجنب والنقرس وانتفاخ الکبد ومرض القلب وھلم جرّا الی سائر انواع المرض وللفقراء اعمال ضروریۃ لا یستطیع الاغنیاء ان یقوموا بھا فھل من غنی یکفیک مؤنۃ الزرع والحصاد والدیاس والطحن والخبز ام ھل من متمول یحمل لک الامتعۃ الی منزلک ولکن الغنی یجلب لک القمح ویبیعک ایاہ بربح فلولاہ لکان یتعسّر علیک او یتعذر جلب القمح من البلاد القاصیۃ اعوام القحط فھذا بثروتہ نفعک لینتفع وعلی ھذہ القاعدۃ وزّع الخالق الحکیم اعمال الحیاۃ بین الرجل والمرأۃ وبتعاونھما واتحادھما یحفظ النوع وتستتب احوال البیوت ویستمر الکون معمورًا ،

انحصار ممکن ہیں اپنی نوع انسان میں مختلف درجے قائم کیے اور ہر طبقہ اور درجہ کو دوسرے کا محتاج کیا یعنی ہر طبقہ کو دوسر طبقون سے ربط وضبط کرنے کی احتیاج پڑی بادشاہون کو باوجود اس قدر منزلت کے اہل قلم اہل سیف لشکر اور وزیرون سے استغنا نہین امرار کو باوجود اس امارت کے فقرا سے غنا نہین ، جاہل عالمون سے مستغنی نہین ، مریضونکو بغیر طبیبونکے چارہ نہین جنکا رزق انھین بیماریون اور مرضون پر موقوف ہی اور گویا اُنکے تمام درخت باغ کھیتی یہی بخار ذات الجنب درد پا ورم جگر امراض قلبی اور اسی طرح اور دوسری بیماریان ہین بعض باتین ایسی ہوتی ہین سواے غریبونکے امیر نہین کرسکتے کیا کوئی امیر شخص کاشتکاری کاٹنے مانڈنے پیسنے روٹی پکانے کی سختیان اُٹھاسکتا ہی کیا کوئی متمول شخص تمہارا اسباب تمہارے گھر تک لادکر بیجاسکتا ہی، لیکن مالدار شخص تمہارے لیے گیہون لائیگا اور تمہارے ہاتھ کچھ نفع لیکر فروخت کریگا اگر یہ شخص نہوتا تو تم سخت مشکل مین گرفتار ہوجاتے اور قحط سالی کے زمانے مین تم دور دراز ملکون سے گیہون نہ لاسکتے یہی وہ نفع ہی جو تم اُنکے مال سے اُٹھاتے ہو جس سے وہ خود بھی تم سے فائدہ حاصل کرتے ہین اسی بنا پر خالق حکیم نے زندگی کو مرد وعورت کے مابین تقسیم کردیا جنکی اتحاد ومدد سے بقای نوع رہے امور خانہ داری انجام پامین اور عالم ہمیشہ نوع انسان سے معمور رہے ،

ما اراد الخالق بالمرأة

اذا نظرت المرأة الى الغرض العظيم الشان
الذی کونت تکوینا کافلا القیام بدأت انها
منبت الوری کلهم اجمعین من ضعیف وقوی
ومسکین وغنی وجاهل وعالم وسوقة وملك
وعلمت علم الیقین انه لم یأت العالم رجل الا
خاضعا لسلطانها منقادا لحکمها لائذا برافتها
مستخرجا رزقه من ثدییها لا ملجأ له سواها وانها
هی اول استاذ له واول حاکم علیه فما علی وجه البسیطة
من ملك لم یکن اول عهده بالدنیا تحت ید المرأة
وما من سلطان لم تعرك المرأة اذنه او تضرب
خده بکفها فاذا التفتت اختی المرأة الی ما ذکرت
رأت انها فی مقام عال فی الاجتماع الانسانی بل رأت
انها احد رکنی الکون العظیمین واذا نظرت الی
ذلك حق لی القول ان من العجب العجاب ما یقرأ من
المقالات لبعض النساء اللواتی یطلبن اعمال
الرجال کالقضاء مثلا مع ان الطبیعة
تشهد بغیر لسان ان الصبغة التی
صبغت علیها المرأة لم تعد ها لمثل
ما تطلب نساء البلاد الزاهرة الحضارة
المتأثرة بجمل رایة المعارف والصنائع

خدا نے عورت کو کسلئے پیدا کیا

جب عورت اُس عظیم الشان مقصد پر غور کریگی جسکے لیے
وہ پیدا کی گئی ہی تو اُسکو معلوم ہو گا وہ تمام مخلوق ضعیف قوی
عالم جاہل فقیر امیر پادشاہ رعایا کو پیدا کرنے والی ہی اور وہ یقین
کرلیگی کہ دنیا مین کوئی ایسا شخص نہین جس نے اُسکے حکم کا
اتباع نہ کیا ہو جس نے اُسکے سامنے سرنگون نہ کیا ہو اُسکے سایہ
شفقت مین نہ رہا ہو اُسکا دودھ نہ پیا ہو سوائے اُسکے اُسکو کوئی
جائے پناہ نہین۔ یہی اُسکو سب سے پہلے تعلیم دینے والی ہی اور
یہی سب سے پہلے اسپر حکم کرنے والی ہی، روئے زمین کوئی ایسا
بادشاہ نہین جسکا ابتدائے زمانہ عورت کے زیر سایہ نہ گذرا ہو
اور کوئی بادشاہ ایسا نہین جسکی عورت نے گوشمالی نہ کی ہو
جسکے گالون پر طمانچے نہ لگائے ہون، انھین خیالات کی طرف
جنکو مین ابھی بیان کر چکی ہون جب میری بہن متوجہ ہون تو
خیال کرین گی کہ عورت کو بنی نوع انسان مین ایک عالیشان
مرتبہ حاصل ہی بلکہ وہ عالم کے دونون عظیم الشان رکنون مین ایک
رکن ہی جب مین نے اسپر غور کیا تو مجھکو اُن عورتون پر بہت
تعجب آیا جو اُن حقوق کے طلب کرنے کیلیے مضامین لکھتی ہین
جو صرف مردون سے تعلق رکھتے ہین، مثلا قضا رباوجودیکہ
طبیعت خود اسبات پر شاہد ہی کہ عورت جس قالب پر ڈھالی
گئی ہی وہ اُن امور کی اجازت نہین دیتا جسکو اُس ترقی تمدن
صنعت وحرفت کے ممالک کی عورتین طلب کرتی ہین

دون سائر بلاد الله كلها جمعاء

عظمة العمل الذي اعدت له المرأة

يا له من عمل خلقت له المرأة ينحط عنده كل
عمل الا وهي التي خلقت لوقاية النوع البشري
من الفناء والاضمحلال وهي التي برئت لان
تهدي الى الدنيا الذرية البشرة الكافلة بقاء
العمران ولان تربي الاطفال وتهذبهم ولان تكون
ربة البيت وسائسة العائلة وحسبي من
بيان عظمة هذه الامور ان اوجه نظر المطالع اليها
وحسب الرجل ان يراعي ذلك حتى يقدم للمرأة حقها
من التكريم بل حتى يضعها على منصة التعظيم
ولما كان ذلك هو الغرض الذي اراده الخالق بها
وصورها صورة تسهل الطريق الى ادراكه فهي
يقضي عليها بالنظر الى جبلتها ان تكون ملازمة
بيتها معتنية بشؤونه قائمة بتدبيره كافية
الرجل مؤونة الاهتمام بما يلزم البيت من اعداد المآكل
والملابس وتربية الاطفال ليكون هو متفرغا للاشغال الخارجية
التي يستخرج منها نفقة عياله وعلى وجه الاستطراد اقول ومن
عجب امر المرأة اقبالها على طفلها بلذة فوق لذة اقبالها على
عقود الجمان وقلائد الياقوت والخروج الى المنازه في
المركبات الفاخرة فلو لم يكن للمرأة من صنيع في الكون الا هذا لوجب

جس سے دنیا کے تمام ممالک محروم ہین -

اُس فرض کی عظمت جسکے لیے عورت بنائی گئی ہے

جس کام کے لیے عورت پیدا کی گئی ہی وہ نہایت ہی اہم اور
مہتم بالشان ہی، عورت اس لیے پیدا کی گئی کہ نوع انسانی فنا
نہو سکے وہ اسلیے پیدا کی گئی کہ بقاے عالم تک وہ یہ سلسلہ جاری
رکھے وہ اسلیے پیدا کی گئی کہ لڑکون کو تربیت دے اُنکو تہذیب
سکھائے گھر کی مالک بنے خاندان کی خبر گیری کرے، ناظرین
کے خیالات کے متوجہ کرنیکے لیے میرے نزدیک متذکرہ بالا
مہتم بالشان باتین کافی ہین جو شخص انکی رعایت کریگا وہ عورت
کی پوری تکریم کریگا بلکہ اسکو تعظیم کے مرتبہ تک پہونچا دیگا چونکہ
یہی غرض تھی جو باری تعالی کو اُس سے مقصود تھی اسلیے اس ساخت
اور خلقت مین اسکو پیدا کیا جس سے اُسکی خلقت کا مقصود بآسانی سمجھ مین
آسکے بنظر اسکی فطرت کے اُسپر واجب ہی کہ وہ خانہ نشین ہو، ضروریات
خانہ کی انجام دہ ہو جس سے مرد کھانے پینے کی
چیزون سے تربیت اولاد سے جملہ امور خانہ داری سے بے پرواہ
رہے تاکہ وہ اُن کامون مین جن سے اہل و عیال کے لیے معاش
حاصل کرتا ہی پوری کوشش صرف کر سکے، علاوہ برین تعجب ہی کہ
عورتین اپنے بچون کی طرف اس شوق و لطف کے ساتھ ملتفت ہین جو
موتیون کے ہار یاقوت کے مالے کی آرایش اور عمدہ گاڑیون پر سیر و تفریح
سے زیادہ پر شوق و پر لطف ہی اگر عورتون کا بجز شوق تربیت اطفال
اور کوئی کارنامہ نہوتا تو بھی وہ اس بات کی مستحق تھین کہ اگر خدای پاک نے

ان تكرّم لولا نهى الله عن السجود لغيره بالسجود
فاىّ رجل لم يكن وديعة رحمتها وامانة
رافتها ام اى رجل ليس هو ابن امرأة فهى
ام العلماء والاطباء والفلاسفة وهى
ام العظماء والوزراء وهى ام الملوك وهى
ام رؤساء الدين ووعاظ المنابر وهى ام الرسل
والانبياء كما انها ام اهل الزراعة والصناعة والتجارة
فلا ادرى كيف تطلب بعد هذا مساواة الرجل
ومشاركته فى مالم تخلق له من الامور والاعمال

ما يجدر بالمرأة ان تبارى الرجل فيه

ان الذى يجدر بالمرأة ان تبارى الرجل فيه انما هو
الاعمال التى يصلح لها كيانه وكيانها من نحو الكتابة والشعر
والتصوير والنقاشة مما لا يدفع العامل الى التعرض للاعمال
الشاقة وفى الحق ان من بنات جنسى من بارين
الرجل فى الكتابة والشعر كالخنساء وابنتها عمرة
وجليلة بنت مرة زوجة كليب واخت جساس قاتله
وعمرة بنت دريد وعمرة الخثعمية والفارعة بنت شداد
والفارعة بنت طريف وفاطمة الخزاعية ولبانة
ومحبوبة ومفضلة الفزارية ومية بنت ضرار ومية
بنت عتيبة واسماء بنت ابى بكر الصديق الى كثيرات غيرهن
ممن حفظت اسماؤهن بما بقى لهن من الشعر

اپنے سوا کسی کو سجدہ کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو اسکو سجدہ
کیا جاتا کیا کوئی شخص ایسا ہے جو اسکے سایۂ رحمت سے فیضیاب
نہوا ہو جو اسکی مہربانیوں کا ممنون نہوا ہو کیا کوئی مرد ایسا ہے
جو عورت کا لڑکا نہو عورت تمام علماء تمام اطبا تمام فلاسفہ
کی ماں ہے جسطرح کہ وہ کاشتکاروں تاجروں پیشہ وروں کی
ماں ہے اسیطرح وہ تمام بادشاہوں وزیروں امیروں امرا
رسولوں نبیوں واعظوں اور اکابر دین کی ماں ہے میں
نہیں سمجھتی کہ اسکے بعد بھی مردکو ان امور واعمال میں جنمیں اُسکا
کچھ حصہ نہیں عورت کی ہمسری کا کیونکر دعوی ہوسکتا ہے

عورت کو مرد سے کن چیزوں میں مقابلہ کرنا چاہیے

عورت مرد سے جن چیزوں میں مقابلہ کرسکتی ہے وہ صرف وہ
کام ہیں جنمیں کوئی سخت محنت کرنا نہیں پڑتی اسی بنا پر جن
میں عورت و مرد دونوں دوش بدوش چلسکتے ہیں وہ صرف انشاپردازی
شاعری تصویر کشی نقاشی وغیرہ ہوسکتے ہیں۔ اور درحقیقت ناز
جنس انشاپردازی وشاعری میں مردوں کا مقابلہ کیا ہے
جیسے خنسا۔ اسکی بیٹی عمرہ جلیلہ بنت مرہ (جو کلیب کی بیوی
ہمشیر جساس (جو کلیب کا قاتل ہے) عمرہ بنت درید عمرہ خثعمیہ
فارعہ بنت شداد فارعہ بنت طریف فاطمہ خزاعیہ لبانہ محبوبہ
فزاریہ میہ بنت ضرار میہ بنت عتیبہ حضرت ابوبکر صدیق رض کی
بیٹی اسماء اسکے علاوہ اور بہت سی عورتیں ہیں جو اپنی شاعری
کی زندگی سے زندہ ہیں

وليس في الادباء من يجهل مقام الخنساء ومقام جليلة والفارعة بنت طريف وليلى الاخيلية ولذا ان رمت الاطلاع على ما لهؤلاء الشواعر وغيرهن من الشعر فعليك بديوان الخنساء الذى نشرته المطبعة اليسوعية وضمت اليه قصائد في الرثاء لستين شاعرة من شواعر العرب وتتبع كتب التراجم نرى عدة شواعر مثل علية بنت المهدى العباسية اخت امير المؤمنين هارون الرشيد التى توفيت سنة ٢١٠ للهجرة فهذه لها ديوان شعر ومثل عائشة الباعونية صاحبة البيتين المشهورين وهما:

بنى سلطاننا برقوق جسرًا
بعدل والعبادله مطيعه
مجازيا لحقيقة للبرايا
وامر بالسلوك على الشريعه

والباعونية هذه من اصحاب البديعيات وكما بارت الرجل المرأة الشرقية في الكتابة والشعر فقد بارته المرأة الغربية ايضا كالسيدة سيفينة وابنتها وحفيدتها وللسيدة سيفينة عشرة مجلدات من الرسائل التى كتبتها الى ابنتها وهى عند الافرنج مثل مضروب فى السهولة والانسجام وقد ذكر المقتطف ترجمتها ورسم صورتها

کوئی ادیب ایسا نہوگا جو خنسا ر جلیلہ فارعہ بنت طریف لیلی اخیلیہ کے مرتبہ سے ناواقف ہو، اگر تم ان عورتون کے اشعار پڑھنا چاہتے ہو اور اُنکی خوبی سے واقف ہونا چاہتے ہو تو تمکو دیوان خنسا ر مطبوعہ مطبع یسوعیہ جسمین عرب کے ۶۰ شاعرتون کے مراثی مین قصیدے ہین منگانا چاہیے اگر تم سوانح عمریونکا مطالعہ کروگے تو مشکل سے چند شاعرہ عباسیہ کے مثل پاؤگے جو خلیفہ مہدی کی لڑکی اور ہارون رشید کی بہن تھی جس نے ۲۱۰ہجری مین وفات پائی، اسکا ایک دیوان بھی ہے، اسی طرح عائشہ باعونیہ جس کے یہ دو مشہور شعر یہ ہین،

ہمارے بادشاہ برقوق نے عدل سے پل بنایا ہے
ہو جس کی رعیت اطاعت کرتی ہے
سچی بات کا مخلوق کو بدلہ دیتا ہے
اور شریعت پر عمل کرنے کا حکم کرتا ہے

باعونیہ اُن شاعرون مین شمار کیجاتی ہے جو اپنے شعرون مین صنائع بدائع صرف کرتے ہین مشرقی عورتون نے جس طرح کتابت و شعر مین مردون کا مقابلہ کیا اسیطرح مغربی عورتون نے بھی اس میدان مین اُنکا مقابلہ کیا ہے لیڈی سیفینہ اور اُس کی بیٹی اور اُسکی پوتی، سیفینہ نے دس جلد مین لکھکر اپنی لڑکی کے پاس بھیجی جو اپنی آسانی عبارت اور روانگی کیوجہ سے اہل یورپ مین ضرب المثل ہین سیفینہ کی سوانعمری اور تصویر المقتطف مین شایع ہو چکی ہے

ومن كاتبات الافرنج السيدة مانتنون التي طبعت
رسائلها من بعد موتها والسيدة ستايل وهي اشهر النساء
والمؤلفات في القرن الثامن عشر الى كثيرات غيرهن -
وقصارى القول ان استمرار النوع البشري في دار الدنيا
قائم باثنين الرجل والمرأة فهما الركنان اللذان
لا تعمر الارض بدونهما وان كلا منهما ميسر بالصورة التي
صورها الضروري من اعمال الحياة لم يتيسر لها الآخر
وان من الاعمال ما هو موافق للاثنين وعلى هذا
مشى الناس من صدور الدهر ولم يزالوا عليه
الى اليوم ولن يزالوا ما بقوا - فلا يظنن بعض خواتي
من اديبات العصر ان المرأة لا تستوفي حقها من
الكرامة الا بمساواة الرجل ومشاركته في كل ما اهلته
الطبيعة للانفراد به كالجندية وصناعة البناء وصناعة
الحدادة وسوق العجلات فان العناية بتدبير البيت
وترتيب احوال العائلة اس للراحة والاطمئنان و
سبب لتفرغ الرجل لما يتعاطاه من صناعة او تجارة او خدمة
وهو مما انفردت بالمرأة وهذا على اهميته لا يعد شيئا بالقياس
الى ما تهدي الى الدنيا من النسل وتعنى بتربيته وتحمل المشاق
في سبيل تنشئته،

فاكتفي ايتها المرأة الحكيمة بالاستقلال بحمل هذا العبء
العظيم الذي من اجله يجب على الرجال ان يقدم لك اقصى

اسکی لڑکی اور بہنین بھی ایسی ہی انشاپرداز تھین، فرنگیوں
مین لیڈی (مانتنون) ہے جسکے رسالے اسکی وفات کے بعد طبع
ہوے ہین لیڈی (سٹایل) ہے جو ایک نہایت مشہور عورت ہے
انکے علاوہ اور بہت سی مصنف عورتین اٹھارویں صدی
مین گذری ہین حاصل کلام یہ کہ عورت و مرد دونون کے ساتھ
نوع انسان دنیا مین قائم ہے بغیر ان دونون کے دنیا وی عمارت
بننا ناممکن ہے ہر شخص کے ساتھ جسقدر حیات انسانی کی ضروری
باتین متعلق کی گئین ہین انکو انجام دیتا ہے جو دوسرا شخص نہین
کر سکتا بعض کام ایسے ہوتے ہین جو مرد و عورت دونون کر سکتے
ہین بیلک ایسا قاعدہ ہے جسپر ابتدا ے زمانہ سے لیکر آجتک
لوگونکا عمل ہے اور قیامت تک رہیگا ہماری موجودہ زمانہ کی تعلیم یافتہ بہنون
کو یہ خیال نکرنا چاہیے کہ عورت کی تکریم اسوقت تک نہین کیجاسکتی
جبتک کہ وہ مرد کی ہر بات مین مقابل نہو جائے حتی کہ فوجی معماری آہنگری
گرچبانی مین بھی حصہ لے جو عورت کے فطرتا خلاف ہین اسلیے کہ امور خانہ
داری خاندان کی نگہبانی ایسی چیزین ہین جو فقط عورتونکے ساتھ مخصوص ہین
جسکی وجہ سے مرد مطمئن ہوجاتے ہین اور تجارت اور دوسرے پیشونمین
ہمتن مشغول ہونیکا موقع ملتا ہے لیکن باوجود اسکے کہ یہ ایک اہم چیز ہے مگر
اسکا ہم اسبابسے مقابلہ کرین کہ عورت سے نسل انسانی قائم ہے عورت ہی
اسکو تربیت دیتی ہے اسکے نشو و نما کے زمانہ کے مصائب برداشت کرتی

اے دانا عورت تو صرف اس بار عظیم کے اٹھانے پر قناعت کر
جسکی وجہ سے ہر مرد پر واجب ہے کہ وہ عورت کی انتہا سے زیادہ

مايتصور من التكريم واما هذه الآراء الجديدة فلا ارلها الا من باب مخالفة الطبيعة ولا يحسن في الكون ما خالف الطبيعة وشج وعلى سبيل الاستطراد اقول من شوائب هذا العصر ان جمهور اهله يتهالكون على الجديد لو باطلا و ينفرون من القديم ولو حقا وهو انحطاط عقلي يزري باهل عصر يسمون عصر العلم فسبيل كل من اهل العصر ان يعرض على عقله ما يراه من الاقوال الجديدة المخالفة لعادات وقواعد ونواميس قديمة و يوازن بين الجديدة والعتيقة حالا ومآلا ونتيجة وسببا ومسببا وعليه قبل ان يفضل الجديد ان يكرر هذه الموازنة مرات فاذا رأى ان الصواب اتباع الجديد اتبعه والا بقي متمسكا بالقديم وهو على علم من الصواب الباقاء عليه وان من الضلال اتباع الجديد الذي ولده الغرور - هذا وفي ظني ان المرأة اذا كتبت في التربية والتهذيب تيسر لها نظرا الى مزاولتها لذلك ان تذكر طرفا يصل بالمربي الى ما ينوي من تقديم الطباع بصورة لطيفة و يخطر لها في هذا الباب ما قل لا يخطر للرجل لعدم مزاولته لتربية الصغار وتثقيفهم ولعل بعض اديبات العصر ان تندفع لتاديته

تعظیم و تکریم کرے، لیکن ان نئی باتون اور نئی راؤن کو فطرت نہین تسلیم کرتی اور جو چیز فطرت کے خلاف ہو وہ دنیا مین سرسبز نہین ہو سکتی لیکن اگر ان بھی لیا جائے تو مین کہونگی، کہ موجودہ زمانہ کے معائب مین سے ایک یہ ہی کہ تمام لوگ نئی باتون پر گو یہ غلط ہون ٹوٹ پڑتے ہین اور پرانی باتون سے گو یہ حق ہون نفرت ظاہر کرتے ہین یہ ایک عقلی کمزوری ہی جو اس زمانہ سے لوگونکے لیے باعث ندامت ہوگا جو اس زمانہ کو زمانہ علم بتاتے ہین لہذا ہمارے ہم عصرون سے ہر شخص کو چاہیے کہ اقوال جدیدہ و قدیم عادات و قوانین کے مخالف نظر آئین اُنکو اپنی عقل کے سامنے پیش کرلے اور جدید و قدیم مین ہر طرح حال و مآل نتیجہ سبب مسبب کے اعتبار سے موازنہ کرے اور قبل اس بات کے کہ اقوال جدیدہ کو ترجیح دے اس موازنہ پر چند مرتبہ غور کرلے اگر اسکے بعد بھی جدید قولون کو ترجیح رہے تو ان کو اپنا طرز عمل بنالے ورنہ قدیم قول پر بدستور قائم رہے اُس وقت اُسکو معلوم ہوگا کہ اقوال قدیمہ صحیح ہین اور نئی باتونکا اتباع کرنا گمراہی مین پڑنا ہی جنکو صرف غرور اور نخوت نے پیدا کیا ہی میرا خیال ہی کہ اگر کوئی عورت تربیت اور تہذیب کے بارے مین کچھ لکھیگی تو اُسکو ہمیشہ یہ کام کرنے کی وجہ سے یہ نہایت آسان ہوگا کہ وہ نہایت ہی اچھے پیرایہ مین ترقی طبائع کے وسائل بتاسکے اور وہ ایسی باتین لکھ سکے گی جو مردون کو عدم تجربہ کی وجہ سے نامعلوم ہونگی غالبا موجودہ زمانہ کی تعلیم یافتہ عورتون مین سے کوئی اُس خدمت کو قریب انجام دینگی

هذه الخدمة على احسن ما ينتظر فى مثل هذا الزمان،
ويعلم الله ان فى نفسى شوقا الى انشاء رسالة فى هذا
الموضوع وان كنت معترفة بقصر اليد لكن وقتى
اقل من ان يتسع الاشتغال بمثل هذا الموضوع
المحتاج الى اعمال الفكر للاتيان بما هو افضل نتيجة
من كلام من تقدموا فادعه لمن يسمح لها الوقت
ان توفيه حقه والسلام انتهى -

باب التقريظ والانتقاد

نفحات الوردتين

لا يخفى على الادباء ما للبنانيين من الايادى البيضاء
فى احياء الآداب العربية فى النهضة العلمية الاخيرة،
دع ذكر رجالهم فكفى لهم فخرا ان لنسائهم من اليد
الطولى والحظ الاوفى فى احراز الفصاحة والبراعة وقوة
العارضة وسعة الاطلاع، ما لا ياتى اكثر اهل العربية بمثلها
الاستاذ الشيخ سعيد الشرتونى من اشهر ادباء
لبنان صنّف مصنفات ذات بالٍ والكتاب المعنون
للرثية الكاتبتين الاديبتين المرحومتين انيسة
وعفيفة، فارقتا الدنيا محتضرتين،
ولدت انيسة فى بيروت سنة ١٨٦٣ وولدت عفيفة
فى تلك المدينة سنة ١٨٦٦ وكانتا فى اوائل امرهما الى مدرسة
الراهبات الناصريات ثم ارسلهما والدهما الى مدرسة عين طورة

جس کا آج انتظار کیا جاتا ہی خدا شاہد ہی کہ میری دلی خواہش
یہ ہی کہ مین اس سبجکٹ پر ایک رسالہ لکھون (گو کہ مین لیاقت
قلت علم کی معترف ہون) لیکن میرے پاس وقت کم ہی اور یہ
مضمون اس قدر وقت مانگتا ہی کہ مین اچھی طرح غور و فکر
کرون تاکہ جو کچھ گذشتہ زمانہ مین لکھا جا چکا ہی اسکا بہتر نتیجہ
ہو لہذا مین اس کو اس شخص کے لیے چھوڑتی ہون
جو اسکو پورا وقت دے سکے،

ریویو

نفحات الوردتین

ہر ادیب کو معلوم ہی کہ اہل لبنان کو آخری علمی ترقی مین
عربی لٹریچر کے زندہ کرنے مین ایک خاص شہرت حاصل ہی اگر
مردونکے حالات سے چشم پوشی بھی کیجائے تو اُنکے فخر کرنیکے
لیے یہ کافی ہی کہ اُنکی عورتون کو فصاحت، انشاپردازی و سخنوری
کافی مہارت ہی جسکا مثل بڑے بڑے ادیب نہین لاسکتے،
پروفیسر شیخ سعید شرتونی جو لبنان کے مشہور ادیب ہین انھون
نے بہت سی بہترین کتابین تصنیف کی ہین مذکورہ بالا کتاب
بھی انھین کی مرحوم لڑکیون انیسہ و عفیفہ کی تصنیف ہی جو اہل
زبان اور اہل قلم تھین اور عالم شباب مین اس دنیا سے رخصت ہوگئین
انیسہ ۱۸۶۳ء مین بیروت مین پیدا ہوئی عفیفہ بھی اسی شہر مین
۱۸۶۶ء مین پیدا ہوئی ابتدائی زمانہ مین یہ دونون رسالہ
ناصرات مین تعلیم پاتی تھین اسکے بعد انکے والد نے مدرسہ عین طورہ

فاقامتا ثمہ سنتین ثم دخلتا مدرسۃ التقدم

فبقیت انیسۃ ھناک سنتین وعفیفۃ ثلاث سنوات

فتعلمتا فی المدرستین اصول العربیۃ والنحو الفرنساوی

مع التاریخ والجغرافیۃ والحساب ومبادی

الطبیعیات وفنون الاعمال الیدویۃ ولما انقطعتا

عن المدرسۃ ولحظ والدھما ان فیھما میلا الی الکتابۃ

خرّجھما فی الانشاء والاصول العربیۃ وروّاھما کثیرًا

من جیّد الشعر والامثال وان محفوظ عفیفۃ من جیّد

الشعر لم یکن یقلّ عن خمسۃ الاف بیت فصارت لھما

عبارۃ شائقۃ مھذبۃ واقبلتا علی الکتابۃ فانشأتا

من المقالات ما انتشر اکثرہ فی المقتطف وشیٔ منہ

فی المقتبس والروضۃ ولبنان وقد استحلاہ القراء

علی اختلاف الاذواق لکونہ جامعًا بین رشاقۃ

العبارۃ ودقۃ المعنی'

والکتاب مجموع مقالاتھما البدیعۃ وافکارھما اللطیفۃ

وقد اعجبنا ما کتبتہ انیسۃ فی الرجل والمرأۃ و

واجباتھما وکفالھا ھذا الخطاب شاھدًا لغزارۃ

فضلھا وطول باعھا فی صناعۃ الکتابۃ وقد اثرنا

نشرہ فی المجلۃ' للقراء

مجلس

جریدۃ فارسیۃ یومیۃ تصدر فی طھران

یہان انھون نے دو برس قیام کیا پھر مدرسہ تقدم مین داخل

ہوئین جسمین انیسہ دو برس اور عفیفہ تین سال رہی ان دونون

مدرسون مین انھون نے عربی زبان کے اصول فرنچ نحو تاریخ

جغرافیہ حساب طبیعات کی ابتدائی کتابین اور دستکاری سیکھی

جب انھون نے مدرسہ چھوڑا اور انکے والد نے انکا رجحان تصنیف

کی طرف زیادہ پایا تو انکو انشاپردازی اور اصول عربیہ مین

ماہر کیا اور اُنکو امثال اور شعرون سے سیراب کیا، عفیفہ کو جو

اشعار اسوقت محفوظ تھے انکی تعداد پانچ ہزار سے کم نہین جس

سے اُنکی عبارت مین دلچسپی اور شائستگی پیدا ہوئی اور وہ مضمون

نگاری کی طرف متوجہ ہوئین چنانچہ انھون نے بہت سے مضمون

لکھے جنمین سے اکثر المقتطف مین اور کچھ المقتبس روضہ،

اور لبنان مین شائع ہو چکے ہین جنکو ناظرین نے باوجود اختلاف

مذاق کے پسند کیا جس کی وجہ صرف یہ تھی کہ عبارت سہل

اور پرمغز تھی،

یہ کتاب انھین کے مضامین اور بہتر خیالات کا مجموعہ ہے

انیسہ نے جو کچھ مرد عورت اور اُنکے حقوق کے متعلق لکھا ہی اُسکو

ہم نہایت تعجب کی نظر سے دیکھتے ہین صرف یہ مضمون انیسہ کی

فضیلت اور انشاپردازی کی دلیل کے لیے کافی ہی جسکو ہم اپنے پرچہ

مین ناظرین کی خاطر سے شائع کرتے ہین،

مجلس

یہ ایک فارسی روزانہ اخبار ہی جو طہران سے نکلتا ہے

محتوية على المقالات الاجتماعية والسياسية والتجارية وعلى
المذاكرات الرسمية التي تدور في مجلس الشورى الملي في طهران واخبارها
لمنشيها الفاضل البارع الحر الشيخ يحيى الكاشاني ولصاحبها الوطني
الشريف محمد صادق الطباطبائي وثمن اشتراكها عن السنة
۷۵ قراناً في داخل القطر و ۱۲ فرنكاً في الخارج،
وتصفحنا الجريدة فوجدناها مستقيمة الخطة صادقة اللهجة
كثيرة الحب بالوطنية، بارك الله في حريتها ووطنيتها،

اسمین اجتماعی سیاسی تجارتی مضامین شائع ہوتے رہتے
ہین طہران کی پارلیمنٹ مین جو مسائل پیش ہوتے ہین وہ بھی
اسمین شائع ہوتی ہین شیخ یحیی کاشانی جو فاضل اور آزاد
ہین اڈیٹر ہین اور شریف محمد صادق طباطبائی اسکے مالک ہین
سالانہ قیمت ایران مین ۷۵ قران اور ایران سے باہر ۱۲ فرنک ہے
ہم نے اس اخبار کو غور سے پڑھا یہ اخبار نہایت سچا اور حب
وطن سے بھرا ہوا ہی خدا اسکی آزادی اور وطنیت مین برکت دے

ادیب

مجلة ادبية مزينة بالرسوم تصدر باللغة الاردوية
في الہ آباد قصبة الولايات المتحدة الهندية لمنشيها نوبت رای
اللكناوي وتطبع على الحجر بطبع جميل متقن وعلى ورق
صقيل عال تحتوي على فصول رائقة ومقالات
شائقة ومكاتبوها من مشاهير كتاب الهند من
المسلمين والوثنيين، بدل اشتراكها عن السنة
۴ روبيات مع اجرة البريد،
وقد آلى صاحبها على نفسه ان لا ينشر فيها
المقالات الدينية وها نجد في العدد الاول منها
مقالتين دينيتين احدهما لوثني والاخرى لمسلم
اما رسم آدم وحواء في العدد الاول مما يوذي المسلمين
ايذاءً دينيًا، فلتتق المجلة من رسوم انبياء
الاسلام ورجال دينه،

ادیب

یہ ایک ادبی رسالہ ہی جو تصاویر سے مزین ہوتا ہی اور ممالک
متحدہ کے دار الحکومت الہ آباد سے اردو زبان مین شائع ہوتا ہی
اسکے اڈیٹر منشی نوبت رائے صاحب نظر لکھنوی ہین اسکی
چھپائی بہت عمدہ ہی اور کاغذ نہایت نفیس ہی اسمین دلچسپ
مضامین شائع ہوتے ہین اسکے نامہ نگار ہندوستان کے
بڑے بڑے لکھنے والے مسلمان اور ہندو ہین اسکی سالانہ قیمت
مع محصول ڈاک چار روپیہ ہین،
اڈیٹر نے وعدہ کیا ہی کہ اسمین مذہبی مضامین نہونگے
لیکن ہم اسکے پہلے ہی نمبر مین دو مضمون اسی قسم کے پاتے ہین
جنمین پہلا مضمون ایک ہندو مضمون نگار کا ہی اور دوسرا ایک
مسلمان کا ہی نمبر اول مین حضرت آدم و حوا، کی تصویر مسلمانوں کو
مذہبی رنج پہونچاتی ہی آیندہ سے رسالہ کو چاہیے کہ اسلام کے
انبیا اور مذہبی اشخاص کی تصویرین نہ شائع کرے،

القرن الرابع عشر

مجلة اجتماعية سياسية يصدرها حضرة الفاضل
قاضي سراج الدين القانوني باللغة الاردوية من مدينة
راولبندي حد ثغور الهند يقع الجزء منها نحو مائة
صفحة وقيمة اشتراكها اربع روبيات وست آنات،
المقالات اكثرها مما يحتاج اليه المسلمون؛

حقي باشا الصدر الاعظم الجديد:

منذ انقلبت الحكومة وقام الاحرار بتركيا اصبحت
صدارة العظمى لا يستقر قرارها ولا يهدء بالها فهي كل
يوم في تقلب وتجدد وفي ذلك ما يمنع الحكومة عن تنظيم
عمليها وتصليحها واثرها فان الرجل لا يحسن عملا
يطمئن قلبه عن عيون المراقبة وعثر الفتك ونهش الاقلام وطعن
الالسنة فوق ذلك عن استقرار مركزه وذلك في الحكومة الجديدة غير متيسر
لم يمض على الحكومة العثمانية الجديدة سنتان كاملتان
ورأينا سعيد باشا وكامل باشا وحلمي باشا وحقي باشا
جالسين على دست الصدارة كلا منهم بعد الآخر قال
حسن حلمي باشا استقال عن الصدارة لاسباب صحية وانما
لان جمعية الاتحاد والترقي التي لها الامر والنهي في الحكومة
لم تثق به (؟) مركزه وقد عرضت الجمعية الصدارة على شوكت باشا
عضو مجلس الدستور مرتين ولكنه ابى قبولها فعدلت
الحكومة الى حقي باشا،،

چودھوین صدی

یہ ایک سوشل اور پولیٹکل رسالہ ہی جسکو قاضی سراج الدین صاحب
بیرسٹر اردو زبان مین راولپنڈی سے جو ہندوستان کی ایک سرحد
ہی شائع کرتے ہین اسکا حجم قریب ۱۰۰ صفحہ کے ہوتا ہی اسکی قیمت
چار روپیہ چھ آنہ ہی اکثر مضامین اس قسم کے ہوتے ہین جنکی
مسلمانون کو ضرورت ہی،

حقی پاشا جدید صدر اعظم

جب سے عثمانی سلطنت کا نیا دور شروع ہوا ہی اور ترک آزاد پارٹی کھڑی ہوئی ہی
عہدہ وزارت پر ہر روز ایک نیا شخص مامور ہوتا ہی جو سلطنت کے
اندرونی انتظامات کے لیے سخت مضر ہی کوئی شخص اُسوقت تک
اچھا انتظام نہین کرسکتا تا وقتیکہ اُسکا دل جاسوسیت اور سرعت
انتقام اور طعن وتشنیع سے مطمئن نہو مزید بران جبکہ خود عہدہ کے
استقلال سے مطمئن نہو اور یہ نئی حکومت مین بالکل نہین ہی،
جدید ترکی حکومت کو ابھی پورے دو برس بھی نہین گذرے
اور عہدہ وزارت پر یکے بعد دیگرے حسب ذیل اشخاص مامور ہو چکے سعید پاشا
کامل پاشا حلمی پاشا حقی پاشا ٹائمز کا بیان ہی کہ حلمی پاشا نے اپنے
عدم صحت کے اسباب سے وزارت سے استعفا دیا در حقیقت یہ ہی
کہ مجلس اتحاد وترقی جسکے ہاتھ مین حکومت کی باگ ہی اُسکا اعتماد انپر
نہ تھا، اُس نے وزارت کو شوکت پاشا پر جو پارلیمنٹ کے ممبر
ہین دو مرتبہ پیش کیا لیکن انکے انکار کرنے کی وجہ سے سلطنت نے
مجبوراً حقی پاشا کو اس عہدہ پر ممتاز کیا،

وحقی باشا کان فی رومیة عاصمة ایطالیا فوصل
عاصمة الخلافة فی واسط ینایر وقبل قدّم حقی باشا
قبل ان یقبل الصدارة شروط القبول الی اعضاء الاتحاد
فی البارلمان وفحوی شروطه کلها ان تترکه الحکومة
حرًا فی اعماله مستقلا فی ایفاء وظیفته ومؤیدا من حزب
قوی فی البارلمان وقد قبل الاعضاء من الشروط اکثرها،
ولد حقی باشا فی الاستانة فی ۲۸ شوال سنة ۱۲۷۹ وهو الآن
فی الثامن والاربعین من عمره تلقی العلوم فی مدارس الاستانة
وهو یعرف من اللغات الترکیة والعربیة والفارسیة والفرنسیة
والانکلیزیة والایطالیة والالمانیة وله مؤلفات کثیرة منها
فی تاریخ الدولة العثمانیة وتاریخ حقوق الدول وحقوق
الادارة ومقدمة فی علم الحقوق، وقد کان فی الحکومة السابقة
من اکابر مترجمی السلطان فبعد اعلان الدستور عینه الصدر
الاول سعید باشا ناظر المعارف ثم نقله الصدر الثانی
کامل باشا الی نظارة الداخلیة ثم عین سفیرا فی رومیة
واقام فیها حتی اصبح صدرًا،

الحج الخدیوی

قد زار الخدیو المکرم بعد حجه مدینة النبی صلعم فاستقبله
سموه دولة محافظ المدینة وعلمائها واعیانها ومائتان
من فرسان العساکر الشامیة وبعده رجع الجناب العالی
الی دار مملکته فابتهج المصریون ابتهاجا شدیدًا

حقی پاشا اٹلی کے پایہ تخت رومیہ مین تھے وسط جنوری مین
دارالخلافت مین آئے حقی پاشا نے قبل عہدہ وزارت کے قبول
کرنے کے پارلیمنٹ مین مجلس اتحاد کے ممبرون پر چند شرائط پیش کیے
تھے جنکا مقصد یہ تھا کہ سلطنت اُنکے کسی کام مین دخل نہ دے اور اپنے
ادا ے فرائض مین آزاد ہون اور پارلیمنٹ مین ایک قوی جماعت اُنکی
تائید کرے ممبرون نے اکثر شرائط منظور کر لیے حقی پاشا دارالسلطنت
مین ۲۸ شوال ۱۲۷۹ مین پیدا ہوے اب اُنکی عمر اڑتالیس برس
سال ہی دارالسلطنت کے مدارس مین تعلیم پائی یہ ترکی عربی فارسی
فرانسیسی انگریزی لاٹن جرمن زبانین جانتے ہین انکی بہت سی
تصنیفین ہین سلطنت عثمانیہ کی تاریخ سلطنتون کے قوانین کی
تاریخ قانون انتظام اور مقدمہ علم قانون سب انھین کی تصنیف
سے ہین گذشتہ حکومت مین یہ سلطان کے ایک بڑے مترجم تھے
پارلیمنٹ قائم ہونے کے بعد سعید پاشا وزیر اول نے انکو
وزیر تعلیمات کیا پھر کامل پاشا وزیر ثانی نے انکو وزارت
داخلیہ مین مقرر کیا پھر رومیہ کا سفیر بنایا ان کا قیام وہین
تھا کہ وزیر ہوے،

خدیو کا حج

خدیو معظم حج کرنیکے بعد مدینہ تشریف لے گئے یہان کے
گورنر اور علما اور خاص لوگون نے انکا استقبال کیا جن مین
دو سو شام کے سوار بھی موجود تھے اس کے بعد خدیو پایہ
تخت مین واپس آئے جس سے اہل مصر نہایت خوش ہوے

وانملانجى تذكار الحج الخديوى وقد كانوا افتتحوا الاكتتاب
سرا المصريون فيه بكل سرور والحق ان الحج الخديوى
زت به مصر عن غيرها من العواصم الاسلامية وحق
ين ان يقيموا التذكار وقد نبغ شعراء مصر
لمناسبة قصائد فى الحج الخديوى واحسنها واجودها
لة حافظ، شاعر الخديو ونابغة مصر
ى بقصيدته هذه الغراء فى
د اخر

اور حج خدیوی کی ایک یادگار قائم کی اور ایک عام فنڈ کھولا جسمین
تمام مصری بہت خوشی سے شریک ہوے حق یہ ہی کہ خدیو کا
حج ایک ایسا حج ہی جس سے زمانہ حال مین سواے مصر کے آجتک کوئی
اسلامی سلطنت مشرف نہین ہوئی اور مصریونکا حق ہی کہ وہ ایک
یادگار قائم کرین اسی مناسبت سے مصری شعرا نے حج خدیوی
پر بہت سے قصیدے لکھے ہین جنمین سے سب سے بہتر حافظ کا
قصیدہ ہی جو خدیو کے شاعر اور مصر کا نابغہ ہین دوسرے پرچہ مین ہم انکے
اُس فصیح و بلیغ قصیدہ کو درج کرینگے،

حزب الاصلاح الدستوری المصری

مصر کی اصلاحی پارٹی

انعقدت الجمعیة العمومیة لحزب الاصلاح الدستوری المصری
...ابر شهدها الکثیرون من اعضاء الحزب ومن زواره
أتمروا فى الامور السیاسیة التى تعود عوائدها على مصر
الشیخ على یوسف رئیس حزب الاصلاح خطبة
...ة افصح فیها اولا عن وظائف الاحزاب السیاسیة ثم اظهر
اجتماع کلمة المصریین على ایجاد الدستور النیابى المصرى
الامة المصریة على تناسى الضغائن والاحقاد والاعراض
ب الذات والتعصب للرأى واعلمها وظائفها وحاجات
ها، وبث مآثر الخدیو عباس حلمى باشا،

مصر کی اصلاح کرنیوالی کمیٹی کا عام جلسہ ۸ جنوری کو ہوا جس مین
اسکے اکثر ممبر اور بہت سے اور لوگ شریک تھے اور اُن ملکی معاملات
مین مشورہ کیا جنکا اثر مصر پر پہونچنے والا تھا، شیخ علی یوسف جو اسکے
پریسیڈنٹ تھے انھون نے پریسیڈنشل اسپیچ دی جسمین سب سے
پہلے سیاسی کمیٹیونکی فرائض کا اظہار کیا پھر مصریونکی نیابی پارلیمنٹ قائم
کرنے پر شکر ظاہر کی اور مصریون کو رفع نزاع اور رفع کینہ کیطرف
مائل کیا اور نفس پرستی سے نفرت دلائی اور اُنکے فرائض اُنکو بتائے
اور ملک کی ضروریات سے مطلع کیا اور عباس حلمی پاشا خدیو
حال کے فضائل بیان کیے،

ندوة العلماء

ندوۃ العلماء

قد ذکرنا قبل ان الجمعیة السنویة لندوة العلماء
...العمیة الهندیة ستنعقد فى مدینة دهلى عاصمة الهند

ہم پہلے لکھ چکے ہین کہ اس سال ندوہ کا سالانہ جلسہ
دہلی مین ہوگا، جو اسلامی دور حکومت مین ہندوستان کا

ابان الحکومة الاسلامیة والآن فنبیٔ القراء بکل سرور انها منعقدة فی اواخر مارث واهالی دهلی یستعدون لها کل الاستعداد ونرجو من سکرتیرها المفضال اقامة المعروض العلمی فی هذه الحفلة مثل الحفلة المنعقدة فی مدینة بنارس)

الاسطول العثمانی یزور مصر

للدول الآن ساعدان البحریة والبریة فالدولة التی لم تکن احد ساعدیها هذین فهی عاجزة عن الذب عن حمی ثغورها ورفع منار حربیتها والدولة العثمانیة الاسلامیة التی هی کعبة امالنا ضعیفة البحریة ولا تقوی بحریتها الا اذا کانت ذات اساطیل قویة وسفن مدرعات حربیة لتذود عن حریم عوراتها وتحمی ممالکها النائیة النواحی الشاسعة الاطراف والسلطان السابق عبد الحمید خان قد کان صرف عنایته الی اصلاح السفن البالیة والی انشاء بعض السفن لتتاد بیدیة حتی تمکن من ایجاد اسطول صغیر لا یلائم شهرة الدولة العثمانیة الکبیرة، ولا تملک الدولة اسطولا غیره یستعد للحرکة والطواف فالحکومة العثمانیة الجدیدة مستفرغة مجهودها فی اصلاح البحریة وایجاد اساطیل قویة ذات مدافع سریعة الطلقات وفی عنوان مساعیها فی هذا الباب انها اذنت لسفن الحربیة التی کانت مسجونة ملقیة مراسیها فی داخل خلیج ایوب للاقلاع والتحرک وسیزور اسطولها الوحید میاه مصر فی شهر فبرایر واهل مصر یستعدون لمقابلته بمظاهرة الحفاوة والاکرام لضباط هذا الاسطول وجریدة المؤید تدعوهم بهذه المناسبة الی الاکتتاب علما تتمکن الحکومة به من ایجاد اسطول اخر،

دار الحکومت تھا آج ہم ناظرین کو نہایت خوشی کیساتھ خبر دیتے ہین کہ وہ امیر مارچ مین منعقد ہوگا اہالیان دہلی اُسکا خوب انتظام کر رہے ہین ہم اسکے سکریٹری سے امید کرتے ہین کہ وہ اس جلسہ مین بھی علمی نمائشگاہ قائم کرینگے جیسے کہ اُنہی بنارس کے جلسہ مین قائم کی تھی،

ترکی بیڑہ مصر مین

تمام سلطنتون کے لیے بحری اور بری دونون قوتین ہوتی ہین جو سلطنت ان دونون قوتون سے محروم ہی وہ اپنی سرحدونکی حفاظت نہین کر سکتی اور نہ اپنی جنگی قوت کو نامور کر سکتی ہی ترکی اسلامی سلطنت جو ہماری امیدونکا کعبہ ہی وہ بحری قوت مین کمزور ہی اُسوقت تک مضبوط نہین ہوسکتی جبتک کہ اسکے پاس بہت سے جنگی جہازون کے بیڑے جنگی آہنی کشتیان نہون جو دشمنونکی مدافعت کرین اور دور دراز ملکون کی حفاظت کرین، بادشاہ سابق عبد الحمید خان نے پرانی کشتیونکی درستگی اور تارپیڈو کشتیون کے بنوانیکی طرف توجہ کی تھی اور ایک چھوٹا بیڑا بنایا تھا جو اس بڑی سلطنت کے مناسب تھا سلطنت کے پاس سوا اس بیڑے کے اور کوئی ایسا بیڑا نہین ہی جو سفر کرنیکے قابل ہو ترکی سلطنت اسوقت بحری قوت کی اصلاح اور نئے جہازونکے بنوانے مین بہت کوشان ہی جنمین بڑی بڑی جلد جلد فیر کرنے والی توپین ہون اسکی سب سے پہلی کوشش یہ ہی کہ اُس نے اُن کشتیونکو جو مدت سے خلیج ایوب مین محبوس تہین لنگر اُٹھانے کی اجازت دیدی ہی اور بہت جلد اسی فروری مین اُس کا تنہا بیڑا مصر آئیگا اہل مصر نہایت جوش و خروش سے اس کے افسرون کے استقبال کے لیے مستعد ہین اخبار المؤید اس موقع پر اُنکو چندہ جمع کرنے کی طرف مائل کر رہا ہے جس سے سلطنت ایک دوسرا جہاز بنوا سکے،

عصر گھڑی

نامن کی بلندی

فقہاء اسلام سایہ اصلی کا حساب قدموں سے کرتے ہیں قدم انکی اصطلاح میں ہر بلندی کے ساتویں حصہ کو کہتے ہیں چونکہ ہر شخص کا قد تقریبًا اسکے سات قدم کے برابر ہوتا ہے اسلیے انھوں نے قد آدم کو مقیاس الظل فرض کرکے اسکے قدموں سے سایہ کی پیمایش بتادی تاکہ ہر شخص کو ہر مقام پر سایہ اصلی معلوم کرنے میں دشواری نہو اور نہ کوئی علیحدہ مقیاس ڈھونڈھنی پڑے جب وہ یہ بتائینگے کہ فلان شہر میں فلان تاریخ کو سایۂ اصلی ۲ قدم یا ۳ قدم ہوگا تو اسکا یہ مطلب ہوگا کہ ہر شی کی بلندی کی دو سبع یا تین سبع کی برابر سایہ ہوگا حساب ستینی کے اصول پر اقدام کی بھی تقسیم کی گئی ہے یعنے ایک قدم کو ساٹھ ۶۰ حصہ پر تقسیم کرنے سے دقیقے حاصل ہونگے اور ایک دقیقہ کو ساٹھ پر تقسیم کرنے سے ثانیے اور علیٰ ہذا ثالثے اور رابعے۔

اب ہمین یہ دیکھنا ہے کہ عصر گھڑی کی نامن یعنی مقیاس الظل کسقدر بلند رکھنی چاہیے حساب اقدام کے لحاظ سے مناسب ہے کہ نامن کی بلندی ایسے پیمانہ پر ہو جسکے ساتوان حصہ یعنی قدم بآسانی معلوم ہو سکے اگر بہت بڑی مقدار پر عصر گھڑی بنائی جائے تو نامن کی بلندی سات گز بھی رکھ سکتے ہین جسکا ساتوان حصہ یعنی ایک گز ایک قدم کہلائیگا اور ایک گز کا ساٹھوان حصہ ایک دقیقہ کہلائیگا۔

جامع مسجد دہلی کی عصر گھڑی مین نامن کی بلندی ساڑھے تین انچ کی رکھی گئی ہے تاکہ ایک قدم آدھ انچ کے برابر ہو اسی طرح اگر نامن سات انچ بلند ہوگی تو ایک قدم ایک انچ کے برابر ہوگا جو عصر گھڑیان ایک فٹ مربع سنگمرمر پر یا آٹھ انچہ کی پیتل پر بنائی گئی ہین انکی نامن پونے دو انچہ بلند رکھی گئی ہے تاکہ ایک قدم پاؤ انچ کی برابر رہے مگر اس سے کم رکھنا مناسب نہین ہے کیونکہ سایہ بہت چھوٹی مقدار مین پڑیگا اور اسکے قدم اور دقیقے بدقت معلوم ہو سکینگے

نامن کی موٹائی

عصر گھڑی جامع مسجد دہلی کی نامن پون انچہ موٹی رکھی گئی ہے تاکہ مضبوط رہے اور زیادہ استحکام کے لیے اسکے نیچے پیچ بھی لگا دیے ہین جسکا نقشہ یہ ہے

شرق

جنوب | ا ب ج د | شمال

غرب

اسکا زاویہ ب شمال و شرق کے مابین وہ نقطہ ہے جس سے پتھر پر سایہ اصلی کے قدم شروع ہوتے ہین اور پتھر پر قدمون کی قوسین اسی نقطہ مرکز سے شرق کی جانب کھینچی جاتی ہین اور اسی نقطہ سے سایہ کی درازی لیجاتی ہے اور زاویہ ا جنوب اور شرق کے مابین وہ نقطہ ہے جو دھوپ گھڑی کے خطوط کا مرکز ہے اور جس سے دھوپ گھڑی کے گھنٹون وغیرہ کے وہ خطوط شرق کی جانب پتھر پر کھودے گئے ہین جن سے دوپہر کے بعد کا وقت معلوم ہوتا ہے اور زاویہ د جنوب و غرب کے مابین وہ نقطہ ہے جو قبل از دوپہر وقت بتانیوالے خطوط کا مرکز ہے جو عصر گھڑیان یا دھوپ گھڑیان ہندوستان یا دوسرے بلاد نیمہ شمالی کیلیے تیار کیجائینگی انکے خطوط اور زاویے اسی طرح قائم کیے جائینگے۔

نامن کا پتھر پر لگانا

افقی عصر گھڑی کا نامن پتھر پر اسطرح لگایا جائے کہ اسکا نقطہ ب پتھر کے اس نقطہ پر جس سے قدمون کی قوسین کھینچی گئی ہین اور سایہ اصلی کے قدم شروع ہوتے ہین بالکل منطبق ہو جائے اور بال برابر بھی فرق اسکے شمالًا و جنوبًا نرہے اور نامن بالکل سیدھا عمودی شکل مین صحیح آلات مثل گھنٹے وغیرہ کے ذریعہ سے لگایا جائے جو پتھر کے ہر ایک خط

ظہر زاویہ قائمہ پیدا کرے گا مگر ان دونوں باتوں میں کچھ بھی فرق رہا تو سایہ
پتھر کے خطوط پر غلط پڑیگا اور وقت صحیح نہ بتا سکیگا۔

پتھر کے خطوط

پتھر پر ایک خط شرقاً غرباً ایسا کھینچا جائے جو نامن کے خط شمالی ب ح
پر ہو کر گزرے دوسرا خط اسکے موازی کھینچا جائے جو نامن کے خط جنوبی
اد سے گذرے۔ ۲۱ مارچ کو جبکہ رات اور دن برابر ہوتے ہیں آفتاب اسی خط
کے نقطۂ شرق پر طلوع کرتا ہے اور نامن کا سایہ پتھر پر اس خط کے متوازی ہو کر چلتا ہے

سایۂ اصلی کا پیمانہ

نامن کے نقطۂ ب سے ایک خط شمال کو پتھر پر سیدھا کھینچ دیا جائے پھر اسکے
متوازی دوسرا خط نقطۂ ج سے شمال کو سیدھا کھینچا جائے اب نامن کی
موٹائی کے برابر ایک سطح مستطیل شکل میں حاصل ہو جائیگا اسپر ایسے برابر حصے
بنائے جائیں جنمیں کا ہر ایک حصہ نامن کی بلندی کا ساتواں حصہ ہو اور یہی
ایک حصہ ایک قدم ہوگا ان قدموں پر نمبر ڈالدیے جائیں دہلی کی عصر گھڑی
میں نو قدم کا پیمانہ بنایا گیا ہے اس پیمانہ شکل مستطیل کے غربی خط پر اگر
ہر ایک قدم کے ساٹھ حصے کر دیے جائیں تو ہر روز سایۂ اصلی کی مقدار قدم اور
دقیقہ کے لحاظ سے اس پیمانہ کے ذریعے معلوم ہو سکیگی مگر عموماً ایک قدم
کے چھ یا پانچ کے برابر ہو چار حصے برابر کر دینے کافی ہونگے ان سے دقیقوں کا تقریبی
اندازہ ہو سکیگا۔

سایۂ اصلی کی درازی معلوم کرنے کا قاعدہ

فطرتاً ہر چیز کا سایہ زاویہ پستی آفتاب کے مماس طبعی کے برابر ہوتا ہے مثلث
قائم الزاویہ کے قاعدہ کو اسکے بالائی زاویہ کا عربی میں مماس طبعی اور انگریزی میں
نیچرل ٹن جنٹ کہتے ہیں اسلیے کہ وہ اس دائرہ سے جو اس مثلث کے عمود کے سرے
مرکز قائم کرنے سے پیدا ہوتا ہے مماس ہوا گذرتا ہے جسکی کیفیت اس شکل سے معلوم ہوگی

نقطۂ سمت الراس — آفتاب — زمین

گویا آفتاب جتنا عمود کے سر یعنی سمت الراس
سے جسقدر زاویے زیادہ پست ہوگا
اسی قدر مماس طبعی یا سایہ دراز ہوگا چیمبر صاحب کی جزل ہج
اسی غرض سے بنائی گئی ہے اسمیں بتایا گیا ہے کہ اگر آفتاب نقطۂ سم
عمود سے اتنے درجہ پست ہو تو مماس طبعی اتنا ہوگا غرض کہ ہر
اور دقیقہ کا مماس طبعی ہمیں بتا دیا ہے اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ
میں سایۂ اصلی کے گھٹنے اور بڑھنے اور درازی معلوم کرنے کا ک
یاد رکھنا چاہیے کہ نیمۂ شمالی میں ۲۱ مارچ سے ۲۱ ستمبر تک ج
سے شمالی جانب میں آفتاب کے رہنے کا زمانہ ہے ہر شہر کا سایۂ
کے اُن پستی کے درجوں کے مماس طبعی کے برابر دوپہر کے وقت ہوتا ہے جو
یا مقام کے عرض بلد اور وقت رواں کے میل شمسی کے درجوں کی ت
حاصل ہوں۔ مثلاً دہلی کا عرض بلد ۲۸ درجہ ۳۹ دقیقہ شما
جسدن زوال کے وقت میل شمسی شمالی ایک درجہ ہوگا تو سا
۲۷ درجہ ۳۹ دقیقہ کے نیچرل ٹن جنٹ (مماس طبعی) کے برابر ہوگا
اُ-۲۸-۹-۳۹-۲۷-۹-۳۹- کے اور ۲۱ جون کو جبکہ آفتاب میل
یعنی ۲۳ درجہ ۲۸ دقیقہ پر ہو جو دہلی کا سب سے بڑا دن ہوگا تو سا
۵ درجہ ۱۱ دقیقہ کے نیچرل ٹن جنٹ کے برابر ہوگا عرض بلد شمالی
شمالی کی صورت تفریق یہ ہے عرض بلد شمالی ۲۸ درجہ - [illegible]
میل کلی شمالی ۲۳ - [illegible]
۵
اسی طرح جب آفتاب خط استوا سے جنوب کی جانب چلا جائے تو میل
کے درجوں کو عرض بلد شمالی کے درجوں میں جمع کر کے ہندوستان
ملکوں میں نیچرل ٹن جنٹ معلوم کرنا چاہیے کیونکہ اسکی برابر سایۂ
مثلاً ۲۱ دسمبر کو جبکہ آفتاب میل کلی جنوبی پر ہو جو کہ سب سے چھوٹا دن ہے
دہلی میں ۵۲ درجہ ۷ دقیقہ کے مماس طبعی (نیچرل ٹن جنٹ) کے
ہوگا صورت جمع یہ ہے ع شمالی ۲۸ درجہ ۳۹ دقیقہ
م جنوبی ۲۳ [illegible]
۵۲ [illegible]
یعنی ۲۱ مارچ اور ۲۱ ستمبر کو جبکہ رات اور دن برابر ہوتے ہیں تو

درہم دیے ۔ جب جمل کی لڑائی کا زمانہ آیا تو انھون نے عائشہؓ کو ایک اونٹ دیا، جسکا نام عسکرؔ تھا وہی عائشہؓ کا اونٹ کہلایا اور تونسے آدمیون کو سامان لڑائی دیا۔ جب علی رضؔ کو ان لوگون کے بصرہ پہونچنے کی خبر ملی تو کہنے لگے دو مین سب سے بہادر کے ساتھ آزمائش کیا گیا ہون اور وہ زبیر بن عوام ہے، اور سب سے زیادہ بیان کرنے والے کے ساتھ اور وہ طلحہ ہے اور ایسے شخص کے ساتھ جسکے لوگ سبھون سے بڑھ کر فرمانبردار مین اور وہ عائشہ ہے اور سب سے زیادہ مالدار کے ساتھ اور وہ یعلی بن منیہ ہے - انکا ایک بیٹا تھا جسکا نام عبداللہ بن یعلی تھا۔ قریب مکہ کے مقام علیث مین سکونت اختیار کی تھی، اور شاعر تھا۔ اسی نے اپنی بی بی زینب کے مرثیہ مین یہ اشعار کہے ہین -

بوجہک عن مس التراب مضنۃ	فلا تبعدینی کل حیّ سیذہب
مٹی کے ملنے سے تیری منھ مین نفاست ہے	تو مجھے اپنے سے دور مت کر کیونکہ ہر زندہ عنقریب جانے والا ہے
تنکرت الابواب لما دخلتہا	وقالوا الا قد بانت الیوم زینب
جب مین دروازون مین داخل ہوا تو انسے اجنبیت معلوم ہوئی	اور لوگون نے کہا کہ آج کے دن زینب جدا ہو گئی
لا ذہب قد خلیت زینب طائعا	ونفسی معی لم القہا حیث اذہب

یعلے کے موالی سے یمن مین ایک قوم ہے جو بنی ہشاب کہلاتے ہین اور ذی عزت و مرتبہ لوگ ہین یہ لوگ بنی خولان کے عرب تھے یعلے نے انھین قید کر لیا تھا، یہ لوگ یمن مین جا کر آباد ہوے - رسول اللہ کے صحابہ مین یعلی بن مرہ قبیلہ ثقیف سے بھی ہین، جنکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کے درختون کے کاٹنے کا حکم دیا تھا۔

ابو ہریرہ انکے نام مین لوگون کا بہت اختلاف ہے - واقدی کا قول ہے کہ یہ عبداللہ عمرو مین، بعض عبدالرحمٰن، بعض عبد عمرو بن عبد غنم، بعض عمیر بن عامر، بعض عبد شمس اور بعض سکین کہتے ہین - یہ یمن کے قبیلۂ دوس سے ہین، اور وہ دوس بن عذمان بن عبداللہ بن زہران خاندان ازد سے ہے - انکی مان امیمہ بنت صفیح بن حرث قبیلۂ دوس سے تھین، انکی مان مسلمان

ہوگئی تھین - اِنکا مامون سعد بن صفیح اپنے زمانہ کا بہت ہی سخت تھا - ابوہریرہ کا بیان ہے کہ مین نے
یتیمی مین پرورش پائی اور مسکینی مین ہجرت کی، بسر بنت غزوان کا صرف پیٹ بھر کھانے پر مزدور تھا،
جب وہ اترتے تو مین اِنکی خدمت کرتا اور جب وہ سوار ہوتے تو اِنکے ساتھ چلتا، باوجود اِسکے بھی
اللہ تعالی نے میری شادی کر دی، تو شکر ہے ایسے خدا کا جسنے دین کو مضبوط بنایا اور ابوہریرہ کو پیشوا،
میری کنیت ابوہریرہ اِسوجہ سے پڑی کہ میری ایک چھوٹی سی بلّی تھی جسکے ساتھ مین کھیلا کرتا تھا،،
یہ مدینہ ۷ سنہ ھ مین آئے تھے، اُسوقت رسول اللہ خیبر مین تھے، یہ بھی خیبر گئے اور پھر رسول اللہ کے
ساتھ واپس آئے - یہ سانولے مونڈھون کے چوڑے تھے - اِنکے آگے کے دونون دانتون فرق بہت تھا
اپنی داڑھی زرد رنگ مین رنگا کرتے تھے اور اِسکو چھوڑ دیا تھا یعنی ترشواتے نہین تھے اور مونچھ کی
صفائی کیا کرتے تھے - عثمان حماد بن سلمہ سے روایت کرتے ہین، اور وہ ثابت سے، وہ ابی رافع سے
اِنکا بیان ہے کہ ''مروان کبھی کبھی مدینہ مین اپنا جانشین بنایا کرتا تھا، اسوقت یہ گدھے پر سوار ہوتے
تھے، جسپر موٹا کمل کسا ہوا ہوتا اور اِسکی گردن مین چھوہارے کے پتون کی رسی ہوتی، اس حالت سے
سیر کے لیے نکلتے، راستے مین جب کسی سے ملاقات ہوتی تو کہتے راستے سے ہٹ جاؤ دیکھو امیر آتا ہے،
اور کبھی ایسا ہوتا کہ یہ یکایک لڑکون کے پاس آتے جب وہ کھیلون مین مشغول ہوتے اور دونون
پیر سے اُنکو مارتے، وہ بھاگ جاتے، کبھی وہ مجھے کھانے کے لیے بُلاتے اور کہتے دیکھو ہڈی دار
گوشت امیر کے لیے چھوڑ دینا، یہ سُنکر جب مین اِسکو دیکھتا تو ثرید اور روغن پاتا،، ۵۹ سنہ ھ مین
اور بقول بعض ۵۸ سنہ ھ مین اِنھون نے وفات پائی -

عقبہ بن عامر جھنی ابو عمرو اپنی کنیت کرتے تھے، بعضون کا بیان ہے

کہ اِنکی کنیت ابو حماد تھی رسول اللہ کے مدینہ آنے کے بعد یہ مسلمان ہوئے ہین، رسول اللہ سے
چونکہ تیراندازی کی فضیلت سُنی تھی اِس وجہ سے تیراندازی بہت کیا کرتے تھے، نشتر کمانین اِسکے ترکش اور تیرون
سمیت چھوڑ کر مرے تھے - صفین کی لڑائی مین معاویہ کے ساتھ شریک تھے یہ مصر جاکر رہے اور وہین
اپنے لیے مکان بنایا - سیاہ خضاب استعمال کرتے تھے اور کہتے کہ اِنکے اوپر کو تو ہم بدلتے ہین مگر اِنکی

جو نہین بدلتے۔ معاویہ کے اخیر زمانے مین انھون نے وفات پائی۔

زید بن خالد جہنی ابو عبد الرحمٰن اپنی کنیت کیا کرتے تھے، اور بعضون کا بیان ہے کہ انکی کنیت ابو طلحہ تھی انکی وفات کی جگہ مین اختلاف ہے بعضون کا بیان ہے کہ انھون نے مدینہ مین وفات پائی۔ اسوقت انکی عمر اٹھاسی برس کی تھی، اور بعضون کا بیان ہے کہ کوفہ مین معاویہ کے اخیر زمانے مین قضا کی۔

عبد اللہ بن انیس انصاری ابو یحییٰ انکی کنیت ہے، جہنی معروف ہین، اور درصل یہ جہنی نہین ہین بلکہ خاندان و برہ سے ہین جو قبیلہ بنی قضاعہ سے ہے، جو بنی سلمہ کے حلیف تھے۔ اور جہنیہ بھی قبیلۂ قضاعہ سے ہین۔ عقبہ اور احد مین حاضر تھے۔ مگر بدر مین اختلاف ہے کہ یہ حاضر تھے یا نہین؛ انکا مکان اعراف مین تھا، جو مدینہ سے ایک منزل پر ہے۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے انکو اپنی لاٹھی دی تھی اور فرمایا تھا کہ یہ ہمارے تمھارے درمیان نشان ہے۔

لیلۃ الاعرابی اور لیلۃ الجہنی انہی کی طرف منسوب ہے،

رسول اللہ نے انہین فرمایا تھا کہ تیئسوین کی رات کو تم اپنے مکان سے نکلکر مسجد مین چلے جانا اور نمازین پڑھنا، اس وجہ سے انکا معمول تھا کہ تیئسوین رات کی شام کو عصر کی نماز پڑھکر یہ مسجد مین چلے جاتے پھر بغیر نماز صبح پڑھے وہان نہین نکلتے۔ صبح کے بعد وہان سے نکلتے اور اپنے اہل وعیال مین آتے۔ اسی وجہ سے یہ رات لیلۃ الجہنی کرکے مشہور ہوئی۔ یہی رسول اللہ سے شب قدر کے بارے مین روایت کرتے ہین کہ آپ نے فرمایا کہ اسکو آج کی رات مین تلاش کرو، اور وہ رات تیئسوین تھی۔ مدینہ مین معاویہ کے خلافت مین وفات پائی۔

حرث بن ہشام یہ ابو جہل بن ہشام بن مغیرہ کے بھائی ہین، بدر کی لڑائی مین مشرکون کے ساتھ تھے اور شکست پائی، اسی کے بارے مین حسان بن ثابت کا یہ شعر ہے۔

ان کنت کاذبۃ الذی حدثتنی	فنجوت منجی الحرث بن ہشام
ترک الاحبۃ ان یقاتل دونہم	ونجا براس طمرۃ ولجام

حارث بن ہشام نے اسکے عذر مین یہ اشعار کہے۔

اللہ یعلم ما ترکت قتالہم	حتے علوا فرسی باشقر مزبد
خدا جانتا ہو کہ مینے لڑائی اوسی وقت چھوڑی	کہ وہ میرے گھوڑے پر سرخ کف مارنے والے خون کو چڑھا لیا
وعلمت انی ان اقاتل واحدا	اقتل ولا یضرر عدوی مشہدی
اور مین نے جان لیا تھا کہ اگر مین اکیلا لڑتا رہا	تو قتل ہو جاؤنگا، اور میرے حاضر ہونے سے دشمن کو کچھ نقصان نہوگا
فصددت عنہم والاحبۃ فیہم	طمعا لہم بعقاب یوم سرمد
تو مین دشمنون سے بھاگا اور احباب ؓ مین رہے	اِس امید پر کہ اُنکو قیامت کے دن اِسکا بدلا ملجائیگا

فتح مکہ کے دن یہ مسلمان ہوئے، پہلے مؤلفۃ القلوب سے تھے، بعد اس کے پکّے مسلمان ہوگئے، عمر رض کے زمانے مین اپنے مال واہل کے ساتھ جانے لگے تو مکّہ والے روتے ہوے ان کے پیچھے پہونچانے کو چلے۔ اِس سے اِنپر رقت طاری ہوئی اور روکر کہنے لگے کہ ہم اگر اپنے اس گھر کے بدلے دوسرا گھر یا اپنے ان ہمسایون سے دوسرے ہمسائے بدلنا چاہتے تو یہ ممکن نہ تھا، مگر بات یہ ہے کہ یہ جانا خدا کی طرف ہے،، وہان جاکر برابر جہاد مین مشغول رہے یہانتک کہ عمواس کے طاعون مین سنہ ۱۸ھ مین وفات پائی۔ اِنکے بیٹے عبدالرحمٰن بن حارث کی کنیت ابو محمد اور نام ابراہیم تھا، جسوقت یہ عمر بن خطاب کی خلافت کے زمانے مین اِنکے پاس آئے، اور وہ اِس ارادے مین تھے کہ جن مسلمانون کے نام انبیا کے نام پر ہے اُنکا بدل دین، تو اِنکا نام بھی عبدالرحمٰن بدل دیا، جو اسوقت برقرار ہے عائشہ رض کا قول ہے کہ ،،مین بصرے جانے کے بدلے اگر اپنے گھر ہی مین بیٹھ رہتی تو یہ میرے لیے اِس سے بہتر تھا کہ رسول اللہ ؐ سے میری دس اولاد عبدالرحمٰن بن حارث ایسی ہوتی،، جمل کی لڑائی مین یہ اِنکے ساتھ شریک تھے، شریف وسخی تھے۔ معاویہ کے زمانے مین مدینہ مین اُنھون نے وفات پائی۔ اِنکا بیٹا ابو بکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام ہے اِسکی کنیت ہی اِسکا نام ہے کثرت نماز وفضل کی وجہ سے یہ قریش کے راہب کہلاتے تھے۔ جمل کی لڑائی مین یہ اور عروہ بن زبیر چھوٹے معلوم کرکے واپس کر دیے گئے تھے۔ اِسکے بعد اِنکی بینائی چلی گئی تھی، غسلخانہ مین اچانک ۹۴ھ مین مدینہ مین اُنھون نے وفات پائی۔ اور یہ فقہا کا سال شمار ہوتا ہے۔

شداد بن ہادی یہ شداد بن اسامہ ہین، اسامہ کا نام ہادی اس وجہ سے پڑا
کہ یہ راستہ چلنے والون کے لیے رات کو آگ روشن کیا کرتے تھے۔ انکے عقد مین سلمیٰ بنت عُمیس تھی جو
اسمار بنت عمیس کی بہن تھی۔ اُنسے انکا بیٹا عبداللہ بن شداد پیدا ہوا، یہ فقیہ و محدث تھے، اور
عبداللہ بن عباس و خالد بن ولید کے خالہ زاد بھائی تھے، کیونکہ عبداللہ اور خالد کی مان اسمار اور
سلمیٰ کی بہنین تھین۔

عتاب بن اسید یہ عتاب بن اسید بن ابی العیص بن امیہ ہین، فتح مکہ کے
دن مسلمان ہوئے۔ جب رسول اللہ حنین کی طرف جانے لگے تو انکو مکہ کا حاکم بنا دیا، اور یہ برابر
ابوبکرؓ کے زمانے تک وہان کے حاکم رہے، یہانتک کہ دونون نے ایک ہی وقت مین وفات
پائی۔ اور دونون مین سے کسی کے پہلے مرنے کا حال معلوم نہین ہوا۔ انکے حقیقی بھائی خالد بن
اسید ہین جو فتح مکہ کے دن ایمان لائے تھے۔ انمین سخت سرگشتگی تھی۔ رسول اللہؐ نے فرمایا اللّٰھم زدہ
یعنی انمین سرگشتگی کو اور زیادہ کر، اسکا اثر یہ ہوا کہ انکی اولاد مین آج تک سرگشتگی پائی جاتی ہے۔
انکی نسل باقی ہے۔

عبدالرحمٰن بن عتاب بن اسید قریش کے یعسوب کہلاتے ہین۔ یعسوب شہد کی مکھی
کے سردار کو کہتے ہین۔ عائشہؓ کے ساتھ جمل کی لڑائی مین شریک تھے، اور اُسمین مقتول ہوے، انکے
قتل کے بعد انکے ہاتھ پر سے انکا عقاب؎ اوڑا اور اُسی روز یمامہ مین جاکر مر گیا اور ان کی انگوٹھی
سے پہچانا گیا۔

علاء بن حضرمی انکے باپ کا نام عبداللہ بن ضماد ہے۔ حضرموت کے رہنے
والے تھے۔ بنو امیہ کے حلیف تھے۔ انکا بھائی میمون بن حضرمی ہے۔ جس نے بئر میمون کو جو ابطح
مین ہے۔ جاہلیت کے زمانے مین بنایا تھا یہ وہی علاء ہین جو گھوڑے پر دریا عبور کرکے "دارین"
والون کے پاس پہونچے تھے اور اُنسے لڑے تھے اور بہتون کو مار کر انکی ذرّیت کو قید کر لیا تھا۔ اور
"ساسان" کو جو فارس کے علاقے مین ہے فتح کیا۔ عمرؓ کے زمانے مین "توّتیاس" مین تمیم کے

؎ نام جانور ۱۲

علاقہ مین ہے وفات پائی۔ بعضون کا بیان ہی کہ یہ مستجاب الدعوات تھے۔

سُہیل بن عمروؓ ابوزید اپنی کنیت کیا کرتے تھے، خاندان حسل بن عامر بن لوی سے تھے جو قریش تھے۔ یہ رسول اللہ کے ساتھ حُنین کے سفر مین شریک تھے، اور آپ کے حصّے پر مقرر تھے اور "جعرانہ" مین مسلمان ہوے یہ مؤلفۃ القلوب سے تھے مگر بعد مین اپنے اسلام کو دُرست کرلیا تھا عمرؓ کی خلافت مین جہاد کے لیے شام چلے گئے تھے۔ طاعون عمواس مین وفات پائی۔ اِنکا ہونٹھ پھٹا ہوا تھا۔ اِنکی اولاد مردون سے نہین ہے۔ اِنکا بھائی سکران بن عمرو مہاجرین حبشہ سے تھا، اور سودہ اُنکے عقد مین تھی۔ جب قضا کرگئی تو اُن سے رسول اللہ نے عقد کرلیا۔ سکران کی نسل بھی نہین رہی۔ اِن دونون کے بھائی سہل بن عمر کی نسل مدینہ مین ہے۔ سہل بن عمر فتح مکہ کے دن مسلمان ہوے تھے۔ اور مدینہ مین وفات پائی۔

جبیر بن مطعم یہ جبیر بن مطعم بن عدی بن نوفل بن عبد مناف بن قصی مین۔ فتح مکہ کے دن مدینہ مین مسلمان ہوے۔ ابو محمد اپنی کنیت کیا کرتے تھے۔ پہلے مؤلفۃ القلوب سے تھے اس کے بعد اپنے اسلام کو دُرست کرلیا۔ مدینہ مین فتح مکہ کے دن مسلمان ہونے والون کے سردارون سے تھے، ۵۹ھ مین وفات پائی، بعضون کے نزدیک اِسی سال ابو ہریرہؓ نے بھی وفات پائی۔ اِنکا بیٹا نافع بن جبیر بن مطعم ذی مرتبہ شخص تھے۔ ایک مرتبہ علاء بن عبد الرحمٰن حرقی کے حلقہ مین جسوقت وہ لوگون کو پڑھا رہے تھے جا کر بیٹھے جب وہ پڑھانے سے فراغت کر چکے تو لوگون سے دریافت کیا کہ تم جانتے ہو کہ مین کیون بیٹھ گیا، لوگون نے کہا آپ سُننے کے لیے بیٹھے تھے۔ اُنھون نے کہا نہین بلکہ تم لوگون کے ساتھ بیٹھنے مین صرف خدا کے نزدیک عاجزی مقصود تھی۔

عمرو بن العاص یہ عمرو بن العاص بن وائل بن ہاشم بن سہم بن ہصیص بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ تھے۔ انکا باپ عاص مسخرون مین سے تھا اِسی کے بارے مین آیت اِنَّ شانئک ہو الابتر نازل ہوئی تھی۔ ابتر اِسکو کہتے ہین جسکا کوئی لڑکا نہ ہو، یہان پر مراد یہ ہے کہ اِسکا ذکر منقطع ہوجائیگا۔ اِسکی مان کا نام نابغہ ہے جو خاندان عنزہ سے تھی

کا نام دراصل "عاصی" ہے مگر "ی" حذف ہوکر عاص رہ گیا۔ عاص کے بیٹے عمرو بن العاص
و ہشام بن العاص تھے۔ ہشام بہتر مسلمانون مین سے تھے۔ یرموک کی کسی لڑائی مین شہید
ہوئے اور اُنکی کوئی اولاد نہین۔ عمرو بن العاص سے لوگون نے دریافت کیا کہ تم اچھے ہو یا
ہشام؟ انھون نے کہا مین کہتا ہون تم فیصلہ کرو۔ "اسکی مان ام حرملہ بنت ہشام بن مغیرہ ہے
عمر بن خطاب کی خالہ تھی۔ اور میری مان عنزیہ ہے، اور وہ میرے باپ کے نزدیک مجھ سے
زیادہ پیارے تھے، اور باپ کی پہچان اپنے بیٹے کے ساتھ اسکا تمھین خود معلوم ہے، وہ پہلے
گئے اور ہم لوگون کو خدا کے سپرد کر گئے یعنی وہ یرموک مین شہید ہوے اور ہم اب تک
باقی ہین۔

عمرو اپنی کنیت ابو عبداللہ کیا کرتے تھے ۸ سنہ ھ مین خالد بن ولید کے ساتھ
مسلمان ہوئے تھے۔ معاویہ کی طرف سے تین برس تک مصر کے حاکم رہے اس کے عید الفطر سے
ایک دن پہلے جب مرنے لگے تو کہا "اے اللہ مین بری نہین ہون تو میرے عذر کو قبول کر، میرے
لئے کوئی پناہ نہین ہے تو میری مدد کر، تو نے حکم کیا ہمنے نافرمانی کی، تو نے منع کیا ہم نے اُسکو کیا،
اللہ یہ میرا ہاتھ میری ٹھوڈی کے پاس ہے" اِس کے بعد وصیت کی اور کہا "زمین مین خوب
گڑھا کھو دو، اور اسپر چٹائی بچھا دو" اِس کے بعد اپنی اُنگلی اپنے مُنھ مین رکھی اور قضا کر گئے۔
وقت انکی عمر تہتر برس کی تھی، عید الفطر کے دن جبل مقطم مین جو "فج" اطراف مین ہے مدفون ہوئے
لوگون کے حجاز جانے کا راستہ تھا۔ اِنکے سنہ وفات مین لوگون کا اختلاف ہے بعضے
سنہ ھ اور بعضے ۴۳ سنہ ھ اور بعضے ۵۱ سنہ ھ کہتے ہین۔ اِن کے بیٹے عبداللہ نے پہلے جنازہ کی
پڑھائی اسکے بعد عید کی نماز پڑھائی۔

عبداللہ بن عمرو بن العاص ابو محمد کنیت کرتے ہین، اپنے باپ سے پہلے
مسلمان ہوئے تھے، اپنے باپ کے ساتھ صفین کی لڑائی مین شریک تھے، اُس لڑائی مین دو تلوارین
لئے تھے۔ اِنکا گھر مکہ مین تھا، پھر یزید کی زندگی تک شام مین سکونت اختیار کی تھی، اِس کے

مرنے کے بعد مکہ چلے آئے اور یہین ۶۵ھ مین وفات پائی، اسوقت عمر انکی بہتر برس کی تھی، اور بعضون کا بیان ہے کہ مصر مین وفات پائی، اور اپنے چھوٹے سے گھر مین مدفون ہوسے۔ یہ اپنے باپ سے صرف بارہ برس چھوٹے تھے۔ باپ بیٹے مین بارہ برس کی چھوٹائی بڑائی ان کے سوا اور کسی مین نہین دریافت ہوئی۔ مجھ سے اسحٰق بن راہویہ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن آدم نے ان سے حسن بن صالح نے کہ میری اکیس برس کی لونڈی تھی جو نانی ہونے والی تھی۔ ان کے عقد مین عمرہ بنت عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب تھی اُن سے اُنکا بیٹا محمد پیدا ہوا، محمد کا بیٹا شعیب تھا، شعیب کے بیٹے عمرو بن شعیب تھے۔

کبھی انھون نے ایک مجلس مین اپنے دادا کیطرف سے صدقہ پچاس ہزار تقسیم کیا ہے اور شعیب بن شعیب تھے۔

عبداللہ بن عمرو سُرخ، توندوالے اور لمبے تھے آخیر عمر مین نابینا ہوگئے تھے۔

سریانی زبان جانتے تھے۔ عمرو کا ایک دوسرا لڑکا بھی تھا جسکا نام محمد تھا۔ عمرو کے موالی سے "وردان" ہے، جو صاحب رائے و فکر تھا اسکی اولاد مصر مین ہے، اور وہان اسکا ایک بازار ہے جسکا نام سوق وردان ہے۔

ابوبکرہ یہ نفیع بن حارث بن کلدہ ہین۔ حارث بن کلدہ عرب کا طبیب تھا، اور نامرد تھا اسکی کوئی اولاد نہین ہوئی، یہ مسلمان ہوگیا تھا اور عمرو کے زمانے مین وفات پائی۔ ابوبکرہ کی ماں کا نام سُمیّہ تھا، جو "زندرود" والون سے تھی۔ کسرے نے اسے بادشاہ یمن ابوالخیر کو دیدیا تھا۔ جب وہ اس کے پاس سے یمن آنے لگا تو طائف مین آکر بیمار ہوگیا۔ حارث نے اسکی دوا کی، اسنے سُمیّہ کو اسے دیدیا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے طائف کا محاصرہ کیا تو فرمایا جو غلام میرے پاس آئے گا وہ آزاد ہے، یہ سُنکر ابوبکرہ اوتر کر چلے آئے۔ انکے بعد انکے بھائی نافع نے بھی اُترنا چاہا، تو حارث نے اُسے کہا کہ تو میرا بیٹا ہے ٹھہر، وہ ٹھہر گیا۔ اس کے بعد دونون اسی کی طرف منسوب ہوئے۔ ان دونون کی ماں سمیّہ، زیاد بن ابی سفیان کی بھی ماں ہے۔ وہ

ایک مفید اور ضروری بات

پیرس دار السلطنت فرانس مین ایک علمی ایسوسی ایشن صرف اس غرض سے قائم ہو کہ اسلامی
[illegible]وم اسلامی تمدن اور مآثر اسلام پر فلسفی نظر سے بحث کیجائے۔ اور اُن وسائل پر غور کیا جائے جنسے عربی زبان کو تمام
[illegible]یائی زبانون پر غالب ہونیکا موقع ملا۔ دسمبر ۱۹۰۲ء کے جلسہ مین اسی آخری سبجکٹ پر بحث ہوئی۔ اور یورپین
[illegible]اروں نے خاص اس امر پر بڑے زورون سے تقریر کی، کہ آخر وہ کیا وجہ تھی کہ جس سے عربی زبانکو اپسے آپ
[illegible]تھی اردزمین ارض سوریا (شام) و فلسطین مین آکر انبیاے بنی اسرائیل ور تورات مقدس کی قدیم زبان سُریانی
[illegible]وق حاصل ہوا جس سے شہنشاہ رعمسیس کے زمانہ کی قبطی زبان مصر مین مغلوب ہو گئی۔ جسکی بدولت برّ اعظم
[illegible]یقیہ مین سلسلہ کوہ اطلس اور مغرب الاقصیٰ کی بربری زبانین متروک ہو گئین، جس سے قدیم ایرانیون کی زبان بگڑ گئی
[illegible]صر و شام و افریقیہ کی طرح عراق، و بابل مین بھی نبطی و خالدی زبانون کی جگہ عربی نے لے لی، ایک فرنچ اسپیکر
[illegible]ے سب سے زیادہ اس پر تعجب ظاہر کیا کہ مالٹا (ملطیہ) مین جہان بہت ہی تھوڑے دنونکے لیے صدر اول مین مسلمانونکا
[illegible]بضہ ہو گیا تھا، دیار سودان کیطرح وہان آج بھی مخلوط عربی زبان مستعمل ہے، اور یورپین حکومتون کا حاکمانہ اقتدار ہزار برس ہو گئے
[illegible]س اسلامی یادگار کو جزیرہ سے شہر بدر کرنے مین کامیاب نہو سکا وغیرہ وغیرہ جلسہ مین بہت کچھ بحث مباحثہ کے بعد
[illegible]ت رائے سے یہ تجویز پاس ہوئی کہ فرانس مین عربی زبان کو زندہ کرنیکے لیے ایک وقیع عربی اخبار کی اشاعت ضروری ہے
[illegible]سکے لیے دو لاکھ فرنک سرمایہ جمع کرنیکی منظوری ہوئی" اور جمع ہو گیا،

اس دل آویز واقعہ سے ہندوستان کے مسلمانونکو ایک غیر معمولی بانتیجہ اور عبرت انگیز سبق لینا چاہیے کہ فرنگستان مین
[illegible]ن ایک بھی مسلمان نہین مسلمانونکی آسمانی زبان "عربی" کی تائید مین کوشش کیجاتی ہے کہ عربی اخبار کے ذریعہ سے
[illegible]اشاعت مین کافی حصہ لیا جائے اور ہندوستان مین جہان ۶ کروڑ سے زائد مسلمان آباد ہین خاص اسی مقصد کیلیے
[illegible]ہلال" ۱۰ برس سے شائع ہو رہا ہو کہ ان کثیر التعداد مسلمانون مین کامیابی کے ساتھ وہی عربی مذاق پیدا کیا جائے
[illegible]ہنر نگ عبداللہ [illegible] کے ہاتھون سے رنگین ہو کر صِبْغَةَ اللهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللهِ صِبْغَةً کا نظری اور

العدد (٥ و ٦)

البيان

صحيفة علمية ادبية تاريخية اخبارية

تصدر مرة في الشهر

تحت رياسة الفاضل العلامة الدكتور يوسف هارووز المستشرق الالماني

استاذ الالسنة الشرقية في كلية على كره الاسلامية

لمنشئيها

السيد سليمان آفندي

و سيد على زيني

[illegible] المغفور له عبد العلى المدراسي

[illegible] روبيات في الهند و [illegible] شلنات في الخارج

[illegible] كلكتا - الهند

فہرست مضامین

نوٹ

یہ پرچہ جمادی الاول اور جمادی الآخرۃ دونوں نمبروں کا ساتھ ہی ساتھ شائع کیا جاتا ہے اس میں ۱۹۳ سے ۲۱۶ صفحہ تک معارف ابن قتیبہ شائع کر کے پہلی جلد ختم کی جاتی ہے۔ ٹائٹل پیج معارف اور دیوان آزاد کا آئندہ اشاعت میں شائع ہوگا۔ پہلی جلد کے پورا کرنے کے لئے ناظرین کا بے حد اصرار تھا۔ اس لیے ناظرین جمادی الآخرۃ نمبر کے بجائے معارف خیال کریں۔

منیجر رسالہ

بسم الله الرحمن الرحيم

البيان

هذا بيان للناس

…ر جمادى الاولى والاخرة سنة ١٣٢٨ للهجرة النبوية

…موت ملك الهند

…القلوب وبكت العيون بموت ملك الهند
…ادوارد السابع والناس كانوا يترقبون ابناء
…فى بلاد اوربا الشمالية الجنوبية فانبأ هم البرق
…ه قد مات فى ست مضين من مايو سنة ١٩١٠
…ض قصرت مدته وما كانوا منه يخشون
…سبحان من يبقى وجهه ذو الجلال والاكرام،
…الد فى شهر نوفمبر سنة ١٨٤١م واصطبغ
…يناير سنة ١٨٤٢ وانفق عليه ثلثون
…الف روبية وكان الملك فى صباه مائلا الى
…مع الصبيان فرأت يوما اذى ابنا السماك
…الغلام وتصارعا ساعة حتى غربهما بستانى

ومنعهما عن ذلك واخذ العلم فى جامعات كيمبردج
واكسفورد وايدنبرج كان مولعا فى شبيبته بمطالعة
الروايات فدعاه يوما ابوه ونبهه على ذلك وزجره وبعدما
مات ابوه فى ١٤ ديسمبر سنة ١٨٦١ اخذ يسيح فى
البلاد وارتحل الى مملكة كندة والولايات المتحدة
الاميركية والهنده،

وكان قد سمع ما اوتيت الملكة اسكندرة احدى
بنات ملك دنمارك من القسامة والجمال فشغف بها
حبا وسافر الى دنمارك وتزوجها سنة ١٨٦٣ واذ
رجع بها الى بلاده دخل مدينة القاهرة عاصمة مصر
وورد الاستانة فاكرم السلطان مثواه وبعث اليه
مائتين من الجوارى يخدمنه ،

وزار الهند سنة ٥ ، ١٩ فقدم اليه ملوكها وامراءها
من التحف والهدايا ما لا ثمن له، ومن اعجب رحلاته
رحلته الى بيت المقدس فقضى يومين فى القدس
وحضر المشاهد المقدسة،

وجلس على عرش مملكته بعد موت امه الملكة
فكتوريا سنه ١٩٠١ وكان يعرف من اللغات
الانكليزية والفرنسية والالمانية والتليانية
وكان حائزا على اسمى الوسامات وافخر الرتبات
وكان كثير الحضور فى المنتديات العامة والجمعيات
الجمهورية حتى انه قد بعض الاحيان فظهر انه شهد
فى مدى ستة شهور فى خمس وتسعين ومائة
من الحفلات العامة وشبيهة بها،

وتوفى فى سادس مايو سنة ١٩١٠ وهو ابن تسع
وستين حجة بعد ما حكم على العباد تسع سنوات
فتوارت شمس ارض ما توارت عنها شمس السماء،

جلوس ملك الهند على العرش

قد جلس على عرش الدولة البريطانية جورج
الخامس ابن الملك السابق فى ٧ مايو سنة ١٩١٠
واعلن ذلك فى الهند فى ١٧ مايو فرفعت الاعلام
واطلقت المدافع، وابتهج الناس بجلوسه على
عرش اباءه،

ولد جورج الخامس فى ٣ يونيه سنة ١٨٦٥ وسمى
فى ٧ يوليو وتعلم علوما ولغات حتى دخل فى ثانى عشر
من عمره قارسل فى ٥ يونية سنه ١٨٧٧ الى
مركب برطانية ليأخذ فيه الدراسة البحرية وبقى
من سنة ١٨٧٩ م الى سنة ١٨٨٢ فى الرحلة و
التنزه فى بلاد الارض وفى مايو سنة ١٨٩٣ تزوج
البرنسيس فكتوريا وفى سنة ١٩٠١ بعد موت جدته فكتوريا وجلوس ابيه
ولى امارة ويلس وفى تلك السنة تعين امير شرف
للبحر وقد قدم الهند قد ومارسميا فى سنة ١٩٠٥ ولما
كان قد حل بالهند الجدب سنه ١٨٩٧ كان تبرع
عليها بمبلغ جزيل،
فبارك الله فى ايامه ووفقه لما فيه خير العباد والبلاد

الجامعة الهندية

تسعى الانسة اينى بيسنت لتاسيس مدرسة جامعة
هندية وقد توكف لها هم الهنود وتحشد بسطوا اليها اكف
النصرة والمسلمون جسما امرتهم كليتهم المعروفة بكلية عليكره
معتزلون عنها اللهم اهد قومنا فانهم لا يعلمون

حاكم الهند العام المستقبل

سينقضى عهد اللورد منتو حاكم العالم الحالى ويستريح من
وظيفته فى نوفمبر الاتى ويخلفه اللورد شارلس هوردنج
المشهور بسعة اطلاعه فى سوؤن الشرق واهله

اللغة الهندية واليابان

قد فتحت الجامعة اليابانية بطوكيو ابوابها اللغة الهندية وعينت
لها استاذا هنديا مسلما ليتعلمها ابناء اليابان فيرد الهند بتجارات

فى تخوم الهند

قد اغارت فئة شاكة بالسلاح من الافغان
على محطة من تخوم الهند الافغانية فهزمهم الشرطة

اللغة العربية

يرى كل قارئ ان كل لغة محبوبة و
مبجلة عند اصحابها يسعون دائما في رقيها
وتقدمها بكل ما يرونه صالحا لذلك ولكننا
نحن المصريين بالعكس لا نسعى لنجاح لغتنا
ولا نشتغل لرقيها حتى ادت بنا الحال
الى اهمالها في حديثنا واستعمال لغة عامية
وضيعة عارية عن كل بلاغة وفصاحة
ولقد سرى فينا هذا الداء حتى اصبحنا و
نحن قاطعوا الامل من ان نتكلم بلغتنا ثانية
لاننا قصرنا في الاعتناء بها كما اعتنى
غيرنا بلغتهم وما زلنا مقصرين الى الآن
نحن والله كالصياد الذي يجد الفريسة
امامه امنة مطمئنة ساكنة و يجد عنده
الوقت الكافي لصيدها ثم ينام و يصحو
ويجد الفريسة ولت فيأسف و
يعتب على الدهر الذي لم يمهله لصيد فريسته
نعم نحن تماما كهذا الصياد، امامنا لغتنا و
امامنا وسائل الاعتناء بها ولكننا ننام
ثم نصحو ونقول لماذا لا تكون لغتنا كلغة
غيرنا راقية يحترمها كل فرد من النوع
الانساني ورب سائل يقول (انك
ان نبهتنا الى الاعتناء بلغتنا فهل لك ان تشرح
لنا وسائل ترقيتها ورقيها) اما الجواب على هذا
السؤال فينحصر في عدة نقط سأشرح كل نقطة منها

عربی زبان

ہر شخص اس بات کو جانتا ہے کہ ہر زبان اسکے بولنے والوں کے نزدیک
محبوب اور پسندیدہ ہے وہ ہمیشہ مفید کوششوں کے ذریعہ اسکی ترقی
اور تقدم میں کوشاں رہتے ہیں مگر ہم مصریوں کی حالت اسکے خلاف ہے
ہم اپنی زبان کی کامیابی میں کوشش نہیں کرتے اور نہ اسکی ترقی میں مشغول
ہوتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہم اپنی بات چیت میں اسے چھوڑ
بیٹھے اور ایسی عامی اور بدترین زبان بولنے لگے جو بلاغت اور فصاحت
سے خالی ہے اس مرض نے ہم میں ایسا گھر کیا کہ اب دوبارہ
اس زبان میں کلام کرنے سے ہم بالکل مایوس ہیں کیونکہ ہم
اسکے اہتمام سے اتنے ہی قاصر ہیں جس قدر دوسری قومیں
اپنی زبانوں کے اہتمام میں مشغول ہیں اور اب تک ہماری کوتاہی
کی یہی حالت ہے واللہ ہم اس شکاری کے مثل ہیں جسکے سامنے
شکار نہایت امن و اطمینان اور سکون کی حالت میں موجود ہے
اور اسکو شکار کرنے کا کافی وقت بھی میسر ہے مگر وہ سوتا ہے اور غافل
ہے پھر دیکھتا ہے کہ شکار نکل گیا اس لیے افسوس کرتا ہے اور زمانہ
پر غصہ ہوتا ہے کہ اس نے اسے شکار کرنیکی مہلت نہ دی، ہاں
بیشک ہم سب اس شکاری کی طرح ہیں، ہماری زبان
ہمارے سامنے ہے اسکے اہتمام کے وسائل موجود ہیں مگر ہم
سوتے ہیں اور غافل ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ ہماری زبان
دوسروں کی زبانوں کی طرح کیوں ترقی نہیں کرتی کہ ان
زبانوں کا ہر فرد بشر احترام کرتا ہے بہت آدمی سوال
کریں گے کہ (تم نے زبان کے اہتمام کرنے پر متنبہ
تو کیا مگر کیا تم اس کی ترقی اور عروج کے وسائل بھی
بتا سکتے ہو) اس سوال کا جواب چند مرکزوں میں
منحصر ہے اور میں ہر ایک مرکز کی پوری شرح

شرحا وافيا،

(النقطة الاولى) كتب المطالعة للقسم الابتدائي

نرى كتب المطالعة ناقصة لا تحصر فيها الكلمات
المستعملة بين الناس وكل ما فيها حكايات
ومواعظ، انني لا اذم هذه المواعظ القصصية
لانها تربي اخلاقا حسنة للتلميذ ولكنني انتقد
على عدم وجود دروس بها الكلمات المستعملة في
احاديثنا كاجزاء جسم الانسان واجزاء المنزل
من غرفة نوم باثاثها وغرفة طعام و
استقبال ومطبخ وغير ذلك وانواع الحيوانات وانواع
الملابس وانواع الالعاب وغير ذلك وقد فاتنا
ان نقول انه من الواجب علينا ان نرسم هذه الاشياء
في صورة جميلة موجودة في الكتاب حتى ينطبع
المسمى على الاسم في عقل التلميذ انني اتذكر اننا
اخذنا اجزاء جسم الانسان في السنة الاولى
الابتدائية ولكني مع الاسف اصرح بانني لا اعرف
الى الان كوعي من بوعي وذلك لعدم وجود صورة
تصور لي كوع الانسان وبوعه —

كما اننا نصرح جميعا باننا نجهل الاسماء العربية
للحيوانات الموجودة في حديقة الحيوانات الا القليل
فلماذا لا نرسم هذه الحيوانات في كتب الاطفال وتوضع
عليها حكايات جميلة حتى نطبع هذه الاسماء في
عقول الصغار كما ينقش النقش على الحجر،
هذه هي اول نقطة توجب الانتباه — وانني [illegible]

بیان کرونگا،

(پہلا مرکز) پرائمری اسکولوں کی درسی کتابیں ہم دیکھتے
ہیں کہ درسی کتابیں اسقدر ناقص ہیں کہ اُن میں روز
مرہ بول چال کے کلمات کا بھی احاطہ نہیں کیا گیا جو کچھ ان کتابوں
میں ہے وہ یا حکایات ہیں یا نصائح ہیں، میں ان نصائح
اور حکایات کو برا نہیں سمجھتا کیونکہ وہ طالب علم کے اخلاق
حسنہ کی تربیت کرتے ہیں میری غرض اس امر کی تفتیش
ہے کہ اُن میں ایسے سبق نہیں ہیں جن میں روزمرہ بول
چال کے کلمات کا استعمال ہو جیسے جسم انسان کے حصے مکان
کے حصے سونے کا کمرہ اور اُسکا اسباب کھانے کا کمرہ استقبال
کا کمرہ باورچیخانہ وغیرہ حیوانات کے اقسام لباس کے
اقسام کھیل وغیرہ کے اقسام ایک بات اور مجھے بیان کرنے
سے رہ گئی وہ یہ ہے کہ ہمیں فرض ہے کہ ہم ان اشیاء کی خوبصورت
تصویریں کتاب میں دیں تاکہ طالب علم کی عقل میں مسمی اسم
پر منطبق ہو جائے مجھے یاد ہے کہ ہمنے جسم انسان کے حصے پرائمری
کے پہلے سال میں یاد کیے تھے مگر میں نہایت افسوس کیساتھ
اس امر کو ظاہر کرتا ہوں کہ میں اب تک اپنی کوع اور بوع میں فرق نہیں کر سکا
اسکا سبب یہی ہے کہ کوئی تصویر ایسی نہیں بتائی گئی جو مجھے انسان کی کوع و بوع بتاتی
جیسا کہ ہم سب اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ ہم اُن حیوانات
کے عربی ناموں سے بالکل ناواقف ہیں جو اسوقت چڑیا خانہ
میں موجود ہیں مگر بہت قلیل کیوں نہ بچوں کی کتابوں میں ان
حیوانات کی شکل نہیں بنائی جاتی اور انپر نفیس حکایات نہیں وضع
کی جاتیں تاکہ یہ نام چھوٹے لڑکوں کی عقلوں میں اس طرح منطبع ہو جائیں
جیسے پتھر میں نقش کیا جاتا ہے یہ وہ پہلا مرکز ہے جو قابل توجہ ہے [illegible]

له الكوع بالضم طرف الزند الذي يلي الابهام ويقال له الكاع ايضا [illegible]

لناظر المعارف الجديد بلسان كل محب للغة ان ينظر الى هذا الاقتراح ويعيره نظرة التفات وانتباه حتى يكون ذلك اول اعماله المحبوبة ومشروعاته النافعة باذن الله -

ڈائرکٹر صاحب کی خدمت میں ہر شخص کی جانب سے جو اپنی زبان سے محبت رکھتا ہے یہ عرض کرتا ہوں کہ وہ اس عرضداشت کو ملاحظہ فرمائیں اور اسکو التفات اور بیداری کی نظر سے دیکھیں تاکہ یہ اُنکے کاموں میں پہلا پسندیدہ کام اور خدا کے حکم سے مفید تجویز ثابت ہو،

النقطة الثانية (القواعد العربية)

دوسرا مرکز (عربی قواعد)

نجد اغلب التلاميذ فى القسم الابتدائى والتجهيزى يبغضون القواعد العربية ويكرهونها ويستصعبونها مع انهم يميلون الى الاديان والانشاء فما هو الداعى الى ذلك مع ان قواعد لغتنا ربما لا تزيد صعوبة على الافهام عن قواعد اللغات الاخرى فما هو الداعى الى ذلك النفور،

ہم دیکھتے ہیں کہ پرائمری اور ہائی اسکولونکے طلبہ عربی قواعد سے نفرت رکھتے ہیں اور اُنکو مکروہ اور دشوار سمجھتے ہیں باوجودیکہ وہ مذاہب اور انشا پردازی کی طرف مائل ہیں، اسکا کیا سبب ہے باوجودیکہ ہماری زبان کے قواعد دوسری زبانونکے قواعد سے سمجھنے میں کچھ زیادہ دشوار نہیں ہیں پھر اس نفرت کا باعث کیا ہے،

كل ذلك راجع الى طريقة التدريس العقيمة التى يستصعبها التلاميذ والى عدم وجود كتاب مواتٍ للتدريس -

یہ سب کچھ اُس بے نتیجہ طریقۂ تعلیم کا اثر ہے جسکو طلبہ دشوار سمجھتے ہیں اور کچھ اسکا باعث ایسی کتابوں کا نہونا ہے جو تدریس کے موافق ہوں،

انى لا اذم كتاب قواعد اللغة العربية من وجهة انه غير كاف ولكننى انتقده لعدم وجود امثلة سهلة وتمارين متعددة فيه نجد الدروس فى هذا الكتاب يبتدأ فيه بالقاعدة ولا يبتدأ فيه بالامثلة ولهذا يستصعب التلميذ القاعدة لانه لم يقرأ عنها امثلة سهلة تقربها الى ذهنه انى اعتقد تمام الاعتقاد انه لو وجدت امثلة سهلة وتمارين عديدة لصارت القواعد سهلة ولانطبعت فى عقولنا فلا ننساها ابدا ولتكلمنا صحيحا وقرأنا صحيحا وتقدمت لغتنا بتقدمنا هذا -

میں زبان عربی کے قواعد کی کسی کتاب کو اس لیے برا نہیں کہتا کہ وہ کافی نہیں ہے مگر میں اس لحاظ سے اُسکی تنقید کرتا ہوں کہ اُسمیں آسان مثالیں اور متعدد مشقی سوالات نہیں ہیں ہم کتاب کے سبقونکو دیکھتے ہیں کہ اُسمیں قاعدے سے ابتدا کیجاتی ہے اور مثال سے ابتدا نہیں کیجاتی اسیواسطے طالب علم قاعدہ کو دشوار سمجھتا ہے کیونکہ اُس نے اُس قاعدہ کی ایسی آسان مثالیں نہیں پڑھیں جو قاعدہ کو اُسکے ذہن سے قریب کردیں، مجھے کامل اعتقاد ہے کہ اگر آسان مثالیں اور متعدد مشقی سوالات پائے جاوین تو قواعد آسان ہوجائیں اور ہماری عقل میں اسطرح منقش ہو جائیں کہ پھر ہم انکو کبھی نہ بھولیں اور ہم صحیح بولنے لگیں اور صحیح پڑھنے لگیں اور ہماری اس ترقی سے زبان ترقی کرجائے،

هذه هي النقطة الثانية التي تحتاج الى الانتباه كما تحتاج النقطة الاولى -

یہ وہ دوسرا نقطہ ہی جو اسی طرح غور کا محتاج ہے جیسا کہ پہلا تھا،

(النقطة الثالثة) نادي دار العلوم واستعمال الالفاظ الجديدة

(تیسرا نقطہ) مجلس دار العلوم اور نئے الفاظ کا استعمال،

اختلفت آراء اعضاء نادي دار العلوم في امرين احدهما وضع الفاظ عربية للمخترعات الحديثة وثانيهما استعمال الالفاظ الافرنكية بدل العربية ولكننا وجدناهم اخيراً اتفقوا على استعمال الطريقة الاولى لانهم وجدوها الفضلة والمثلى لنا كلمة في ذلك وهي، انا نحمد المسعى الذي يسعى فيه نادي دار العلوم ونود ان ننبههم الى امرين عسى ان ينتبهوا اليهما ولا اخالهم الا منتبهين،

ممبران مجلس دار العلوم کی رائین دو باتون مین مختلف ہین ایک تو یہ کہ نئی ایجادات کے لیے عربی الفاظ بنائے جائین دوسرے یہ کہ عربی کے عوض فرنگی الفاظ استعمال کیے جائین مگر ہم دیکھتے ہین کہ آخر مین انھون نے پہلے طریقہ کے استعمال پر اتفاق کیا ہو کیونکہ انھون نے اسی طریقہ کو بہتر اور عمدہ سمجھا اور ہماری اس بات مین صرف ایک بات ہی ہم اس کوشش کی جو مجلس دار العلوم کر رہی ہے تعریف کرتے ہین اور چاہتے ہین کہ انکو دو باتون پر متنبہ کرین شاید وہ متنبہ ہو جائین ہمارے خیال مین تو ضرور متنبہ ہونگے،

(الامر الاول) اما الامر الاول فهو اننا سمعنا انهم جعلوا اللجنة التي تنتقي الالفاظ مركبة من خمسة فقط ينتخبون من الالفاظ المقدمة لهم من اعضاء النادي ما يوافق ذوقهم ولكني اظن انه من الواجب ان تتألف هذه اللجنة من ٥٠ شخصاً على الاقل ليكون لتعدد الافكار في انتقاء الالفاظ السطوة العظمى

(پہلی بات) پہلی بات یہ ہی ہمنے سنا ہی کہ انھون نے جو میٹنگ الفاظ چننے کے لیے قائم کی ہے وہ صرف پانچ آدمیون سے مرکب ہی جو اُن الفاظ کا جو کہ اُن کو ممبران مجلس کی جانب سے پیش کیے جاوینگے اپنے ذوق کے مطابق انتخاب کرینگے میرے خیال مین ضرور ہی کہ یہ میٹنگ کم سے کم پچاس اشخاص سے مرکب کی جائے تاکہ الفاظ کے انتخاب مین تعداد افکار کا اچھا نتیجہ پیدا ہو،

اما الامر الثاني فهو اننا نطلب منهم بعد ان ينتقوا ما وافقهم من الالفاظ ان يؤلفوا قاموساً للالفاظ ثم كتاباً سهل العبارة يضم بين جانبيه كل هذه الالفاظ مدمجة في قصة طويلة ويفرق هذا الكتاب على كل من مقدم

(دوسری بات) ہم اُن لوگون کی خدمت مین درخواست کرتے ہین کہ جب وہ اپنے ذوق کے مطابق الفاظ چن چکین تو پہلے الفاظ کی ایک ڈکشنری بنا دین پھر ایک سہل عبارت کی کتاب تیار کرین جسمین یہ تمام الفاظ کسی لمبے قصہ کے ضمن مین آ جائین اور یہ کتاب ہر ایک طالب علم کے

ن يكتب ويقرأ —

مل ه هي اقتراحاتي على نادي دار العلوم فان
افقهم عملوا بها وان لم توافقهم فليهملوها وما
ذلك بعظيم عليهم، المؤيد

تقسیم کردی جائے،

مجلس دار العلوم کی خدمت مین میری یہ گذارشین ہین
اگر اُنکو پسند ہون اسپر عمل کرین اور اگر ناپسند ہون تو
چھوڑ دین یہ اُنپر کچھ گران نہین ہی،

مكتوب حضرة الفاضل محمد حسين اللكنوي من لندن

مولوی محمد حسین لکھنوی کا خط لندن سے

تابع ما قبله

مل ومما يستغرب غاية الاستغراب ان اكثرما
نفق لهم مما نشر ذكرهم ورفع ملتهم وامتازوا به عن
افة الحكماء انما كان من قرب المدة التي ذكرناها قبل
تفصيل ذلك ان عامتهم كانت في سالف الزمان
ارية من العلم والحكمة بل كانت القراءة والكتابة
ا يختص به القسيسون وحملة الدين وكانوا قد ضيقوا
لى الناس شديدًا وشغلوهم بالظواهر ومن يلقب
ب او پاپ كان هو الرئيس المطلق في المذهب
المرتب لما دونه من طبقات العلماء لانه من
لفاء المسيح واحدًا بعد واحد يتبعه ملوك
صارى ويأخذ الجمهور باوامره ونواهيه،
ان يحلل ويحرم ما شاء لمصلحة يراها والسعادة
لشقاوة الاخرويتان موقوفتان على رضاه
خطه من اخرج عن الكنيسة قدمه هذا
في ان ملك اليمان الذي يلقب سلطان
سلاطين ابتلى بهذه البلية فمشى من دار

متعلق از ما قبل

جو بات نہایت عجیب سمجھی جاتی ہی وہ یہ ہی کہ اتفاقًا جس چیز نے
زیادہ اُنکا ذکر دنیا مین پھیلایا اور اُنکی قومیت کو بلند کیا اور
جسکے باعث وہ تمام حکما سے ممتاز ہوے وہ اُنکو اتنی ہی مدت سے
حاصل ہوئی جسکا ہم نے اوپر ذکر کیا ہی اسکی تفصیل یہ ہی کہ اُنکے عوام
گذشتہ زمانہ مین علم و حکمت سے بالکل خالی تھے بلکہ لکھنا پڑھنا صرف
پادریوں اور مذہبی لوگوں مین خاص تھا جنھوں نے لوگوں پر بہت
تنگی کر رکھی تھی اور ظاہری امور مین اُنکو مشغول کر دیا تھا جو شخص پوپ
یا پاپ کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا وہی گویا مذہبی بادشاہ مانا جاتا تھا
اور اپنے سے کم درجہ کے علما کی تربیت بھی وہی دیتا تھا کیونکہ
وہ مسیح کے اُن خلفا مین سے تھا جو یکے بعد دیگرے چلے آتے تھے
سلاطین نصاری اُسکی پیروی کرتے تھے اور تمام لوگ اُسکے احکام
کو مانتے تھے، اُسے جائز تھا کہ کسی مصلحت کی بنا پر جس چیز کو چاہے
حلال و حرام بنا دے آخرت کی نیک بختی اور بدبختی اُسکی رضامندی
اور غصہ پر موقوف تھین جو شخص گرجے سے نکالدیا جائے اُسکو
پھر ہوش کہ سکتا تھا یہانتک کہ شاہ جرمنی جو شہنشاہ کہلاتا تھا کہ اس مصیبت
مین مبتلا ہوا اور اپنے دار السلطنت سے پیادہ پا چلکر پوپ کی خدمت

ملكه معتذرًا ملتجيًا اليه فعفا عنه ثم ان رجلين
من اتباعه يسميان لوثر وكالوين قد برعا فى
الكلام والجدل خالفا فى مسائل ظاهرية قد
اجمعوا عليها فحكموا بردتهما وقد اتفق ان اقتدى
بهما خلق كثير من طوايف مختلفة فصارت تلك
الاقاويل مذهبًا جديدًا بالغا غاية الاستصواب
والاستحسان وشنع اهله على پوپ واتباعه
وغضبوا منه وبلغوا فى الرد والقدح كل مبلغ كما
يقتضيه الاختلاف فى اصول العقائد فلم يبق له
تلك الرياسة المطلقة الا انه يملك قطرًا من الارض
والرومة الكبرى دار ملكه ولما كانت ارض البربر
المعروفة بالمغرب الاقصى ومن مشهورات بلادها
مراكش وفاس وتونس قد افتتحت فى صدر
الدولة الاموية وهى مقاحمة الافرنجة
ليس بينهما الا خليج المغرب فى عرضه عند
المدخل على غاية الضيق فاقتضت امور ان
عبر المسلمون واستولوا على شطر من مملكة
الاسپانيول وما يتصل بها كالاندلس والغرناطة
والنابلس وبقيت فى ايديهم قريبًا من ثمانمائة سنة و
صارت من احسن بلاد الاسلام علمًا وازديادًا وفصاحة
وبلاغة وخرج منها فى كل فن جماعة مشهورة
منهم الشيخ العارف محى الدين بن العربى الحاتمى
الطائى الاندلسى وقد برعوا فى علوم الاوايل ايضًا
خصوصًا الرياضيات منها حتى فاقوا اقرانهم فيها
ثم حدثت اسباب اوجبت غلبة سلطان

عذر خواہی اور پناہ حاصل کرنیکے لیے پہونچا اُس نے اُسکا قصور
معاف کردیا۔ دو شخص جو پوپ کے تابعین میں سے تھے جنکے نام
لوثر اور کالوین تھے علم کلام اور جدل میں مشاق پیدا ہوئے
اور اُنھون نے ظاہر مسائل میں جنپر لوگونکا اتفاق تھا مخالفت کی
اُنھون نے ان دونونکے ارتداد کا فتوی لگایا اور اتفاق سے مختلف
فرقون میں سے ایک گروہ کثیر اُن دونونکا پیرو بن گیا اور یہ
اقوال ایک نیا مذہب بن گئے جو نہایت صحیح اور ثواب سمجھا گیا اس
مذہب والون نے پوپ اور اُسکے تابعین پر تشنیع شروع کی اور اُس سے
ناراض تھے اور خوب رد وقدح کی جیساکہ اصول عقائد میں اختلاف
کا طبعی نتیجہ ہے اس لیے اُسکی وہ عام حکومت جاتی رہی مگر وہ
زمین کے ایک حصہ کا مالک ہے اور رومۃ الکبری اُس کا پایہ تخت ہے
ملک بربر جو مغرب اقصی کے نام سے مشہور ہے اور جسکے مشہور شہر
مراکش اور فاس اور تونس ہیں چونکہ دولت بنی امیہ کے ابتدائی
زمانہ میں فتح ہوگیا تھا اور وہ افرنجہ کی سرحد پر واقع تھا سوا
خلیج مغرب کے اور کوئی شے اُن دونون کے درمیان حائل نہ تھی
اُس کا عرض مدخل کے قریب بہت تنگ واقع ہوا تھا بہت سی
باتون کے لحاظ سے مسلمان اُسکے پار اُتر گئے اور ملک اسپین کے ایک
حصہ اور اُسکے متصل شہرون مثل اندلس اور غرناطہ اور نابلس
وغیرہ پر حکومت حاصل کرلی یہ ملک تقریبًا آٹھ صدی تک انکے
قبضہ میں رہا علم اور فصاحت وبلاغت کے لحاظ سے تمام بلاد
اسلام میں بہتر تھا وہان سے ہر فن کی ایک مشہور جماعت پیدا
ہوئی کہ شیخ عارف محی الدین بن العربی الحاتمی الطائی وہین سے
نکلے وہان کے لوگون نے متقدمین کے علوم میں خصوصًا
ریاضیات میں کمال پیدا کیا اور اپنے معاصرین پر غالب ہوگئے
ایسے اسباب پیدا ہوگئے جن کے باعث اسپین کے بادشاہ

الاسبانيول على ملوك الطوائف بالاندلس وجلاهم
المسلمين عنها حتى لم يبق فيها ساكن دار ولا نافخ نار
منهم وعادت كهيئتها الاولى افرنجة محضة الا ان
اكثر العمارات باقية وخربة الكتب التى لا يوجد لها
نظير محفوظة الى يومنا هذا لكثرة ميلهم الى مشاهدة
الآثار القديمة اينما كانت وحرصهم على معرفة الآراء
والاديان والعادات فلما راى الافرنج من اهل الاندلس
خائضين فى غمار الفلسفة ووجدوا علم الهيئة
بل سائر التعليمات من اجل ما ينفع فى هذه النشأة
خصوصا فى سفر البحر وكانوا بقربهم من السواحل
اصحاب مراكب وتجارات اخذوا عليها بضرس
قاطع وجد واسع وترجموا ما اتاهم من كتب
اليونان فى تلك العلوم من اللغة القريبة ،
وكان من سعادة الجد وحسن الاتفاق ان رجلا
اسمه كلمبس ممن مارس امر المراكب وله حظ من العلم
زعم ان الارض لا بد ان يكون طرفاها مكشوفين
حتى تتوازن ولا ترسب فى الماء ومكث على
هذا الظن مدة يدور على ابواب الملوك ويطلب مالا
جليلا لاعداد المراكب وتحقيق الامر بل تملك تلك
الارض فلم يجب الى مسؤله احد الا ملكة اسبانيول
فسار فى البحر فى جهة الغرب شهرا حتى انتهى
الى جزائر كثيرة وارض كبيرة تقارب نصف ارضنا
المعروفة بالربع المسكون طولها من اقصى الشمال
الى خمسة وخمسين درجة من جنوب خط الاستواء
وعرضها فى جهة المشرق والمغرب متفاوت

اندلس کے طوائف الملوک پر غلبہ حاصل کر لیا اور مسلمانون کو وہان سے
جلا وطن کر دیا یہانتک کہ وہان کسی گھر کا باشندہ اور کوئی آگ
پھونکنے والا باقی نرہا اور افرنجہ اپنی پہلی خاص حالت پر پھر آگیا
مگر اکثر عمارتین باقی ہین اور خراب کتابین جنکی نظیر نہین پائی جاتی
آج تک محفوظ ہین کیونکہ وہ لوگ آثار قدیمہ کے مشاہدہ کے جہان
کہین ہون بہت مشتاق ہین اور خیالات اور مذاہب و عادات
کے معلوم کرنے کے نہایت حریص ہین افرنج والون نے جب اہل اندلس
کو فلسفہ کے کنڈون مین ڈوبے ہوے دیکھا اور علم ہیئت
بلکہ تمام تعلیمی علوم کو انھون نے اس دنیا مین خصوصًا دریا کے
سفر مین نہایت مفید پایا اور انکے قریب سواحل پر جہاز ران
اور تاجر لوگ رہتے تھے اس لیے انھون نے ان علوم پر مضبوط
دانت جمائے اور عمدہ کوشش کے ساتھ انکو حاصل کیا اور
مسلمانون سے جو کتابین یونان کی ترجمہ کرنے سے رہگئی
تھین انکو قریب زبان سے ترجمہ کیا بخت کی رسائی اور حسن
اتفاق سے ایسا ہوا کہ ایک شخص بہ کلمبس نامے کو جسنے جہازرانی
وعلف ومواشي والبان وجلود وصوف وما اشبه
وكل حاصلاته الصناعية على انواعها ولكنه
يضطر ان يدفع لاوربا اكثر من عشر هذا الدخل
فائدة ديونه وديون حكومته وتبلغ ثروته
اى قيمة ما يمتلكه من اطيان و بيوت ومعامل و الات
وادوات و ما اشبه نحو ٦٠٠ مليون جنيه و هذه
الممتلكات مديونة لاوربا بنحو ١٥٠ مليون
جنيه على الاقل اى دين الحكومة ودين
الاهالي فكان صافي ثروته ٤٥٠ مليون
جنيه وصافي دخله السنوي ٥٤ مليون
جنيه فمتوسط دخل النفس فى القطر المصري
سنويا اقل من خمسة جنيهات ومتوسط دخل
النفس فى انكلترا ٥٠ جنيها وفى اميركا ٣٠ جنيها
وفى اسبانيا ٢٧ جنيها وفى فرنسا ٢٥ جنيها -

ثروة فرنسا

قدر الميو بول لروي ثروة فرنسا بين ٨٨٠٠
مليون جنيه و ٩٠٠٠ مليون جنيه وهذا
التقدير مبني على مجموع التركات سنة ١٩٠٧
فان قيمتها بلغت ٢١٨ مليون جنيها والهبات وقد
بلغت ٤٠ مليون جنيه والجملة ٢٥٨ مليون

زیادہ ہے۔

مصر کی دولت

مصر کی (سالانہ) آمدنی آجکل ۶۰ ملین گنی ہے یعنی کل آمدنی
زراعت روئی، غلہ، گھانس، مویشی، دودھ، کھال، اون
وغیرہ کی قیمت اور کل مختلف صنعتی اشیاء کی قیمت لیکن
وہ (ملک) اس بات پر مجبور ہے کہ اپنی آمدنی کے دسوین
حصہ سے زیادہ یورپ کو اُسکی ملکی اور قومی قرض کے
سود مین دیدے اور اُسکی ملکی دولت یعنی کھیتون اور
مکانون اور کارخانون اور آلات اور اُسکے مشابہ چیزون
کی قیمت ۶۰۰ ملین گنی ہے اور یہ تمام جائداد یورپ کی
کم سے کم ۱۵۰ ملین گنی کی قرضدار ہے یعنی ملکی اور قومی
قرض گویا خالص دولت ۴۵۰ ملین گنی ہے اور خالص
سالانہ آمدنی ۵۴ ملین گنی ہے ہر آدمی کی اوسط سالانہ
آمدنی ملک مصر مین پانچ گنی سے کم ہے اور ہر آدمی
کی سالانہ اوسط آمدنی انگلینڈ مین ۵۰ گنی ہے اور
امریکہ مین ۳۰ گنی اور جرمن مین ۲۷ گنی
اور فرانس مین ۲۵ گنی ہے۔

فرانس کی دولت

میو بول نے فرانس کی دولت کا اندازہ ۸۸۰۰
اور ۹۰۰۰ ملین گنی کے درمیان کیا ہے اور یہ
اندازہ ۱۹۰۷ء کی تمام ترکات پر مبنی ہے کیونکہ
اس کی قیمت ۲۱۸ ملین گنی ہے اور تمام ہبون پر
جنکی قیمت ۴۰ ملین گنی کو پہونچ گئی ہے اور کل ۲۵۸ ملین

جنیه وحیث ان متوسط العمر فی فرنسا ۲۵ سنة
فهذه الترکات والهبات جزء من ۳۵ من ثروة
السکان فالثروة تبلغ نحو ۹۰۰۰ ملیون جنیه

ثروة المانیا

قدرت ثروة المانیا فی العام الماضی بنحو ۱۷۵۰۰
ملیون جنیه وکانت تقدر منذ خمس عشرة سنة
بنحو ۱۰۰۰۰ ملیون جنیه ولذلک فالمانیا اغنی من
فرنسا ولو مع اعتبار عدد السکان فی کلیتهما -

ثروة انکلترا

تقدر ثروة الانکلیز الآن بنحو ۲۰۰۰۰ ملیون
جنیه ودخلهم السنوی بنحو ۲۰۰۰ ملیون جنیه
وهذا الدخل ینفق ماعدا ۲۵۰ ملیون جنیه تضاف
سنویا الی ثروة البلاد وعلیه فالانکلیز اغنی من
الامیرکان فرداً لفرد ویتوفر معهم کل سنة اکثر من
نحو نصف ما تساویه اطیان القطر المصری واملاکه
لو کانت خالیة من الدین

باب التقریظ والانتقاد

مجلة الزهور

اهدانا حضرة الفاضل الظورانطون افندی الجمیل العدد
الاول والثانی من مجلته "الزهور" فوجدناها
طافحة بالمقالات الادبیة والشعریة و
المبدء الذی ترمی المجلة الیه هو اعلاء
شان اللغة العربیة وحث ادبائها
وشعرائها الی ترقیة ادابها وبذل اشتراکها

گنی ہی اور اس لیے کہ اوسط عمر فرانس مین ۲۵
برس ہی پس یہ ترکے اور ہبے وہان کے باشندون کی دولت
کا ۳۵ وان حصہ ہی اس حساب سے کل دولت ۹۰۰۰ ملین گنی ہوتی ہی

جرمنی کی دولت

گذشتہ سال مین جرمنی کی دولت تقریباً ۱۷۵۰۰
ملین گنی اندازہ کیگئی ہی اور پندرہ برس سے تقریباً
۱۰۰۰۰ ملین گنی اندازہ کی جاتی ہی اور اسی وجہ سے جرمنی
فرانس سے زیادہ دولت مند ہی

انگلینڈ کی دولت

آجکل انگلینڈ کی دولت ۲۰۰۰۰ ملین گنی اندازہ کیجاتی
ہی اور اسکی سالانہ آمدنی ۲۰۰۰ ملین گنی ہی یہ کل آمدنی
سوا ان ۲۵۰ ملین پونڈ کے جو سالانہ اضافہ کیے جاتے
ہین وطن کی ثروت پر خرچ کی جاتی ہی اس بنا بر
انگریز امریکہ والون سے فرداً فرداً زیادہ مالدار ہین
اور ہر سال انکی آمدنی مین اسقدر اضافہ ہوتا جاتا ہی جو مصر کی
زمین اور املاک کے جبکہ وہ قرض سے بری ہو نصف کے برابر ہی

ریویو

رسالہ الزہور

حضرت فاضل انطون جمیل نے اپنے رسالہ الزہور
کا نمبر ۱ و ۲ ہدیتہً ہمارے پاس بھیجا ہی ہمنے دیکھا کہ
رسالہ ادبی اور شاعرانہ مضامین سے بہرہ ور ہے
جس کا یہ رسالہ قصد رکھتا ہی عربی زبان کی ترقی اور
اُسکے ادبا و شعرا کو اُس کی ترقی کی طرف رغبت
دلانا ہی اُس کی قیمت مصر مین ۴۰ قرش الخ

٢٠غرشا في مصر و ٣ ريالات مجيدية في البلاد العثمانية و ١٥ فرنكا في الخارج فنرجو لصيفتنا الجديدة الرواج والاقبال، عنوانها: - في اول شارع الفجالة نمرة (١) بمصر

عثمانیہ مین ۳ ریال مجیدی اور ممالک غیر مین ۱۵ فرنک ہے ہمین اپنے نئے ہمعصر سے امید ہے کہ وہ خاطر خواہ رواج اور مقبولیت حاصل کرے گا پتہ یہ ہے۔ اول شارع الفجالہ نمبرہ (۱) بمصر

الكوثر

مجلة علمية فنية سياسية لصاحبها ومحررها بشير رمضان تصدر في بيروت بغرة كل شهر محتوية على المقالات الرائقة في الصناعة والفلاحة والمواضيع التي تختص بالنساء قيمة اشتراكها ريالان مجيديان في بيروت وفي باقي الولايات العثمانية ريالان مجيديان ونصف وفي سائر الجهات خمسة عشر فرنكا ولاساتذة المدارس وطلبتها في بيروت وخارجها ثلثا القيمة لـ

الکوثر

ایک علمی فنی سیاسی رسالہ ہے جو اپنے مالک ومحرر بشیر رمضان کے اہتمام سے ہر مہینہ کی یکم تاریخ کو بیروت سے نکلتا ہے۔ اس مین صناعت اور فلاحت اور عورتون کے متعلق نہایت نفیس مضامین ہوتے ہین، قیمت بیروت مین ۲ ریال مجیدی اور باقی قلمرو عثمانیہ مین ڈھائی ریال اور دیگر ممالک مین ۱۵ فرنک مدرسین اور طلبہ سے خواہ وہ بیروت کے ہون یا باہر کے دو ثلث قیمت،

جريدة مظفري

جريدة سياسية فارسية تصدر في مدينة بوشهر بايران تبحث عن المواضيع السياسية الفارسية وتنشر اخبار مجلس الشورى فالجريدة خير آلة للاطلاع على حوادث البلاد الفارسية وانباءها فنرجو لها التوفيق لما فيه الخير للنهضة الفارسية الحرة،

اخبار مظفری

فارسی زبان کا ایک سیاسی اخبار ہے جو ایران کے شہر بوشہر سے نکلتا ہے فارسی پولیٹکل مضامین سے بحث اور مجلس شوری کی خبرین شائع کرتا ہے یہ اخبار بلاد فارس کے حوادث و اخبار معلوم کرنے کے لیے بہترین ذریعہ ہے خدا اُسے فارسی آزادی کو نفع پہونچانے کی توفیق دے،

قضية ابراهيم ناصف الورداني

تقدم الورداني المتهم في قتل المرحوم بطرس باشا غالي من الجانبين عند محكمة الجنايات بمصر في الجلسة المنعقدة في

ابراہیم ناصف وردانی کا مقدمہ

وردانی کا مقدمہ جو مرحوم بطرس باشا غالی کے قتل مین ماخوذ تھا مصر کی عدالت فوجداری مین ایک جلسہ کے روبرو جو بروز

الاربعاء ۱۸ مایو سنة ۱۹۱۰ الموافق ۹ جمادی الاولی سنة ۱۳۲۸
بعد سماع الشهادات من الجانبین و دفاع المحامین عن المتهم و
الاعتراضات علی الشهادة و سماع اقوال المتهم و شاهدیه و جمیع ما تحقق
الیه فی اثبات الجریمة علی المتهم فالمحکمة اصدرت حکمها ضد المتهم
و رفعها الی الجناب الافخم عباس حلمی باشا خدیو مصر و قد جیئ
بالمتهم و لما وقف محل المتهمین نطق جناب رئیس المحکمة
مستر دبراو غلی فقرأ صورة ما قررت المحکمة و قد ثبت عندها
من التحقیق و من اعتراف المتهم الصریح فی جمیع ادوار التحقیقات
انه کان ناقمًا علی اعمال المرحوم بطرس باشا غالی الذی کان
رئیس النظار فی اعماله السیاسیة و ان المتهم معترف صراحة
بالتحقیق بانه قد اطلق الاعیرة الناریة من مسدسه علی
المقتول فاصابه قاصدًا قتله و انه کان مصرًا علی ذلک من
ایام سابقة و ترصد له بالمحل الذی نفذ فیه تصمیمه و
و قد افتی ایضًا بقتله حضرة مفتی الدیار المصریة فلهذه
الاسباب۔
و بعد الاطلاع علی المادة ۱۹۴ من قانون العقوبات حکمت
المحکمة حضوریًا باعدام ابراهیم ناصف الوردانی شنقًا
و قد سمع المتهم هذا الحکم متجلدًا فلم ینبس ببنت شفة و لم
یحول نظره عن قضاته ثم قرر جناب الرئیس انفضاض
الجلسة و اعید المتهم الی السجن =
و المفهوم من اقوال المحامین عن المتهم انهم عازمون علی
رفع القضیة الی محکمة النقض و الابرام لاسباب لم یتفقوا
علی تعینها تمامًا حتی الآن و القانون یمهلهم فی ذلک
۱۸ یومًا کاملة =

السید علی الترینی

چہار شنبہ ۱۸ مئی ۱۹۱۰ء مطابق ۹ جمادی الاولی ۱۳۲۸ھ کو منعقد ہوا
تھا ختم ہو گیا جبکہ طرفین کے گواہ سن لیے گئے ملزم کے وکلا کی بحث بھی
ہو گئی گواہوں پر جرح کے سوالات بھی ہو گئے ملزم اور اُسکے گواہوں کا بیان
سنا گیا اور ملزم پر اثبات جرم کے لیے جن باتوں کی ضرورت تھی پوری
کی گئیں عدالت نے ملزم کے خلاف فیصلہ کر کے جناب عباس حلمی
پاشا خدیو مصر کے پاس بھیجدیا پھر ملزم کو لا کر جب ملزمین کی جگہ پر
کھڑا کیا گیا تو پریسیڈنٹ عدالت جناب مسٹر دبراوگلی صاحب نے وہ
فیصلہ پڑھکر سنایا جو عدالت نے تجویز کیا تھا عدالت کو تحقیق اور ملزم کے صریح اقرار
تحقیقات کے تمام حالتوں میں یہ ثابت ہو گیا کہ ملزم مرحوم بطرس باشا غالی کے
طرز عمل سے ناراض تھا جو کہ اپنے اعمال قانونی میں وزیر الوزراء تھے اور ملزم
نے بصراحت اور تحقیق اس امر کا مقر ہے کہ اُس نے اپنے طپنچہ سے آتشگیر مادہ
مقتول پر چھوڑے تھے اور مقتول کو لگے جبکہ وہ پہلے سے اسکا قصد
رکھتا تھا اور وہ اسپر بہت زمانہ سے مصر تھا اور اس موقع کی تاک
میں تھا جسمیں اُس نے کامیابی پائی مفتی مصر نے بھی اُسکے قتل کا فتویٰ
دیا ان تمام وجوہ سے ؛
اور قانون تعزیرات کی دفعہ ۱۹۴ پر اطلاع حاصل کرنیکے بعد محکمہ نے
ابراہیم وردانی کی پھانسی کا حکم صادر فرمایا اور ملزم نے اس حکم کو نہایت
بیباکانہ سنا اور کچھ نہ بولا اور اپنی نظر ججوں کے سامنے سے نہیں
ہٹائی پھر جناب پریسیڈنٹ صاحب نے جلسے کے برخاست کا حکم دیا اور
ملزم کو پھر حوالات پہونچایا ؛
ملزم کے وکیلوں کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ اُنکا ارادہ ہے کہ
مقدمہ کو عدالت عالیہ میں بطور اپیل کے پیش کریں لیکن
بہت سے امور کی وہ کامل طور سے تنقیح نہیں کر سکے
قانون اُنکو پورے ۱۸ - دن کی مہلت دیتا ہے ؛

ولا عامر ولا النفاثی نوفل

اسکے بیٹے اسلم بن نوفل اچھے عربی تھے، نوفل کی عمر ساٹھ برس جاہلیت مین گذری اور ساٹھ برس اسلام مین، غزوۂ خندق کے بعد یہ مسلمان ہوے تھے، انھون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت سی حدیثین روایت کین ہین، مدینہ مین خلافت یزید بن معاویہ مین انتقال کیا

عوف بن مالک اشجعیؓ غزوۂ حنین مین یہ اسلام لائے اور اُسمین شریک تھے، مکہ کے فتح کے دن یہ اشجع کے علمبردار تھے، ابوبکرؓ کے زمانہ مین یہ شام چلے گئے تھے اور حمص مین مقیم ہوئے، شروع خلافت عبدالملک تک زندہ تھے، ۷۳ سنہ ھ مین انتقال کیا ابوعمر اپنی کنیت کیا کرتے تھے۔

مالک بن عوف نصریؓ خاندان نصر بن معاویہ بن بکر بن ہوازن سے تھے، حنین کی لڑائی مین مشرکون کے سردار تھے، اسکے بعد اسلام لائے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو اپنی قوم کا عامل بنایا تھا اور انکو سو اونٹ عنایت فرمائے تھے، یہ مؤلفۃ القلوب سے تھے، انکی ذریت باقی ہے۔

حارث بن عوفؓ یہ قبیلۂ بنی مرہ بن نشبہ سے تھے، ابواسمار کنیت کیا کرتے تھے، داحس کی لڑائی مین باربرداری کا کام ان کے سپرد تھا، احزاب کی لڑائی مین یہ بھی مشرکون کے ایک سردار تھے، اس کے بعد مسلمان ہوے اور اسلام مین پکے ہو گئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے ساتھ ایک انصاری کردیا تھا کہ ان کے پڑوس کے لوگونکو اسلام کی دعوت کرے لیکن اُن لوگون نے انصاری کو قتل کردیا، اسکا فدیہ اُنھون نے ستّر اونٹ آپؐ کی خدمت مین بھیجدیا، آپنے اُنکے وارثونکو دیدیا، انکی ذریت باقی ہے۔

مُعیقیبؓ یہ معیقیب بن ابی فاطمہ دوسی خاندان ازد سے ہین، شروع ہی مین مکہ مین مسلمان ہوے تھے، پھر ہجرت کرکے ملک حبش چلے گئے تھے، بعضون کا بیان ہے کہ وطن لوٹ گئے، پھر ابوموسی اور اشعریون کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین

حنین مین حاضر ہوئے، خیبر کی لڑائی مین شریک تھے، عثمانؓ کی خلافت تک زندہ رہے، رسول اللہ کی مُہر کی خدمت پر مقرر تھے، عمر بن خطابؓ کے کاتب اور بیت المال کے خزانچی تھے، انکو جذام مرض تھا، خارجہ بن زید کا بیان ہی کہ یہ عمرؓ کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے. عمرؓ نے اُنسے کہا اپنے نزدیک سے کھاؤ کیونکہ جو بیماری تمکو ہے اگر دوسرے کو ہوتی تو مین اُس سے بات بھی ایک نیزہ کے فاصلہ سے کرتا۔

خباب بن ارتؓ قبیلہ سعد بن زید کے خاندان مناۃ بن تمیم سے ہین، ابو عبد اللہ کنیت کیا کرتے تھے، یہ قید ہو گئے تھے اور مکہ مین بیچے گئے، ام انمار (ام سباع خزاعیہ حلیف بنی زہرہ) نے خرید کر کے آزاد کر دیا تھا، بعضون کا بیان ہی کہ ام خباب اور ام سباع بن عبد العزی ایک ہی عورت کا نام ہی کہ مین عورتون کا ختنہ[1] کیا کرتی تھین، حمزہ بن عبد المطلب نے سباع بن عبد العزی سے جنکی مان ام انمار تھین کہا یہان آ، اے بیٹے مقطعۃ البظور[1] کے، چونکہ ام انمار نے انکو آزاد کر دیا تھا اِس وجہ سے یہ سباع کے خاندان کی طرف منسوب ہوئے اور بنی زہرہ کے حلیف ہونے کا دعوی کیا۔ فقیہ تھے، انکی پشت پر سفید داغ تھا (برص) خارجیون نے عبد اللہ بن خباب انکے بیٹے کو قتل کر دیا تھا، اونکی لونڈی کا پیٹ چاک کر دیا تھا، اُس وقت وہ ایک گانون مین سکونت گزین تھے، انھین سببون سے اُنھون نے ان سے لڑائی کرنے کو جائز قرار دیا۔ واقدی کا بیان ہی کہ خباب اپنی کنیت ابو عبد اللہ کیا کرتے تھے، کوفہ مین ۳۷ھ مین انتقال کیا عمر انکی تریسٹھ برس کی تھی، یا تہتر برس کی، یہ پہلے شخص تھے جنکو علیؓ نے کوفہ مین دفن کیا تھا۔ صفین سے واپس آکر علیؓ نے انکے جنازہ کی نماز پڑھائی تھی۔ انکی ذریت باقی ہی۔

حاطب بن ابی بلتعہؓ ابو الیقظان کا بیان ہی کہ یہ عبید اللہ بن حمید بن زہیر بن حارث بن اسود بن عبد المطلب بن اسد بن عبد العزی بن قصی کے غلام اور مکاتب تھے، مکہ کی فتح کے دن کتابت کا روپیہ ادا کر دیا تھا، یہ ازد کے کسی قبیلہ سے تھے جنکو لخم کہتے ہین۔

---

[1] بظر عورت کی شرمگاہ کو کہتے ہین یعنی عورتونکی ختنہ کرنے والی ۱۲

عبید اللہ بن حمید بدر کی لڑائی مین علیؓ کے ہاتھ سے مقتول ہوا - واقدی کا بیان ہی کہ یہ قبیلہ لخم سے تھے جو بنی اسد بن عبد العزی کے حلیف تھے، ابو محمد کنیت کیا کرتے تھے، مدینہ مین ۳۰؁ھ مین انتقال کیا، کوزہ پشت ڈاڑھی ہلکی اور بدن کے بیڈول تھے - دوسرون کا بیان ہی کہ یہ تاجر تھے، غلہ وغیرہ بیچا کرتے تھے، انتقال کے وقت چار ہزار دینار اور درہم وغیرہ چھوڑ گئے تھے، سعد بن خولی انکا آقائے نعمت تھا، بدر اور اُحد کی لڑائیون مین شریک تھے احد کی لڑائی مین شہید ہوے انکا لڑکا عبد الرحمٰن بن حاطب نے حدیث روایت کرتا ہی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین پیدا ہوا تھا، عمرؓ سے حدیث روایت کرتا ہی، ۶۸؁ھ مین مدینہ مین انتقال کیا، ثقہ اور قلیل الحدیث یعنی کم حدیثین روایت کرنے والے تھے -

ولید بن عقبہ رضؓ ابو الیقظان نے انکا نسب اسطرح بیان کیا ہی ولید بن عقبہ بن ابی مُعیط بن ابی عمرو بن امیہ بن عبد شمس، ابو عمرو غلام تھے، انکا نام ذکوان ہی، امیہ نے اپنا بیٹا بنایا تھا اور ابو عمرو کنیت رکھی تھی، امیہ کے مرنے کے بعد اسکی بی بی ام الاعیاص آمنہ بنت ابان سے اسنے عقد کرلیا تھا - ولید اپنی کنیت ابو وہب کیا کرتے تھے - یہ عثمانؓ کی مان کی طرف سے سوتیلے بھائی تھے، جنکا نام اروی بنت کریز تھا - فتح مکہ کے دن یہ مسلمان ہوے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو بنی المصطلق کے پاس زکوۃ لانے کو بھیجا تھا، انھون نے جھوٹ اگر کہدیا کہ اُنھون نے نہین دی، آپ نے اُنکو سلام کہلا بھیجا، اسپر یہ آیت نازل ہوئی -

یا ایہا الذین آمنوا ان جاءکم فاسق بنبأ فتبینو

ای مومنو اگر کوئی فاسق تمھارے پاس کوئی خبر لاوے تو تمکو چاہیے کہ اسکی تحقیق کرو

علیؓ اور اسکے درمیان کچھ جھگڑا واقع ہوا تو انھون نے کہا "مین تمسے زیادہ فوج کا پھیر دینے والا، اور جوانمرد طاقتور کے سر کا مارنے والا ہون"، اسپر یہ آیت نازل ہوئی -

افمن کان مؤمنا کمن کان فاسقا

کیا مومن اور فاسق برابر ہو سکتے ہین !

ابن کلبی کا بیان ہی کہ امیہ بن عبد شمس ایک مرتبہ ملک شام گئے وہان ایک یہودیہ ساقن سے ہمبستر ہوئے، جسکا نام قرناد تھا اور اُسکا شوہر صفوریہ کا رہنے والا ایک یہودی تھا اِس سے انکا لڑکا ذکوان پیدا ہوا، انھون نے دعویٰ کرکے اپنا بیٹا بنایا، اُسکی کنیت ابو عمر رکھی، اور مکہ لے آئے۔ اِسیوجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عقبہ کو اُسکے قتل کے وقت فرمایا تھا کہ توصفوریہ کا رہنے والا یہودی ہے، عمرؓ نے ولید کو بنی تغلب کی زکوٰۃ پر مقرر فرمایا تھا، عثمانؓ نے سعد بن وقاص کے بعد کوفہ کا حاکم بنایا تھا، وہان انھون نے نشہ کی حالت مین نماز پڑھائی اور کہا مین تمکو زیادہ دونگا، لوگون نے عثمانؓ کے یہان اِنکے شراب پینے کی گواہی دی، عثمانؓ نے صرف معزول کردیا، علیؓ کی بیعت کے زمانے تک برابر مدینہ مین رہے، پھر رقہ چلے گئے، علیؓ اور معاویہؓ دونون سے علیحدہ رہے، رقہ کے اطراف مین انتقال کیا، انکی قبر بلیخ مین ہی اُنکی اولاد کوفہ اور رقہ مین رہی منجملہ اُن کے محمد بن عمرو بن ولید بن عقبہ ہین، انکا لقب ذوالشامہ زندیق مشہور تھے،

انکے بھائی عمارہ بن عقبہ فتح مکہ کے دن ایمان لائے تھے انکے اولاد سے مدرک بن عمارہ ہین، جن سے اسمٰعیل بن ابی خالد روایت کرتے ہین۔

اور انکے بھائی خالد بن عقبہ بھون مین سردار تھے فتح مکہ کے دن مسلمان ہوے تھے بنو امیہ کے قبیلہ سے یہ حسن بن علیؓ کے جنازہ مین شریک تھے۔

عبداللہ بن عامرؓ ابوالیقظان انکا سلسلۂ نسب اسطرح بیان کرتے ہین

عبداللہ بن عامر بن کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس۔ انکے باپ عامر بن کریز فتح مکہ کے دن مسلمان ہوے تھے، عثمانؓ کی خلافت تک مکہ ہی مین رہے، پھر اپنے عامر کے پاس بصرہ چلے گئے وہ وہان عثمانؓ کی طرف سے گورنر تھے، عامر کی مان بیضا بنت عبدالمطلب ہین۔

یہ کمزور تھے انکو لوگ عبدالمطلب کے پاس لائے تو اُنھون نے ہاتھ پھیر کر کہا در ہاشم کی ہڈیونکی قسم بنی عبد مناف مین اس سے بڑھ کر کوئی لڑکا نہین،،

عبداللہ بن عامر کو انکے والد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین لے آئے، آپ نے
چھوہارے اپنے دہن مبارک سے کچلکر انکو چٹا دیا اور جب جمائی لی تو آپ نے لعاب دہن انکے
منہ مین دیدیا یہ نگل گئے، آپ نے فرمایا یہ پرہیزگار ہوگئے، اپنی کنیت ابوعبدالرحمن کیا کرتے تھے،
انھون نے تمام فارس، خراسان، سجستان اور کابل فتح کیا، بناج ایک دیہات لبایا اور اسمین
درخت لگائے ، اسی وجہ سی بناج ابن عامر مشہور ہی دو دیہات اور بسائے اسمین درخت لگائے
نہرین جاری کین، جو عیون ابن عامر مشہور ہین، بناج اور ان نہرون کے درمیان ایک رات کی
مسافت ہے، مدینہ کے راستہ مین تالاب کھدوائے، پھر سمینہ کھدوایا، قباء کے قریب ایک محل
بنوایا، اسمین حبشیون کو کام کرنے کے لیے مقرر کیا، لیکن جب وہ مر گئے تو چھوڑ دیا، عرفات مین
بہت سے حوض بنوائے، چھوہارے کے درخت لگائے، بصرہ مین دو نہرین طیار کرائین، ایک
بازار مین، دوسری جو ام عبداللہ کے نام سے مشہور ہے، ام عبداللہ انکی مان تھین، ان کا نام
دجاجہ بنت اسماء بن صلت سلیمی ہے، بصرہ مین ام عبداللہ کا حوض انہی کی طرف منسوب ہی،
انھون نے بصرہ مین انتقال کیا۔

عبداللہ بن عامر نے ابلہ کی نہر بھی کھدوا دی تھی، کہا کرتے تھے کہ اگر یہ نہر پوری ہو جاتی
تو عورت اپنے سواری پر نکلتی اور مکہ تک اسکو ہر روز بازار اور نہر ملا کرتا۔ مکہ مین انکا انتقال ہوا،
عرفات مین مدفون ہوے۔ انکی ذریت بہت ہے۔ انکا انتقال معاویہؓ سے ایک سال قبل
۵۹ھ مین ہوا۔ مجھے یہ خبر ملی ہے کہ انھون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف ایک
روایت کی ہی، جو شخص اپنے مال کی وجہ سے مارا جاوے وہ شہید ہی، اپنا وصی عبداللہ
بن زبیر کو بنایا، انکی وفات کے وقت ابن عمر آئے تو لوگون نے عرفات مین حوض وغیرہ بنوانے کی
وجہ سے انکی تعریف کی، ابن عمر نے کہا جب مزدوری پاک ہوتی ہی تو خرچ بھی حلال ہوتا ہی،
تم جاتے ہو وہان معلوم ہی ہو جائیگا۔

آل کریز کے آزاد غلامون سے، عثمان بن عفان کی مان اروی بنت کریز کے غلام

طوس میں ہیں، انکا نام عبدالملک ہے، ابو عبد النعیم کنیت کیا کرتے تھے۔ ایک دن لوگوں نے طوس
کو کنکری کی جگہ خوشبو دار شکر سے جمرون کو مارتے ہوئے دیکھا، پوچھا کہ یہ کیا معاملہ ہے، انھوں نے کہا
شیطان کے مجھ پر کچھ احسان ہیں اب اُسکو میں ادا کرتا ہوں۔

ذوالیدین رضہ یہ عمیر بن عبد عمرو ہیں، قبیلۂ خزاعہ سے تھے، ابو محمد کنیت کیا
کرتے تھے، چونکہ دونوں ہاتھوں سے برابر طور کام کرلیا کرتے تھے اس وجہ سے انکو ذوالیدین کہتے
ہیں، اور ذوالشمالین بھی۔ بعضوں کا بیان ہے کہ انکا نام خرباق تھا اور انکے دونوں ہاتھ لانبے
تھے۔ یہ وہی ہیں جنکا حدیث میں ذکر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتیں پڑھنے کے بعد
بات کی تھی، پھر بقیہ نماز ادا فرمائی تھی، وہ ذوالشمالین نہیں ہیں جو بدر کی لڑائی میں شہید ہوئے تھے۔

ذوالنجادین رضہ یہ عبد اللہ بن عبد نہم ہیں، انکا ذوالنجادین اِس وجہ سے
نام پڑا کہ جب یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آنے لگے تو اُنکی ماں نے انکی بجاد (کملی)
کو دو ٹکڑے کرکے دیا کہ ایک ٹکڑے کا چادر بناؤ اور دوسرے کا تہبند، رسول اللہ کے زمانہ میں انتقال
کر گئے۔

عُمیر مولی ابی اللحم غفاری رضہ ابو اللحم کے آزاد غلام تھے، رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ ابو اللحم چونکہ بتوں پر چڑھائے ہوئے جانور کا گوشت نہیں کھاتے
تھے، اس وجہ سے انکا نام ابو اللحم پڑا۔ عُمیر کا بیان ہے کہ حنین کی لڑائی میں میں شریک تھا اور غلام
تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک تلوار اور کچھ اسباب خانہ داری عنایت کیے تھے اور
غنیمت میں میرا حصہ مقرر نہیں فرمایا تھا۔

جہجاہ غفاری رضہ یہ سعید غفاری کے بیٹے ہیں، فقرا مہاجرین سے تھے، انہوں
کی مزدوری کیا کرتے تھے، عثمان رضہ کی لاٹھی کو اپنے گھٹنے پر رکھکر توڑ ڈالا تھا جسکی وجہ سے اُنکے
گھٹنے میں زخم ہوگیا تھا۔ جب یہ مسلمان نہیں ہوئے تھے تو رسول اللہ کے ساتھ بہت کھانا کھاتے
تھے، پھر مسلمان ہونے کے بعد کھایا تو کم کھایا، آپ نے فرمایا کہ مسلمان ایک آنت میں کھاتا ہے

ںات انتون مین کھا ہی-

سلمہ بن اکوع رضہ ابو ایاس کنیت کیا کرتے تھے، یہ تیر انداز تھے ۷۴ سنہ ھ انتقال کیا، عمر اُنکی اسّی برس کی تھی،

انکے بھائی اہبان بن اکوع سے بھیڑیے نے بات کی تھی، واقدی کا بیان ہی کہ جن سے یے نے بات کی تھی وہ اہبان بن اوس اسلمی تھے- اہبان مسلمان ہوگئے تھے، رسول اللہ اللہ علیہ وسلم کی صحبت سے فیضیاب ہوئے- کوفہ مین سکونت اختیار کی تھی، معاویہؓ کی نت مین انھون نے انتقال کیا-

ایاس بن سلمہ انکے بیٹے ابوبکر کنیت کیا کرتے تھے، مدینہ مین ۱۱۱ سنہ ھ مین انتقال کیا، تربرس کی تھی-

شرحبیل بن حسنہ رضہ اپنی ماں کی طرف منسوب ہین، انکے والد عبداللہ بن اع بن عمر یمن کے رہنے والے، بنی زہرہ کے حلیف تھے- ابو عبداللہ اپنی کنیت کیا کرتے تھے، اس کے طاعون مین شام مین ۱۸ سنہ ھ مین انتقال کیا، عمر چونسٹھ برس تھی-

عبداللہ بن بحینہ رضہ اپنی ماں بحینہ بنت حارث بن مطلب کی طرف منسوب ، انکے باپ مالک قبیلہ ازد سے تھے-

خفاف بن ندبہ رضہ اپنی ماں کی طرف منسوب ہین اور وہ کالی تھین انکا ب کے حبشیون مین شمار ہے، انکے باپ عُمیر بن حارث بن شرید سلمی ہین، شاعر تھے، رسول اللہ اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فتح مکہ کی لڑائی مین شریک تھے اور بنی سلیم کے علمبردار تھے، عمر رضہ کے لک زندہ رہے-

ابو لُبابہ انصاری رضہ لُبابہ انکی لڑکی تھی اُسی کے ساتھ کنیت کیا کرتے تھے، منذر بن خطاب سے ہوا تھا، اُنسے بشیر بن منذر پیدا ہوا تھا، بعضون نے رفاعہ بن منذر کیا ہی- ابو لُبابہ کا انتقال عثمان رضہ کے بعد ہوا ہے، اور بعضون کا بیان ہے علی رضہ کے قبل

انکی ذریت انکے بیٹے سائب سے باقی ہے۔

براء بن عازب انصاری رضؓ یہ ابی بردہ بن نیاز کے بھانجے تھے، انکا نانی ہے قبیلہ قضاعہ سے تھے، ابی بردہ کی اولاد باقی ہے، براء کے دو بیٹے تھے جنسے روایت کیجاتی ہے، یزید بن براء اور سوید بن براء۔ سوید عمان کے حاکم تھے اور اچھے حاکم تھے۔

عاصم بن عدیؓ یہ قبیلہ عجلان کے خاندان قضاعہ سے تھے، ایکسو پندرہ برس عمر مین خلافت معاویہ مین انتقال کیا۔ انکے بھائی معن بن عدی تھے۔ انکی اولاد باقی ہے یمامہ لڑائی مین شہید ہوے۔

انکی اولاد سے ابوالبداح بن عاصم بن عدی عجلانی، علبہ لقب اور ابوعمر کنیت کیا کرتے تھے، انسے حدیث روایت کیجاتی ہے ۱۱۷ سنہ ھ مین انتقال کیا، عمر چوراسی برس تھی۔

ابو عبس بن جبر رضؓ انکا نام عبدالرحمن تھا، قبیلہ خزرج سے تھے، قبل اسلام عربی زبان مین لکھا کرتے تھے، ۳۴ سنہ ھ مین انتقال کیا، بقیع مین مدفون ہوئے، ہندی کا حفظ کیا کرتے تھے۔ انکی اولاد مدینہ مین بہت ہے اور کچھ بغداد مین۔

خوات بن جبیر بن نعمان رضؓ قبیلہ خزرج سے تھے، ابوصالح کنیت کیا کرتے تھے، مدینہ مین ۴۰ سنہ ھ مین انتقال کیا انکی اولاد باقی ہے۔ انکے بھائی عبداللہ بن جبیر اُحد کی لڑائی مین تیر پھینکنے والون کے سردار تھے، اُسی دن شہید ہوئے، انکی اولاد باقی نہین رہی۔

ابوالیسر رضؓ انکا نام کعب بن عمرو ہے، انصاری تھے، ناٹے اور تو ندو تھے یہ عباس بن عبدالمطلب کو بدر کی لڑائی مین قید کرکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے۔ معاویہؓ کی خلافت مین ۵۵ سنہ ھ مین انتقال کیا، انکی اولاد مدینہ مین ہے۔

ابومرثد غنوی انکا نام کناز بن حصین ہے قبیلہ غنی سے تھے، حمزہ بن عبدالمطلب کے ہمسن تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے اور عُبادہ بن صامت کے اور انکے بیٹے اور عبادہ بن صامت کے بھائی کے درمیان، بھائی چارہ کرایا تھا۔ یہ بہت لمبے تھے، اور

ین بہت بال تھی۔ ابوبکرؓ کے زمانے مین سنہ ۱۲ھ مین انتقال کیا، ترسٹھ برس کی عمر تھی۔
لے بیٹے مرثد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہی مین رجیع کی لڑائی مین شہید ہوے،
وقت وہ لشکر کے سردار تھے۔

مسطح بن اثاثہ رضؓ یہ مسطح بن اثاثہ بن عباد بن مطلب بن عبد مناف تھے
عبادہ کنیت کیا کرتے تھے، بدر، احد اور سب لڑائیون مین شریک رہے، ابوبکرؓ انکو مشاہرہ
رتے تھے۔ انھون نے عائشہؓ کو صفوان کے ساتھ تہمت لگائی تھی۔

سویبط رضؓ یہ سویبط بن سعد بن حرملہ قبیلۂ عبدالدار بن قصی سے تھے، بدر اور احد
ڑائی مین شریک تھے، یہ مذاق بہت کیا کرتے تھے۔ انکے قصہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
لم اور آپ کے اصحاب بہت ہنستے تھے اِسکا واقعہ اِس طرح ہی کہ یہ ابوبکرؓ کے ساتھ ایکدفعہ
رت کے لیے بصرہ گئے تھے، انہی کے ساتھ نعیمان بھی تھے، اور یہ بدری تھے۔ نعیمان کے ساتھ
انے پینے کی چیزین رہا کرتی تھین، اِنھون نے اُنسے کھلانے کو مانگا، اُنھون نے کہا ابوبکرؓ کو
نے دو،، اِنھون نے کہا ''دیکھو ہم تمکو پھنسائین گے،، وہان پر سے کچھ لوگ جا رہے تھے۔ انھون نے
نے کہا میرا ایک غلام ہے اُسکو خریدو گے؟ اُن لوگون نے کہا ''ہان،، انھون نے کہا ''دیکھو وہ
لام تم سے کہیگا کہ مین آزاد ہون، ایسا نہو کہ جب وہ یہ کہے تو تم چھوڑ دو؟ اُنھون نے کہا نہین
یسا نہین ہوگا ہم ضرور خریدین گے، انھون نے کہا دس اونٹون کے بدلے مین خریدو، وہ
گ اونٹ لیکر آئے اور نعیمان کے گلے مین رسی باندھی، نعیمان نے کہا یہ تم لوگون سے مذاق کرتا
ہے مین آزاد ہون، اُن لوگون نے کہا مجھے تمھاری حالت پہلے ہی سے معلوم ہے، اور نعیمان کو
یکر چلے گئے۔ جب ابوبکرؓ آئے اور اُنکو حالت معلوم ہوئی تو نعیمان کو اونٹ واپس کر کے
لے آئے جب رسول اللہؐ کے پاس یہ لوگ واپس آئے تو یہ قصہ بیان کیا، آپ اور آپؐ کے
صحاب اِس قصہ کو سنکر بہت ہنسے۔

نعیمان بھی بہت مزاح کرتے تھے، انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار دفعہ

شراب پینے کی وجہ سے حد ماری تھا، ایک مرتبہ یہ مخرمہ بن نوفل نابینا کے پاس گئے، اُنھون نے کہا کوئی آدمی مجھکو ہاتھ پکڑ کر پیشاب کرا لاتا؟ اُنھون نے ہاتھ پکڑا اور مسجد مین لے گئے اور کہا یہان پیشاب کرو۔ اُنھون نے وہان پیشاب کیا۔ لوگون نے دیکھا تو ڈانٹا، اُنھون نے کہا مجھے یہان کون لے آیا، لوگون نے کہا نعیمان، اُنھون نے کہا اس لاٹھی سے ہم اُسکو ضرور مارینگے، جب یہ خبر نعیمان کو ملی تو وہ اِنکے پاس آئے اور کہا تمکو نعیمان سے کچھ ضرورت ہی؟ اُنھون نے کہا ہان، یہ اُنکو لیکر عثمان رض کے پاس آئے، عثمان نماز پڑھ رہے تھے، اِنھون نے کہا یہی نعیمان ہے اُنھون نے لاٹھی ہاتھ مین لی اور ایک لاٹھی ماری، لوگون نے کہا یہ امیرالمؤمنین ہین، اُنھون نے دریافت کیا کہ مجھے یہان کون لے آیا، لوگون نے کہا نعیمان، اُنھون نے کہا اب نعیمان کے پاس مین کبھی نہین جاؤنگا۔

وحیہ کلبی رض یہ وحیہ بن خلیفہ بن عامر بن خزرج ہین، شروع ہی مین مسلمان ہوے تھے بدر کی لڑائی مین شریک نہین تھے، خوبصورتی کی وجہ سے جبرئیل ع کے مشابہ تھے، جب مدینہ مین نکلتے تو جوان عورتین اِنکے دیکھنے کو نکل پڑتین، معاویہ کے زمانہ تک زندہ رہے۔

عرابہ اوسی رض یہ عرابہ اوس بن قیظی ہین، جنکی تعریف شماخ نے اس شعر مین کی ہے

رأیت عرابة الاوسی یسمو	الی الغایات منقطع القرین
مین نے عرابہ اوسی کو انتہائی حد تک	بلند مرتبہ اور بے مثل پایا

یہ اُحد کی لڑائی مین حاضر ہوے تھے مگر حقیر سمجھکر واپس کیے گئے۔

وحشی قاتل حمزہ یہ وحشی بن حرب ہین، ابودسمہ کنیت کیا کرتے تھے، یہ مکہ کے حبشی اور جبیر بن مطعم کے غلام تھے، حمزہ رض کو قتل کرکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین مسلمان ہوکر حاضر ہوئے، آپ نے فرمایا کہ تم ہم سے پوشیدہ رہو، اِنکا بیان ہی کہ جب مین رسول اللہ کو راستہ مین دیکھتا تو علیحدہ ہوجاتا، یہ شام چلے گئے تھے اور حمص مین سکونت اختیار کی تھی، شراب پیا کرتے تھے، اور کسم کا رنگا ہوا کپڑا پہنا کرتے تھے، یہ پہلے شخص ہین جنکو شراب پینے کی علت مین ملک شام مین حد ماری گئی تھی، اِنکی اولاد شام مین ہی۔

حمل بن مالک بن نابغہ قبیلہ ہذیل سے تھے، مسلمان ہوکر اپنے وطن کو لوٹ گئے تھے پھر بصرہ آئے اور وہان ایک مکان تعمیر کیا، وہ گھر انکے بعد عمر بن مہران کاتب کو ملا۔

مجالد و مجاشع رضہ بیٹے مسعود کے، دونون قبیلہ سلیم سے تھے، مجالد بہت لنگڑے تھے، مجاشع مہاجرین سے ہین، مجاشع اپنے بھائی کو بیعت کرانے کی غرض سے بعد فتح مکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین لائے، آپ نے فرمایا رر فتح کے بعد ہجرت نہین ہی، مجاشع کے پاس ایک گھوڑا تھا جسکا نام رر دلبار، تھا جس پر وہ گھوڑدوڑ کیا کرتے تھے، بعضون کا بیان ہی کہ ایک بازی مین اُنھون نے پچاس ہزار درہم جیتے تھے، جمل کی لڑائی مین عائشہ رضہ کے ساتھ شریک تھے اُسی مین مارے گئے، انکی اولاد بصرہ مین ہی۔

علقمہ بن علاثہ رضہ انسے اور عامر بن طفیل سے نا چاقی تھی، اعشی نے اسی بارے مین کہا ہی رعلقم ما انت الی عامر) ای علقمہ تو عامر کے مرتبہ کو نہین پہونچ سکتا، وفد مین رسول اللہ کے پاس آئے اور اسلام لائے، پھر مرتد ہوکر قیصر کے پاس چلے گئے، پھر واپس آئے اور مسلمان ہوے، عمر رضہ نے انکو حوران کا حاکم بنایا تھا، وہین مرے۔

لبید بن ربیعہ شاعر رضہ یہ لبید بن ربیعہ بن مالک بن جعفر بن کلاب ہین، بنی کلاب کے وفد مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوے اور مسلمان ہوکر اپنے وطن کو واپس چلے گئے، مسلمان ہونے کے بعد اُنھون نے پھر شعر نہین کہا، اسکے بعد یہ اور انکے بیٹے کوفہ آئے، انکے بیٹے دیہاتون مین چلے گئے اور یہ برابر کوفہ ہی مین رہے یہانتک کہ وہین مرے اور بنی جعفر بن کلاب کے میدان مین مدفون ہوے، جسدن معاویہ حسن بن علی رضہ سے صلح کے لیے نخلیہ مین ٹھہرے تھے اُسی دن اُنکا انتقال ہوا، بعضون کا بیان ہی بعد اس کے عمر اکیسو ستاون برس کی تھی۔

واقد بن منتفق بعضون کا بیان ہی کہ یہ لقیط بن صبرہ ہین، اور بعضون کا بیان ہی کہ لقیط بن عامر بن منتفق ہین، خاندان عقیل سے تھے، کنیت ابو رزین کیا کرتے تھے، تمام لوگونکا

اتفاق ہی کہ یہ عقیلی ہین۔

مکنف بن زید الخیل طائی رضہ یہ اپنے باپ کے بڑے بیٹے تھے، انکے باپ انہی کے نام سے کنیت کیا کرتے تھے، مسلمان ہوے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت مین رہے، ارتداد کی لڑائی مین خالد بن ولید کے ساتھ شریک تھے، اسیطرح انکے بھائی حُریث بن زید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی تھے اور ردّت کی لڑائی مین شریک تھے۔

زید خیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوے تو آپ نے انکا نام زید خیر رکھدیا، اور دو زمینین انکے لیے علیحدہ کر دین، مدینہ مین اُس زمانہ مین وبا تھی، جب یہ جانے لگے تو آپ نے فرمایا کہ یہ اُمّ ملدم (بخار) سے نجات نہین پائین گی، چنانچہ جب وہ اپنے شہر مین پہونچے تو انتقال کر گئے۔ حماد راویہ مکنف کے آزاد غلام تھے۔

اشعث بن قیس رضہ انکا نام معدیکرب بن قیس ہے، بالون کی پراگندگی کے وجہ سے انکا نام اشعث پڑا۔ قبیلہ کندہ سے تھے۔ قبیلہ مراد نے انکے باپ کو قتل کر دیا تھا یہ اپنے باپ کا بدلا لینے چلے تو قید ہو گئے، آخرش تین ہزار اونٹ دینے پر رہائی ہوئی، قبیلہ کندہ کے وفد مین یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین ستّر آدمیون سے حاضر ہوے اور مسلمان ہو گئے، کنیت ابو محمد کیا کرتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کے بعد یہ ابوبکرہ سے بیعت کرنے پر راضی نہین ہوے، اس وجہ سے ابوبکرہ کے گماشتہ انسے لڑے، آخرش پناہ مانگی، اُسنے انکو امن دیکر اُنکے پاس بھیجدیا، انھون نے اُنسے دو باتون کی فرمایش کی، ایک تو یہ کہ مجھے جزیہ پر بحال رہنے دیجئے، دوسرے اپنی بہن ام فرہ سے عقد کر دیجئے ابوبکرہ نے انکی دونون فرمایشین پوری کر دین، ۴۰ھ مین انتقال کر گئے۔

انکے پوتے عبدالرحمن بن محمد بن اشعث نے حجاج پر چڑھائی کی تھی، علما اور قرا اسکے ساتھ ہو گئے تھے۔

عکرمہ بن ابی جہل رضہ فتح مکہ کے بعد یہ مسلمان ہوے، یرموک کی لڑائی مین ابوبکرہ

بن جہاد کرتے ہوے مارے گئے، کوئی اولاد باقی نہین رہی۔

حجر بن عدیؓ انکو معاویہ نے قتل کیا تھا، ابو عبد الرحمٰن کنیت کیا کرتے تھے،
ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوے تھے اور مسلمان ہوگئے، قادسیہ،
ن کی لڑائیون مین علیؓ کے ساتھ تھے، معاویہ نے انکو اور چند شخصون کو دھوکھے سے
نکے دو بیٹے عبد اللہ اور عبد الرحمٰن بھی شیعہ تھے، انکو مصعب بن زبیر نے قید کرکے قتل
ھ مین مقتول ہوے۔

عبد اللہ بن عوسجہ بجلی انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی حارثہ بن عمرو بن قریط
یکر بھیجا تھا، اسلام کی دعوت کی غرض سے، اُن لوگون نے خط کو دھوکر ڈول کے
پیوند لگا دیا اور اُسکے جواب دینے سے انکار کیا، آپؐ نے فرمایا انکو کیا ہوگیا ہے؟ خدا انکو
ل کرے۔ اسیوجہ سے وہ لوگ بیوقوف اور واہیات کلام کرنے والے ہوے۔

فیروز دیلمی یہ اُن فارسیون کی اولاد سے ہین جنکو کسریٰ نے یمن کی طرف بھیجا تھا،
، وہان سے حبشیون کو نکال دیا اور خود مالک بن گئے۔ انھون نے اسود بن کعب عنسی کو
مین نبی ہونے کا دعویٰ کیا تھا قتل کیا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
صالح فیروز دیلمی نے قتل کیا ہے، وفد مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے
حدیثین روایت کرتے ہین، اُن حدیثون مین انکے نام کے ساتھ حمیری بھی ہے، انکو
یہ سے کہتے ہین کہ انھون نے حمیر مین سکونت اختیار کی تھی۔ عثمانؓ کی خلافت مین

عجلانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے اور انکی بی بی کے درمیان لعان کرایا
یمر بن حارث ہے۔ عکرمہ کا بیان ہے کہ لعان کے بعد جو لڑکا پیدا ہوا تھا اُسکو مین نے
یکھا تھا، وہ اپنے باپ کیطرف منسوب نہین کیا جاتا تھا،

عباس بن مرداس سلمی فتح مکہ سے پہلے مسلمان ہوے تھے فتح مکہ کے دن

یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نو سو سے زیادہ نیزے اور زرہین گھوڑے پر لیکر حاضر ہوے
تھے، یہ مکہ اور مدینہ مین نہین رہا کرتے تھے بلکہ اپنے وطن کو لوٹ جایا کرتے تھے۔ حلیمہ انکا بیٹا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ حدیثین روایت کرتا ہی۔

ابو برزہ اسلمی رضہ انکا نام عبد اللہ بن نضلہ ہی اور بعضون کا بیان ہی نضلہ بن عبد اللہ
خراسان کے جہاد مین شہید ہوے۔

فرات بن حیان قبیلۂ عجل کے خاندان بنی سعد کے جماعت حنظلہ بن ثعلبہ بن
سیار سے تھے، یہ راستون سے بہت واقف تھے، قریش کے قافلون کے ساتھ ملک شام جایا کرتے
تھے، حسان نے انہی کے بارے مین یہ شعر کہا ہی۔

فان نلق فی تطرافنا و انبعاثنا　　　　فرات بن حیان نقظ دون ہالک

یہ مسلمان ہو گئے اور اپنے اسلام کو آراستہ کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن
مؤلفۃ القلوب کو دینے سے جب فراغت کی تو فرمایا، کہ بعض لوگ ایسے ہین کہ ہم اُنکو اُنکے ایمان کے
سپرد کرتے ہین، اُنہی مین فرات بن حیان بھی ہین،،

خشخاش یہ خشخاش بن خلعت ہین، انکے باپ بنی العنبر کے پہلوان کہلاتے تھے۔
انکو آپ نے فرمایا تھا ،، تیرا بایان تیرے داہنے پر ظلم نہ کرے،، مالک اور عبید انکے دو بیٹے ملکون کے
حاکم تھے۔ مالک کا بیٹا حصین زیاد کی طرف سے ،، میان،، کا حاکم تھا، اور چالیس برس تک حکومت
کرتا رہا، اور دوسرا بیٹا حُر تھا، جنکی اولاد سے معاذ بن عنبری تھے، رشید کی طرف سے بصرہ کے قاضی تھے
آل خشخاش کے آزاد غلامون سے فیروز تھا، عراق مین اسکی بہت قدر تھی، بہت سے ملکونکا
حاکم تھا، ابن اشعث کے ساتھ اسنے خروج کیا تھا، حجاج نے کہا تھا جو کوئی فیروز کا سر لے آئے اُسکو
دس ہزار درہم دونگا، فیروز نے کہا جو کوئی حجاج کا سر لے آئے اُسکو مین لاکھ درہم دونگا۔ آخرش
جب ابن اشعث کو شکست ہوئی تو یہ بھاگ کر خراسان چلے گئے، وہان یزید بن مہلب نے انکو گرفتار
کرکے حجاج کے پاس بھیجدیا۔ حجاج نے انسے کہا اپنا مال بتا دو، انھون نے کہا اس شرط پر کہ مجھکو دے

اُسنے کہا نہین، انھون نے پکار کر کہدیا کہ جسکے پاس میرا مال ہو اُسکو مین نے بخشدیا، مجبور ہو کر حجاج نے انکے پٹھون کے چیرنے کا حکم دیا یہانتک کہ تمام جسم کو ان کے چاک کر دیا، اخیر مین سرکہ اور نمک ان کے بدن پر ڈلوا دیا اور وہ مرگئے۔

عیاض بن حماد یہ عیاض بن حماد بن ابی حماد بن ناجیہ بن عقال دارمی ہین، ابو حماد بن ناجیہ بن عقال دارمی،، فرزدق شاعر کے دادا صعصعہ بن ناجیہ کے بھائی تھے۔ عیاض نے کفر کی حالت مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین ہدیہ بھیجا تھا، آپؐ نے فرمایا کہ کافر کی چیز ہم نہین قبول کرتے۔ انکی اولاد کی مجھے خبر نہین۔

اشج عبدی یہ منذر بن عائذ ہین، قبیلہ عصر سے تھے، عمرو بن قیس انکے بھانجے تھے، اور یہ ربیعہ کی قوم مین سب سے پہلے مسلمان ہوے، یہ اس طرح واقع ہوا کہ اشج نے انکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خبر لانے کے لیے بھیجا تھا، جب رسول اللہؐ کے پاس سے وہ آئے اور آپ کی خبر دی تو وہ مسلمان ہو گئے اور پھر رسول اللہؐ کی خدمت مین حاضر ہوے۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم مین دو خصلتین ہین جنکو خدا پسند کرتا ہی، ایک بردباری۔ دوسرے حیا۔

جارود عبدی یہ بشیر بن عمرو بن حنش بن معلّے قبیلۂ عبدالقیس سے ہین، ابو غیاث کنیت کیا کرتے تھے، انکا جارود (منحوس) نام اس وجہ سے پڑا کہ یہ اپنے اونٹون کو لیکر بنی شیبان مین اپنے امووٗن کے پاس بھاگ گئے تھے، انکے اونٹون کو بیماری تھی وہ بیماری انکے امووٗن کے اونٹون مین پھیل گئی اور وہ مرگئے۔ اسی وجہ سے کسی شاعر نے کہا ہی کما جرد الجارود بکر بن وائل۔ جارود رسول اللہ صلی اللہ کے زمانہ مین مسلمان ہوے تھے، پھر عقبۃ الطین مین انکو دشمن نے قتل کر دیا، اسی وجہ سے اُسکا نام عقبۃ الجارود پڑا، عبداللہ بن جارود انکے بیٹے تھے، ناٹے ہونے کی وجہ سے ,,طیر العناق،، کہلاتے تھے، قبیلۂ عبدالقیس کے سردار تھے، کوفہ اور بصرہ کے تمام قبیلون نے جمع ہوکر ,,رستقاباذ،، مین انکو اپنا سردار بنا کر حجاج سے لڑائی شروع کی، آخرش حجاج فتحیاب ہوا اور انکو دار پر کھینچا۔ انکا دوسرا بیٹا منذر بن جارود علیؓ کی طرف سے اصطخر کا حاکم تھا، منذر کا بیٹا حکم

عبدالقیس کا سردار تھا، کذاب حرمانی نے انہی کی شان مین کہا ہی۔

یا حکم بن المنذر بن الجارو د	سرادق المجد علیک ممدو د
اے حکم بن منذر بن جارو د	بزرگی کے پردے تجھ پر کھلے ہین
انت الجواد بن الجواد المحمو د	بنت فی الجود و فی بیت الجود
تو اچھے سخی کا سخی بیٹا ہے	تمنے سخاوت اور اُسکے گھرمین ورش پائی ہی

والعود قد ینبت فی اصل العود
عود (خوشبودار لکڑی) کی جڑمین عود ہی پیدا ہوتا ہی

ابو غیلان کنیت تھی، حجاج کے قید خانہ مین، جو دیماس مشہور ہی، انتقال کیا۔

صحار بن عباس عبدی وفد مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوے تھے، بہت بڑے خطیب (لکچرار) تھے، بدن سرخ اور آنکھین زرد تھین، معاویہؓ نے انکو "ازرق" (زرد آنکھ والے) کہکر پکارا، انھون نے کہا ازرق باز ہوتا ہی، پھر کہا اے احمر (سرخ رنگ والے) انھون نے کہا سرخ رنگ سونا ہوتا ہی، یہ عثمانی تھے، چونکہ عبدالقیس شیعہ تھے انھون نے اُنکی خلاف کیا، جعفر بن زید کے دادا تھے، جعفر فاضل اور برگزیدہ عابد تھے۔ صحار نے دو یا تین حدیثین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہین۔

حزیم بن فاتک قبیلہ بنی اسد سے تھے، رسول اللہؐ کی صحبت مین رہے ہوے اور اُنسے روایت کرتے ہین۔

انکے بیٹے ایمن بن حزیم شاعر مبروص تھے، بنی مروان کے قصہ گو اور خانسامان تھے، مصنف کہتے ہین کہ مجھ سے سہل بن محمد نے بیان کیا اُن سے اصمعی نے، اُن سے ابو زکریا عجلی نے، اُن سے اُن کے باپ نے کہ عبدالملک بن مروان نے ایمن بن حزیم سے کہا کہ تمھارے باپ اور چچا دونون صحابی تھے! تم یہ مال مجھ سے لو اور ابن زبیر سے جاکر لڑو۔ اُنھون نے اِس سے انکار کیا، اور کہا۔

وست بقاتل رجلا یصلے	علی سلطان آخر من قریش
دوسرے شخص کی بادشاہت کیلیے مین قریش کے	ایسے آدمی کو جو نماز پڑھتا ہو ہرگز نہین مار سکتا
له سلطانه وعلی وزرہ	معاذ اللہ من سفه وطیش
اُسکی تو بادشاہت رہے گی اور مجھپر گناہ ہوگا	مین ایسی بیوقوفی اور غصہ سے پناہ مانگتا ہون
أأقتل مؤمنا واعیش حیاً	وست بنافع ما عشت عیشے
کیا مین مسلمان کو قتل کردون اور خود زندہ ہون؟	یہ میرے لیے جبتک مین زندہ ہونگا ہرگز مفید نہوگا

جن صحابہ نے سب سے اخیر مین انتقال کیا

واقدی کا بیان ہی کہ کوفہ مین سبھون سے پیچھے جنھون نے انتقال کیا عبداللہ بن ابی اوفی ہین، انکا انتقال ۸۶ سنہ ھ مین ہوا، مدینہ مین سبھون سے اخیر مین سہل بن سعد ساعدی نے ۹۱ سنہ ھ مین انتقال کیا، انکی عمر سو برس کی تھی، بصرہ مین سبھون سے پیچھے انس بن مالک نے ۹۱ سنہ ھ مین، بعضون کا بیان ہی ۹۲ سنہ ھ مین۔ شام مین سبھون سے اخیر مین عبداللہ بن بسر نے ۹۰ سنہ ھ مین۔ ان سبھون سے پیچھے شام مین واثلہ بن اسقع نے ۸۵ سنہ مین انتقال کیا، انکی عمر اٹھانوے برس کی تھی، قبیلہ بنی لیث بن کنانہ سے تھے۔

ابو الطفیل رضہ یہ ابو الطفیل عامر بن واثلہ ہین، انھون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا۔ صحابہ مین انھون نے سبھون سے پیچھے انتقال کیا، ۱۰۰ سنہ ھ کے بعد انھون نے انتقال کیا، علی رضہ کے ساتھ سب لڑائیون مین شریک رہے، مختار کے علمبردار تھے۔

انہی کا قول ہی۔

ولقیت سہامنا فی الکنانة واحدا	سیرمی به او یکسر السہم کاسر
کنانہ مین مرت مین ہی ایک تیر رہ گیا ہون	اب چاہے یہ پھینکا جائے یا اسکو کوئی توڑدے

یہ اشعار بھی انہی کے ہین۔

ایدعونی شیخا وقد عشت حقبتہ	وہن من الازواج نحوے نزائع
کیا اب وہ مجھ بوڑھا کہتی ہین حالانکہ ایک زمانہ تک مین زندہ رہا	اور وہ اپنی شوہرونکو چھوڑ چھوڑ کر مجھ پسند کیا کرتی تھین
وما شاب رأسی من سنین تتابعت	علیّ ولکن شیبتنی الوقائع
میرے سر کے بال متواتر ان چند سالونکی گذرنیسی نہین سفید ہوے	بلکہ حوادثات نے مجھے بوڑھا بنا دیا ہے

مؤلفۃ القلوب (جو لوگ خاطر و مدارات کی وجہ سے مسلمان ہوے) کے نام

ابوسفیان بن حرب، انکا بیٹا معاویہ، انھون نے اپنے اسلام کو بعد مین درست کرلیا، حکیم بن حزام یہ بعد مین پکے مسلمان ہوگئے، ابوجہل کے بھائی حارث بن ہشام، یہ بھی بعد مین پکے مسلمان ہوے سہیل بن عمرو، انھون نے بھی اپنے اسلام کو درست کیا، علا بن حارثہ ثقفی، عیسیٰ بن حصن بن حذیفہ بن بدر، اقرع بن حابس، مالک بن عوف نصری، عباس بن مرداس سلمی، بعد مین پکے مسلمان ہوے، قیس بن مخرمہ، انھون نے بعد مین اپنے اسلام کو درست کیا اور جبیر بن مطعم، یہ بھی پکے مسلمان ہوگئے تھے۔

اُن منافقون کے نام جنھون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تبوک کی لڑائی مین گھاٹی سے گرانے کا قصد کیا تھا۔

عبداللہ بن اُبی بن سلول، سعد بن ابی سرح، یہ اُس شخص کا باپ ہی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وحی لکھا کرتا تھا اور ''غفور رحیم'' کی جگہ ''عزیز حکیم'' لکھا کرتا تھا، ابو حاضر اعرابی جلاس بن سوید بن صامت، مجمع بن حارثہ، ملیح تیمی، اِس نے کعبہ کی خوشبو کو چوری کیا تھا اور اِسلام سے مرتد ہوکر چلا گیا تھا، پھر اِسکا حال معلوم نہین ہوا، حصین بن نمیر، اِس نے زکوٰۃ کے چھوہارے چوری کیے تھے، طعیمہ بن ابیرق اور مرۃ بن ربیع، اِن سب کا سردار ابو عامر تھا اِسی کے لیے سبھون نے مسجد ضرار بنائی تھی، یہ ابو حنظلہ کا باپ ہے جنکو فرشتون نے غسل جنازہ دیا تھا

اُن تین صحابیون کے نام جو کہ لڑائی مین نہ جا سکے
اور اُنکے بارہ مین قرآن نازل ہوا۔

کعب بن مرہ، مرارہ بن ربیع، اور ہلال بن اُمیہ۔

خلفاء کے نام

معاویہ بن ابی سفیان، ان کا نام صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ ہے ابو سفیان فتح مکہ سے کچھ پہلے مسلمان ہوے تھے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے طائف کی زکوٰۃ کا گماشتہ مقرر کیا تھا۔ رسول اللہ صلعم کے ساتھ کسی لڑائی مین ان کی ایک آنکھ چلی گئی تھی، عثمان رضہ کی خلافت تک زندہ رہے، مرنے سے پہلے اندھے ہو گئے تھے، مدینہ مین ۳۲ سنہ مین انتقال کیا عمر اٹھاسی برس تھی، ابو سفیان کی ماں صفیہ بنت حزن قبیلۂ قیس عیلان سے تھین، معاویہ کی ماں ہند بنت عتبہ بن ربیعہ ہین، بعضونکا بیان ہے کہ اُن کی ایک آنکھ طائف کی لڑائی مین چلی گئی تھی، اور دوسری یرموک کی لڑائی مین۔ ابو سفیان کی اولاد ام حبیبہ (جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بی بی تھین، ان کا نام رملہ تھا) آمنہ، عمرو، ہند، صخرہ، معاویہ، عتبہ، جویریہ، ام حکم (ان چارون کی ماں ہند بنت عتبہ ہین) حنظلہ، عنبسہ، محمد، زیاد، یزید، رملہ صغری اور میمونہ تھی،

عمرو بن ابی سفیان یہ بدر کی لڑائی مین قید کیے گئے، ابو سفیان نے ان کا زر فدیہ ادا نہین کیا، بلکہ اِس کی جگہ پر ایک مسلمان کو قید کیا، جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو چھوڑا تو ابو سفیان نے اُس مسلمان کو رہا کر دیا۔ اِنکی کوئی اولاد نہین۔

حنظلہ بن ابی سفیان اِسکو علی رضہ نے بدر کی لڑائی مین قتل کیا تھا اِسکی کوئی اولاد نہین۔

یزید بن ابی سفیان ان کا لقب یزید الخیر تھا، ابو بکر رضہ نے ان کو شام کا حاکم بنایا تھا، ابو بکر رضہ کے بعد عمر رضہ نے بھی برقرار رکھا، ابو سفیان یرموک کی لڑائی مین

انہی کے ساتھ لڑتے تھے، انھون نے شام مین عمر رض کی خلافت مین طاعون سے انتقال کیا، یہ واقعہ سنہ ۱۸ھ کا ہی، اس کے بعد عمر رض نے ان کی جگہ پر ان کے بھائی معاویہ کو مقرر کیا۔ یزید کی کوئی اولاد نہ تھی۔

عنبسہ بن ابی سفیان ان کو شراب پینے کی علت مین خالد بن عبداللہ بن خالد نے طائف مین حد مارا تھا، ان کی اولاد بہت تھی، مگر انکا نسب صرف عثمان بن عنبسہ سے جاری رہا۔

محمد بن سفیان ان کا لڑکا عثمان تھا، یہ یزید بن معاویہ کی طرف سے مدینہ کا حاکم تھا، مدینہ والون نے اِس سے سختی کی تھی اسی وجہ سے "حرہ" کی لڑائی ہوئی۔

عتبہ بن ابی سفیان یہ ضعیف شمار ہوتے تھے، عائشہ رض کے ساتھ جمل کی لڑائی مین شریک تھے، معاویہ نے ان کو مصر کا حاکم بنایا تھا، اِن کی اولاد بہت تھی، منجملہ اُن کے معاویہ بن عتبہ تھے، معاویہ نے ان کو مدینہ کا حاکم بنایا تھا، اور عمرو بن عتبہ تھے، یہ ابن اشعث کے ساتھ تھے اور قتل کیے گئے، اِنکی اولاد بہت ہی۔

زیاد بن ابی سفیان ابو مغیرہ کنیت کیا کرتے تھے، ان کی مان ہمار بنت اعور قبیلۂ بنی عبشمی بن سعد کی تھین، ابو الیقظان نے ایسا ہی بیان کیا ہی، اور دوسرون کا بیان ہی کہ اِن کی مان اسمیہ بنت ابی بکرہ تھین، ہم نے جہان پر ابو بکرہ کا حال لکھا ہی وہین پر ان کا بھی حال بیان کیا ہی۔ زیاد فتح مکہ کے سال طائف مین پیدا ہوے، مغیرہ بن شعبہ کے کاتب تھے، اِس کے بعد ابو موسیٰ کے کاتب رہے، انکے بعد ابن عامر کے، پھر ابن عباس کے، یہ علی رض کے ساتھ تھے، علی رض نے ان کو [illegible] کا حاکم مقرر کیا تھا، معاویہ نے اِس پر عتاب کا خط لکھا، انھون نے جواب

مین لکھ بھیجا کہ تم سب مجھے ڈراتے ہو، باوجودیکہ ہمارے تمھارے درمیان علی بن ابی طالب
ہین، خدا کی قسم اگر میرے نزدیک تمھارا گذر ہو جائے گا تو تم مجھے سُرخ اور تلوار سے
مارنے والا پاؤگے۔ پھر معاویہ نے بصرہ اور اُس کے ملحقات کا ان کو حاکم بنایا، اور
جب مغیرہ بن شعبہ (حاکم بصرہ) انتقال کر گئے تو عراقین (کوفہ بصرہ) انکے علاقہ مین
کر دیا، یہ پہلے شخص ہین جن کو دونون جگہ کی حکومت ملی، آٹھ برس تک حکومت کی،
پانچ برس صرف بصرہ مین اور تین برس کوفہ اور بصرہ دونون مین، کوفہ مین ۵۳ھ
مین انتقال کیا، مجھ سے سہل بن محمد نے بیان کیا، اُن سے اصمعی نے، اُن سے جریر
بن حازم نے، اُن سے زبیر بن حریث نے، اُن سے ابی لبید نے، کہ زیاد جس وقت
بصرہ کے حاکم تھے میرے پاس سے گذرے، مین نے دیکھا کہ دو ایک آدمی اُنکے
ساتھ ہین اور وہ خچر پر سوار ہین اور اُس کی رسی اُس کی گردن مین لپٹی ہوئی ہے۔
ان کی اولاد عبد الرحمن، مغیرہ، محمد، ابوسفیان، عبید اللہ، عبد اللہ، ان دونوں کی
ماں مرجانہ تھی، سلم، عثمان، عباد، ربیع، ابو عبیدہ، یزید، عنبسہ، ام معاویہ،
عمرد، غصن، عتبہ، ابان، جعفر، ابراہیم، سعید، اور تیئیس لڑکیان۔
عبید اللہ بن زیاد اپنی کنیت ابوحفص کیا کرتا تھا، یہ خالدار اور خوبصورت
تھا۔ زیاد اِس کی ماں مرجانہ کو شیرویہ اسواری سے عقد مین لایا تھا، عبید اللہ
کو اُسی کے سپرد کر دیا تھا، اِس نے اساورہ مین پرورش پائی، اِس کی زبان
مین لکنت تھی، معاویہ کی طرف سے خراسان کا حاکم تھا، بعد اِس کے اپنے
باپ کی جگہ عراقین (کوفہ بصرہ) کا، حاکم ہوا اور جب یزید مرگیا تو بصرہ والون نے
سرکشی کی اور اُس کو گھر سے نکال دیا، اِس نے مسعود بن عمرو کی پناہ لی اور
جب وہ مارا گیا تو شام چلا گیا اور مروان سے جا ملا، مرج کی لڑائی مین یہ مروان کے
ایک بازو پر تھا، مروان کو جب فتح ہوئی تو پھر اُس نے کوفہ کا حاکم بنا دیا

جب یہ قریب کوفہ کے پہونچا مختار نے اِس کو قتل کر دیا، اِس کی کوئی اولاد نہین، عاشورا کے روز سنہ ۶۶ھ مین مقتول ہوا، عبداللہ بن زیاد اپنی کنیت ابو خالد کیا کرتا تھا، معاویہ نے اِن کو خراسان کا حاکم بنایا تھا، اِس کی اولاد بصرہ مین ہے۔ مغیرہ بن زیاد کی کوئی اولاد نہین۔ محمد بن زیاد کی بھی کوئی اولاد نہین۔ ابو سفیان بن زیاد طاعون سے جنگلون مین چلا گیا تھا اور وہین مبتلا ہو کر انتقال کر گیا، اِس کی اولاد بصرہ مین ہے۔ سلم بن زیاد کی کنیت ابو حرب تھی، یہ زیاد کی اولاد مین سب سے لائق تھا، یزید کی طرف سے خراسان کا حاکم تھا۔

ابن عرادہ نے اِسی کے بارے مین کہا ہے۔

وخالطت اقواما بکیت علی سلم	عتبت علے سلم فلما ہجرتہ
لوگون سے جا ملا، تو سلم کیواسطے رویا کرتا تھا	مین نے سلم پر عتاب کیا، لیکن جب مین اُسکو چھوڑکر

اِس نے بصرہ مین انتقال کیا، اور اِس کی اولاد وہین ہے۔
عباد بن زیاد کی کنیت ابو حرب تھی، معاویہ کی طرف سے سجستان کے سات برس حاکم رہے۔

اسی کے بارہ مین مفرغ کا قول ہے۔

سبق عباد وصلت لحیتہ۔

اِس کی اولاد شام اور بصرہ مین ہے۔ ربیع بن زیاد لنگڑا تھا اس کی اولاد سے کچھ لوگ بصرہ مین ہین۔ ابو عبیدہ بن زیاد، اِس کو سلم بن زیاد نے کابل کا حاکم بنایا تھا۔ یہ وہان قید ہو گیا تو اُس نے سات لاکھ درہم دیکر قید سے آزاد کرایا، اِس کی اولاد باقی ہے۔ یزید بن زیاد، سلم بن زیاد نے سجستان کا حاکم مقرر کیا تھا، اِس نے دشمن کو مار ڈالا

کوئی اولاد نہین رہی۔ عنبسہ بن زیاد مکہ کے راستہ مین طاعون سے ہلاک ہوا، اس کی کوئی اولاد نہین رہی عتبہ بن زیاد کی اولاد بصرہ مین بہت ہے۔ عمرو، غصن، ابان، جعفر، ابراہیم اور سعید کی کوئی اولاد نہین رہی۔

معاویہ بن ابی سفیان ابو عبدالرحمن اپنی کنیت کیا کرتے تھے۔ فتح مکہ کے دن مسلمان ہوے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کاتب تھے، عمر اور عثمان کی طرف سے بیس برس تک شام کے حاکم رہے۔ سنہ ۴۱ھ مین خلیفہ ہوے، اُس وقت باسٹھ برس کی عمر تھی، ان کو خبر ملی کہ کوفہ والون نے حسن بن علی رض سے بیعت کی ہے، یہ کوفہ کے ارادہ سے نکلے، اور حسن بن علی رض بھی ان کے ارادہ سے چلے، اور دونون کی ملاقات کوفہ کے قریب ایک مقام پر ہوئی۔ آخرش حسن رض نے صلح کر کے معاویہ سے بیعت کر لی، پھر دونون کا کوفہ مین داخلہ ہوا، اسکے بعد معاویہ شام چلے گئے۔ مغیرہ بن شعبہ کو کوفہ کا حاکم مقرر کیا، اور بصرہ کا عبداللہ بن عامر کو، اخیر مین دونون جگہون کا حاکم زیاد کو کیا۔ معاویہ نے ایک مہینہ کم بیس برس خلافت کی، دمشق مین سنہ ۶۰ھ مین انتقال کیا بیاسی برس کی عمر تھی، ابن اسحاق کا بیان ہے اٹھتر برس کی عمر تھی، پھوڑے کے نکلنے سے انھون نے انتقال کیا تھا، زمانۂ خلافت مین ان کی کوئی اولاد نہین ہوئی، کیونکہ برک صریمی نے ان کے چوتڑ پر تلوار ماری تھا جس کی وجہ سے ان کی اولاد نہین ہوتی تھی، ان کی اولاد عبدالرحمن ان کی لونڈی سے، یزید، اس کی ماں میسون بنت مجدل کلبیہ تھی، عبداللہ رملہ اور صفیہ تھی عبدالرحمن بن معاویہ کی کوئی اولاد نہین۔

عبداللہ بن معاویہ کہ ور تھا، منصب اس کا لقب تھا، اس کی کوئی اولاد نرینہ نہ تھی صرف اس کی بیٹی تھی، جس کا نام عاتکہ تھا، جس کا عقد یزید بن عبدالملک سے ہوا تھا،

اسی کے بارے مین کسی نے یہ شعر کہا ہے۔

یا بیت عاتکۃ الذی اتغزل		حذر العدی وبہ الفؤاد مؤکل

تمت

خدا کا شکر ہے کہ پہلی جلد ترجمہ اُردو معارف ابن قتیبہ کی جو بشمول البیان بطور ضمیمہ شائع ہوتی تھی، ختم ہوی۔ قیمت فی جلد ۱۲ر

ایک مفید اور ضروری بات

پیرس دار السلطنت فرانس مین ایک علمی ایسوسی ایشن صرف اس غرض سے قائم ہو کہ اسلامی
سلامی تمدن اور آثار اسلام پر فلسفی نظر سے بحث کیجائے۔ اور اُن وسائل پر غور کیا جائے جنسے عربی زبان کو تمام
زبانون پر غالب ہونیکا موقع ملا۔ دسمبر ۱۹۰۲ء کے جلسہ مین اسی آخری سبجکٹ پر بحث ہوئی، اور یورپین
ون نے خاص اس امر پر بڑے زورون سے تقریر کی، کہ آخر وہ کیا وجہ تھی کہ جس سے عربی زبانکو آپسے آپ
ی روزمین ارض سوریا (شام) و فلسطین مین آکر انبیاے بنی اسرائیل ور تورات مقدس کی قدیم زبان سُریانی
ن حاصل ہوا، جس سے شہنشاہ رعمسیس کے زمانہ کی قبطی زبان مصر مین مغلوب ہوگئی۔ جسکی بدولت بر اعظم
یہ مین سلسلۂ کوہ اطلس اور مغرب الاقصیٰ کی بربری زبانین متروک ہوگئین، جس سے قدیم ایرانیون کی زبان بگڑ گئی
ر شام و افریقیہ کی طرح عراق اور بابل مین بھی نبطی و خالدی زبانون کی جگہ عربی نے لے لی، ایک فرنچ اسپیکر
سب سے زیادہ اس امر پر تعجب ظاہر کیا کہ مالٹا (ملطیہ) مین جہان بہت ہی تھوڑے دنونکے لیے صدر اول مین مسلمانونکا
ہو گیا تھا، دیار سودان کی طرح وہان آج بھی مخلوط عربی زبان مستعمل ہے، اور یورپین حکومتون کا حاکمانہ اقتدار ہر برس
اسلامی یادگار کو جزیرہ سے شہر بدر کرنے مین کامیاب نہو سکا وغیرہ وغیرہ جلسہ مین بہت کچھ بحث مباحثہ کے بعد
رائے سے یہ تجویز پاس ہوئی کہ فرانس مین عربی زبان کو زندہ کرنیکے لیے ایک وقیع عربی اخبار کی اشاعت ضروری ہے
سکے لیے دو لاکھ فرانک سرمایہ جمع کرنیکی منظوری ہوئی" اور جمع ہو گیا،

اس دلچسپ واقعہ سے ہندوستان کے مسلمانونکو ایک غیر معمولی با نتیجہ اور عبرت انگیز سبق لینا چاہیے کہ فرنگستان مین
ایک بھی مسلمان مین مسلمانونکی آسمانی زبان "عربی" کی تائید مین کوشش کیجاتی ہے کہ عربی اخبار کے ذریعہ سے
اشاعت مین [illegible] ہندوستان مین جہان ۶ کرور سے زائد مسلمان آباد مین خاص اسی مقصد کیلیے
۱۹۰ برس [illegible] کثیر التعداد مسلمانون مین کامیابی کے ساتھ وہی عربی مذاق پیدا کیا جائے
[illegible] (خاکسار [illegible] سے رنگین ہو کر صِبْغَۃَ اللّٰہِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ صِبْغَۃً کا نظری ادراک

شهر رمضان المعظم سنة ۱۳۲۸ للهجرة النبوية

حفلات السرور

ان المسلمين فی الهند یصفقون فی کل قطر بسرور تام و [illegible] مکبرین باعلان [illegible] الحفلات السرور فی کل بلدة علی ان حضرة المحامی المرحوم مطونة السید علی امام تفضلت علیه الحکومة الهندیة [illegible] فی مجلس التنفیذ عضواً [illegible] [illegible] اهالی الهند فی الحفلات [illegible] یهدون الی الحکومة السنیة التشکرات الزاکیة،

قدوم برنس المانیا الی الهند

[illegible] برنس المانیا سیقدم الی بومبائی فی [illegible] البلاد الهندیة کمتهرا آگرة ودهلی [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] الی [illegible]

[illegible]

[illegible] [illegible] الف روبیة [illegible] [illegible] [illegible] الکلیة هبة [illegible]

تبرعات المسلمین ووعد بانه یخرج بنفسه مع الوفود الی البلاد الکبیرة لجمع الاکتتابات،

الطیران فی الهواء

ستکون مسابقة الطیران فی الهند فی بلدة بومبائی بعد اسابیع ویتسامی الطیارون بالماکنیات الطیارة وردی ان الطیار الذی سیقدم من اوروبا الی ارض الهند والذی تعلم الطیران فی بارلیس علی نابلیون وطار مرة الی الف ذراع فی الجو وجاب المسافة من ثلثین الی اربعین میلاً وطار فی الولایات المتحدة مرة من سان فرانسکوب الی نیویارک وقوة منطادة زهاء قوة خمسین فرساً،

امیر بلاد الدکن وسیاحة انکلترة

سمو امیر بلاد الدکن المعظم خلد الله ملکه نازع الی سیاحة انکلترا منذ زمن غیر قریب الا انه ینتظر دعوة الملک المعظم قیصر الهند وقدر النفقات فی تلک السیاحة سبعة ملائین ونصف ملیون روبیة

المؤتمر الطبی فی دهلی

سینعقد الاحتفال الاول من هذا المؤتمر فی بلدة دهلی فی ۲۶ و ۲۷ نومبر تحت ریاسة الطبیب النطاسی حاذق الملک

ومن كان رايه اقرب للقبول، واوفق
بضروريات العقول قدمنالحضرته
(مجلة العلم) هديةً الى سنةٍ ـ

الجواب

ملاحظہ ہو تعریف بر واثم حسب تحریر شاہ صاحب، البر کل عمل یفعلہ الانسان قضیۃ لایعتد الا علی و ضمحلالہ فی تلقی الالہام من اللہ و صیرورتہ فانیا فی مراد الحق وکل عمل یجازی علیہ الدنیا والاخرۃ وکل عمل یصلح الارتفاقات التی بنی علیہا نظاما لانسان وکل عمل یفید حالۃ یدفع الحجب والاثم کل عمل نفعلہ الانسان قضیۃ لانقیادہ للشیطان و صیرورتہ فانیا فی مراد یجازی علیہ شرا فی الدنیا والاخرۃ وکل عمل یفسد الارتفاقات وکل عمل یفید قضیۃ متضاد ویولد الحجب"

اس جگہ سے ایک امر نہایت ضروری یہ ثابت ہوتا ہے کہ مطلقًا ہر خواہش کا فنا کرنا اور اپنے روزانہ خواہشونکو چھوڑ دینا سچے اصول زندگی کے خلاف ہے اسیوجہ سے حدیث شریف مین ارشاد ہے کہ لا رھبانیۃ فی الاسلام یہی اسلامی اخلاق کا معیار ہے اسلام کا اصول وہ ہے جو شاہ ولی اللہ صاحب نے لکھا ہے وان السعادۃ الحقۃ انقیاد البہیمیۃ للنفس الناطقۃ واتباع الھوی للعقل وکون النفس الناطقۃ قاھرًا علی البہیمیۃ غالبًا علی الھوی و سائر الخصوصیات ملغاۃ، (حجۃ اللہ البالغہ، باب مبحث السعادۃ)۔

یورپ کے مشہور و صحیح الخیال فلاسفر کنیٹ (   ) کا بھی یہی عقیدہ ہے، اور ہمارے مائینازامام حجۃ الاسلام غزالی نے احیاء العلوم مین اس مسئلہ کو پانچوین صدی ہجری ہی مین بہت زور شور سے لکھا کہ غایت مقصود بالذات ہے اور دیگر اشیاء مثل مال، دولت و جاہ و حشم حکومت، اولاد وغیرہ وغیرہ بوجہ غایت مذکورہ کے جانب وسیلہ ہونیکے نعمت ہین اور انمین تفاوت مدارج بھی انہی نسبت قرب کے اعتبار سے ہے، وسیلہ ۔۔۔

کردہ تکمیل ہیات نفسانیہ مین ہارج نہین ہین بلکہ جس حد تک معین ہین، عاشقان ہر دم رضای دوست میدارند دوست

وعدہ دیدار چون آمد بجنت لاجرم عاشقان جنت برای دوست میدارند دوست

عاشقان جمال شاہد حقیقی کا تو یہ قول ہے ان کان الجنۃ بدون جمالہ ووصالہ فواویلاہ وان کان الجحیم مع وصالہ وجمالہ فواشوقاہ "

از سر کویش اگر سوے بہشتم می برند پای ننہم کاندرین جا وعدہ دیدار نیست

نعمتہای اخروی کو بھی اُنھون نے اسی قانون کے تابع کر دیا ہے، یعنی مسلمان کا مقصد اصلی حصول جنت نہین ہے اور نہ وہ اسکا طامع، حضرت رابعہ بصریہ کی حکایت مشہور ہے بلکہ اصل مقصد حصول تکمیل ہیات نفسانیہ جسکو مذہبی اصطلاح مین معرفت ورضای حق کہا ہے کیونکہ باری تعالی کا منشا تخلیق انسان سے یہی ہے، وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون (قرآن مجید) اور عبادت کی تفسیر معرفت سے کی گئی ہے، عبادت ایک نہایت وسیع جملہ ہے اور حقیقتاً اسمین ہر امر جو تحصیل تکمیل رضاے حق کیلیے کیا جاوے داخل ہے، اور اسی وجہ سے اہل معرفت ومردان خدا کے ادنی کام کھانا پینا وغیرہ بھی داخل عبادت ہین، کیونکہ وہ ذاتی خواہشات پورا کرنیکی نیت سے کوئی کام نہین کرتے بلکہ مقصد اصلی کے واسطے، احیا العلوم باب شکر،

مذہب ایک صراط مستقیم ہے جو ان جملہ اصول کو ملحوظ رکھکر انسان کی رہنمائی کے واسطے ہدایت کرتا ہے، کُنتم خیر امۃ اخرجت للناس یامرون بالمعروف وینہون عن المنکر،

امر معروف ونہی عن المنکر یہی دو اصول اسلام کے رہنما ہین،

شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ اسلام کا اعلی ترین معجزہ خود ملت بیضای اسلام ہے جو اپنے ہر اصول وفروع (دیباچہ حجۃ اللہ البالغہ) مین موافق فطرت ہے، اور جملہ مذاہب پر فائق ہے، خدا نے فرمایا ہے الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی اور یہ خطاب عام ہے شاہ صاحب فرماتے ہین کہ ہر رکن اسلام مبنی بر مصلحت عقلی ہے چنانچہ انھون نے صوم، صلوۃ، حج، زکوۃ، تیمم، وضو، غسل، صدقہ، عالم مثال برزخ، اثم، عالم ارواح، حقیقت روح، عذاب قبر وغیرہ وغیرہ کے حقیقت ومصلحت بیان کی ہے (حجۃ اللہ البالغہ) قبل اسکے صحابہ کرام نے اور خود آنحضرت روحی فداہ نے اسرار اسلام بتائے ہین، امام غزالی، محی الدین بن عربی، خطابی، عزالدین بن عبد السلام وغیرہ نے سیکڑوں کتابین اس فن مین تصنیف کی ہین،

تصوف جو حقیقی اسلامی فلسفہ اخلاق ہے وہ انھین رموز ونکات پر مبنی ہے، اور ظاہر احکام کے معانی وحقیقت ومصلحت ومنفعت ولطائف وکیفیت کی تعلیم ہے چنانچہ یہی بزرگوار اسکے سید الطائفہ ہین،

آزادی خیال پہلا مسئلہ آزادی کا معلوم ہے اسمین عقائد شامل مین اور ترقی خیالات بھی جنکا تمہ مختلف حقوق کا اعتراف وفلاحیت ومعیشت وتمدن بنی آدم کے نئی نئی انسٹیٹیوشن کا قائم کرنا ہے،

(۱) عقائد مین اسلام نے سب سے عمدہ سبق توحید کامل کا دیا جس مین اصولاً وفروعاً ذرا بھی شرک کا شائبہ نہ

انسانی دماغ کا معراج ترقی اثبات توحید مطلق ہے،

ب) پھر تعلق معبود و عبد کو کس عمدہ طور پر طے کیا، نحن اقرب الیہ من حبل الورید، بلاواسطہ غیرے ہر فرد خدائے واحد سے عرض حاجات کرسکتا ہے، اتصالی بے تکیف بے قیاس ہ ہست رب الناس را با جان ناس،

پھر معبود بھی کیسا جو ہر وقت حاضر و ناظر خود ارشاد کرتا ہے ادعونی استجب لکم اُسکو ہمارے حال پر توجہ ہے ہمارا ندا سا خیال اگر ہو تو کیا کچھ عنایات نہین مل سکتین،

(ج) طرز عبادت (فارم اف ورشپ) ایسا نیازمندانہ، مخلصانہ، اور طرہ یہ کہ ایسا سادہ و بے تکلف کہ فوراً علی نور کیا کوئی مذہب اس سے بہتر طریقہ عبادت پیش کرسکتا ہے،

(د) تحصیل علم کی تاکید، اطلبوا العلم ولو کان بالصین، مرد و عورت دونون پر تحصیل علم فرض ہے مذہباً، اسی کا نتیجہ تھا کہ بوعلی سینا، ابن رشد، ابن ماجہ المعتزی، بخاری، غزالی، رازی، طہر فارابی، ابن عربی جیسے محقق اسلام نے پیدا کیے جن پر تاریخ عالم کو ناز ہے، (ملاحظہ ہو اسپرٹ اف اسلام)

تصوف، فلسفہ، تاریخ ہیئت، ریاضی، فقہ، سیاست، جورسپرودنس، گرامر، لٹریچر، شعر، مناظرہ، لاجک، کیمیا، وغیرہ علوم مین مسلمانون نے پہلی صدی ہی مین ترقی کافی کی،

بغداد، غرناطہ، قرطبہ، شیراز، مرکز علوم تھے (نظم حالی)

ارسطو کے مردہ فنون کو جلایا ● فلاطون کو پھر زندہ کرکے دکھایا
ہر اک شہر و قریہ کو یونان بنایا ● مزا علم و حکمت کا سب کو چکھایا
کیا طرف پردہ چشم گران سے ● جگایا زمانہ کو خواب گران سے

(ز) پھر فری ایجوکیشن (مفت تعلیم) کا مسئلہ ایجاد اسلام ہے، تعلیم پر اجرت لینا مذہباً اسلام مین حرام ہے، چنانچہ اس زمانہ تک ہمارے علما ذوی القدر، حامیان شرع، شائقین علوم کو مفت تعلیم دیتے ہین اور مستطیع علما (مثل مولانا عبدالحی و بحرالعلوم وغیرہ) خود کفالت طلبہ کی کرتے تھے، فرنگی محل دیوبند جامع العلوم کانپور و دیگر اسلامی مدارس مین اب بھی مفت تعلیم مذہب و علوم عربیہ کی جاری ہے،

(س) حقوق مساوات و اخوت بنی آدم جو ترقی کا پہلا زینہ ہے بندگان اسلام نے اس اصول پر کاربند ہونے کی عملی مثالین دین غلام و مالک کا درجہ اسلام نے برابر کردیا ذمی و مسلم کے حقوق برابر، حرمت خون دونون کے یکسان رکھے، (ملاحظہ ہو تبریۃ الاسلام عن شین الامۃ والغلام، ابطال غلامی مصنفہ سر سید مرحوم) حضرت ابوبکر رض و دیگر بزرگان نے سب سے پہلے حضرت بلال رض وغیرہ کو غلامی سے آزاد کرایا اپنا روپیہ خرچ کرکے اور بااوقات اپنی جانون پر تکلیف اٹھا کر حضرت عمر فاروق رض کے سفر بیت المقدس سے کون

نا واقف ہی، یہ اسلامی اخلاق و سیچی روش زندگی کا اعلیٰ نمونہ اور اسلامی تعلیم کا پہلا نتیجہ تھا کہ غلام کو برابر اپنے حق دیئے خود پیدل چلتے تھے اُسکی باری پر اُسکو سوار کرتے تھے اور اسی شان سے سامنے بیت المقدس کے خلیفہ اسلام تشریف لیگئے۔ اور عملًا دکھلا دیا کہ اسلام نے ایسے کیرکٹر پیدا کر دیے ہین یہی دلفریب ادائین تھین ایسی اور بے تکلفانہ مخلصانہ طرز عمل تھے کہ جنھون نے عالم کو مسخر کر لیا،

(ص) ٹالیریشن، ذمی و مسلم کے حقوق برابر رکھے، غیر مسلم اقوام سے صلحنامے اور معاہدے ہوتے تھے جنکی کامل رعایت کیجاتی تھی (سپرٹ آف اسلام، الفاروق) سلطان صلاح الدین نے جب بیت المقدس فتح کیا تو جو سلوک بے تعصبی رحمدلی کا اُس نے اپنے اُن دشمنون کے ساتھ کیے (جنھون نے اُسکی جان لینے مین قبل و بعد واقعہ مذکور احسان فراموشی کر کے کوئی دقیقہ اُٹھا نہین رکھا) اُسکو یورپین مورخین نے بھی تعریف کے ساتھ تسلیم کیا ہی، چنانچہ مجاد فرانسی مورخ کر دسید نے صلاح الدین کی فتح یروشلیم اور کردسیڈرون کے فتح یروشلیم کا موازنہ کیا ہی (حروب صلیبیہ حیات صلاح الدین ملاحظہ ہو) اسلام پر اکثر یہ اعتراض ہوتا ہی کہ یہ مذہب بزور شمشیر پھیلایا گیا ہی اسکا جواب (سپرٹ اف اسلام، ریلیجنز اف سورڈ مصنفہ عبداللہ کوئیلم مین ملاحظہ ہو) خود قرآن مجید مین ارشاد ہی لا اکراہ فی الدین، قبول اسلام مین جبر نہین ہی، اور اسوقت جو ترقی اسلام امریکہ و انگلینڈ وغیرہ مین کر رہا ہی وہ محض اپنے حقانیت کی وجہ سے ہی،

(ط) **جہاد**، صرف ڈیفنس کی لڑائیونکا نام ہی، (ملاحظہ ہو سپرٹ اف اسلام)

(ل) میراث مین جس ہمدردی و اخوت سے اسلام نے حقوق دیے وہ کسی اور مذہب نے نہین دیے، اور اگرچہ کسی خاص شخص یا ممبر خاندان کے فائدہ کے خلاف ہون مگر اخوت و ہمدردی پر مبنی ہین،

(م) عورتون کو تعلیم کی تاکید کی، حقوق میراث مین دیے، سلوک و برتاؤ ات خانگی مین رحم و کرم کی ہدایت کی حال مین ڈاکٹر ناظر الدین حسن ایل ایل ڈی نے ایک کتاب تصنیف کی ہے جس مین اس امر کو بخوبی دکھلایا ہی کہ اسلام نے عورتونکو کیا حقوق دیے ہین، انریبل مسٹر امیر علی نے بھی اس پوائنٹ پر بحث کافی کی ہی،

(ہ) چیری ٹیبل انسٹیٹیوشن (مدات خیرات و نفع عامہ) زکوۃ، صدقات، ہر مسلمان پر مذہبًا فرض ہین، اوقاف و دیگر رقوم بیت المال،

آزادی قول (فریڈم اف اسپیچ) سچائی و اخلاقی جرات دو ایسے اصول ہین جو کہ فریڈم اف اسپیچ کے جوہر اصلی ہین خلیفہ وقت جسکے کہ ایک اشارہ پر موت و زیست رعایا کی موقوف تھی نہایت آزادی سے اپنی ذاتی رائے دیگر لوگون کے اعتراضات کو تحمل کیساتھ سنتا تھا اور ہر شخص کو اختیار تھا کہ نہایت دلیری سے خود خلیفہ کے افعال و انتظامات کو کرمیٹی سائز کر سکتا تھا۔ قرآن پاک مین خود آنحضرت کو ہدایت ہی کہ شاورھم فی الامر، اور یہی وجہ تھی کہ جمہوریت و اجماع امت کی اتب

اسلام سے ہوئی، چنانچہ عہد خلافت ہی مین اُن اصول پر عملدرآمد ہونیلگا، ایک دفعہ ایک حاملہ عورت کو سنگسار
ثانی رضہ نے دیا معاذ بن جبل نے کہا کہ اس عورت کے پیٹ مین بچہ ہی جو اس حکم سے متاثر ہوگا حالانکہ آپکو اُس
علاقہ نہین ہی، حضرت عمرؓ نے حکم منسوخ کردیا اور کہا کہ واللہ اگر معاذ نہوتا تو عمرؓ ہلاک ہوگیا ہوتا، ایک دفعہ خطبہ
نے کسی مسئلہ پر ٹوک دیا آپ نے فوراً تسلیم کرلیا،

سر ولیم میور صاحب حضرت عمر رضہ کی طبیعت کی نسبت لکھتے ہین کہ سادگی اور فرض کا ادا کرنا اُنکے دور
اپنے بڑے عہدہ کے فرائض انجام دینے مین بے غرضی و غیر طرفداری وکمال مصروفیت کے سبب وہ ممتاز تھے اور ذ
جوابدہی کا اُنکی طبیعت پر اسقدر بوجھ تھا وہ بعض اوقات کہہ اُٹھتے تھے کہ کاش میری مان مجھے نہ جنتی اور کاش مین گھ

ایک دفعہ غنیمت مین یمنی چادرین آئین اور سب مین تقسیم ہوئین حضرت عمر فاروق اس چادر کا پیراہن بنواکر
پڑھنے کو ممبر پر کھڑے ہوے اور فرمایا کہ سنو اور مانو، یہ صدا پوری نہوئی تھی کہ سامعین مین سے ایک شخص بول اُٹھا
اور نمانینگے، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ آخر کیون اُس نے کہا کہ ایک چادر آپکے حصہ مین آئی تھی اس سے آپکے بدن کا یہ
عبداللہ بن عمرؓ نے کہا کہ جتنا کم تھا مینے اپنی چادر سے دیدیا تھا تب وہ شخص یہ کہکر بیٹھ گیا کہ ہان اب سنین گے اور

اجتہاد و تنقید مسائل مین جن اصول درایت و روایت پر عمل کیا گیا ہی اور رجال کی تحقیق کیگئی ہی، ا
مین بخاری و مسلم وغیرہ نے کی ہی وہ ماہران فن پر ظاہر ہی محض روایت یا شخصی وقار پر اکتفا نہین کیگئی، ثقہ
فن کے شرائط کو پورا کرنا لازمی قرار دیا گیا،

اسیوجہ سے ابن رشد کا قول ہی کہ جس سلطنت جمہوری کا خواب افلاطون اعظم نے دیکھا تھا وہ
کے عہد حکومت مین پورا ہوا،

آزادی افعال

کیرکیٹر دو طرح کا ہی (۱) پبلک (۲) پرائیوٹ، پبلک کیرکیٹر مین عدالت
کا برتاؤ کرنا لازمی ہی خالد بن ولیدؓ کے ایسے قابل جنرل کو خلیفہ ثانی رضہ نے محض بنظر عدالت ڈسیلن موقوف کردیا،
کرکیا کیا انتظامات خود سِوِل و ملٹری آپنے مرتب کیے، رات کو گشت کیواسطے نکلتے تھے بذات خاص ہر معاملہ میں

آنحضرت روحی فداہ نے خود قریب زمانہ وصال لوگون سے عفو تقصیرات چاہی، اور ایثار و خیرات
مین صحابہ کرام کی مثالین قابل فخر ہین، حضرت ابوبکر صدیق رضہ نے کل مال اپنا خدمت قومی مین صرف کیا،

پرائیوٹ کیرکیٹر مین جس سادگی آزادی و انکسار سے اسلامی بزرگون نے زندگی بسر کی وہ عالم پر روشن
ابوبکر صدیق رضہ جنگل سے لکڑیان لاتے تھے اور بیچکر مصارف ذاتی مین صرف کرتے تھے، بہت اصرار کے بعد بر
خرچ مقرر کیا، اورنگ زیب عالمگیر شاہ ٹوپیان بیچکر گذر کرتا تھا، (باقی آیندہ)

محمد انور علی فاروقی، بی

دنیاے اسلام پر ایک نظر

جرمن مین اشاعت اسلام

علم تاریخ کی اصطلاح مین مردہ قوم اون قوم کو کہتے ہین جو اپنے عروج کے بعد گمنامی کے گوشہ مین جا پڑی ہو جسکو اپنے پُرانے کارنامے بھی یاد نرہے ہون او جسکے دل مین کسی قسم کی حرکت باقی نرہی ہو بلکہ روز بروز جمود ترقی کرتا جاتا ہو، موجودہ زمانہ مین مسلمانون کی قوم کو مردہ قوم بتایا جاتا ہے اور درحقیقت کچھ ٹھیک بھی معلوم ہوتا ہے روزمرہ کا مشاہدہ بتا رہا ہے کہ دنیا کی قومین اپنے اپنے مذہب کی اشاعت مین سرگرم ہین یورپ اور امریکہ سے عیسائی مشنریان دور دراز مسافتین طے کرکے مشقتین اوٹھا کے ہندوستان پہونچی ہین اور نئے نئے طریقون سے اپنے خیالات کو پھیلاتی ہین کہین مشن اسکول کھولے جاتے ہین کہین کرسچین کالج قائم کئے جاتے ہین کہین شفاخانون کی بنیا درکھی جاتی ہے جن مین ہر وقت مذہب عیسوی کی تلقین ہوتی ہے یہی ہندوستان جہان پہلے ایک بھی عیسائی نہ تھا اب وہان لاکھون تک نوبت پہونچگئی ہے دور جانیکی ضرورت نہین اپنے گھرہی مین دیکھ لو کہ آریہ جماعت اپنے مذہب کی اشاعت مین کسطرح سرگاڑی پاؤن پہیہ ہو رہی ہے اور کتنی حیرت انگیز کامیابی اونھون نے حاصل کرلی ہے مگر مسلمان ہین کہ سناٹے کی نیند سو رہے ہین اکثرون کو تو یہ بھی خبر نہین کہ آریہ واقع مین کچھ کر رہے ہین اور اگر ہے تو اسکی پروا نہین کہ اس پُرآشوب زمانہ مین ہمین بھی کچھ کرنا چاہیئے یا نہین ہر طرف جہالت کا دور دورہ ہے ادبار کی حکومت ہے بہت سے پڑھے لکھے یہ بھی نہین جانتے کہ اون کے بزرگون نے عرب سے نکلکر کیونکر ساری دنیا مین اسلام کا جھنڈا گاڑا تھا بااین ہمہ پژمردگی مسلمان تعجب کے ساتھ اس خبر کو سُنینگے کہ یورپ کی بعض سلطنتین خود بخود ترقی اسلام مین کوشان ہین جرمنی سلطنت کی یہ خواہش ہے کہ اوسکی قلمرو مین نیز دیگر بلاد مین مسلمانون کی تعداد بڑھ جائے اس کا سبب یہ بتایا جاتا ہے کہ جرمنی حکومت کو اسکا یقین ہے کہ دوسری قومون کی نسبت مسلمان محنت و مشقت اور بڑے بڑے کامون مین حصہ لینے کے زیادہ قابل ہین بشرطیکہ اونکو وہ امور مذہب کے پیرایہ مین بتائے جائین اس لئے کہ دنیا مین مسلمان ہی ایک ایسی قوم ہین جنپر مذہبی فرائض کا زیادہ اثر ہوتا ہے اور وہ اونکی ادائیگی مین جان تک اڑا دینے مین بھی دریغ نہین کرتے اسلیئے جرمنی سلطنت چاہتی ہے کہ اس تدبیر سے مسلمانونکو اپنا بنالے اور اونکے دل اپنی طرف مائل کرلے اوسکا خیال ہے کہ اگر ملک مین مسلمانون کی تعداد کافی طور سے بڑہگئی اور مسلمانون سے اوسکا رابطہ اتحاد قائم ہوگیا تو اوسکی صنعت و حرفت اور تجارت اور ملک کی آبادی بے نظیر قوت حاصل کریگی۔

عثمانی قرضہ

فرانس اور ٹرکی کے مابین جس قرضہ کی گفتگو ہو رہی تھی اوس مین چند شرائط پر اختلاف تھا جو حکوم
لگانا چاہتی تھی حکومت فرانس چاہتی ہے کہ یہ قرض اس شرط پر دیا جائے کہ ٹرکی حکومت جزائر
تونس کے مسلمان باشندونکی حمایت نکرے نیز یہ کہ قبول قرض سے پہلے پیرس کے صراف
کچھ ضمانتین دیجائین پہلی شرط مین تو حکومت فرانس کچھ تبدیل کرنا نہین چاہتی البتہ دوسری ش
رد و کد کے بعد آپس مین جو کچھ طے ہوجائے اوسے حکومت فرانس قبول کرلے گی ترکی اخبارات
ہوتا ہے کہ ضمانت کے طے ہونے کی یہ صورت قرار پائی ہے کہ آستانہ کی چنگی کی آمدنی اون
تصرف مین دیدی جائیگی جو یہ قرضہ دینگے۔ البتہ محکمہ خزانہ کے متعلق اختلاف باقی ہے ترکی
چاہتی ہے کہ ضمانت کا منشا یہ نہونا چاہئیے کہ اس سال کے بجٹ کی آمدنی اون مقرر مصارف
جو سرکاری طور پر معین کئے جاچکے ہین کسی اور طریقہ مین صرف کردی جائے اس صورت مین
ہے کہ کہین عہد حمیدی والا مالی اضطراب پھر نہ پیش آجائے۔ یہ مسئلہ کہ قرض کا روپیہ
صرف کیا جائے اس مین ترکی اخبار مختلف ہین ایک اخبار کی رائے ہے کہ ایسے قرضے جو ممکن
اور آسان شرائط کے ساتھ حاصل کئے جائین اون کو مفید تجاویز مین صرف کیا جائے یع
کے معقول ذرائع پیدا کئے جائین زراعت اور صنعت کو ترقی دیجائے اور سب سے زیادہ
فوجی اصلاحات مین صرف کیا جائے جو حفاظت سلطنت کا بہترین رکن ہے ترکی اخبارات
کہ قرضہ کی شرائط عنقریب طے ہونے والے ہین اور یہ قرضہ ڈیڑھ کرور کی مقدار مین لیا
معززہ عصر العمران کی رائے ہے کہ جہانتک ممکن ہو غیر حکومتون سے قرضہ نہ لیا جائے بلکہ ر
چندہ کرلیا جائے جو امیر و غریب سب بخوشی دینے کو تیار رہین اور پیسہ پیسہ دو دو پیسہ لینے مین بھی
نہ کیا جائے اسطرح ایک معقول رقم چندہ کی مہیا ہوسکتی ہے اور سلطنت بھی قرضہ کے بار گراں
سبکدوش رہے گی رعایا مین کون ایسا ہے جو اپنے ملک کی بہبودی نہین چاہتا۔ المؤید
ہے کہ ۲۰ ر اکتوبر کو مسٹر بمبر سفیر فرانس نے حقی پاشا صدر اعظم سے باب عالی مین ملا
اور قرضہ کے متعلق کچھ گفتگو ہوئی جو اُمید ہے کہ کل تک ختم ہوجائیگی الحقیقہ اخبار طنین
کرتا ہے کہ آخر حکومت عثمانیہ اور حکومت فرانس کے مابین بہت کچھ رد و کد کے بعد قرضہ کی
طے ہوگئین ہم حکومت عثمانیہ کو اوسکی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہین،

امریکن عثمانی کمپنی

المؤید کا نامہ نگار اسعد ملکی نیویارک سے ۹ ستمبر کے پرچہ مین اطلاع دیتا ہے کہ امریکی دولتمندون نے ۱۰ کرور ریال کے سرمایہ سے ایک کمپنی اس غرض سے قائم کی ہے کہ مملکت عثمانیہ مین جو بیش بہا کانین اور دوسری مفید چیزین بیکار زمین کے نیچے چھپی پڑی ہین ادن کو نکالکر کام مین لایا جائے اس کمپنی کا نام عثمانی اور امریکی کمپنی ہوگا - ملازمین اور کارکن بھی بجز معدودے چند انجنیرون اور مشین کا کام کرنے والون کے جن کے بغیر چارہ نہین ہے سب عثمانی ہونگے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ یہ مبارک تجویز ایک مدت مدید سے ہو رہی تھی مگر اس خیال سے پوشیدہ رکھا جاتا تھا کہ دوسری حکومتین جنکے پاس بڑی بڑی کمپنیان موجود ہین کہین حسد اور طمع کی راہ سے اس تجویز مین سنگ راہ نہ بن جائین جب بانیان کمپنی کو اپنی آرزو مین اسدرجہ تک کامیابی اور حقوق مطلوبہ حاصل ہوگئے تو اُنھون نے علی الاعلان اب اسکو مشہور کر دیا ہے اس کمپنی کے چند اراکین آستانہ کو جانے والے ہین جو گورنمنٹ ٹرکی سے اس باب مین مشورہ کرینگے ،

سُنا جاتا ہے کہ وزارت عثمانیہ نے کمپنی کو ایک ریلوے لائن بنانیکا لائسنس دیدیا ہے جو ۱۲ سو میل لمبی ہوگی اور لائن کے آس پاس بارہ بارہ میل تک کانین کھودنے کی اجازت دیدی گئی ہے جنمین تانبا اور دوسری دھاتین بھری ہوئی ہین - تیل بھی اس سرزمین مین بکثرت نکلتا ہے ،

گورنمنٹ ٹرکی نے اپنے لائسنس مین یہ شرط کرلی ہے کہ ریلوے لائن حتی الامکان بسرعت تمام بچھا دی جائے اس لئے کمپنی نے ایک نہایت ہی ماہر اور تجربہ کار انجنیر کو نوکر رکھا ہے سب سے بڑی شرط یہ ہے کہ عثمانی رعایا کو اس کمپنی مین فیصدی پچاس حصے خریدنے کا حق حاصل ہوگا تاکہ تمام حصے اجنبی ہاتھون مین نہ چلے جائین جیسا کہ پہلے ہوچکا ہے اور اسپر بھی اکتفا نہین بلکہ گورنمنٹ ٹرکی تیس ۳۰ برس کے بعد تمام ریلوے کو خرید کریگی جسکی قیمت ننانوے سال تک باقساط سالانہ ادا کیجاوے گی -

ممبران کمپنی کو اسپر پورا اعتماد ہے کہ اس تجارت مین کثیر نفع ہوگا کیونکہ کردستان کے غربی پہاڑ عمدہ قسم کے تانبے سے بھرے پڑے ہین بحر روم اور بحر اسود کے بیچ مین جو کانین ہین ادنمین سلطان سابق کے زمانہ مین ہر سال پانچ سے دس لاکھ ریال تک کا مال نکلا کرتا تھا باوجودیکہ موجودہ زمانہ کے نئے علمی طریقون سے کانین نہین کھودی جاتی تھین -

---

بسم الله الرحمن الرحيم

البيان

هذا بيان للناس

شهر شوال سنة ١٣٢٨ للهجرة النبوية

اخبار الهند

المؤتمر السياسي الهندي

قد انعقد للمؤتمر السياسي السنوي بعدما
صادق على قرارات ومشاريع اهمها عند
الشعب انه لابد للحكومة ان تنزل كل طائفة
منزلتها باعتبار قلة عددها وكثرتها، و
[illegible] تعديل في بعض قوانين مجالس شورى
[illegible]

الاتحاد الاسلامي الهندي

[illegible] انشاء
[illegible] المسلمين الهنود
[illegible] وانقسامهم
[illegible] احزاب
[illegible]

مؤتمر انعقدت حفلتها الاولى في مدينة
الہ آباد قصبة الولايات المتحدة الهندية
شهدها جمع عظيم من زعماء الطائفتين ،
وأتمروا بما يؤلف بين قلوبهما ويوحد
افكارهما في سياسة البلاد، ولعمري دون
ذلك خرط القتاد ويتوب الآريون عن
الشماتة بالاسلام وشن الغارة عليه،

تتويج الملك جورج الخامس

سيجري احتفال التتويج رسميا بالهند في اقليم
مدنها واشهرها مدينة دهلي العاصمة الاسلامية
الماضية كما جرى فيها احتفال تتويج الملك
السابق وسيكون يوم ذلك الاحتفال يوم زينة
عظيمة وموكب جميل وابهة ملكية،

الجمعية السياسية الاسلامية

انعقدت الجمعية السياسية الاسلامية فى ٢٨ ديسمبر الجارى فى مدينة ناغپور تحت رياسة صاحب السعادة والسيادة نبى الله الحامى فالقى خطباً على النقاط الآتية خطباً معضدة بالبراهين الدامغة،

(١) انشاء مجلس شورى للدولة الهندية فى ناغپور وقبول اعضاء مسلمين من تلك النواحى فى مجلس حكام الهند،

(٢) تعميم اللغة الاردوية واعتبارها لغة عامة لسائر اهل الهند،

(٣) انشاء اتحاد عام بين الطائفتين الاسلامية والهندية،

(٤) سن قانون جديد للوقف على الاولاد،

سكرتارية كلية عليكره

عزم النواب وقار الملك سكرتير شرف لكلية عليكره الاسلامية على الاستقالة من سكرتارية الكلية وقد الح عليه اعضاءها ان يرجع عن ذلك فابى الا التخلى عنها و ذلك لانجبه من سوء حظ الامة،

ملك بلاد الدكن

اقترحت الجرائد الاسلامية من الحكومة الهندية ان يلقب امير بلاد الدكن الاسلامية بالملك نعم لامبراطور الهند لقب ملك الملوك،

حكمدار الهند

ودع حكمدار الهند السابق اللورد منـ[illegible] بلاد الهند بعد ما ساسها اعواماً بلين ولوثة واحترام كل طائفة بدين وقد [illegible] حكمدارها الجديد اللورد هاردنج وهو من اصل كريم ونسب شريف وفقه الله لما فيـ[illegible] خير البلاد،

موت عالم كبير

قد انتقل الى رحمة الله فقيد العلم والدين فضيلة العالم الكبير مسيح الزمان خان [illegible] امير الدكن وسكرتير ندوة العلماء السابق كان غفره الله من بقية السلف الصالحين واجلة علماء الدين وكبار الاعضاء العاملين محترماً لدى اعيان الامة وسراتها، ولقد زارنا به يوم ١٦ ديسمبر سنة ١٩١٠ م،

الاعتداء على الاسلام

قد اصبح الاسلام فى الهند درية لرماح الاعداء فيندد ون اصواتهم تارة بان الحكومة ان لا تاذن للمسلمين ان يذبحوا البقر فى اعياد الاضحية وتارة ان لا يؤذنوا فى مساجدهم و صلواتهم والله لقد نفد الصبر وبلغ السيل زباه،

تار کی خبر کا فتوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ما متع اللہ المسلمین بعلومکم، فی اختلاف حین
بین علمائنا فی ھلال رمضان والفطر
ہ اذا ورد فی بلدۃ تلغرافات زائدۃ علی الخمسۃ
عشرۃ من بلدۃ او بلاد متباینۃ مختلفۃ المطالع
فقتھا علی رجل او رجال مکتوب فیہ رأینا
ی عندنا الھلال او ذکر فیہ کلمۃ علی
ب اصطلاح وقع بین الطرفین بانہ اذا
ا الھلال نذکر کلمۃ مثلاً بغداد لیامن
تخلیط والتغییر والاشتباہ فنھم من
ا التعویل علی ھذا الخبر مستدلاً انہ
ستفیض والخبر المستفیض یعول علیہ فی امر الھلال
کر فی الدر المختار نعم لو استفاض الخبر
لدۃ لزمھم علی الصحیح من المذھب و
بن عابدین فی حاشیہ ناقلاً عن شمس
ۃ الحلوانی الصحیح من مذھب اصحابنا
نبر اذا استفاض وتحقق فیما بین اھل
ۃ الاخری یلزمھم حکم ھذہ البلدۃ
نہ قد تعارف بین الناس التعویل علیہ
املاتھم حتی فی الموت والولادۃ وامثالھا
لامور المھمۃ وھذا یدل علی انہ یفید
الظن لاسیما اذا کان متعدداً وغلبۃ
موجبۃ للعمل وخالفھم اٰخرون وقالوا
ول علی ھذا الخبر مع تسلیم استفاضتہ

فتوی خبر التلغراف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہین آپ (خدا آپکے علوم سی مسلمانون کو بہرہ مند کری) اس
اس اختلاف کے باری مین جو ہمارے علمار کے درمیان ہلال رمضان و
فطر کے باری مین ہی جبکہ چاند پوشیدہ ہوجائے کہ جب کسی شہر مین پانچ سے
زیادہ دس تک تار برقیان آئین کسی ایک شہر سے یا چند شہرون سے اور
وہ شہر باعتبار مطالع کے مختلف ہون خواہ متفق اور یہ تار برقیان ایک
شخص کے پاس آئین یا چند شخصون کے اور اُن مین یہ لکھا ہو کہ ہمنے
چاند دیکھا یا ہمارے یہان چاند دیکھنا بیان کیا گیا یا کوئی ایسا کلمہ
ذکر ہو، جو بطور اصطلاح فریقین کے درمیان قرار پاچکا ہو، کہ چاند
دیکھنے کی صورت مین ہم فلان کلمہ مثلاً بغداد ذکر کرین گے تاکہ خبر
غلط ملط ہونے سے اور تغیر و اشتباہ سی محفوظ ہے،

اب علمار مین سی بعض اس خبر پر اعتماد کرنا جائز رکھتے ہین انکا
استدلال یہ ہی کہ یہ ایک (خبر مستفیض) شہرت یافتہ خبر ہی اور شہرت یافتہ
خبر پر ہلال کے معاملہ مین اعتماد کیا جاتا ہی، درمختار مین ذکر کیا ہی "ہان اگر
پھیل جائے خبر کسی شہر مین لازم ہوگا لوگونکو صحیح مذہب پر" اور ابن
عابدین نے حاشیہ مین شمس الایمۃ الحلوانی سے نقل کیا ہی کہ خبر جب اگر پھیل
جائے اور متحقق ہوجائے دوسرے شہر والون کے یہان تو اس شہر والون پر
پہلے شہر کا حکم لازم ہوگا، علاوہ برین ایسی خبرون پر اعتماد کرنا
لوگون کے درمیان انکے معاملات مین متعارف ہی یہان تک
کہ موت و ولادت مین اور اسکی طرح اور اہم معاملات مین
اور اس سی معلوم ہوتا ہی کہ ایسی خبر سے گمان غالب حاصل ہوجاتا ہی
خاصکر چند ذرایع سی خبر آئے اور گمان غالب موجب للعمل ہی،

اور دوسرے علمار نے اسکی مخالفت کی ہی اُن کا بیان ہی کہ اس خبر پر
باوجود اسکے پھیل جانے اور شہرت پاجانے کے اعتبار نہ کیا جائے

وشيوعها وجوه اولها فلانه يشترط في الخبر المستفيض الاسلام لان اهل الاصول عدوه في الاخبار الاحاد والخبر الواحد لايقبل الابنقل عدل والعدل ماخوذ في تعريفه الاسلام كمالايخفى قال ابن عابدين في ردالمحتار وفي عدم اشتراط الاسلام نظر فانه ليس المراد هنا بالجمع العظيم مايبلغ مبلغ التواتر الموجب للعلم القطعي حتى لايشترط له ذالك بل مايوجب غلبة الظن كما يأتي وعدم اشتراط الاسلام له لابد له من نقل صريح انتهى وخبر التلغراف انما يتلقاه من مخبره من هو قائم بدق السلك ونقره فيخبر به من كان في الجانب الآخر بنقراته فيستنبط منها هذا الخبر ويكتبه ويؤديه الى من ضرب له التلغراف وهؤلاء غالبهم من المخالفين لملة الاسلام - وثانيا فلان الخبر المستفيض انما يكون حجة لكونه نقلا عن قضاء القاضي وحكمه كما قال ابن عابدين في حاشيته على الدر ان هذه الاستفاضة ليس فيها شهادة على قضاء قاض ولا على شهادة لكن لما كانت بمنزلة الخبر المتواتر وقد ثبت بها ان اهل تلك البلدة صاموا يوم كذا لزم العمل بها لان البلدة لاتخلو عن حاكم شرعي عادة فلابد من ان يكون صومهم مبنيا على حكم حاكمهم الشرعي فكانت تلك الاستفاضة بمعنى نقل الحكم المذكور انتهى - ولايخفى عليكم ان

کیونکہ اول تو خبر مستفیض مین اسلام شرط ہو اسلئے کہ اہل اصول نے خبر مستفیض کو اخبار احاد مین شمار کیا ہو اور خبر واحد نہین قبول کی جاتی مگر جب کہ اسکا ناقل عادل ہو اور عدل کی تعریف مین اسلام داخل ہو، کمالایخفی کہا ابن عابدین نے ردالمحتار مین کہ اسلام کی شرط نہ لگانا قابل غور ہو کیونکہ یہان جماعت عظیم سے مراد یہ نہین ہے کہ وہ درجہ تواتر تک جو علم قطعی کے لئے موجب ہے پہونچے یہان تک کہ اسلام کی شرط اوسکے لئے نہ کیجائے بلکہ مراد یہ ہو کہ جس سے گمان غالب حاصل ہو جائے جیسا کہ آگے چلکر معلوم ہوگا، اور عدم شرط اسلام کے لئے نقل صریح کی ضرورت ہو انتہی اور تار خبر کو اسکے مقام سے وہ شخص حاصل کرتا ہو جو تار روانہ کرنے کے لئے مامور ہو اور اوس تار کے کھٹکون کے ذریعہ اوس شخص کو بھیجتا ہو جو دوسری جانب ہے وہ شخص اس خبر حاصل کرکے مکتوب الیہ تک پہونچا دیتا ہو، اور یہ لوگ اکثر مخالفین اسلام سے ہوتے ہین، دوسرے اسلئے کہ خبر مستفیض اسوجہ سے حجت ہوتی ہو کہ وہ حکم قاضی سے منقول ہوتی ہو، جیسا کہ ابن عابدین نے حاشیہ درمختار مین کہا ہو، کہ اس خبر کے پھیل جانے مین حکم قاضی پر کوئی شہادت نہین ہے،

لیکن چونکہ یہ بمنزلہ خبر متواتر کے ہے، اور ثابت ہوگیا ہو کہ فلان شہر والون نے فلان دن روزہ رکھا تو اسپر عمل واجب ہوگا کیونکہ عادۃً کوئی شہر حاکم شرعی سے خالی نہین ہوتا اس لئے ضرور ہو کہ ان کا روزہ حاکم شرعی کے حکم پر مبنی ہوگا پس خبر کا اس طور پر پھیل جانا بمعنی خبر حکم کی نقل ہوگا انتہے اور مخفی نہ ہے کہ

هذه البلاد ليس فيها حاكم شرعي ولا قاضٍ فلا يكون
الحكم المستفاد من التلغراف نقلاً عن قضاء القاضي
وحكمه بل انما هو حكاية عن الرؤية والاعتماد عليها
لا يجوز۔ كما في الدر لا لو شهدوا برؤية غيرهم لانه
حكاية، قال ابن عابدين فانهم لم يشهدوا
بالرؤية ولا على شهادة غيرهم وانما حكوا رؤية
غيرهم كذا في فتح القدير، قلت وكذا لو شهدوا برؤية
غيرهم وان قاضي تلك البلدة امر الناس بصوم رمضان
لانه حكاية لفعل القاضي ايضاً وليس بحجة بخلاف
قضائه وقال في البحر لو شهد جماعة ان اهل بلد
كذا رؤا هلال رمضان قبلكم بيوم فصاموا وهذا
اليوم ثلاثون بحسابهم ولم يروا هؤلاء الهلال
لا يباح فطر غد ولا نترك التراويح هذه الليلة
لان هذه الجماعة لم يشهدوا بالرؤية ولا على
شهادة غيرهم وانما حكوا رؤية غيرهم، وثالثاً
فقال ابن عابدين في حواشيه على البحر۔ اعلم ان
المراد بالاستفاضة تواتر الخبر من الواردين من
بلدة الثبوت الى البلدة التي لم يثبت بها لا مجرد
الاستفاضة انتهى، ولا اظنكم شاكين ان الخبر
المستفيض الحاصل بالتلغراف لا يكون من الواردين
من بلدة الثبوت بل من جهة الكتاب المكتوب
على التلغراف المعهود بين اهله وقد ذكر الفقهاء
ان كتاب الشهادة لا يعول عليه ما لم يكن له
شاهدان عالمان بما فيه من الشهادة في الهداية
لا يقبل الكتاب الا بشهادة رجلين او رجل وامرأتين

ان ممالک مین کوئی حاکم شرعی یا قاضی نہین ہی، اسلئے جو حکم کہ تار
خبر سے حاصل کیا گیا ہی وہ حکم قاضی سے منقول یا اُسکا حکم نہین قرار
دیا جا سکتا، بلکہ وہ رویت ہلال کی حکایت ہی اسلئے اُسپر اعتماد جائز
نہین، جیسا کہ درمختار مین ہی، نہ اعتماد کیا جائے اگر گواہی دین وہ لوگ
دوسرون کے چاند دیکھنے کی، اسلئے کہ یہ حکایت ہی، کہا ابن عابدین
نے یہ اسلئے کہ ان لوگون نے نہ تو رویت ہلال کی شہادت دی اور
نہ دوسرون کی شہادت کی بلکہ انھون نے دوسرون کا دیکھنا بیان
کیا کذا فی فتح القدیر مین کہتا ہون اور یہی حکم ہی اُس صورت مین
جبکہ انھون نے دوسرون کے دیکھنے کی شہادت دی اور اسبات کی
کہ فلان شہر کے قاضی نے لوگون کو روزہ کا حکم دیا کیونکہ یہ فعل قاضی کی
حکایت ہی اسلئے حجت نہین بخلاف اسکے حکم کے، اور بحر مین ہی اگر
گواہی دی ایک جماعت نے کہ فلان شہر والون نے تمھارے یہان سے ایک دن
قبل ہلال رمضان دیکھا اور روزہ رکھا اور اُنکے یہان آج تیس
ہی مگر خود ان بیان کرنے والون نے چاند نہین دیکھا، تو اس صورت
مین دوسرے دن افطار جائز نہین، اور نہ آجکی رات تراویح
چھوڑنا جائز ہی کیونکہ اس جماعت نے رویت ہلال کی شہادت نہ دی
اور نہ دوسرونکی شہادت کی بلکہ دوسرونکی رویت کی حکایت کی،
تیسرے اسلئے کہ ابن عابدین نے بحر کی حواشی مین کہا ہی کہ مراد استفاضہ سے تواتر ہونا خبر کا ہے
اُن لوگون سے جو اُس شہر سے آنیوالے ہین جہان چاند دیکھا گیا ہی نہ خود استفاضہ یعنی
نہ صرف خبر کا پھیل جانا، انتہی اور مین خیال کرتا ہون کہ آپ کو اسمین شک نہوگا کہ جو خبر
مستفیض تار کے ذریعہ سے حاصل ہوئی ہی وہ اس شہر کے آنیوالون کے ذریعہ سے نہین ہی
بلکہ وہ ایک مکتوب کے ذریعہ سے ہے جو بذریعہ تار آیا ہی اور فقہا نے ذکر کیا ہی کہ مکتوب پر
شہادت پر اعتماد نہین کیا جا سکتا جبتک کہ اس مکتوب کے دو شاہد نہون جو اُس شہادت سے جو
اس خط مین درج ہی، واقف ہین ہدایہ مین ہی خط شہادت مین قبول نہین کیا جا سکتا
تاوقتیکہ دو مرد یا ایک مرد و دو عورتین اُس خط کے لئے شاہد نہون،

كان الكتاب يشبه الكتاب فلا يثبت الا بحجة تامة وهذا لانه ملزم فلا بد من الحجة (ورابعاً) فلان العوام وان كانوا يثقون فى معاملاتهم بالتلغراف لكن الحكومة البرطانية مع مخالفتها للديانة الاسلامية لا تعتمد عليه فى امر الشهادة ولعل ذلك بسبب احتمال تطرق الخطاء اليه وعدم الانكشاف التام عن احوال الشهود به والتنقب عن كيفية شهادتهم، هذا اذا كان التلغراف زائداً على الخمسة الى العشرة واما اذا كان واحداً فى هلال رمضان واثنين فى الفطر وقد غم الهلال فهل يكفى كفاية الواحد العدل فى رمضان والحرين العدلين فى الفطر وهل يقاس الكتاب المرسل بالبوسطة على التلغراف فيما ذكر من الصور وهل ينزل امام مسجد جامع او غيره منزلة القاضى فى القضاء وثبوت الهلال خاصة بتراضى المسلمين فى بلاد لا يوجد فيها الحاكم الشرعى ولا القاضى، فما كان الحق عندكم افيدوه بالتى تطمئن بها القلوب وتثلج بها الصدور ليزول النزاع من البين ويتيسر العمل بالصحيح من القولين، ولكم الحسنى وزيادة، المستفتى عبد الحى خطيب جامع رنگون عفى عنه

بسم الله الرحمن الرحيم

نحمده ونصلى على رسوله الكريم اما بعد فالاصل فى هذا الباب هو قول النبى صلى الله عليه وسلم لا تصوموا حتى تروا الهلال ولا تفطروا حتى تروه ويثبت رمضان برؤية هلاله وباكمال عدة شعبان ثلاثين ثم اذا كان فى السماء علة من نحو غيم

اسلئے کہ ایک خط دوسرے خط کے مشابہ ہوتا ہے اسلئے بغیر حجت تامہ کے ثابت نہین ہوسکتا اسلئے کہ اس سے کسی حکم یا خبر کا لزوم ہوتا ہے اسلئے ضرور ہے کہ حجت ہو، چوتھے اسلئے کہ عام لوگ اگرچہ اپنے معاملات مین تار کی خبر پر وثوق رکھتے ہین لیکن گورنمنٹ برطانیہ باوجودیکہ از روے مذہب مخالف اسلام ہے امر شہادت مین تار پر اعتماد نہین کرتی، اور شاید اس سبب سے ہو کہ تار کی خبر مین خطا کی راہ پانیکا احتمال ہے، اور گواہون کی حالت اور شہادت کی کیفیت کا پورا پورا کھوج نہین لگ سکتا یہ کل احکام اُس صورت مین ہین جبکہ تار پانچ سے زیادہ دس تک ہون لیکن جبکہ ہلال رمضان مین ایک تار اور ہلال فطر مین دو تار ہون اور مطلع کا چاند پوشیدہ ہوگیا ہو تو کیا یہ ایک تار رمضان مین بجائے ایک واحد عادل اور یہ دو تار ہلال فطر کے قائمقام دو عادل گواہ کے ہون گے، اور کیا جو خط بذریعہ ڈاک روانہ کیا گیا ہو وہ مذکورہ بالا صورتون مین اُسکا قیاس تار پر کیا جاسکتا ہے، اور کیا امام جامع مسجد یا کوئی اور مسلمانونکی رضامندی سے قاضی کا قائمقام ہوسکتا ہے خاصکر ثبوت ہلال کے بارے مین اُن ممالک مین جہان حاکم شرعی یا قاضی نہین ہے پس جو آپ کے نزدیک حق ہو وہ اسطور پر ظاہر کیجئے جس سے قلب کو طمانیت اور سینہ کو ٹھنڈک حاصل ہو، تاکہ جو نزاع مابین مسلمانون کے ہے وہ جاتا رہے اور صحیح مذہب پر عمل کرنا سہولت سے ممکن ہوسکے، ولکم الحسنی وزیادة،

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم، اما بعد، اصل اس بارہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے فرمایا آپ نے نہ روزہ رکھو تم یہان تک کہ چاند کو دیکھ لو اور نہ افطار کرو یہان تک کہ چاند کو دیکھ لو، اور رمضان کا حکم رویت ہلال سے یا شعبان کے تیس دن پورے کرنے سے ثابت ہوجاتا ہے لیکن اگر آسمان صاف نہو یعنی ابر ہو

هلال رمضان خبر واحد عدل فی ظاهر
ستور علی قول صحیح لا ظاهر فسق اتفاقاً"
واخبار عن وجوب العبادة فاشبہ روایة
لا یشترط لفظ الشهادة ولا الدعوی
جلس القضاء فان العبادات تثبت بخبر
علیه فی اکثر الامور کالهدایا والهبات
طهارة الماء وغیر ذلك ولو کانت تلك
ة علی الشهادة والدعوی ومجلس القضاء
لیم، وشرط لهلال الفطر مع علة فی السماء
ادة لانه تعلق به نفع العباد وهو الفطر
حقوقهم فاشترط له ما اشترط لها
العدالة والحریة وعدم الحد فی القذف
الشهادة واما الدعوی فاختلف فیه
اشتراطه واذا لم یکن فی السماء علة
لی رمضان والفطر جمع عظیم یقع العلم
لبة الظن بخبرهم لان المطلع متحد فی
وانع منتفیة والابصار سلیمة والهمم
مستقیمة فالتفرد بالرؤیة من بین الجم
ظاهر فی غلط الرائی کما لو تفرد ناقل زیادة
اهل مجلس مشارکین له فی السماع فانها
تقبل مع ان التفاوت فی حدة السمع
تاوت فی حدة ابصارها الزیادة المقبولة
والمجالس او جهل فیه الحال من تعدد
ظاهر الروایة هکذا فی تنبیه الغافل
حکام هلال رمضان للعلامة سید

یا مطلع غبار آلود ہو تو ظاہر الروایت مین رویت ہلال کے لئے
ایک عادل کا بیان معتبر ہوگا اور قبول کرلیا جائیگا، اسلئے کہ یہ
دینی خبر ہی، کیونکہ وہ شخص وجوب عبادت کی خبر دیتا ہی پس یہ روایت
اخبار کے مشابہ ہی اور اسی وجہ سے اس مین لفظ شہادت یا دعوی یا
حکم یا مجلس قضا کی شرط نہین ہی کیونکہ عبادات کا ثبوت خبر واحد
سے ہوجاتا ہی اور اکثر معاملات مین خبر واحد پر اعتبار کیا جاتا ہی مثلاً
کسی شخص واحد کے ہاتھ کوئی شخص ہدیہ بھیجے یا ہبہ کی خبر دے یا
کوئی شخص پانی کی طہارت کی اطلاع دے تو ان امور مین اسکی خبر کا
اعتبار کیا جائیگا، اور اگر یہ معاملات شہادت پر یا دعوی یا مجلس
قاضی پر موقوف رکھے جاتے تو بڑی دقت واقع ہوتی، اور ہلال عید
کے لئے یہ شرط ہی کہ شہادت کے شرایط کا خیال کیا جائے اسلئے کہ عید کے
ساتھ عام پبلک کی نفع کا تعلق ہی، اسلئے یہ معاملہ لوگون کے دوسرے
معاملات اور حقوق کے مشابہ ہی لہذا اس مین شرائط شہادت کا اعتبار
کیا جائیگا یعنی دو گواہ عادل اور حر ہون اور محدود فی القذف نہون
اگرچہ انہون نے توبہ کیون نہ کرلی ہو، لیکن یہ بات کہ دعوی شرط ہی یا نہین
مختلف فیہ ہی مگر صحیح یہ ہی کہ شرط نہین، اور جب مطلع صاف ہو تو ہلال رمضان و فطر
کیلئے ایک بڑی جماعت کی شہادت درکار ہی جس سے علم شرعی یعنی غلبہ ظن حاصل ہوجائے،
کیونکہ مطلع اس موقع پر متحد ہی اور موانع (ابر یا گرد و غبار) بھی نہین ہین ہر کسی کی
نگاہین صحیح اور تلاش کرنیوالی ہمتین درست ہین ایسی حالت مین جم غفیر مین سے صرف ایک فرد
واحد کا چاند دیکھ لینا اسکی غلطی ثابت کرتا ہی جسطرح اگر کوئی شخص کسی مجلس مین دوسرے
لوگون کیساتھ شریک ہو پھر وہان کی کوئی بات دوسرون سے زیادہ بیان کرے جسکو دوسرون
نے نہ بیان کیا ہو تو اسکی یہ زیادتی مردود کردیجائیگی اگرچہ وہ معتبر و ثقہ کیون نہو، باوجود یکہ
قوت سامعہ کی تیزی مین تفاوت ہوتا ہی جسطرح نظر کی تیزی مین تفاوت ہوتا ہی ان دونون
زیادتی صرف وہان معتبر ہوگی جہان مجلس متعدد ہو یا جہان مجلس کے متعدد ہونیکا حال
معلوم نہو، یہ ظاہر روایت ہی، ہکذا فی تنبیہ الغافل والوسنان علی احکام ہلال رمضان تصنیف علامہ

محمد عابدین الشامی اما الرؤیة الثابتة فی بلدة
اخری فالصحیح انها تعتبر اذا ثبتت بطریق موجب
ولا اعتبار لاختلاف المطالع قال فی الدر المختار واختلاف
المطالع ورؤیة نهارا قبل الزوال وبعده غیر معتبر
علی ظاهر المذهب وعلیه اکثر المشائخ وعلیه الفتوی
بحر عن الخلاصة فیلزم اهل المشرق برؤیة اهل المغرب
اذا ثبتت عندهم رؤیة اولئک بطریق موجب انتهی
والطریق الموجب کان یتحمل اثنان الشهادة او یشهدا
علی حکم القاضی او یستفیض الخبر بخلاف ما اذا اخبرا
ان اهل بلدة کذا رأوه لانه حکایة هذا ما قال
الشامی فی رد المحتار وقال فی تنبیه الوسنان
ان المراد بالاستفاضة تواتر الخبر من الواردین
من تلک البلدة الی البلدة الاخری لا مجرد
الاستفاضة لانها قد تکون مبنیة علی اخبار رجل
واحد فیشیع الخبر عنه ولا شک ان هذا لا یکفی
بدلیل قولهم اذا استفاض الخبر وتحقق فان التحقق
لا یکون الا بما ذکرنا والله تعالی اعلم، انتهی

اما خبر التلغراف الوارد من بلدة اخری
المکتوب فیه رأینا او رؤی عندنا الهلال او ذکر
فیه کلمة تجری علیها الاصطلاح بین الطرفین فلا شبهة
ان لا یعول علیه فی هلال الفطر ولا یؤمر بالافطار
اعتمادا علیه نظرا الی الاصول الفقهیة اما اولا
فلان العمل بالکتاب فی مثل تلک الامور لا یجوز عند الفقهاء
فان الخط یشبه الخط وانما تثبت العمل به فی کتاب
القاضی الی القاضی بشرط ان یحمل الکتاب شاهدان

محمد عابدین شامی نے لیکن اگر رویت ہلال کسی دوسرے شہر میں ہو تو صحیح مذہب یہ ہے
کہ اسکا اعتبار کیا جائیگا بشرطیکہ ایسے طریق سے ثابت ہو جو موجب علم ہو، اور اختلاف
مطالع کا کوئی اعتبار نہیں ہے، چنانچہ در مختار میں ہے، اختلاف مطالع
اور رویت دنکو قبل زوال یا بعد زوال غیر معتبر ہے ظاہر مذہب پر اور اکثر مشائخ کا
یہی مذہب ہے اور اسی پر فتویٰ ہے بحر عن الخلاصہ پس لازم ہوگا اہل مشرق کو اہل مغرب
کی رویت سے جبکہ اہل مغرب کی رویت اہل مشرق کیلئے طریق وجوب سے ثابت ہو انتہی
اور طریق موجب دو گواہ کی شہادت سے ثابت ہوتا ہے یا گواہی دیں دو شخص قاضی کے حکم پر
یا مشتہر ہو جائے خبر، بخلاف اسکے جبکہ گواہی دیں دو شخص کہ فلان شہر میں چاند دیکھا
گیا کیونکہ یہ حکایت ہے ہذا ما قال الشامی فی رد المحتار، اور تنبیہ الوسنان میں ہے کہ مراد خبر
کے مشتہر ہونے سے تواتر خبر کا ہے اُن لوگوں سے جو اُس شہر سے (جہان رویت ہلال ہوئی ہے)
دوسرے شہر میں وارد ہوں، نہ صرف مشتہر ہونا کیونکہ کبھی شہرت کی بنا صرف ایک
شخص کے بیان پر ہوتی ہے اور پھر اُس سے یہ خبر مشتہر ہو جاتی ہے، اور بیشک شبہ نہیں کہ خبر کی شہرت کے
لئے یہ امر کافی نہیں، اور اسکی دلیل فقہا کا یہ قول ہے کہ خبر جب شہرت
پا جائے اور متحقق ہو جائے، اور تحقق بغیر اس صورت کے جو ہم نے
ذکر کی ہو نہیں سکتا، واللہ تعالیٰ اعلم انتہی،

لیکن تار کی خبر جو کسی دوسرے شہر سے آئے اور جس میں لکھا ہو کہ
ہم نے چاند دیکھا یا ہمارے یہاں چاند دیکھنا بیان کیا گیا یا کوئی ایسا
کلمہ لکھا ہو جو طرفین کے درمیان بطور اصطلاح قرار پا چکا ہو تو اشتبہ یہ ہے
کہ ہلال فطر کے بارہ میں اس خبر پر اعتماد نہ کیا جائے، اور اس پر اعتماد
کرکے روزہ افطار کرنے کا حکم نہ دیا جائے، باعتبار نظر کرنے کے
طرف اصول فقہ کے، کیونکہ اول تو فقہاء کے نزدیک ان جیسے
معاملات میں خط پر عمل کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ ایک خط دوسرے
خط کے مشابہ ہو سکتا ہے،

ہاں اگر ایک قاضی دوسرے قاضی کی طرف خط بھیجے تو وہ
قابل ثبوت ہوگا بشرطیکہ اُس کو دو عادل شخص لائیں

ياً فيه خلاف القياس فيستقر على محله ولا
الى غيره على ان شرط الحمل مفقود في التلغراف
افلان الاسلام ماخوذ في تعريف العدل كما صرح
نى وهو ايضاً مفقود ههنا واما ثالثاً فبعد
لام من يدق السلك ومن ياخذ منه الخبر
لتلغراف من تطرق الخطاء اليه بل خطأه
سوابه ولهذا لا يعول عليه في الاحكام الرسمية
مة البريطانية في محكمة الجنايات وغيرها
عدام رجل او حبسه اعتماداً على الشهادات
بة ما لم يثبت الحكم بشهادة الشهود
نهةً اما قول القائل ان التعويل عليه
بين الناس في معاملاتهم كالموت والولادة
جهين الاول ان التعويل مطلقا ليس بمتعارف
اتهم ما لم يتحقق الخبر بطريق اخر كتكرير
وغيره فانا نرى ان رجلاً اذا نُعي اباه
على الاسلاك البرقية فلا يثق به ولا يقسم
الورثة ما لم يتحقق الخبر فانه لا يعرف من
الك وهل هو صادق فيه ام كاذب والثاني
بين تلك المعاملات وثبوت القطر فان الثاني
الشهادة الشرعية بخلاف الاول و
واحد في معاملات الناس ولا يعتبر في
نايا والخصومات واما ايضاً فلان التلغراف
بما الغلط من القراء ومع كونهم عارفين
[illegible] لا يامنون الخطاء في قراءتهم وربما
[illegible] فيغلطون في استنباط

جو اس خط کے مضمون سے واقف ہین لیکن چونکہ یہ صورت خلاف قیاس
ہو اسلیئے اسکا حکم اپنے موقع پر رہیگا، دوسرے موقع پر یہ حکم متعدی نہوگا، علاوہ
برین تار کی صورت مین دستی خط لانے کی صورت مفقود ہو دوسرے شاہد کیلیئے عادل
ہونا ضروری ہو اور اسلام عدل کا ایک ضروری جز ہو جیسا کہ مستفتی نے
تصریح کی ہو، اور یہان یہ صورت بھی مفقود ہو، تیسرے یہ فرض کر لینے کے
بعد بھی کہ جو شخص تار دیتا اور جو شخص یہان خبر لیتا ہو وہ دونوں مسلمان
ہین، تار کی خبر غلطی سے محفوظ نہین ہو، بلکہ اکثر غلطی واقع ہوتی ہو
اسی سبب سے عدالت ہائے گورنمنٹ انگریزی مین سرکاری احکام مین صرف
تار کی خبر پر اعتماد نہین کیا جاتا اور تار کی شہادت پر اعتماد کرکے کسی شخص کو
قتل یا حبس دوام کی سزا نہین دیجاتی جبتک کہ کوئی حکم گواہونکے بالمشافہ
شہادت سے نہ ثابت ہو جائے لیکن کسی کا یہ کہنا کہ تار کی خبر پر اعتماد لوگون مین
عام طور پر معاملات مین متعارف ہو مثل خبر مرگ و خبر ولادت کے تو یہ صحیح
نہین، دو وجہ سے اول تو یہ کہ معاملات مین محض تار کی خبر پر اعتماد کرنا
عام طور پر متعارف نہین ہو جبتک کہ دوسرے ذریعہ سے خبر کا یقین
نہو جائے یا خود دوبارہ تار سے اصل حقیقت دریافت نہو جائے، یا اور کسیطرح
کیونکہ ہم دیکھتے ہین کہ جب کسی شخص کو بذریعہ تار کے اُسکے باپ کی یا
بھائی کی خبر مرگ پہونچائی جاتی ہو تو اسپر اُسوقت تک وثوق نہین کیا جاتا
اور اُسوقت تک اسکا مال ورثا پر تقسیم نہین کیا جاتا جبتک کہ خبر کا دوسرے ذرایع سے کامل
یقین نہو جائے کیونکہ نہین معلوم کہ کس نے یہ خبر دی، اور خبر دینے والا سچا ہو یا جھوٹا،
دوسرے یہ کہ ان معاملات مین اور ثبوت فطر مین فرق ہو کیونکہ ثبوت ثانی شرعی شہادت کا
موقوف ہو بخلاف اول کے، اور ایک آدمی کی خبر لوگون کے معاملات مین معتبر ہو لیکن
عدالتی فیصلون اور مقدمات مین معتبر نہین، چوتھے یہ کہ بسا اوقات تار کے پڑھنے
مین پڑھنے والون سے غلطی ہوتی ہو اور باوجودیکہ وہ انگریزی الفاظ سے واقف ہین لیکن پھر بھی
پڑھنے مین غلطی سے بچ نہین سکتے، کیونکہ بسا اوقات بعض الفاظ دوسرے الفاظ سے
مشتبہ ہوجاتے ہین، اسلیئے استنباط معانی مین خلل واقع ہوتا ہے،

المعنى منه فيختلط الاخبار بالاستفهام او بالعكس،
واما خامساً فلانه لا سبيل الى العلم بان المرسل
هل حضر بنفسه فى الادارة التلغرافية ام بعث
رجلا وامره بارسال التلغراف فان كان الثانى فلا
يعلم حال هذا الرجل المبعوث هل هو عدل ام
فاسق وبالجملة التعويل على اخبار التلغراف تاباه
الاصول الفقهية فلا يعول عليها فى امر الفطر،

نعم ان بلغت كثرة التلغرافات الواردة الى
حد التواتر والاستفاضة حتى تفيد غلبة الظن
فلا باس بالعمل بها ولا يمكن ان ينص فيه على
عدد خاص بل ينبغى ان يفوض امره الى راى
الامام او القاضى وثقات المسلمين وعدولهم،

اما خبر تلغراف واحد فى هلال رمضان فالاحوط
ان يعول عليه فانه لا يشترط فيه الشهادة بل
يثبت بخبر واحد عدل او مستور،

والبلدة التى لا يوجد فيها حاكم شرعى ولا قاضى
فالاعتماد على امر ثقات المسلمين قال فى الدر المختار
ولو كانوا ببلدة لا حاكم فيها صاموا بقول ثقة
وافطروا باخبار عدلين مع العلة للضرورة،
هذا والله اعلم،

النمرة الثالثة

الجغرافيا والعرب

نقل الجغرافية اليونانية الى العربية | المصنفات
اليونانيين فقد ظفر العرب منها بكتب اشهرها
واحسنها كتاب الجغرافيا لبطليموس الذى كان

کبھی خبر استفہام کے بجائے اور استفہام خبر کے بجائے لکھا جائے ۔۔۔۔۔
یہ کہ اسکی کوئی صورت نہیں کہ یہ تحقیق ہو سکے کہ خود تار دینے والا تارگھر میں آکر تار دیگیا یا کسی دوسرے
شخص کو تار دینے کے لئے بھیجدیا ، بصورت ثانی نہیں معلوم کہ یہ دوسرا شخص
عادل ہو یا فاسق ، ماحصل کلام اصول فقہیہ تار خبر پر اعتماد کرنے سے
ابا کرتے ہیں اسلئے معاملہ فطر میں اسپر اعتماد نہیں کیا جا سکتا ،

ہاں اگر تار اس کثرت سے آئیں جو تواتر یا شہرت کی حد تک پہونچ جائیں
اور گمان غالب حاصل ہو جائے تو پھر تار کی خبر پر اعتماد کرنے میں کوئی
حرج نہیں ، اور اس معاملہ میں کوئی خاص تعداد مقرر نہیں
کیجا سکتی بلکہ مناسب یہ ہو کہ اس معاملہ کو امام یا قاضی یا معتبر
و عادل مسلمانوں کی رائے پر چھوڑ دیا جائے ،

لیکن ہلال رمضان کے بارہ میں احتیاط یہی ہے کہ
تار کی ایک خبر پر بھی اعتماد کر لیا جائے کیونکہ اس میں شہادت
شرط نہیں ، بلکہ ایک عادل یا مستور الحال کی خبر دینے
سے ثبوت ہو جاتا ہو ،

اور جس شہر میں کوئی حاکم شرعی ، و قاضی نہو ،
وہاں معتبر و ثقہ مسلمانوں کے حکم پر اعتماد کرنا چاہیئے ،
درمختار میں ہے ، اگر مسلمان ایسی جگہ ہوں جہاں کوئی حاکم
نہو تو کسی ثقہ کے خبر دینے پر روزہ رکھیں ، اور
اگر مطلع صاف نہو تو دو عادل شخصوں کی گواہی پر
افطار کریں ،

نمبر ۳

جغرافیہ اور عرب

یونانی سے عربی میں جغرافیہ کا ترجمہ | اہل عرب کو یونانیوں کی تصنیفات
سے چند کتابیں دستیاب ہوئیں جن میں زیادہ مشہور اور عمدہ
بطلیموس کی کتاب الجغرافیا ہے جسپر ۔۔۔۔۔۔

...غرافيين قبل نهضة العرب وقطبا
...ى بحثهم وهو اول كتاب فى الجغرافيا
...ونانية الى العربية نقل وكان يعقوب
...فيلسوف العرب نقلاً رديئاً لايروى الغليل
...ثابت بن قرة نقلا جيداً كشف الغطاء عن وجهه(١)
...ب ثمان مقالات ذكر فيه بطليموس ان
...اربعة الاف وخمسائة وثلاثين مدينة
...اسماء مدينة مدينة وان عدد الجبال
...ونيف وذكر مقدارها وما فيها من المعادن
...ذكر البحار وما فيها من الجزائر والحيوانات
...ذكر اقطار الارض وما فيها من الخلائق
...اخلاقهم وما ياكلون وما يشربون
...مع ما ليس فى الاخر من الارزاق
...مة، وذكر فى هذا الكتاب الوان جبال
...الحمرة والصفرة والخضرة وغير ذلك من الالوان
...انواع من الاصباغ،
...بعد ذلك من الكتب اليونانية الجغرافية
...طاليس فى المعمور من الارض، عربه
...ابن زرعة البغدادى المولود سنة ٣٣١
...ذكرهما ابن النديم فى فهرسته ويشعر
...ى فى كتاب التنبية انه ترجم فى العربية

...رست طبع ليبزك ص ٢٦٨
...كشف الظنون طبع الاستانة ص ٢٩٣
...الذهب ص ١٠٣ طبع مصر على هامش نفح الطيب
...التنبيه ص ٢٦٣

ترقیات عرب سے پہلے جغرافیون کا دارومدار تھا اور ایک ایسی
کیلی تھی جسپر اونکی بحث کی چکی گھومتی تھی جغرافیہ مین یہ پہلی کتاب
ہے جو یونانی سے عربی مین ترجمہ کیگئی، ردی سب سے پہلے فیلسوف
عرب یعقوب کندی نے اس کا ترجمہ کیا تھا مگر وہ ایسا آدمی تھا
جو پیاس کو بجھا نہ سکتا تھا پھر ثابت بن قرہ نے اچھا ترجمہ کیا
اور اوسکی مشکلات کو کھولا اس کتاب مین آٹھ مقالے ہین
اس مین بطلیموس نے اپنے زمانہ کے ۴۵۳۰ شہرون کا ذکر کیا ہے
اور ایک ایک شہر کو بتایا ہے اور کچھ اوپر دو سو پہاڑون کا ذکر
ہے اونکی بلندی اور اون کے اندر کی کانون کا بھی ذکر کیا ہی
دریا اور اونکے جزیرے اور حیوانات اور اونکے خواص کا بھی
بیان ہے زمین کے اطراف اور اوسکی مخلوق کا حال بیان کیا ہے
اونکی صورتون اور کھانے پینے کی چیزون سے بھی بحث کی ہے
اور یہ کہ ہر ملک مین کیا کیا کھانے کی چیزین
اور تحفے اور اموال پیدا ہوتے ہین جو دوسری جگہ
نہین ہوتے،

اس کتاب مین دنیا کے پہاڑون کے رنگ سرخی
زردی سبزی وغیرہ اور دریاؤن کے حالات معہ اونکے
رنگون کے بیان کئے گئے ہین اس کے بعد جغرافیہ مین یونانی
کتابون سے ارسطو کی کتاب کا ترجمہ ہوا جو زمین کے
آباد حصہ کے حالات مین ہے اس کا ترجمہ ابو علی بن زرعہ
بغدادی نے جو ۳۳۱ھ مین پیدا ہوا تھا اختصار
کے ساتھ کیا ہے ان دونون کا ذکر ابن ندیم نے اپنی فہرست
مین کیا ہے کتاب التنبیہ مین مسعودی کے کلام سے پتہ چلتا ہے
کہ جغرافیہ مین

تاب آخر فی الجغرافیة الیونانیة لمارینوس الذی
سم الاقالیم بالاصباغ المتمائزة ولم نطلع علی کتاب
غرافی غیرها نقل الی العربیة، غیر انه ذکر
وا لفدا فی تقویم البلدان کتابًا سماه رسم المعمور من
لارض الیونانی المترجم والاشبه انه کتاب الجغرافیا
طلیموس بعینه، وقال یاقوت فی مقدمته "فاما
ن قصد ذکر العمران فجماعة وافرة منهم من القدماءُ
الفلاسفة والحکماء افلاطن وفیثاغورس و
طلیموس وغیرهم کثیر من هذه الطبقة وقفت
هم منها علی تصانیف" فیدلّ کلامه علی انه
ثر علی کتب للیونانیین نقلت الی العربیة فلعلها
ی ماذکرنا من مصنفات مارینوس وبطلیموس
ارسطاطالیس وقد یمکن ان تکون غیرها، وعلی
ل حال، لم ینتفع العرب بشیٔ من تلك الکتب
ما تشهد به مصنفاتهم حیث لم یذکرها احد منهم
لم ینقل عنها شیٔ، فهذا یاقوت الذی ذکر تلك
لکتب قال بعد ذکرها، جهلتُ اکثر الاماکن التی
ذکرت فیها وابهم علینا امرها وعدمت لتطاول
لزمان فلا تعرف، وقال فی موضع آخر من مقدمة
معجمة، فاما الطبقة الاولی فاسماء الاماکن فی
کتبهم مصحّفة مغیرة، وفی حیز العدم مصیرة،
قد مسخها من نسخها،،

نعم هم قد انتفعوا بعض الانتفاع بکتاب الجغرافیا
بطلیموس فنقلوا عنه مالا یغیره مرور الزمان
مثل هیئة وجه الارض وتقسیم اقالیمها واطوالها

مارینوس کی ایک کتاب کا بھی عربی مین ترجمہ کیا گیا جسمین ملکون کے نقشے
مختلف رنگون مین دیئے گئے تھے اسکے سوا ہمین کسی اور کتاب کا حال معلوم
نہین ہوا جو عربی مین ترجمہ کیگئی ہو البتہ ابوالفدا نے تقویم البلدان
مین ایک کتاب کا ذکر کیا ہو جسکا نام رسم المعمور من الارض ہو اور
یہ کہ وہ یونانی سے ترجمہ ہوئی ہو مگر قیاس یہ ہو کہ یہ وہی بطلیموس کی کتاب
الجغرافیا ہی، اور یاقوت نے اپنے مقدمہ مین بیان کیا ہو (کہ جن
لوگون نے آبادی کے ذکر کا ارادہ کیا وہ ایک کثیر جماعت ہو جنمین
قدما اور فلاسفہ اور حکما ہین سے افلاطون اور فیثاغورس اور بطلیموس
اور اس طبقہ کے بہت سے ایسے لوگ شامل ہین جنکی تصانیف پر مجھے اطلاع
حاصل کرنے کا موقع ملا) یاقوت کے اس کلام سے معلوم ہوتا ہو کہ اوسنے
یونانیون کی اون کتابون سے اطلاع حاصل کی جنکا عربی مین ترجمہ کیا گیا
شاید یہ وہی کتابین ہون جنکا ہم نے ذکر کیا یعنی مارینوس اور بطلیموس
اور ارسطو اور ممکن ہو کہ دوسرے ہون بہرحال عرب نے ان کتابون سے
کچھ فائدہ نہین اٹھایا جیسا کہ اونکی تصنیفات شہادت دیتی ہین
جبکہ اون کا کسی نے ذکر تک نہین کیا اور اون سے کچھ نقل نہین کیا
یہی یاقوت جسنے ان کتابون کا ذکر کیا ہو اونکے ذکر کے بعد کہتا ہو کہ
(اکثر وہ مقام جو ان مین ذکر کئے گئے ہین آج غیر معلوم ہین اور رہین کچھ
اون کا پتہ نہین چلتا اور طول زمان کے باعث فنا ہوگئے جنکا حال
نہین معلوم ہوتا معجم البلدان کے مقدمہ مین دوسری جگہ کہتا ہے
کہ طبقہ اولی کی کتابون مین مقامات کے جو نام ہین وہ غلط اور
بدلے ہوئے ہین اور گویا نہونے کی برابر ہین جنکو لکھنے والون نے
مسخ کر دیا ہو)

ہان اونھون نے بطلیموس کی کتاب الجغرافیہ سے کچھ
فائدہ اوٹھایا اور اوس سے ایسی چیزین نقل کین جنکو زمانہ بدل نہین سکتا
جیسے زمین کی شکل اقلیمون کی تقسیم اور اونکے طول عرض،

واعراضها، واما ما ذكر فيه من صفة الارض ومدنها وجبالها وما فيها من البحار والجزائر والانهار والمعادن ووصف المدن المسكونة والمواضع العامرة واهلها فاكثره مما تعذر على علماء العرب فهمه وابهم عليهم امره، وذلك لامور اولها جهل نُسّاخ كتاب الجغرافيا وعدم اعتنائهم بتصحيح الاسماء الواردة فيه وضبطها كما قال ياقوت، فاما الطبقة الاولى فاسماء الاماكن فى كتبهم مصحفة مغيرة، وفى حيز العدم مصيرة، قد مسخها من نسخها، ثانيها كون اسماء المدن والجبال والبحار فيه يونانية كما قال ابو الحسن المسعودى وهو اعلم مورخى العرب باسماء الاماكن، الا ان اسماءها فى هذا الكتاب (اى كتاب الجغرافيا بطليموس) باليونانية متعذر فهمها[1]، ثالثها تغير اسماء الاماكن وتقلب احوالها بتطاول الزمان كما قال كاتب الجلبى فى مادة جغرافيا بعد ذكر بطليموس وكتابه، لكن اندرس كثير مما ذكره وتغيرت اسماؤه فانسد باب الانتفاع منه، فاصبح كتاب الجغرافيا عند العرب موماة مندرسة الاعلام خافية الصوى غير واضحة السبل، على انه فقدت العربية هذا الكتاب العلق منذ زمان غير يسير فلم يظفر المتاخرون بتعريبه،

ولا يختلج فى صدر ان العرب قد اخذوا صناعة الجغرافيا من اليونانيين واعتنوا بها بعد ما اطلعوا على ما كتب بطليموس فيها، فانا قد قلنا سابقا

(۱) المجلد الاول من مروج الذهب ص ۱۰۳ طبع مصر

اسکے سوا اور جو کچھ اون مین بیان تھا مثلاً زمین کی صفت اور اوسکے شہرون اور پہاڑون اور دریاؤن اور جزیرون اور نہرون اور کانون کا ذکر یا آباد مقامات اور وہان کے باشندون کے حالات ۔ یہ علماء عرب کی سمجھ مین نہ آسکا اور اس کا حال مخفی رہا، اسکے چند اسباب تھے اول یہ کہ کتاب الجغرافیہ کے لکھنے والے جاہل تھے اونھون نے اون نامون کی تصیح اور ضبط کی پروا نہین کی جو اوس مین آئے تھے جیسا کہ ہمنے ابھی یاقوت کا قول ذکر کیا،

دوسرے یہ کہ شہرون اور پہاڑون اور دریاؤن کے نام یونانی تھے جیسا کہ ابوالحسن مسعودی نے بیان کیا ہی اور وہ مورخین عرب مین اسماء اماکن کو زیادہ جاننے والا ہی، مگر اون کے نام اس کتاب (کتاب الجغرافیہ بطلیموس) مین یونانی ہین جنکا سمجھنا دشوار ہی،

تیسرے یہ کہ زمانہ دراز گذرنیکے باعث شہرون کے نام اور حالات مین تغیر آگیا جیسا کہ کاتب چلپی نے مادہ جغرافیہ کے ضمن مین بطلیموس اور اوسکی کتاب کا ذکر کرکے بیان کیا ہی (مگر بہت سی وہ چیزین جنکا اوسنے ذکر کیا ہی مٹ گیئن اونکے نام بدل گئے اس لئے اوس سے نفع حاصل کرنیکا دروازہ بند ہوگیا) اب کتاب الجغرافیا عرب کے نزدیک ایک ایسا میدان ہی جسکے علامات مٹے ہوئے ہین راستہ واضح نہین ہی اس کے علاوہ عربی نے اس نفیس کتاب کو بہت زمانہ سے گم کردیا ہی اسلئے متاخرین کو اسکا ترجمہ عربی نملا،

کسی کو یہ شبہ نگذرے کہ عرب نے فن جغرافیہ یونانیون سے لیا اور بطلیموس کے اقوال پر اطلاع حاصل کرنے کے بعد اونھون نے اس کا اہتمام کیا کیونکہ ہم پہلے بیان کرچکے ہین

ان اول كتاب جغرافي نقل الى العربية كتاب الجغرافيا في المعمور وصفة الارض لبطليموس نقل اولاً للكندي ثم نقله ثابت بن قرة ثانيا، ومات الكندي سنة ٢٤٧ للهجرة وولد ثابت سنة ٢٢١ وتوفي سنة ٢٨٨ فظهر من ذلك ان العرب لم يطلعوا على شيء من علم الجغرافيا اليوناني قبل ربع القرن الثالث وقد نبغ فيهم قبل ذلك جغرافيون ذوو اطلاع واسع وباع طويل واصحاب اسفار جليلة امثال ابي زيد الكلابي المتوفي في حدود القرن الثاني والنضر بن شميل المتوفي سنة اربع ومائتين وهشام الكلبي المتوفي سنة ٢٠٦ صاحب المصنفات الجليلة في الجغرافيا وسعدان بن المبارك مولى عاتكة مولاة المهدي صاحب كتاب الارضين والمياه والجبال والبحار، رأى ابن النديم قطعة منه وابي سعيد الاصمعي المتوفي سنة ٢١٣ صاحب كتاب جزيرة العرب، وعلى ذلك اول من اعتنى من ابناء العرب بذكر البلاد واماكنها هو جماعة اهل الادب واللغة وهم ما كانوا عارفين بكتب يونان وعلومها فاتضح بما قدمنا ان الجغرافيا عند العرب من العلوم التي ابتكروها وما انتحلوها وابتدعوها وما التقطوها ثم لم يلبث العرب بعد ذلك ان امروا النقلة بترجمة جغرافيا اليونان فساعد ذلك علماء العرب بالتبريز في علم الجغرافيا والتقدم فيه فاصبحوا مصلين بعد السابقين من اليونانيين بل سبقوهم فقرعوا ابوابا لم يقرعوها وبلغوا غايات لم يبلغوها فجابوا مسالك عذراء ومهالك

کہ سب سے پہلے جو کتاب جغرافیا کی عربی مین ترجمہ ہوئی وہ بطلیموس کی کتاب الجغرافیا ہی جو معمورہ اور صفۃ الارض کے بیان مین ہی اول کندی کے لئے نقل کی گئی پھر اوسکو ثابت بن قرہ نے دوبارہ نقل کیا کندی نے ۲۴۷ھ مین وفات پائی اور ثابت ۲۲۱ھ مین پیدا ہوا اور ۲۸۸ھ مین فوت ہوا اس سے معلوم ہوا کہ عرب کو تیسری صدی کے چوتھائی کے قبل یونانی جغرافیہ کی کچھ خبر نہین تھی حالانکہ اس سے پہلے بہت سی جغرافیہ دان جنکی اطلاع وسیع اور قوت کثیر تھی اور صاحب تصانیف جلیلہ تھے پیدا ہو چکے تھے، جیسے ابوزید کلابی جو دوسری صدی کے اندر فوت ہوئے اور نضر بن شمیل جو ۲۰۴ھ مین فوت ہوئی اور ہشام کلبی جو ۲۰۶ھ مین فوت ہوئے اونھون نے جغرافیہ مین بڑی بڑی تصنیفات کی ہین اور سعدان بن مبارک جو عاتکہ کے غلام تھے عاتکہ مہدی کی لونڈی تھی اونھون نے ایک کتاب موسوم بہ کتاب الارضین والمیاہ والجبال والبحار تصنیف کی ہی ابن الندیم نے اسکا ایک حصہ دیکھا ہی اور ابو سعید الاصمعی جو ۲۱۳ھ مین فوت ہوئے کتاب جزیرۃ العرب کے مصنف ہین بنا برین عرب مین سب سے پہلے جسنے ذکر بلاد اور اماکن کا اعتنا کیا وہ اہل ادب اور لغت کی ایک جماعت ہی جنکو یونان کے علوم اور کتابونکی کچھ بھی خبر نہ تھی، اس تمام تقریر سے واضح ہوا کہ جغرافیہ عرب کے نزدیک ان علوم مین سے ہی جسکو اونھون نے خود ایجاد کیا اور دوسرے سے نہین لیا اور آپ ہی اسکی بنا ڈالی اور کہین سے حاصل نہین کیا ہان عرب نے اسکے بعد بہت جلد مترجمین کو حکم دیا کہ جغرافیہ یونانی کا ترجمہ کیا جائے جس سے مین علماء عرب کو علم جغرافیہ اور اوسکی ترقی مین بہت کچھ مدد ملی اور وہ یونانیونکے بعد دوسری صف مین پہنچ بلکہ اونسے بھی سبقت لیگئے اور ایسے صدہا [illegible] تھا اور [illegible] [illegible] [illegible] تھے [illegible] لگے تھے

لم يهتد فيها القطا واجتازوا بلاداً شاسعة قاصية وممالك نازحة نائيه، فدونوا ما ادت اليه جولاتهم واتقوا ما هدت اليه رحلاتهم،

الاخبار العلميه

مناجاة الارواح

المعتقدون بمناجاة الارواح يثبتون صحة دعواهم بادلة كثيرة ويقولون ان ارواح الاكابر المشهورين انطقوا بها الوسطاء وينشرون تلك الاقوال بين الناس فمن ذلك اقوال تنسب الى الاستاذ وليم جمس واقوال تنسب الى الكردينال منغ واقوال تنسب الى غلادستون ولكنها كلها اشارات وتعبيرات مبهمة كاقوال السحرة والعرافين

وقد ذكرت جريدة الزهور حكاية عجيبة في المخابرة مع الارواح ان ارملة فتحت امام القاضي في احدى محاكم واشنطون كتاباً وادعت ان زوجها كتبه بعد موته بواسطة وسيط بين لوحين من حجر والمرأة تزعم ان زوجها اراد الوصية وقد كان على شرف الموت يجود بنفسه فاخذ القلم وكتب غير واضح لا يفهم معناه وكانت الوصية بتقسيم املاكه لكي لا يحدث عليها خلاف بين الورثة وكانت الامرأة ممن يومن بمذهب الارواح فاخذت الورقة واتت وسيطاً يسأل زوجها معنى ما كتب او يوضحه هو بقلمه فوضع الوسيط لوح الحجر حسب ما هو دابه وحضرت الروح تكتب فاوحى الى اخيه بتقسيم املاكه وفرض لامرئته نصيباً منها ودعا

اور وہ مطالب حاصل کئے جنکی طرف ابتک کوئی ہدایت یاب نہوا تھا دور و دراز ملکون کا سفر کیا اور جو کچھ اس سفر مین ملا اوسے جمع کیا،

علمی خبرین

روحون سے ملاقات

جو لوگ روحونکی ملاقات کا اعتقاد رکھتے ہین وہ اپنے دعوی کی صحت پر بہت سی دلیلین بیان کرتے ہین اور کہتے ہین کہ بڑے بڑے مشہور لوگونکی روحو نکو عرافون نے بلایا ہے اونکے اقوال لوگون مین مشہور کر رہے ہین انمین بعض وہ قول ہین جو استاذ ولیم جیمس کی طرف منسوب کئے جاتے ہین اور بعض اقوال کردینال منگ کی طرف اور بعض وہ ہین جو گلاڈسٹون کی طرف منسوب ہین مگر یہ سب مبہم اشارے اور تعبیرات ہین جیسا کہ جادوگر اور قیافہ شناسو نکے قول ہوتے ہین،

البتہ اخبار زہور نے روحونکی ملاقات کے باب مین ایک عجیب حکایت نقل کی ہے کہ ایک بیوہ نے واشنگٹن کی ایک عدالت مین جج کے روبرو ایک تحریر پیش کی اور دعوی کیا کہ اوسکے شوہر نے مرنیکے بعد ایک عراف کے واسطے سے دو سلیٹون کے درمیان اسکو لکھا ہے عورت کہتی ہے کہ اوسکے شوہر نے جبکہ وہ مرنیکے قریب تھا اور جان دے رہا تھا وصیت کا ارادہ کیا قلم لیکر کچھ لکھا مگر وہ واضح نہ تھا نہ اوسکے معنے سمجھ مین آ سکتے تھے اور وصیت جائداد کی تقسیم کے متعلق تھی تاکہ وارثون مین جھگڑا نہ پیدا ہو عورت مذہب ارواح پر ایمان رکھتی ہے اوس نے وہ ورق لیا اور عراف کے پاس گئی تاکہ اوسکے شوہر سے اس تحریر کے معنے دریافت کرے یا شوہر اس کو اپنے قلم سے واضح کر دے عراف نے حسب دستور سلیٹ رکھی اور روح کا ہاتھ حاضر ہوا جو لکھتا تھا اوسنے اپنے بھائی کو تقسیم جائداد کا وصی بنایا

الحكمة يقدمون رجلاً ويؤخرون اخرى فى تسليم شهادة
تلك المرأة هل تعول عليها فى القضاء ام لا وتلك
واقعة عجيبة لانها صادرة من قبل اناس معدودين
من الطبقة الراقية المهذبة وعند يد محاكم كان
من قضاة المحكمة العليا لا يشك احد فى تعقله وفضله

اور اپنی عورت کے لئے بھی ایک حصہ مقرر کیا اسلئے کہ وکلاء اس عورت کی شہادت تسلیم کرنے میں حیران ہیں کہ آیا فیصلہ میں اسپر اعتبار کیا جائے یا نہیں یہ عجیب واقعہ ہے کیونکہ ایسے لوگون کے متعلق ہے جو ترقی یافتہ اور مہذب طبقہ میں شمار کئے جاتے ہیں اور عدالت عالیہ کے ایک جج کے سامنے ہوا ہے جسکے فضل و دانائی میں کچھ شبہ نہیں ہے،

السينماتوغراف الناطق

بولنے والا سینماٹوگراف

روى الهلال ان المخترعين كانوا بصدد اختراع
آلة ترينا الاشباح تتحرك وتسمعنا منذ زمن بعيد
اصواتها،

وقد علمنا الآن انهم وفقوا الى اتمامه وهم يعرضونه
فى برلين ويحضره الناس يرون الصور تتحرك و
يسمعون اصواتها،

الہلال راوی ہے کہ زمانہ دراز سے موجدین اس کوشش میں تھے کہ ایک ایسا آلہ ایجاد کیا جائے جو حرکت کرتی ہوئی صورتین دکھائے اور انکی آواز سنائے،

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ انھون نے اس آلہ کو اب مکمل کر لیا ہے اور برلن میں اسکو دکھا رہے ہیں لوگ آتے ہیں تصویرون کو حرکت کرتے ہوئے دیکھتے ہیں اور انکی آواز سنتے ہیں،

التلفون بلا سلك والديكتوغراف

بے تار کا ٹیلیفون اور ڈیکٹوگراف

اصطنع فورست آلة تنقل الاصوات بلا سلك
وركبها بعضهم مع آلة تكبير الصوت سماها
ديكتوغراف بحيث يمكن نقل الخطب والمواعظ
او الاصوات الموسيقية من المراسح التى تجرى
الى المنازل فيسمعها الناس وهم جلوس فى منازلهم
اومكاتبهم وذلك بان يوضع فى القاعة التى يتكلم
فيها الخطيب او الواعظ او تضرب فيها الموسيقى آلتى
ديكتوغراف فى مكان لا يراهما فيه احد ولا يزيد حجم الواحد
منهما على حجم الكف فيستقبلان امواج الصوت و
يحولانها الى امواج كهربائية فتنقل هذه
الامواج الى مركز كهربائى فى موضع مرتفع من المدينة
على شكل محطات التلغراف بلا سلك، ثم تنتقل

فورسٹ نے ایک آلہ بنایا ہے جو بے تار کے آوازونکو نقل کرتا ہے بعضون نے اسکو ایک آلہ کیساتھ مرکب کر دیا ہے جس سے آواز کو بڑھا سکتے ہیں اسکا نام ڈیکٹوگراف رکھا ہے اسکے ذریعہ لکچر اور وعظ اور بینڈ کی آوازیں تھیٹر سے گھرون میں پہونچ سکتی ہیں، اور لوگ گھر و نمین اور دفترون میں بیٹھکر ان آوازون کو اسطرح سن سکتے ہیں کہ اس ہال میں جسمیں لکچرار یا واعظ بولتا ہے یا بینڈ بجایا جاتا ہے ان دو نون آلونکو ایسی جگہ لگا دیا جائے کہ کسی کی نظر نہ پڑے ان کا حجم ہتھیلی سے زیادہ نہیں ہے یہ دونون آلے آواز کی موجون کے مقابل ہوکر انکو برقی امواج بنا دیتے ہیں اور یہ موجیں ایک برقی مرکز کی جانب منتقل ہو جاتی ہیں جو تھیٹر کے پلیٹ فارم سے کسی قدر بلند جگہ پر بے تار کے ٹیلیگراف کے اسٹیشن کی شکل میں [illegible] [illegible] [illegible]

تلك الامواج من بهتاك بالفضاء الى لحظات مثلها فى المنازل المجاورة نتتحول الى اصوات يسمعها القائمون فيها،

الجرائم فى انكلترا وامريكا

وضع احد علماء اميركا احصاءً اثبت فيه ان الجرائم فى انكلترا اكثر منها فى اميركا وان الجرائم الكبرىٰ آخذة بالتناقص فى الولايات المتحدة،

الاسلام والمبشرون

الاسلام خطر على الانسانية
فى نظر المبشرين الغربيين

قد نشرت الحقيقة الغراء مقالة نافعة تحت هذا الموضوع فاثرنا نشرها فى مجلتنا لمسلمى الهند يقول كاتبها،

قلت انى كثيرا ما كنت اطالع اقوالهم لانى ربيت فى مدرسة اجنبية مسيحية فكنت امر على ما يكتبون مر الكرام فاقابل كتاباتهم بان اتاسف لها فى نفسى وانا ساكت لان السكوت فى مثل هذا الموقف خير من الكلام ولانى كنت احاذر ان يكون فيما ارد به عليهم ما قد يتمسكون به ويعدونه تعصباً للدين وكراهة للاجانب الى آخر هذا من الاقوال والاراجيف التى نسمعها فى كل يوم وفى كل لحظة،

رائت بعد ذلك ان السكوت الطويل

پھر یہ موجین اس تار سے فضا کے ذریعہ اسی طرح کے دوسرے اسٹیشنون کیطرف منتقل ہو جاتی ہین جو قریب کے مکانات مین لگے ہوتے ہین اور وہ آوازینہ بنجاتی ہین جنکو وہان کے لوگ سنتے ہین،

انگلستان اور امریکا مین جرائم

امریکہ کے ایک عالم نے مردم شماری کی ہی جس مین ثابت کیا ہی کہ انگلستان مین جرائم کی تعداد امریکہ سے بہت زیادہ ہی اور یہ کہ بڑے بڑے جرائم ممالک متحدہ مین گھٹتے جاتے ہین،

اسلام اور مشنری

اسلام یورپین مسیحی واعظون کی نظر مین
نوع انسان کے لئے خطرناک امر ہی

اخبار الحقیقت مین عنوان بالا کے تحت مین ایک مفید مضمون لکھا گیا ہی جسکا ترجمہ مسلمانان ہند کے لئے شایع کرنا مناسب سمجھتے ہین، مضمون نگار لکھتا ہی، مین اکثر ان مسیحی واعظون کے خیالات پر غور کرتا رہا ہون کیونکہ مین نے ایک مسیحی غیر ملکی درسگاہ مین تربیت پائی ہی، مین اُنکے مضامین پڑھ کر متحملانہ روش سے گذر جاتا تھا اونکے مضامین کا جواب مین یہ دیتا تھا کہ اپنے دلمین اُسپر افسوس کرتا تھا، اور خاموش رہتا تھا کیونکہ اس قسم کے موقع پر خاموشی کلام سے زیادہ بہتر ہی، اور نیز اس لئے کہ ایسا نہو کہ ہماری تردید کو وہ مذہبی تعصب یا غیر اقوام سے کراہیت پر محمول کرین اور دیگر خیالات اور اقوال جنکو ہم ہر روز اور ہر لحظہ سُنتے ہین اسکے بعد ان متواتر حملون پر اور اسلام کو نوع انسانی کے لئے خطرناک تصور کرانے پر طویل خاموشی

اور

الصمت المستديم على الطعن المتواصل وتصوير
الاسلام كخطر على الانسانية ليس من حب الحقيقة
شيء والى القارئ البيان ،

جاء في "مجلة المبشرين" التي تطبع في نيويورك
عددها الصادر في شهر اكتوبر الماضي تحت
عنوان "انتشار الاسلام" ما ترجمته بالحرف

"ان القس" اونارانيان" الذي كان
من سلالة النبي الكاذب وكان مولويا ثم
اهتدى وتعمد سنة ١٨٨٥ وصار مديرا
للمدرسة الالمانية في بوتسدام التي ينشاء
منها المبشرون المسيحيون ويرسلون الى البلاد
الاسلامية - هذا القس لفت نظر الرؤساء
الانجيليين الى تعدي الاسلام واظهر الخطر
المحدق من انتشاره ، وتكلم عن الصحف
الاسلامية في مصر والهند خصوصاً وقال
بعد ذلك "ان الانتشار السريع الذي يلاقيه
الاسلام في افريقيا وآسيا يجعل هذه الصحف
تتخيل وتكتب عن مستقبل الاسلام وتعلق
الآمال بانه سيصير يوماً ما الدين الحاكم
في كل العالم وقد نقل عن بعض الصحف تقرير
عن المؤتمر[1] الاسلامي الذي عقد اخيراً في
مدينة "دلهي" من اعمال الهند حيث
امتدحت السياسة الانكليزية لانها تمتع

(1) البيان لا نعرف المؤتمر الذي اشارت اليه
مجلة المبشرين ليت تلك الاحلام كانت حقة ،

دائمی سکوت مین نے مناسب نہین سمجھا ، ناظرین کے لئے
تفصیل پیش ہی،

رسالۂ واعظان مسیحی جو نیویارک سے نکلتا ہی اُسکے نمبر
مورخۂ اکتوبر سنہ۱۹۱۰ مین اشاعت اسلام کی سرخی سے ایک
مضمون نکلا ہی جسکا بحرفہ ترجمہ یہ ہی،

پادری انارینان جو نبی کاذب (رسول اللہ) کی اولاد
سے ہین اور مولوی ہین ہدایت پائی اور سنہ۱۸۸۵ء مین بپتسمہ
لیا اور وہ جرمن اسکول واقع بوٹس ڈام کے پرنسپل ہوئے
جس سے مسیحی واعظ تعلیم پاکر نکلتے ہین اور اسلامی ممالک
مین بھیجے جاتے ہین اس پادری نے پراٹسٹنٹ منتظمین کو
اسلام کی تعدی اور دست درازی کیطرف متوجہ کیا، اور
اُسکی اشاعت کے محیط خطرہ کو ظاہر کیا اور مصر و خصوصاً
ہندوستان کے اسلامی وسائل کے متعلق اظہار خیال کیا،
اسکے بعد لکھتا ہی: یہ تیز و سریع اشاعت جو اسلام کو افریقہ اور
ایشیا مین حاصل ہو رہی ہے ان اخبارات کو خیال
دلا رہی ہے اور وہ اسلام کی مستقبل حالت کے متعلق
مضامین لکھتے ہین اور اُمیدین قائم کرتے ہین[1]. کہ عنقریب
کسی روز اسلام تمام دنیا کا سب سے غالب مذہب
ہوگا ، بعض اخبارات سے اُس اسلامی کانفرنس
کی رپورٹ نقل کی ہے جو اخیر دنون مین شہر دہلی
واقع ہندوستان مین منعقد ہوئی کیونکہ اُس
مین انگریزی سیاست کی تعریف کی ہے کیونکہ وہ
اپنی مسلمان رعایا کو

(1) البیان ، ہمکو اُس کانفرنس کا حال نہین معلوم جسکی طرف رسالۂ
واعظان مسیحی نے اشارہ کیا ہی، کاش یہ خواب سچا ہوتا،

رعایاها المسلمین بالحریة التامة وتعلّمهم وتعضدهم فی کل مشاریعهم، وکانت نتیجة هذا المؤتمر انه تقرر فیه تالیف جمعیة من مسلمی الهند وروسیا ومصر لنشر الاسلام فی افریقیا وآسیا. وسیکون بدایة عملها وسعیها فی "الیابان" حیث عینت لجنة لترجمة کتاب "روح الاسلام" الی اللغة الیابانیة،

وقالت ایضاً "ان الضابط الیابانی (ریاما اوکا) الذی کان مرافقاً للجنرال (نوجی) فی الحرب الروسیه الیابانیة زار الاستانة اخیراً بعد ان حج الی مکة، الی ان قالت، وان الضابط یتکلم بکل حریة عن کیفیة تدینه بالاسلام وذلك ان المبشرین المسیحیین فی الیابان نشروا ذات یوم رسالة قالوا فیها ان النبی (محمداً صلی الله علیه وسلم) رجل حرب وقتال یمسك السیف بیمینه والقرآن بشماله ویهدد امم الارض" ثم قالت، فجذبت هذه الروح التی تحض علی سفك الدماء قلوب (ریاما اوکا) ورفاقه الضباط مع ان المبشرین انما ارادوا من رسالتهم ان ینفروا الیابانیین من الدین الاسلامی بسببها،

وقد اسسوا جمعیة لدرس الاسلام والسعی لنشره فی الیابان والهند والصین وعولوا علی ترك الدعوة فی افریقیا وقبائلها

پوری آزادی دی ہے، اور اونکی تمام تجاویز مین مدد دیتی ہے اس کانفرنس سے نتیجہ یہ ہوا کہ اُس مین یہ تجویز منظور ہوئی کہ مصر روس اور ہندوستان کے مسلمانون کی ایک انجمن افریقہ اور ایشیا مین اشاعت اسلام کے لیے قائم کیجائے اور اُسکے کام کی ابتدا جاپان سے ہوگی جہان ایک کمیٹی اسپرٹ آف اسلام کی جاپانی زبان مین ترجمہ کرنے کے لئے قائم ہوئی ہے، پھر کہتا ہے، وہ جاپانی فوجی افسر یاما اوکا جو جنرل نوجی کے ہمراہ تھا جنگ جاپان روس مین اُس نے اخیر دنون مین مکہ مین حج کر کے قسطنطنیہ کی زیارت کی، اور پھر لکھتا ہے، وہ فوجی افسر نہایت آزادی سے اپنے مسلمان ہونے کی کیفیت یہ بیان کرتا ہے، اور وہ یہ ہے کہ جاپان مین مسیحی واعظون نے ایک دن ایک رسالہ شائع کیا جس مین اُنھون نے لکھا تھا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ایک جنگی آدمی تھا، جس کے داہنے ہاتھ مین تلوار تھی اور بائین ہاتھ مین قرآن تھا، اور روئے زمین کی تمام قومون کو دہکا رہا تھا، پھر لکھتا ہے، کہ وہ روح جو خونریزی پر آمادہ کرتی ہے اُس نے یاما اوکا اور اُسکے ہمراہی فوجی افسرون کے دلونکو اسلام کی طرف کھینچا حالانکہ مسیحی واعظون کی غرض اس مضمون سے یہ تھی کہ اسکے ذریعہ سے جاپانیونکو مذہب اسلام سے نفرت دلائین،

مسلمانون نے ایک انجمن اسلام کے مطالعہ اور جاپان اور ہندوستان اور چین مین اشاعت اسلام کرنے کی غرض سے قائم کی ہے، اور یہ طے کر لیا ہے کہ افریقہ اور قبائل افریقہ مین دعوت اسلام کی کوشش ترک کردیجائے کیونکہ

الآن لان التجار والقوافل التی تسافر الیها تلاقی هنالك نجاحاً عظیماً[1]،

ثم لفت هذا القسیس الانظار الی البلاد العثمانیة وقال، انها لا تزال تجهل معنی حریة الادیان مع ان الدستور قد اعترف بها، وهو یعتقد ان الحالة اسوأ مما کانت علیه قبلا وان رجال حزب ترکیا الفتاة مقتنعون بأن بقاءهم و نفوذهم متوقفان علی ازدیاد قوة الاسلام وما داموا راغبین فی البقاء فاول واجب علیهم تقویة الدین الاسلامی ولهذا انشأوا عدة مجلات اسبوعیة اثنتان منها تباهی بنشر مبادیٔ الاسلام وتقول ان کثیرین من رجال العلم فی اوربا یتحمسون لها ویمیلون الیها وان المسیحیة اصبحت تضعف وتتضاءل مبادؤها من کل انحاء المعمور والدلیل علی ذلك ازدیاد میل الکثیرین من عقلاء الاوربیین الی التمسك بمبادئه کامتناعهم عن الخمور التی یحرمها الاسلام،

مسلمان تجار اور قافلہ جو وہان جاتے ہین بڑی کا[میابی] حاصل کرتے ہین[1]،

پھر اس پادری نے لگاہین ممالک عثمانیہ کی طرف کی ہین کہتا ہے، کہ ممالک عثمانیہ آزادی مذاہب سے ابتک ناواقف ہے گو وہان دستور کا اعتراف گیا ہے، وہ یقین کرتا ہے کہ وہان کی حالت پہلے زیادہ بدتر ہے نوجوان ترک اس بات کا یقین ہین کہ اون کی بقا اور اقتدار اسلامی قوت کے پر موقوف ہے اگر وہ زندگی چاہتے ہین تو اُن پہلا فرض یہ ہے کہ مذہب اسلام کو مضبوط کرین غرض کے لئے اونھون نے متعدد ہفتہ وار رسائل کئے ہین جن مین سے دو مذہب اسلام کی اشاعت فخریہ کہتا ہے کہ بہت سے علمائے یورپ مسائل اسلام کی کرتے ہین اور اوسکی طرف مائل ہین اور مسیحیت تما عالم مین ضعیف اور کمزور ہو رہی ہے اور اوس کی یہ ہے، کہ بہت سے دانایان یورپ اسلا مسائل کی تقلید کر رہے ہین مثلاً شراب خوار پرہیز جسکو اسلام نے حرام قرار دیا

(باقی آیندہ)

لها بقیة

اهمیة الصناعة والتجارة فی الولایات المتحدة

ولایات متحدہ مین صنعت وتجارت کا اہتما[م]

لا یخفی ان الشان الاکبر فی الولایات المتحدة الآن للصناعة والتجارة لا للزراعة مع ان تربة البلاد جیدة جداً واهلها

واضح ہو کہ ولایات متحدہ امریکہ مین اسوقت زیادہ صناعت اور تجارت کی طرف ہے نہ کہ زراعت کیط باوجودیکہ اس ملک کی زمین نہایت عمدہ

[1] البیان، حقق الله تلك الآمال،

[1] البیان - خدا یہ اُمیدین پوری کرے،

من اشهر الامم في فن الزراعة ووسائل
النقل متوفرة عندهم وتجود في بلادهم
المزروعات الصيفيه والفلاح الاميركي
لا يتكلف المشاق في ريها من الانهر والسواقي
ومجتمعات المياه كالفلاح السوري والمصري
لان المطر يروي الارض في فصل الصيف كله
والبلاد صالحه ايضاً لتربية المواشي فان
الكلاء يغطي وجه الارض في فصل الصيف
ويبلغ نصف قامة في الاراضي المحمية فمتى
تم نموه وضرب لونه الى الصفرة حصده
الفلاحون وتركوه على وجه الارض الى ان
يجف وييبس ثم يجمعونه فيكون علفاً للمواشي
في الشتاء ومايزيد عن حاجتهم منه
يبيعونه في المدن باثمان حسنة ، على ان
هذه الولايات مذ خطت خطوة اولى في
معراج الترقي وذلك حوالى سنة ١٧٠٠
وشرعت في مناظرة غيرها من الدول
الراقية رأت ان الزراعة وحدها
لا تكفي حاجات اهلها ولا تمكنها من مزاحمة
غيرها من الشعوب فوجهت اهتمامها
الى الصناعة والتجارة وقد قوي فيها
هذا الاهتمام غنى ارضها باكثر انواع
المعادن لاسيما الفحم الحجري فقد خزنت
لها الطبيعة مقداراً كبيراً منه ، ومن
البترول خصوصاً في ولاية بنسلفانيا حيث

وہان کے باشندے فن زراعت مین ایک مشہور قوم
ہین نقل کے وسائل بہی اون کے پاس زیادہ ہین اور
اونکے ملک مین فصل خریف کے غلات عمدہ پیدا ہوتے ہین
اور امریکہ کے کسان کو ندیون اور نہرون اور تالابون
سے زمین کے سیراب کرنے مین وہ مشقت نہین اوٹھانی
پڑتی جو شام اور مصر کے کسان کو اوٹھانی پڑتی ہے اسلئے
کہ خریف بہر بارش زمین کو سیراب کرتی رہتی ہے ، ملک
مین مویشی کی تربیت بھی عمدہ طور پر ہوسکتی ہے کیونکہ فصل
خریف مین گھاس زمین کو چھپا لیتی ہے اور محفوظ زمینون مین
نصف قد تک پہونچ جاتی ہے جب وہ اپنی حد تک بڑھ
چکتی ہے اور رنگ زرد ہونے لگتا ہے تو کسان اوسے کاٹ کر
زمین پر چھوڑ دیتے ہین تاکہ خشک ہوجائے پھر جمع کرلیتے
ہین اور جاڑے کے موسم مین یہ اونکے مویشی کا چارہ ہوتا ہے اور
جو کچھ اونکی ضرورت سے بچتی ہے اوسکو شہرون مین اچھی قیمت پر
فروخت کردیتے ہین، اسکے علاوہ جب سے اس ملک نے معراج
ترقی پر پہلا قدم رکھا ہے یعنی شروع ١٧٠٠ سے اور دوسری
ترقی یافتہ سلطنتون کا مقابلہ اختیار کیا ہے اوس نے معلوم
کرلیا ہے کہ صرف زراعت یہان کے باشندونکی ضرورتون
پورا نہین کرسکتی اور نہ دوسری قومون کے مقابلہ
کی قوت پیدا کرسکتی ہے اسلئے اونے اپنا اہتمام صنعت
اور تجارت کی طرف متوجہ کیا ہے اس اہتمام کو اسبابنے
اور قوی کردیا ہے کہ وہانکی زمین مین قسم قسم کی کانین
خصوصاً پتھر کا کوئلہ کثرت سے موجود ہے طبیعت نے اس مین
کے لئے کوئلہ کا ایک خزانہ جمع کردیا ہے خصوصاً
مٹی کے تیل کا جو ولایت نسلفین

يرى الفحم على وجه الارض في عدة اماكن
فيها حتى ان اكثر مياهها لا تصلح للشرب
لمرورها بين طبقات الفحم واختلاطها
بالبترول الملازم له ،

وقد تألفت في البلاد شركات كثيرة
لانشاء المعامل والاشتغال بالمعادن
المستخرجة من ارضها وفي كل معمل من
٤٠٠ الى ٤٠٠٠ عامل هذا فضلاً عن الاختراعات
الجديدة التي تساعد على العمل ، وقد
اخذت هذه المعامل تتسع وتزداد بازدياد
العمران والسكان واحتياج البلاد الى المواد
المعدنية لاسيما الحديد والنحاس لمد
سكك الحديد وتصفيح البوارج وبناء
الجسور وتشييد المباني والقصور وغيرها
من الاعمال العظيمة وقد كثر الآن اهتمام
الناس ببناء المباني الكبيرة بالحديد
فاخذوا يهدمون ابنيتهم القديمة المبنية
بالقرميد والخشب ويعيدون بناها بالحديد
وبعضها يناطح السحاب في ارتفاعه والمعامل
على كثرتها لا تفي بحاجة البلاد فانها
تشتغل ليلاً ونهاراً لان الطلب على الحديد
كثير جداً ، ولما راى الناس احتياجهم
الى ما يولد الحرارة تألفت شركات اخرى
لفتح مناجم الفحم واستخراج كنوزها وما
يستخرج من الفحم الآن يزيد عن حاجة

مین پیدا ہوتا ہی جہان کوئلہ زمین کے سطح پر اکثر مقا
مین دکھائی دیتا ہی حتی کہ وہان کے اکثر مقامات کا پا
کے قابل نہین ہی کیونکہ وہ کوئلہ کے طبقات سے گذ
اور مٹی کے تیل مین ملجاتا ہی جو کوئلہ کے لئے لازم ہی
ملک مین بہت سی کمپنیان کارخانے کھولنے اور اس زمی
کانون کو عمل مین لانے کے لئے قائم ہوئین ہر کارخا
٤٠٠ سے لیکر ٤٠٠٠ تک مزدور ہین اور وہ ایجا
جو کام مین مدد پہونچاتی ہین اس کے علاوہ ہین ،
یہ کارخانے آبادی اور باشندونکی ترقی کے
روز بروز ترقی کرتے جاتے ہین اور ملک کی ضرور
معدنی اشیا کی طرف بڑھتی جاتی ہے خصوصاً ا
اور تانبے کی جو کہ ریلوے لائن کے بچھانے او
جہازون کی توسیع اور پلون اور عمارات کے
اور دوسرے بڑے بڑے کامون مین درکار ہوتا
اسوقت وہان کے باشندون کی توجہ لوہے کے بڑ
بڑے مکانات بنانے مین مصروف ہے اپنی پر
عمارتین جو اینٹ یا لکڑی کی بنی ہوئی تھین ڈھ
لوہے کی نئی عمارتین بنا رہے ہین ان میں
بعض تو اپنی بلندی مین آسمان کے بادل تک
ہین ،

کارخانے باوجود کثرت کے ملک کی حاجت کو پورا
کرسکتے وہ رات اور دن کام کرتے ہین اور لوہے کی مانگ
جب ہان کے باشندونے حرارت پیدا کرنیوالی اشیا کی ضرور
کی تو دوسری کمپنیان کوئلہ کی کانین کھولنے اور اسکے خزانہ
قائم کی گئین اس وقت جس قدر کوئلہ نکلتا

البلاد فتصدر الزيادة الى الخارج وتصدر
البلاد ايضاً مقداراً كبيراً من الادوات
المعدنيته فزادت التجارة والصناعة وزادت
ثروة البلاد بها ،

ذكر المقتطف فى العدد الرابع من المجلد
السادس والثلاثين ان ثروة الولايات
المتحدة ۲۰ الف مليون من الجنيهات وثمن
المعادن والمواد المعدنية ۳۳۰ مليوناً
ودخلها السنوى ۲۵۰۰ مليون عداً عن
ربحها من التجارة والصناعة وقال مدير
احدى شركات پتسبرغ فى سلفانيا ان الذين
يتجرون فى المواد المعدنية المصنوعة فى
معامل الولايات المتحدة لا يقلون عن ۲۵۰۰۰
رجل ،

وقد رجحت كفة التجارة والصناعة
على كفة الزراعة فى هذه البلاد فترك
بعض الفلاحين جانباً من اراضيهم بوراً
واموا المعامل والمناجم وانخرطوا فى سلك
العملة والصناع لانهم وجدوا فى ذلك
ربحاً لهم يزيد عن ربحهم من الزراعه
ولما حدثت الازمة المالية الماضية
ووقفت حركة الاعمال عاد بعضهم الى
الزراعه فزرعت الاراضى التى كان بعض
الفلاحين قد تركوها ،

والشركات فى الولايات المتحدة كثيرة

وہ ملک کی ضرورت سے زیادہ ہے اس لئے زیادہ مقدار
باہر کو بھیجی جاتی ہے نیز یہ ملک کانی اشیار کی ایک
بڑی مقدار باہر کو بھیجتا ہے جسکے باعث تجارت اور صناعت
ترقی کر گئی ہو اور اسی سبب سے ملک مالدار ہو گیا ہو

المقتطف نے ۳۶ ویں جلد کے چوتھے نمبر مین
ذکر کیا ہو کہ ولایات متحدہ کی ثروت ۲۰ ہزار ملین
پونڈ ہو اور کانی اشیار کی قیمت ۳۳۰ ملین پونڈ اور
اوسکی سالانہ آمدنی ۲۵۰۰ ملین ہو تجارت اور صناعت
کا نفع اسکے علاوہ ہو بنسلفین مین پٹسبرگ کی ایک کمپنی
کا منیجر کہتا ہو کہ جو لوگ اون معدنی اشیار کی تجارت
کرتے ہین جو ولایات متحدہ مین بنائی جاتی ہین وہ
۲۵۰۰۰ لاکھ سے کم نہین ہین اس ملک مین
تجارت اور صناعت کا پلہ زراعت کے پلہ سے بھاری
ہے اس لئے بعض کاشتکارون نے اپنی زمینون کا ایک
حصہ بیکار چھوڑ دیا ہو اور کارخانون اور کانون کا
قصد کیا ہے وہ بھی کاریگرون اور مزدورون کی
جماعت مین شامل ہو گئے ہین کیونکہ اس مین جو نفع
اون کو ہوتا ہے وہ زراعت کے نفع سے زیادہ
ہے ، اس سے پہلے جبکہ ایک مالی خسارہ واقع
ہوا تھا اور کارخانون کی حرکت ٹھیر گئی تھی تو بعض
لوگ پھر زراعت کی طرف لوٹ آئے تھے اور
وہ زمین پھر مزروعہ ہو گئی تھی جسکو بعض کاشتکارون
نے چھوڑ دیا تھا ،

ولایات متحدہ مین کمپنیان بہت ہین

جداً تكاد لا تحصى فلكل مشروع من المشروعات
شركة واحياناً تتحد عدة شركات وتؤلف
شركة كبيرة ذات قوة عظيمة تستطيع بها
ان تعمل اعمالاً مختلفة لا يمكن الافراد عملها
وهذا الاتحاد سبب نجاحها ،

وكثرة الاعمال وسهولة الحصول على
المال في هذه البلاد جلا الناس يقصدونها
من كل بلاد تحت الشمس فانهم يأتون اليها
افواجاً ، وقد ذكرت احدى جرائد بتسبرغ
في بنسلفانيا ان عدد مهاجرين الذين
وصلوا الى بنسلفانيا في شهر آذار من هذه
السنة كان ١٠٨٠٠٠ بقي بعضهم في الولاية
والآخرون هاجروا الى غير هذه

ويقيم بعض المهاجرين في المدن
يشتغلون في المعامل وبعضهم يسكن القرى
التي انشاءتها شركات فتح المناجم قرب
كل منجم قرية فيشتغل في المناجم ، واكثر
هؤلاء المهاجرين من روسيا وايطاليا
واسترليا والنمسا والمجر ، وطريقة
التعدين ان ينزل الواحد منهم الى
المنجم ومعوله بيده وسراجه على قبعته
ويشتغل في المكان المعين له فاذا وفق
في عمله قطع من الفحم ما اجرة قطعه
نحو خمسة ريالات في اليوم وان لم يوفق
قطع في يومه ما اجرته ريال واحد

جو قریباً شمار مین نہین آسکتین ہر تجویز کے لئے ا
کمپنی قائم ہو جاتی ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہو کہ چند ج
کمپنیان ملکر ایک بڑی کمپنی بنجاتی ہے جسکی قوت بہ
زیادہ ہو جاتی ہے اور وہ بہت سے مختلف کام
ہے جو ان افراد سے عمل مین نہ آسکتے تھے اور یہی ا
اون کی کامیابی کا باعث ہوتا ہو اس ملک مین
کی کثرت اور مال کے سہل الحصول ہونے نے لوگ
دنیا کے ہر گوشہ سے کھینچ بلایا ہے اور فوج کے ف
امریکہ کو چلے جاتے ہین،

بنسلفین مین پٹسبرگ کے ایک اخبار نے ذکر کیا
کہ اون تارکان وطن کی تعداد جو مارچ سنہ رواں
بنسلفین مین پہونچے ہین ۱۰۸۰۰۰ ہی جن مین
بعض اس ملک مین رہگئے اور بعض دوسرے ملکو
چلے گئے،

بعض تارکان وطن شہرون مین رہتے ہین
کارخانون مین کام کرتے ہین اور بعض اون گاؤ
رہتے ہین جسکو کانکنی کی کمپنیون نے ہر ایک ک
کے قریب آباد کیا ہے اور کانون مین کام کرتے
ان تارکان وطن مین اکثر لوگ روس اور اٹلی
آسٹریلیا اور آسٹریا اور ہنگری کے ہین،

کان کھودنیکا طریقہ یہ ہو کہ اون مین سے ایک شخص کا نیم
ہو اوسکی کدالی اوسکے ہاتھ مین ہوتی ہو اور چراغ پگڑی پر اور اپنی
جگہ مین کام کرتا رہتا ہو اگر کام درست رہا تو ایک دن مین ا
کوئلہ کاٹ لیتا ہو جسکی اجرت پانچ ریال ہوتی ہی
اگر کام درست نہوا تو ایک دن مین ایک ریال کی مزدو

وربما لا يجد امامه شئيا نيذهب تعبه سدى فى ذلك اليوم،

وتختلف هذه المناجم فى كبرها وعمقها وطولها فمنها ما يمتد تحت الارض نحو نصف ميل ومنها ما يمتد نحو ثلثة اميال الى خمسة ويسع من الفعلة نحو الالف، ومقدار الفحم الذى يستخرج من بعضها يبلغ اربعة الآف طن يوميا وقد يبلغ الخمسة او الستة الآف،

وثمن بشل الفحم هنا من تسعة سنتات الى ۱۳ سنتاً ولولا كثرة الحرارة التى يولدونها من البترول وغيره لزاد ثمن الفحم عن ذلك كثيرا،

والعمل فى هذه المناجم خطر جداً فلا يمضى يوم الا ويقضى على بعض العمال اما لسقوط التراب او الصخور عليهم او باشتغال البترول او الغاز فى المنجم،

اما المهاجرون فقد ضيقوا على الوطنيين وزاحموهم فى اكثر الاعمال لرخص اجورهم فاستفادت الشركات بذلك وانقصت اجر العمال ولما رأى هؤلاء ان الشركات تعاملهم بالعنف وتقلل اجرتهم شيئاً فشيئاً اتفقوا وتحزبوا باسم حزب الاتحاد غرضا رفع اجرة العمال ودفع الظلم عنهم،

وانضم الى هذا الحزب السواد الاعظم

بہت مرتبہ ایسا ہوتا ہی کہ مزدور کو کچھ نہین ملتا اور اسکی مشقت بیکار جاتی ہی،

یہ کانین اپنی وسعت اور گہرائی اور درازی کے اعتبار سے مختلف ہین بعض زمین کے نیچے آدہے میل تک اور بعض تین میل سے پانچ میل تک چلی گئی ہین اور ایک ایک ہزار مزدورونکی گنجایش رکہتی ہین، بعض کانون سے جو کوئلہ نکلتا ہی اوسکی روزانہ مقدار چار ہزار ٹن ہی اور کبھی پانچ یا چھ ہزار تک نوبت پہونچ جاتی ہی،

یہان کوئلہ کے ایک بشل[1] کی قیمت نو سنت سے تیرہ سنت تک ہوتی ہی، اگر حرارت کی زیادتی نہو جسکو وہ مٹی کے تیل وغیرہ سے پیدا کرتے ہین تو کوئلہ کی قیمت اس سے کہین زیادہ بڑھ جائے ان کانون مین کام کرنا یقیناً خطرناک ہی کوئی دن ایسا نہین گذرتا جسمین مٹی یا پتھر کے نیچے دبکر یا مٹی کے تیل مین یا گیس مین آگ لگ کر کان مین کسی نہ کسی مزدور کی جان نہ جاتی ہو،

تارکان وطن نے یہان کے باشندون پر راستہ تنگ کر دیا ہی اور اکثر کامون مین اونکی مزاحمت کرتے ہین کیونکہ انکی اجرت ارزان ہوتی ہی اس لئے کمپنیون نے اس سے فائدہ اوٹھایا ہی اور مزدورونکی اجرت کم کردی ہی وطنیون نے جب دیکھا کہ کمپنیان اونسے سختی کیساتھ معاملہ کرتی ہین اور اونکی مزدوری آہستہ آہستہ گہٹاتی جاتی ہین تو اونھون نے ایک جماعت تیار کی جسکا نام حزب الاتحاد رکھا اوس کی غرض مزدورونکی اُجرت کو بڑھانا اور ان سے ظلم کو دفع کرنا ہے،

[1] بشل پتھر کے کوئلہ کا ایک وزن ہی جو ۸۰ رطل کا ہوتا ہی اور سنت دو ملیم کا یعنی مصر مین تانبے کا ایک سکہ ہی،

من الوطنيين والاجانب واكثر هؤلاء من اليونانيين
فان خمسة اسداس العمال الاجانب منهم و
السدس الباقي من غيرهم من المهاجرين و
يطلق عليهم اسم الاسكابيين واكثرهم من الفقراء
المهاجرين واغبيائهم ولا يحصلون الا على اشق
الاعمال واقلها اجرة، اخبرني رجل سوري انه
اشتغل شهرين في احد المعامل ثم طرد من
عمله لما عرف انه غير يوناني)

وليس للاسكابيين جماعة تجمعهم اما
اليونانيون فلهم نواب ينوبون عنهم في كل
اجتماع من اجتماعات العمال حيث يجري البحث
في مسئلة الاجرة فان تم الاتفاق بين النواب
والشركات على تعيين الاجرة توافق العمال
عقد معاهدة على استمرار العمل لمدة سنة
او سنتين والا اعلن النواب العمال بالاضراب
عن العمل، الى ان يتم الاتفاق بين الفريقين
منذ اربعة اشهر حدث اضراب في مدينة
فليدلفيا بين العمال واعتصب نحو ٣
عامل وتركوا اعمالهم وصمموا على تعطيل
المعامل وايقاف مركبات الترامواي
فارسلت الحكومة نحو.... عسكري لاخماد
هذه الثورة ومنع ما ينجم عنها من الاضرار
ومع ذلك قتل فيها كثيرون من الجانبين
وبقت المعامل مقفلة ومركبات الترامواي
معطلة مدة طويلة، وحدث بعد ذلك

اس جماعت مین وطنیون کی ایک کثیر تعداد شامل ہو گ
اجنبیون کی جنین زیادہ تر یونانی ہین کیونکہ اجنبی مزد
۵/۶ یونانی ہین اور ۱/۶ دیگر تارکان وطن ہین جنکو ا
بولتے ہین یہ لوگ اکثر فقیر تارک وطن اور غبی ہین مشکل
کام بہت کم اجرت پر کرتے ہین مجھسے ایک شامی شخص
بیان کیا کہ اوسنے ایک کارخانہ مین دو مہینہ کام ک
اسوجہ سے نکالدیا گیا کہ وہ یونانی نہ تھا،

اسکابیون کی کوئی جماعت نہین ہی جو اونکو جامع
یونانیون کی جانب سے چند نائب ہین جو مزدورون کے
مین موجود رہتے ہین جہان مزدوری کی بحث ہوتی ہو ا
اور کمپنیون کے درمیان اجرت کے تقرر پر جو کام کے م
اتفاق ہوگیا تو ایک سال یا دو سال کے لئے کام
رکھنے پر عہدنامہ لکھدیا جاتا ہی ورنہ نائب مزدور
ہڑتال کرنے کا اعلان کردیتے ہین جبتک کہ فریقین مین
ہوجائے، چار مہینہ ہوئے کہ شہر فلیڈلفی کے کارخا
ایک ہڑتال ہوئی تھی جسمین .... ۳ مزدورون نے ا
ہوکر اپنا کام چھوڑدیا تھا اور کارخانون کے معطل کر
ٹرامویے کو روکدینے کا قصد کرلیا تھا گر حکومت نے ....
فوج اس شورش کو فرو کرنے اور نقصانات کے د
کے لئے بھیجی تھی باین ہمہ طرفین سے بہت سے آ
مقتول ہوئے اور ایک مدت تک کارخانے بن
ٹرامویے بیکار کھڑی رہی، اس کے بعد ا
ہڑتال ہوئی جو پہلی سے کچھ کم اہمیت نہین
یہ ہڑتال پنسلفین کے بعض شہرون مین ہوئی
اس مین بھی بہت سے آدمی قتل کئے گئے

اضراب اخر لا یقل عنه اهمیة فی بعض
مدن بنسلفانیا قتل فیه ایضا کثیرون
ولما انتهی فی اول هذا الشهر اتفاق سنة
۱۹۰۸ بین العمال وبین شرکات مناجم
اوهایو ومناجم بنسلفانیا طلب النواب
زیادة خمسة سنتات علی اجرة الطن
وکانت قبلاً ۵۰ سنتاً ونصف ریال علی
الطن المقلوع بالآلة و۹۰ سنتا علی الطن
المقلوع بالمعول وسبب طلب النواب
رفع الاجرة فی هذه السنة غلاء والحاجیات
جداً والاجرة عادة تتبع الاسعار وطلبوا
ایضاً ان تعطیهم الشرکات بارودا اسود
بدلاً من بارود الابیض والثانی اقوی
من الاول ولشدة قوته یسحق جانباً
کبیرا من الفحم فلا یمسکه الغربال فتاخذه
الشرکات وتبیعه وتنتفع بثمنه ولا تحسب
للعامل اجرة علیه وهو غبن فاحش یقع
علی العمال وقد قبلت الشرکات الطلب
الاول وامتنعت عن قبول الثانی فاشتد
الاختلاف واعلن النواب العمال بالاضراب
عن العمل فاضربوا عنه وخلت المناجم
علی کثرتها من العمال وعددها یقرب
من الالف وعدد العمال یقدر بعشرات
الالوف وقلما تمر سنة دون ان یحدث
اضراب فی عدة اماکن من عمل من الاعمال

اس مہینہ کے شروع مین جبکہ ۱۹۰۸ء کا معاہدہ جوکہ مزدورون
اوراوہایو اور پنسلفین کی کانی کمپنیون کے مابین ہوا تھا
ختم ہوا تو یونانیون نے ایک ٹن کی اجرت پر پانچ سنت
کے اضافہ کی درخواست کی اس سے پہلے ایک ٹن پر
جوکہ آلہ سے کھودا جائے نصف ریال اور ۵۰ سنت
تھے اور جو کدالی سے کھودا جائے اوسپر ۹۰ سنت
نُواب نے اضافہ کی درخواست اس لئے دی تھی کہ
اس سال ضروریات کی گرانی تھی اور مزدوری عادةً
نرخ کے تابع ہوتی ہے نیز یہہ خواہش بھی ظاہر
کی تھی کہ کمپنیان اون کو سفید بارود کے عوض سیاہ بارود
دین پہلی بارود بہ نسبت دوسری کے زیادہ قوی
ہوتی ہے اور زیادتی قوت کے باعث کوئلہ کی ایک
بڑی مقدار کو ریزہ ریزہ کر دیتی ہے اوسکو چھلنی
روک نہین سکتی جس کو کمپنیان لیکر بیچ ڈالتی ہین
اور اوس کی قیمت سے خود فائدہ اوٹھاتی ہین
اور اوس کی اجرت مزدور کے حساب مین نہین لگتی
اور یہہ سخت نقصان مزدورون پر پڑتا ہے
کمپنیون نے پہلی درخواست تو منظور کرلی اور
دوسری نہین کی اس لئے سخت اختلاف ہوا
اور نائبون نے ہڑتال کا اعلان کر دیا مزدورون نے
کام چھوڑ دیا کانین باوجود کثرت مزدورون کے
خالی ہوگئین، کانون کی تعداد قریباً
ایک ہزار ہے اور مزدورون کی تعداد
دس ہزار اندازہ کیجاتی ہے

والاضراب يفيد بعض الاسكا بيين لانهم ينصرفون بسببه الى اعمال حسنة ويعطون عليها اجرة جيدة لكنهم يكونون في غيرها من على حياتهم من اليونانيين الا انه يضر السكان عموماً ويزيد تألم الفقراء خصوصاً لكن والحمد لله لم يدخل هذا الشهر حتى اجابت جميع الشركات طلب العمال وتم الاتفاق ،

کم کوئی سال ایسا گذرتا ہی جسمین کسی نہ کسی کام پر متعا پر ہڑتال نہوتی ہو ہڑتال سے اسکا بیون کو مفید ہوتی ہ اسکے باعث اچھے کامون پر پہونچ جاتی ہین اور عمدہ اجر مگر وہ یونانیون سے اپنی زندگی کے بارہ مین بیخوف نہیں ہڑتال باشندون کیلئے عموماً مضر ہی اور فقرار کی تکلیف بڑہا دیتی ہی مگر خدا کا شکر ہی کہ اس مہینہ کے شرو تمام کمپنیون نے مزدورون کی درخواست کو منظ اور پورا اتفاق ہوگیا،

دنیائے اسلام پر ایک نظر

قسطنطنیہ مین انجمن علم وارشاد کی بنیاد

سید محمد رشید رضا ایڈیٹر مجلۃ المنار نے آستانہ کا سفر اس غرض سے کیا کہ دارالسلطنت ٹرکی مین ایک انجم انجمن علم وارشاد قائم کرین فاضل موصوف کو اپنے اس ارادہ مین کامیابی حاصل ہوئی اور شیخ الاسلام کی سر مین اس نام کی ایک انجمن قائم ہوگئی جسکے تفصیلی حالات شوال ۱۳۲۷ھ کے پرچہ مین اونھون نے شائع اس انجمن کے مقاصد ندوۃ العلماء کے مقاصد سے بہت کچھ ملتے جلتے ہین فاضل موصوف نے قسطنطنیہ اس انجمن کی ضرورت پر لکچر دیا اوس مین ندوۃ العلماء کا بھی ذکر کیا ہی ہم معزز معاصر کو اوسکی اس شاندار کا مبارکباد دیتے ہین اور ندوۃ العلماء کو بھی اس مبارکباد مین شریک کرنا چاہتے ہین کہ اوسکی مساعی جمیلہ کا اب ممالک کے دور و دراز حصون مین بھی اعتراف ہوتا جاتا ہی اور اس انجمن کی کیفیت کا مختصر اقتباس ناظرین کے لئے ذیل مین درج کرتے ہین،

ٹرکی مین عہد استبداد کے بعد دستوری حکومت قائم ہونے پر حرّیت اور آزادی کی آواز ملک کے چار مین گونج گئی اور بعض ناعاقبت اندیش افراد نے حریت کا غلط مفہوم اپنے ذہن مین جما کر اپنی بنائے جنس کے تعصب کا اظہار شروع کیا جس کا ادنیٰ نمونہ یہ تھا کہ بعض ترکی اخبارون نے ترکی جنسیت کی حمایت شروع کی اسکے ضمن مین قوم عرب سے نفرت پیدا کرنیکی کوشش کی اور گورنمنٹ ٹرکی کو یہ سمجھانا شروع کیا کہ اوسکو عربی کی ضرورت نہین ہی ترکی زبان سے عربی الفاظ نکال دینے چاہئین قرآن مجید کا بھی ترکی ترجمہ کافی ہی ایسے فت

مضامین کو پڑھکر عرب کو فی الجملہ ملال پیدا ہوا اور ہونا بھی چاہیئے تھا کیونکہ یہ تجاویز اوس مقدس مذہب کی تعلیم کے بالکل منافی ہین جسکے نزدیک اوسکی قائم کردہ قومیت مین ترک اور عرب فارس اور ہند سب برابر ہین، فاضل موصوف نے اس غلط فہمی کے دفعیہ کے لئے آستانہ کا سفر اختیار کیا اور صدر اعظم اور محمود شوکت باشا اور وزیر داخلیہ اور دیگر اکابر ترک سے مل کر اس معاملہ مین گفتگو کی اور اون کو اقرار کرنا پڑا کہ ترکی حکومت نے بعض امور مین بیشک غلطی کی ہو اور اس مین شک نہین کہ عرب اور ترک ایک ہی قومیت کے دو عنصر ہین اور ضرور انکو ملکر رہنا چاہیئے اس کوشش کا یہ نتیجہ ہوا کہ گورنمنٹ ٹرکی نے جو پہلے احکام نافذ کئے تھے کہ چونکہ گورنمنٹ کی زبان ترکی ہو اس لئے عرب کی عدالتون مین تمام مقدمات ترکی زبان مین دائر ہونے چاہیئین اور کوئی عرضداشت عربی زبان مین نہ سنی جائیگی اس کو منسوخ کر دیا اور اپنے اسکولون مین دس مدرس عربی پڑھانیکے لئے مقرر کئے،

اسکے بعد فاضل معاصر نے انجمن علم وارشاد قائم کرنیکی کوشش کی اور اس کی نگرانی مین ایک کالج موسوم بہ دار العلم والارشاد کھولنے کی درخواست کی جسکے لئے شیخ الاسلام موسیٰ کاظم آفندی اور دیگر بڑے بڑے عہدہ دارون سے ملاقات کی اور اون کو اس تجویز کا مفہوم سمجھایا آخر کار گورنمنٹ نے سرکاری طور پر اس انجمن کا قیام اور کالج کا کھولا جانا منظور فرمایا شیخ الاسلام نے اسکے اخراجات کے لئے حکومت سے سفارش کی کہ چالیس ہزار پانسو روپیہ وزارت اوقاف کے بجٹ مین سال آیندہ سے دینا منظور فرمایا جائے جسکو مجلس وکلا نے منظور کر لیا ہو اور یہ طے ہوگیا ہو کہ یہ کالج شیخ الاسلام کی زیر نگرانی رہیگا،

اس انجمن کے مقاصد یہ ہین کہ دینی اور دنیوی تعلیم کو جمع کرکے تربیت اسلام مین نئی روح پھونکی جائے اور ان علوم مین تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری کیا جائے جسکے لئے یہ کالج قائم کیا گیا ہو اس مین ایسے علماء پیدا ہون جو تعلیم دینی اور دنیوی کے جامع ہون مسلمانون کی عقل مین مفید علوم اور تربیت صالح کی روشنی پیدا کی جائے تاکہ وہ جانین کہ کیونکر مذہبی حفاظت کے دوش بدوش دنیا کو قائم رکھا جاتا ہو،

فاضل موصوف نے قسطنطنیہ مین ایک لکچر دیا تھا جسکا وہان بہت بڑا اثر پڑا اس لکچر مین تمام روئے زمین کے علماء کو مخاطب کیا ہو جسکے چیدہ چیدہ فقرے ہم بھی ہدیہ ناظرین کرتے ہین،

علماء اسلام تم اور تمھارے ساتھ تمام امت اسلامیہ وہ بہترین گروہ ہو جو دنیا مین ہدایت کے لئے پیدا کیا گیا ہو تاکہ تم نیکی کا امر کرو اور برائی سے روکو اور تمام امراء اور سلاطین تمھارے سامنے گردن جھکائین مگر تم سنت نبے دور ہوگئے اور امامت تم سے دور ہوگئی تمنے تعلیمی نگرانی کا بھاری فرض منصبی اپنی گردن سے اوتار دیا تمھاری بے خبری ہین خواص امت مین الحاد سرایت کر گیا عوام مین فسق و فجور پھیلنے لگا کیونکہ تم نے وعظ وارشاد کے کام مین غفلت اختیار کی جب تم سے امت محمدیہ کا سوال کیا جائیگا بتاؤ تم کیا جواب دوگے اور کیا کہوگے اگر تمنے

ضائع کر دیا تو یہ سمجھ لو کہ تم نے اپنی جانون کو ضائع کر دیا اور جو کچھ رہی سہی عزت تمھاری باقی ہو یہ بھی جانے کو
د تم مین سے بعض وہ ہین جنھون نے اپنی انجام بینی کے لحاظ سے اپنی اولاد کو گورنمنٹ کالج یا عیسائیون کے مشن
ین پڑھوانا شروع کیا تاکہ آیندہ تمھاری عزت اور روزی بدستور قائم ہے تم خود روزے رکھتے ہو مگر تمھاری
بن رکھتی تم نماز پڑھتے ہو مگر وہ نہین پڑھتے کیا تمھارا خیال ہو کہ تمنے اپنا فرض پورا کر دیا ہرگز نہین،
عض ملکون مین حکومت کے تمام کامون سے تم محروم کر دئے گئے صرف بعض شخصی امور مین قضا تمھاری ہاتھ مین
ا دسکی بھی کچھ قیمت نہین اور اگر تمھارا یہی حال رہا تو رہی سہی وہ بھی جاتی رہیگی کسی نے تم پر ظلم نہین کیا بلکہ
ا اپنے نفسون پر ظلم کیا ہو تمنے امت کی اون ضروریات پر غور نہ کیا جو اس نئے زمانہ مین پیدا ہوئی ہین اور کیا کیا
نون کی ضرورت پڑی ہو اور تعلیمی حیثیت سے اوس مین تمھارا کیا فرض ہو تم مین سے کوئی تو یہ عذر کرتا ہو
ظیم الشان کام کو حکام نے اپنے ہاتھ مین لے لیا اور علمار کو ہاتھ نہ لگانے دیا اور کوئی یہ عذر کرتا ہو کہ
ا ر کی قدر نہین کرتے اور اون کا مرتبہ نہین پہچانتے اور کوئی کہتا ہو کہ علمار تو اپنے فرض سے غافل نہین ہین
زمانہ کی رفتار بگڑ گئی ہو بعض بالکل حیران ہین اور کچھ جواب نہین دیسکتے مگر در حقیقت ان مین ایک بھی عذر
ن اور اصلی راز یہ ہو کہ خود تمھارا تفرقہ اور اختلاف اس خرابی کا باعث ہوا ہو، کیا تمھین معلوم نہین کہ
ے مخالفین مذہب جنکے دین مین اتفاق و اتحاد کی اتنی تاکید نہین جتنی تمھارے مذہب مین ہو مذہبی انجمنین
ہے ہین جنکی ثروت بعض سلطنتون کی برابر ہو اور اونھون نے عنان تعلیم و تربیت اپنے ہاتھ مین لی ہو
ا اقوام مین مذہب کو محفوظ کر رہے ہین اور بہت سے غیر مذہب کے لوگ حتی کہ غیر ممالک کے اپنے مذہب
ل کر لئے ہین بعض ضعیف الاعتقاد یہ شبہ کرینگے کہ مسلمان اتنا روپیہ کہان خرچ کر سکتے ہین جتنا مغرب
سائی یا ہندوستان کے ہندو خرچ کر سکتے ہین مگر یہ سخت غلطی ہو جو ناتجربہ کاری سے پیدا ہوتی ہو اگر تم
لامی انجمن قائم کرتے اور لوگون کو اوسکا ثمرہ دکھاتے اور اوسکے منافع اور مصالح پر صحیح راستون سے
تو تم دیکھتے کہ مسلمان غیرون سے زیادہ خیر اور بہتری کی طرف سبقت کرنے والے ہین موجودہ مسلمان
اسلاف کی یادگار ہین جنھون نے یہ کثیر جائدادین مدرسون اور شفاخانون اور تمام اعمال خیر پر وقف کی
ی کہ بعضون نے کتون پر بھی وقف کئے، اسکے علاوہ حکومت کے قبضہ مین اوقاف کا ایک بڑا خزانہ موجود
م مجموعی حیثیت سے اپنے قبضہ مین لے سکتے ہو کیونکہ تمام اقوام کے اوقاف علمار دین کے تصرف مین ہوتے
سلمانون کے حقوق عہد استبداد کی طرح اس دستوری زمانہ مین بھی پامال رہین گے بہت جلد ہر ملک مین
قائم کرو اور تمھاری انجمنون کا مقصد باہمی اتفاق اور تعارف ہو اختلاف مذاہب اختلاف زبان اختلاف
کا اس پر کچھ اثر نہ ہو متفق علیہ اصول کو اپنا مرکز سمجھو اختلافی مسائل مین چشم پوشی اختیار کرو تمھاری

مسلمانان ہندوستان ندوۃ العلماء کی بنیاد رکھکر تمھارے لئے یہ مبارک دروازہ کھولدیا ہی انگریزی حکومت اونکی حامی ہی وہ
مذاہب اسلامیہ مین اتفاق چاہتی ہین اور ایسے علماء پیدا کرنیکی کوشش کر رہے ہین جو اسلام کی طرف دعوت کرین کیا تم اسلامی حکومت کے
زیر سایہ بھی وہ کام کرنے سے عاجز ہو جسکو وہ انگریزی حکومت کے زیر سایہ انجام دے رہے ہین،

مسلمانان کریٹ

ریٹ کے عیسائی نہایت وحشیانہ طریقہ سے وہان کے مسلمانون پر ظلم کر رہے ہین اور اونکو ستاتے ہین حال مین قاہرہ کا مشہور اخبار الاہرام
ر دیتا ہی کہ ایک مسلمان حسین آفندی تربکونا کی نہایت بیرحمی کیساتھ قتل کیا گیا مرحوم دن کے سات بجے خانیا سے نکلکر اپنے گھر کو جاتا
ا جو بادبو کی جانب واقع ہی جب قلعہ کے دروازہ پر پہونچا تو چار عیسائی اوسپر ٹوٹ پڑے اور چھریون سے قتل کر کے چنیت ہوئے
ں قدم کے فاصلہ پر پولیس اسٹیشن موجود تھا مگر کسی نے قاتلون کا تعاقب نہ کیا بلکہ مقتول جوان سے جسکی عمر ۷ا سال کی تھی دریافت
نے لگے کہ تمھین کس نے قتل کیا ہی اور کیا تم اوسکو پہچانتے ہو اسکے بعد ۱ ستمبر کو ایک مسلمان احمد آغا گولی سے مارا گیا دو عیسائی
دوق کا فیر کر کے چلتے ہوئے مسلمانان کریٹ نے قنصل فرانس کے روبرو اپنی شکایات کو پیش کیا مگر کوئی تسلی بخش جواب نہ ملا،
ہم نہین سمجھتے کہ دول حامیہ کبتک خاموش بیٹھی رہینگی اور کبتک مسلمانون پر یہ صریح ظلم دیکھنا گوارا کرینگی،

طہران

منٹ ایران نے انگریزی سفارت خانہ کو ایک یادداشت بھیجی تھی کہ بلنجہ سے وہ جنگی جہاز ہٹا لئے جائین جو عرصہ سے وہان مقیم ہین اسپر سفیر نے
دیا ہی کہ امن قائم ہو جانیکے بعد عنقریب وہ شہر چھوڑ دینگے، شیراز مین کچھ شورش پیدا ہوگئی ہی اور یہودیون کا ایک قبیلہ لوٹ لیا گیا،

نجف اشرف

روس نے حکومت ایران کے خلاف آذربیجان اور اوسکے اطراف مین اپنی فوجی طاقت جما رکھی ہی جسکو وہ اوٹھانا نہین چاہتا
نجف اشرف کے علماء نے اہل فارس کو ایک فرمان بھیجا ہی جسمین ہدایت کیگئی ہی کہ تمام اہل فارس اوسکو بائیکاٹ کر دین اور روس کی
ت کی اشیاء ہرگز نہ استعمال کرین حب وطن اسکی متقاضی ہی کہ جبتک روس آذربیجان سے اپنی فوجین نہ اوٹھائے اوسوقت تک
فارس اوسکو اپنا دشمن سمجھین اور تجارتی معاملات مین اوس سے ہرگز خرید و فروخت نکرین،

بغداد

بغداد ایک دن عروس البلاد کہلاتا تھا بغداد جہان آکر شاہان رومتہ الکبری کے سفراء دنگ رہجاتے تھے اور آج یہ حالت ہی کہ بغداد
میونسپلٹی بغداد کی گلیون اور سڑکون کی مرمت اور شہر کی تزئین و آراستگی مین کوشش کرنی چاہتی ہی لیکن وہ اتنی بھی قدرت نہین رکھتی
بغداد کو فعلیت مین لاسکے، مجبوراً اوسکو ایک ملکی بنک سے دو لاکھ پونڈ قرض لینا پڑتا ہی،

کریٹ

کریٹ مین مسلمانون پر ظلم و تعدی بدستور جاری ہی، مسلمانون نے حامی سلطنتون کے قنصلون کو متوجہ کیا ہی، باب عالی کو درخواستین

ہوئی ہین، خبر ہو کہ قسطنطین نے اس بارہ مین [illegible] گورنمنٹ سے گفتگو کی ہے اور [illegible]

تدبیرون کے اختیار کرنے پر زور دیا ہے،

مدارس مصر

مصر مین ۱۴۳، سرکاری ابتدائی مدارس ہین، جن مین ۹۴۴ استاد ہین اور ۵۰۴۳۴ طالب علم، تعلیم پاتے ہین، جن مین ۹۱۰۴ لڑکے ہین اور باقی لڑکیان ہین، پرائیوٹ ابتدائی مدارس کی تعداد ۳۴۵۶ جن مین ۹۴۷۴ استاد ہین اور [illegible] طلبہ ہین جن مین ۱۶۲۳۰۲۳ لڑکے ہین، غیر ملکی مدارس ۴۰۹ ہین جن مین ۲۳۲۸ استاد ہین، اور ۸۳۷۴ طلبہ ہین جن مین ۹۱ [illegible] لڑکے اور ۱۰۴۶ لڑکیان ہین،

عربی زبان اور ترکی سلطنت

اہل عرب اور ترکون کی منافرت کا اہم سبب یہ تھا کہ عربی زبان اب تک سلطنت کی ضروری اور مسلم زبان نہ تھی دنیائے اسلام کی عظیم سلطنت ترکی سلطنت ہے جسکے زیر علم عربی زبان کی بڑی آبادی ہے، قابل افسوس امر یہ تھا کہ اس سلطنت مین عربی زبان کو کوئی خاص اہمیت [illegible] لیکن بحمد اللہ موجودہ طرز حکومت نے اس نقصان کی تلافی کر دی، اور مدارس مین عربی زبان ایک لازمی زبان قرار دیدی،

ترکی مین نزع اسلحہ

موجودہ حکومت ترکی، قیام امن کیلئے مرکش اقوام سے اسلحہ چھین لینا ضروری سمجھتی ہے، البانی آبادی مین نزع اسلحہ کی کارروائی شروع یمن مین اسلحہ کی ناجائز تجارت روکنے کیلئے یمنی سواحل پر دیدبان بنائے جاتے ہین،

مدرسہ مستنصریہ

خلیفۂ عباسی مستنصر باللہ نے مدرسہ مستنصریہ کے نام سے بغداد مین ایک بڑی درسگاہ قائم کی تھی، خلافت عباسیہ کے [illegible] کے بعد یہ علمی عجائب خانہ بھی پست کیا موجودہ دور مین بغداد کی گورنمنٹ اور اعیان بغداد اس عظیم الشان علمی درسگاہ کو [illegible] ندہ کرنا چاہتے ہین،

اختلافات ندوہ

اختلافات ندوہ کے متعلق اخبارات مین بہت سی بحثین در پیش ہین، اختلاف امر ہر جمعیت مین ضروری ہے، دیوبند کا علی گڈھ کالج، ہر جگہ یہ ہوا ہے اور ہوگا، لیکن سب سے اہم امر جس سے اس فساد کی بیخ کنی ہو سکتی ہے یہ ہے کہ ارکان ندوہ [illegible] کے قائم مقام اور ملک کے منتخب اشخاص ہونے چاہئیں، چند سال کے انتخابیہ کمیٹی مین اسکا خاص لحاظ نہین [illegible] ارکان ندوہ کے موجودہ انتخاب کے موقع پر جو آجکل در پیش ہے ہمکو امید ہے کہ [illegible] اہمیت کو فروگذاشت نہین کیا [illegible]